یه کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم هیں

مو منین بهی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے هیں.

منجانب.

سبیلِ سکینه

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

خواص سور قرآنیہ

جلد نمبر ۱۵

تفسیر الوار النجف

خواص سور قرآنیہ

۱۔ سورہ یٰسین کو لکھ کر بازو پر باندھے۔ لوگ مسخر ہوں گے۔
۲۔ بیمار پر ۴۱ دفعہ سورہ الحمد پڑھنے سے وہ باذن اللہ تندرست ہوگا۔
۳۔ جس پر جادو ہوا ہو اس پر تین دفعہ سورہ بقرہ پڑھی جائے کہ درمیان میں اور کوئی بات نہ کی جائے تو جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔
۴۔ سورۂ نساء پڑھنے سے عورت و مرد کا باہمی جھگڑا ختم ہوگا اور اگر عورت اس کو گلے میں باندھے تو بہتر ہے۔
۵۔ جملہ مطالب کے لئے سورۂ مائدہ کا پڑھنا خوب ہے۔
۶۔ سورۂ برأت کو ۴۱ دفعہ پڑھے تو دشمن پر فتح ہوگی۔ اپنے سامان میں رکھے تو محفوظ ہوگا۔
۷۔ قیدی اگر سورۂ انفال کو سات دفعہ پڑھے تو باذن اللہ آزاد ہوگا۔
۸۔ دشمن پر فتح و غلبہ کے لئے سورۂ یونس کو ۲۱ دفعہ پڑھے۔ اگر اس کو مشک و زعفران سے لکھ کر باندھے تو جن و پری سے محفوظ ہوگا۔ اگر مس کے طشت پر لکھ کر تالاب کے پانی سے دھوکر آٹا خمیرہ کیا جائے اور وہ روٹی مشکوک لوگوں کو کھلائی جائے تو چور کے منہ میں لقمہ پھنس جائے گا۔
۹۔ سورہ حجر کو زعفران سے لکھ کر دھو کر پینے سے دودھ زیادہ ہوگا۔ لکھ کر جیب میں رکھے تو آمدنی بڑھ جائیگی اور دکان پر لوگوں کا رش ہوگا نیز دشمن مقہور و مغلوب ہوں گے۔
اگر باغ میں دفن کی جائے تو اس کا پھل نہ گرے گا۔
اگر اہل فسق کے درمیان دفن کی جائے تو ان میں پھوٹ پڑ جائے گی اور ہلاک ہوں گے۔
۱۰۔ سورہ نحل کو لکھ کر دفن کیا جائے تو باغ کا پھل گر جائے گا۔
اہل فسق میں دفن کی جائے تو وہ متفرق و ہلاک ہو جائیں گے۔
۱۱۔ سورہ نمل کو ایک ہفتہ مسلسل پڑھنے سے حاجات پوری ہوں گی۔
۱۲۔ سورۂ احزاب کو لکھ کر پاس رکھنے سے لڑکی کا بخت کشادہ ہوگا۔
۱۳۔ سورہ عنکبوت کو دھو کر پینے سے تپ سے شفا ہوگی۔ غمزدہ کا غم دور ہوگا سستی دور ہوگی۔ اگر نیند نہ آتی ہو تو انگلی اپنی ناف پر رکھ کر گھمائے اور سورۂ عنکبوت پڑھے تو اس کو نیند آجائے گی اس کو کھانے سے تپ دق ختم ہوگا

۱۴۔ سورہ حدید لکھ کر پاس رکھنے سے اس پر لوہے کا ہتھیار کارگر نہ ہوگا۔

۱۵۔ سورہ قَدْ سَمِعَ اللّٰہ کو خاک پر تین دفعہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکے تو دشمن مغلوب و مقہور ہوگا۔ اگر اس کو ہمیشہ پڑھے تو شر جن و انس سے محفوظ رہے گا۔

۱۶۔ قبرستان کی مٹی پر سات دفعہ سورہ طلاق پڑھ کر جس گھر میں ڈالے طلاق واقع ہوگی۔

۱۷۔ سورہ طارق کو ۱۱ قبرستانوں کی مٹی پر سات دفعہ پڑھ کر دشمن کے آستانہ میں دفن کرے۔ دشمن مغلوب ہوگا۔

۱۸۔ مرد بستہ سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ کو مشک و زعفران سے لکھ کر پاس رکھے کھل جائے گا۔

۱۹۔ سورہ قدر کا ورد وسعت رزق کا باعث ہے۔

- نئے لباس پر پہننے سے پہلے دس دفعہ سورہ قدر دس دفعہ سورہ کافرون اور دس دفعہ توحید پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی نئے لباس پر چھڑکے تو رزق وسیع ہوگا۔
- پچھلی رات سورہ قدر کو ۱۵ دفعہ پڑھتے رہنا وسعت رزق کا موجب ہے۔

۲۰۔ سونے سے پہلے دس مرتبہ سورہ والتین پڑھ کر نیت کرے کہ اگر دشمن میرے ساتھ صلح نہ کرے تو اس پر اللہ جانب مسلط کردے اور پھر ۲۰۰ دفعہ پڑھے یا طرخمیثا یا سمیثا

۲۱۔ دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنے کے لئے ان کے پاؤں کی خاک پر ۱۶ دفعہ سورہ زلزلت پڑھ کر اپنی تھوک سے تر کرکے آگ میں ڈال دے تو جدائی ہوگی۔

۲۲۔ اگر مرد عورت پر ظلم کرتا ہو اور عورت طلاق چاہے تو سورہ قارعہ کو لکھ کر گھر میں دفن کردے۔ انشاءاللہ طلاق ہو جائے گی۔

۲۳۔ سورہ فیل کو نافلہ صبح کی رکعت میں پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوگا۔

نوٹ :۔ جہاں تفریق و ہلاکی دشمن کا عمل کرے تو یہ خیال رہے کہ مومن کے لئے نہ کرے اور ناجائز نہ کرے ورنہ وہ خود اس کا وبال اٹھائے گا۔

۲۴۔ سورہ آل عمران از اوّل تا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ لکھ کر عورت پاس رکھے تو خدا اس کی برکت سے اس کو اولاد عطا فرمائے گا۔

الالف

آل کی تحقیق: - آلُ الرَّجُلِ خَاصَّتُہُ الَّذِیْنَ یَؤُوْلُ اَمْرُہٗ اِلَیْھِمْ وَاَمْرُھُمْ اِلَیْہِ - ترجمہ: آل انسان کے ان خاص متعلقین کو کہا جاتا ہے جس پر اس کو اعتماد کلی ہو کہ اس کے ہر پیچیدہ امر کا حل ان کے ذریعے سے ہو اور وہ بھی اس پر اعتماد کلی رکھتے ہوں کہ اپنے ہر پیچیدہ مسئلہ کو اس کے بغیر حل نہ کر سکتے ہوں۔ پس فرعون کی آل میں وہ لوگ داخل ہوں گے۔ جن پر حکومتی معاملات میں فرعون کو اعتماد کلی تھا اور حضرت محمد مصطفےٰ صلعم کی آل میں وہ افراد شامل ہوں گے جن پر نبوتی امور میں حضورؐ کو اعتماد کلی حاصل ہو۔ آل اور اہل دونوں کا معنی ایک ہے لہذا آل محمدؐ میں جو افراد داخل ہیں اہلبیت محمدؐ میں بھی وہی داخل ہیں۔ اگرچہ استعمال میں لفظ اہل اشراف و ارزال سب پر بولی جاتی ہے اور لفظ آل صرف اشراف کے لئے مخصوص ہے خواہ شرف دینی ہو یا دنیاوی۔

پس آلِ محمدؐ کے دائرہ میں اصحاب و ازداج کو شامل کرنے کے لئے آلِ فرعون کی مثال کو پیش کرنا قرآنی اسلوب بیان سے چشم پوشی کا نتیجہ ہے۔ جلد ۶ صفحہ ۴۷ تا صفحہ ۴۸

علماء نے آلِ محمدؐ کا مصداق آپ کی عترت معصومین کو قرار دیا ہے۔ لہذا حضورؐ کی اکلوتی شہزادی جناب فاطمہؑ اور حضرت علی علیہ السلام سے لے کر حضرت حجۃ العصر صاحب الزمان علیہ السلام تک بارہ امام آپ کی آل ہیں۔ بنا بریں جو لوگ حضرت علی علیہ السلام کو آل محمدؐ سے خارج کرنے یا سمجھنے پر مصر ہیں انہوں نے آل کے معنی کو نہیں سمجھا۔ اہلبیت کی تعیین اور تخصیص کے متعلق مفصل بحث۔ ج ۱۱ صفحہ ۱۸۸ تا صفحہ ۱۹۶

آلِ فرعون - اس دائرہ میں وہ تمام افراد داخل ہیں جو حکومتی نظم و نسق اور جملہ مذہبی ملکی، خانگی اور اسرار و رموز میں اس کے معتمد تھے پس ارکین سلطنت ممبران مجلس مشاورت حکام مملکت اور آفیسران و اہلکاران دولت کے علاوہ عوام و خواص میں سے اس کے جملہ ہی خواہان اس کی اہل میں داخل تھے جن پر متعدد عذاب آئے اور آخر کار غرقاب ہو کر واصل جہنم ہوئے۔ آل فرعون پر متعدد عذاب آئے۔

(۱) قحط سالی (۲) نقص ثمرات یعنی پیداوار کی کمی (۳) طوفان (۴) ٹڈی (۵) قمل (جوئیں) (۶) مینڈک (۷) خون (۸) غرقابی

جب ایک عذاب آتا تھا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے معافی مانگ لیتے تھے اور جب حضرت موسیٰ کی دعا سے عذاب ٹل جاتا تھا تو پھر سرکشی پر ڈٹ جاتے تھے آخرکار وہ عذاب آیا جو ٹلنے والا نہ تھا پس سب کے سب غرق ہو گئے (ج ۸ ص ۷۵ تا ص ۸۱)

اس مقام پر یہ شبہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر آل سے مراد معتمدین کی جماعت ہو تو مومن آل فرعون پر آل کا اطلاق کیسے صحیح ہوگا اور آسیہ اس زمرہ میں کیسے شامل ہوگی؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ فرعون کے نظریہ میں یہ دونوں اس کے معتمدین میں سے تھے اور وہ ان کو اپنی آل سمجھتا تھا اور قرآن مجید کے اطلاق سے مومن آل فرعون کا آل فرعون سے ہونا ثابت ہوتا ہے ۔ قَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗ الآیہ سورہ المومن ع یعنی چونکہ فرعون سے وہ اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا اور اس نے جو بات کہی وہ ظاہر کے اعتبار سے بھی اور واقع کے لحاظ سے بھی فرعون کی خیر خواہی تھی اور خود فرعون اور اس کے عملہ نے اس کی رائے کو معاندانہ اختلاف پر محمول نہیں کیا بلکہ اس کی آزادانہ اختلافی رائے کو ایک مصلحانہ فیصلہ سمجھتے رہے ۔ چنانچہ اس نے اپنے اختلافی فیصلہ کو اس طرح مدلل اور قابل قبول انداز میں بیان کیا کہ فرعون اور اس کی پوری کابینہ کو اس کی نیت پر شک کرنے کی جرأت نہ ہو سکی چنانچہ قرآن مجید میں اس کی تقریر کا متن یہ ہے ۔ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۭ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ الآیہ سورہ المومن ع ۲۸ ۔ ترجمہ : کیا تم ایسے شخص کے (موسیٰ کے) قتل کے درپے ہو جس کا جرم تمہاری نگاہوں میں صرف یہ ہے کہ وہ اللہ کو اپنا رب مانتا ہے اور اس بارے میں وہ تمہارے پروردگار کی جانب سے تمہارے پاس واضح دلیلیں بھی لے کر آیا ہے اور بالفرض اگر وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹا بھی ہو تو اپنے جھوٹ کا وبال وہ خود ہی بھگتے گا لیکن اگر وہ اپنے دعویٰ میں سچا ہے تو یقیناً تمہیں اس انجام بد کا سامنا کرنا پڑے گا جس کا اس نے وعدہ کیا ہے ۔ اپنے بیان کو جاری رکھتے ہوئے اس نے کہا اے میری قوم اس وقت تمہارے پاس حکومت ہے اور زمین پر تمہارا اقتدار قائم ہے لیکن اگر (موسیٰ کے کہنے کے مطابق) ہم پر بصورت انکار اللہ کا عذاب نازل ہو تو بتاؤ کہ ہمارا کون مددگار ہو سکے گا؟

فرعون نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا ۔ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ترجمہ : میں تو تم کو وہی راستہ دکھا رہا ہوں جس کو میں نے خود صحیح سمجھ رکھا ہے اور اپنی دانست کے مطابق میں تو تمہیں سیدھے راستے کی ہدایت کر رہا ہوں ۔ آگے تمہاری مرضی اس پر عمل کرو یا نہ کرو ۔

مومن آل فرعون نے کہا ۔ اے میری قوم سابقہ اقوام کے منفی رویہ کی بدولت جو ان کا حشر ہوا میں تو تمہارے انداز فکر کو دیکھ کر اسی قسم کے انجام بد سے خوفزدہ ہو رہا ہوں ۔ دیکھو قوم نوح اور قوم عاد و ثمود کا کیا حشر ہوا اور ان کے بعد آنے والی گذشتہ بعض امتوں پر کیا گزری؟ حالانکہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا اور اس دنیاوی عذاب کے علاوہ مجھے

توقیامت کا ڈر بھی ہے کہ اللہ کے سوا اُس دن تمہیں کون پناہ دے گا؟ اس کے بعد اس نے اپنی پوری تقریر میں جہاں اللہ کی توحید بیان کرنے کے بعد اس کی اطاعت پر زور دیا۔ وہاں اس کی نافرمانی کے انجام بد سے بھی نہایت پرزور لہجہ میں ڈرایا اور اپنے بیان کے آخر میں واشگاف الفاظ میں اعلان کیا۔ فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ۔ ترجمہ۔ یعنی اب تو تم میری باتوں پر یقین نہیں کرتے لیکن وقت آنے پر میری باتوں کو یاد کرو گے اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ تحقیق اللہ بندوں کے احوال سے آگاہ ہے پس ظاہری طور سے یہ شخص فرعون کی آل میں شمار ہوتا تھا اور اس کی تقریر بھی درحقیقت فرعون کی خیرخواہی پر مبنی تھی لیکن چونکہ سچا مومن تھا پس اللہ کے علم میں وہ آل فرعون کا فرد نہیں تھا گویا وہ شخص مومن تھا جس کا شمار ظاہری طور پر آل فرعون میں سے تھا چنانچہ اگلی آیت میں اس کا واضح اعلان موجود ہے۔ فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوءُ الْعَذَابِ ۴۵۔ ترجمہ۔ پس اللہ نے اس کو اُن کے مکر کے بُرے انجام سے بچا لیا اور آل فرعون کو بُرے عذاب نے گھیر لیا۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ مومن آل فرعون اللہ کے نزدیک آل فرعون میں شامل نہیں تھا کیونکہ آل فرعون غرق ہو گئی۔ اور وہ بچ گیا۔

نیز اس کا دوسرا جواب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رجل مومن۔ آل فرعون میں سے تھا۔ یعنی جو لوگ آل فرعون میں شمار ہوتے تھے یہ اُن میں پیدا ہوا اور ان میں ہی اس نے پرورش پائی لیکن ان کی صحبت اور ان کے درمیان بود و باش اس کے نظریات پر اثر انداز نہ ہو سکی اور وہ مومن کامل رہا جس طرح حضرت پیغمبرؐ کے متعلق ہے۔ رَسُولٌ مِّنْهُمْ کہ حضور اہل مکہ میں پیدا ہوئے اور ان ہی کے معاشرہ میں پلے بڑھے تاہم ان کی عاداتِ بد کا ان کی ذات ستودہ صفات پر کچھ اثر نہ ہوا۔

آل موسیٰؑ و آل ہارونؑ۔ پ۲ ع۱۶ عرب میں آل فلاں بول کر وہ شخص بعض اوقات مراد لیا جاتا ہے جس کی طرف آل مضاف ہو اسی بنا پر یہاں آل موسیٰ سے موسیٰ اور آل ہارون سے مراد خود ہارون ہیں اور وہ تابوت جو بنی اسرائیل کیلئے سکینہ تھا اس میں حضرت موسیٰ کی نعلین اور حضرت ہارون کا عمامہ تھا جس پر بقیہ کا اطلاق ہوا ہے۔ ج۲ ص۱۲۱ سورہ آل عمران کے فضائل ج۳ ص۱۸۷

آل ابراہیمؑ و آل عمرانؑ۔ پ۳ رکوع۱۲ تفسیر عمدۃ البیان میں ہے کہ تفسیر اہلبیت میں آل عمران سے مراد حضرت علی بن ابیطالب ہیں اور بروایت ابن عباس حضرت نبی اکرمؐ نے فرمایا میں آل ابراہیمؑ ہوں اور علی آل عمران ہیں و ظاہر ہے کہ آل کا مصداق معصوم لوگ ہیں کیونکہ اصطفاء غیر معصوم کا نہیں ہو سکتا۔ ج۳ ص۲۱۸ سورہ آل عمران کو لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے روزی فراخ ہو گی۔ ج۳ ص۱۸۱

(۱) سورہ آل عمران کے اعداد ۸۴۹۵۶ ہیں اس کا نقش مثلث اپنے پاس رکھنا وسعت رزق کا موجب ہے اور اس

۷۸۶

۶۱۶۵۳	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۵
۶۱۶۵۴	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۰
۶۱۶۴۹	۶۱۶۵۶	۶۱۶۵۱

سورہ کو روزانہ ۱۳ دفعہ پڑھنا ادائیگی قرض کے لئے مفید ہے نقش یہ ہے۔

۲۔ سورہ آل عمران کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھنے سے عورت صاحب اولاد ہو گی۔ انشاء اللہ

۳۔ آیۃ الملک کی زیادہ تلاوت بھی وسعتِ رزق کی موجب ہے۔ واللہ اعلم

سورہ آل عمران از ابتداء تا ھوالعزیزالحکیم لکھ کر عورت اپنے پاس رکھے۔ اللہ اس کو اولاد دے گا۔ فوائد صـ۲۴۹

(۱) سورہ آل عمران کی آیت:

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا تا آخر جو کی روٹی پر لکھ کر بھاگنے والے نوکر اور بھاگنے والی عورت کو کھلائے۔ انشاء اللہ وہ ٹھیک ہو جائیں گے۔ صـ۲۴۴ کنوز

(۲) آل عمران کی آیت۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ تا بِذَاتِ الصُّدُوْر چالیس دن اور ہر دن چالیس مرتبہ پڑھے۔ مشکل آسان ہو گی۔ اگر دشمن کے لئے ۲۹ دن ہر روز ۲۹ بار پڑھے۔ دشمن دفع ہو گا۔

(۳) اگر ۱۹ دن ہر روز ۱۹ بار پڑھے۔ دولتمند ہو گا۔ اگر اہل وعیال کے لئے ہر روز پانچ دفعہ پڑھتا رہے مقصد حاصل ہو گا درد سر کے لئے ۷ دفعہ پڑھ کر دم کرے ٹھیک ہو گا۔

(۴) دشمن کے مقابلہ میں پڑھے تو دشمن ذلیل و مقہور ہو گا۔ اگر گھوڑے کی گردن میں لکھ کر باندھے گھوڑا نہ تھکے گا صـ۲۴۵ کنوز

آل محمدؐ۔ تفسیر برہان میں تفسیر ثعلبی سے منقول ہے ابو وائل کہتا ہے کہ مصحفِ ابن مسعود میں آل عمران کے بجائے آل محمدؐ درج تھا اور بعض روایات میں یہ ہے کہ آل ابراہیمؑ سے مراد آل محمد ہیں اور جناب نبی اکرمؐ نے فرمایا۔ لوگوں پر تعجب ہے کہ آل ابراہیم و آل عمران کے ذکر سے تو خوش ہوتے ہیں مگر آل محمد کے ذکر سے ان کے دل گھٹتے ہیں اور پھر آپؐ نے حلفیہ فرمایا کہ اگر کوئی شخص ستر نبیوں کے اعمال کے برابر بھی اپنی نیکیاں پیش کرے گا تو بجز ولائے علی کے اس کی کوئی نیکی مقبول نہ ہو گی۔ ج۳ صـ۲۱۸

○ حضرت ابراہیمؑ کی دعا میں امت مسلمہ سے مراد آل محمد ہیں اور خیر امت اور امت وسط سے مراد بھی آل محمدؐ ہیں ج۲ صـ۱۸۹۔۱۹۰

آل محمدؐ ابواب اللہ۔ وَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِھَا۔ پ۲ ع۸ کی تفسیر میں ج۳ صـ۸ اور ج۶ صـ۳۵۔ حدیث۔ اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا ج۳ صـ۸ و ج۲ صـ۴۷، ج۱ صـ۶۶، ج۱۱ صـ۶۳، ج۱۳ صـ۱۳۱

○ آل محمد العروۃ الوثقیٰ ہیں۔ ج۳ صـ۱۳۹ اور تفسیر حبل اللہ۔ ج۴ صـ۲۴ و صـ۲۵ اور تفسیر وسیلہ میں ج۵ صـ۹۷ اور ج۱۱ صـ۱۳۹، آل رسول پر ظلم ج۶ صـ۱۲۱، درود میں آل کا ذکر ضروری ہے۔ ج۱۱ صـ۲۱۱

آل محمدؐ قرآن کے حقیقی مفسر ہیں۔ مقدمہ تفسیر میں متعدد عناوین کے ماتحت اس مقصد پر بحث کی گئی ہے اور ج میں مقطعات قرآنیہ کی بحث میں ص۴۹ پر یہ بحث موجود ہے نیز ج۳ میں راسخون فی العلم کی تفسیر میں ص۱۹۵ سے لے کر متعدد صفحات کی بحث موجود ہے۔ بئر معطلہ کی تاویل آل محمد ہے۔ ج ص۳۸

○ شیعہ چونکہ آل محمدؐ کی تفسیر کے علاوہ دوسری کسی تفسیر کو قابل اعتناء نہیں سمجھتے اس لئے حسبنا کے دعویداروں نے شیعوں کو منکر قرآن کہا اور اس قسم کے اوچھے اور بے بنیاد ہتھکنڈوں سے شیعوں کو بدنام کرنے کی کوششیں جاری رکھیں۔ اس کی تفصیل ج ص۱۷۰ و ص۱۷۱ پر ملاحظہ فرمائیں اور ج ص۲۱ پر اہل ذکر کی تفسیر میں آل محمد کا مفسر قرآن ہونا تفصیل سے مندرج ہے۔ نیز ج ص۲۶۲ و ص۲۶۳ پر بھی اسی مقصد پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام ؛ حضرت ابراہیم نے اپنے فرزند اسمٰعیل کے لئے اپنی امت سے فرمائش کی تھی کہ ان سے وفا کرنا لیکن امت نے عمل نہ کیا۔ ج ص۱۰۰۔ اسی طرح باقی انبیاء نے بھی اپنی امتوں سے اپنے اپنے اوصیاء کے متعلق عہد لیا تھا۔ چنانچہ حضرت آدمؑ نے شیث کے لئے نوحؑ نے سام کے لئے موسیٰؑ نے یوشع کے لئے عیسیٰ نے چرخ چہارم پر جانے سے پہلے شمعون کے لئے امت سے وفا کا عہد لیا تھا لیکن امت نے پورا نہ کیا اور حضرت پیغمبرؐ نے علی کی ولی عہدی کا امت سے عہد لیا۔

○ ذکر امتحان ابراہیمؑ و عہدۂ امامت۔ ج ص۱۷۰ ص۱۷۵ ص۱۷۸

○ توحید کے موضوع پر نمرود سے مناظرہ ج ص۱۴۲ یہاں بعض مقررین کے غلط استدلال اور غلو آمیز بیان پر بھی تنبیہ کی گئی ہے۔ اور نماز عصر کے لئے سورج کا غروب کے بعد واپس پلٹنا حضرت علی علیہ السلام کی عظمت شان کا واضح ترین معجزہ ہے۔

○ حضرت ابراہیمؑ حضرت موسیٰؑ سے ایک ہزار سال پہلے گزرے ج ص۲۵۵۔ پس وہ نہ بقول یہود یہودی تھے اور نہ بقول نصاریٰ نصرانی تھے۔ بلکہ وہ حنیف مسلم تھے۔ کَانَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا۔ پ۳ ع۱۵ حضرت ابوطالب ان کے آخری وصی تھے۔ ج ص۲۱۱

○ جس دن حضرت ابراہیمؑ پر آتش نمرودی گلزار ہوئی وہ غدیر کا دن تھا پس انہوں نے خوشی میں روزہ رکھا۔ ج ص۳۷ اور وسیلہ کی تفسیر میں ہے کہ آپ نے اپنی دعا میں محمد و آل محمد کو وسیلہ قرار دیا تھا۔ ص۹۸ ج ص۲۳۵

○ حضرت ابراہیم کے والد ماجد کا نام نامی تارخ تھا جو پکا مسلمان اور چونکہ آپ کی تربیت آذر نے کی تھی جو بقول حاج حضرت ابراہیم کا نانا تھا یا چچا تھا۔ پس مجازاً اس پر اب کا اطلاق کیا گیا۔ ج ص۲۳۱ ج ص۱۸۲

○ حضرت ابراہیمؑ کی ولادت کا قصہ ج ص۲۳۲۔ حضرت ابراہیمؑ کی ماں سے نمرود کی جواب طلبی۔ ج ص۲۳۳

○ حضرت ابراہیمؑ نے ملکوت سما کی سیر کی تو جانب عرش حضرت علیؑ فاطمہ حسن و حسین علیہم السلام کے انوار دیکھے

اوران کے اردگرد نواماموں کے انوار دیکھے ایک روایت میں ہے پہلے حضرت محمدؐ کا نور دیکھا۔ پھر انوار آئمہ دیکھے اوران کے اردگرد تاحدنگاہ انوار دیکھے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ تو جواب ملا کہ یہ علیؑ کے شیعوں کے انوار ہیں۔ پس حضرت ابراہیمؑ نے شیعوں کی علامتیں دریافت کیں تو جواب ملا کہ ان کی پانچ علامتیں ہیں

(۱) اکاون رکعت نماز (یعنی سترہ رکعت فرض اور ۳۴ رکعت نوافل جو کتب فقیہہ میں تفصیل سے مذکور ہیں۔)
(۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو آواز سے پڑھنا خواہ نماز میں پڑھے یا کسی دوسرے کام کی ابتدا میں پڑھے۔
(۳) رکوع سے پہلے نماز میں دعا قنوت کا پڑھنا (دعائے قنوت دوسری رکعت میں رکوع سے پہلے پڑھی جاتی ہے)
(۴) زمین پر سجدہ کرنا۔
(۵) دائیں ہاتھ میں انگوٹھی کا پہننا (نگینہ کی کوئی تعیین نہیں ہے)

- پس حضرت ابراہیمؑ نے دعا مانگی۔ اے اللہ مجھے حضرت علیؑ کے شیعوں سے قرار دے پس جواب ملا کہ تیری دعا مقبول ہے اور بعض روایات میں زیارت اربعین کو بھی علائم شیعہ میں سے قرار دیا گیا ہے۔ ج۵ ص۲۴۳
- چاند، سورج اور ستارہ پرستوں کو اپنے اندازِ خاص سے دعوت توحید دینا۔ ص۲۴۴
- مونچھیں کتروانا، ناخن لینا، بغلوں کو صاف کرنا، زیر ناف بال مونڈنا اور ختنہ کرنا ملتِ ابراہیمی کے مختصات میں سے ہیں۔ ج۵ ص۲۷۱ حنیفیت دس چیزیں ہیں۔ ج۲ ص۱۷۱۔ ملتِ ابراہیم ج۵ ص۲۷۱
- حضرت ابراہیمؑ نے جب نمرود کے ملک سے ہجرت فرمائی تو حضرت لوطؑ ان کے ہمراہ تھے جو آپ کے چچازاد یا خالہ زاد اور نسبتی بھائی تھے یعنی حضرت سارہؑ کے بھائی تھے۔ ج ص۵۵ مسجد سہلہ میں آپ کا گھر تھا ج۶ ص۲۵
- جب آگ میں جاتے ہوئے حضرت جبرئیلؑ نے مدد کی پیش کش کی تو آپ نے فرمایا مجھے اللہ کی مدد کافی ہے ج۶ ص۱۴
- چچا کے لئے دعا کرنا ص۱۳۲۔ حضرت ابراہیمؑ کے پاس فرشتے آئے تو چونکہ بشکل انسان تھے۔ آپ نے ان کی ضیافت کے لئے گوسالہ ذبح کرکے اس کا گوشت بھون کر پیش کیا جب انہوں نے کھانے سے انکار کیا تو آپ خوفزدہ ہوئے پس انہوں نے حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحٰق کی پیدائش کی خوشخبری سنائی۔ ج۶ ص۲۲۵۔ ج۱۳ ص۱۲۸ ج۵ ص۱۸۵
- پ۱۲ ع۷ میں ہے کہ جب حضرت سارہ بنت ہاران زوجہ ابراہیمؑ نے بچے کی خوشخبری سنی تو ازراہ تعجب کہنے لگی یہ کیسے ہوسکتا ہے میں تو بوڑھی ہوچکی ہوں کیونکہ اس وقت ان کی عمر ۹۹ برس تھی ج۶ ص۲۲۶ اور پ۲۶ رکوع۱۹ میں ہے کہ بچے کی خبر سن کر چیخی اور اپنا منہ پیٹ لیا۔ ج۱۳ ص۱۲۸
- جب حضرت ابراہیمؑ کو آتش نمرودی میں جھونک دیا گیا تو اللہ کا حکم ہوا۔ اے جبرئیل فوراً پہنچو ورنہ اگر تیرے پہنچنے سے پہلے ابراہیمؑ آگ میں جلا گیا تو مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم تیرا نام فرشتوں کے دفتر سے کاٹ دوں گا چنانچہ وہ آگ

میں نہ پہنچنے پائے تھے کہ جبرئیل نے حاضر ہو کر اپنی مدد کی پیش کش کی تو انہوں نے جواب دیا مجھے اللہ کی مدد کی ضرورت ہے تیری نہیں اور جب حضرت ابراہیمؑ نے اپنے جوان سال فرزند حضرت اسمٰعیل کی گردن پر چھری رکھی تو پھر اسی حلفیہ انداز سے جبرئیل کو اللہ نے حکم دیا کہ اگر تیرے پہنچنے سے پہلے اسماعیل کی گردن پر چھری چل گئی تو تیرا نام فرشتوں کی صف سے کاٹ دوں گا چنانچہ اس نے فوراً پہنچ کر چھری کو الٹا دیا اور فدیہ پیش کر کے ذبح کرا دیا ج ۹ صـ۱۶ ج ۹ صـ۲۳۷ حضرت ابراہیمؑ کی طرف تین جھوٹوں کی نسبت غلط ہے۔ تقیہ کا ثبوت ج ۹ صـ۲۵

- حضرت ابراہیمؑ کو جب آتش نمرودی میں ڈالا گیا تھا تو جبرئیل نے جنت سے ایک قمیص لا کر حضرت ابراہیمؑ کو پہنا دی تھی اور وہی قمیص آپ نے بطور تعویذ حضرت اسحٰق کے گلے میں باندھ دی تھی اور انہوں نے حضرت یعقوبؑ کے گلے میں بطور تعویذ ڈالی تھی اور انہوں نے چاندی کی تختی میں بند کر کے حضرت یوسف کے بازو میں تعویذ کے طور پر باندھ دی تھی چنانچہ زندان مصر میں وہی قمیص حضرت یوسف نے باہر نکالی اور بشیر کے حوالہ کی تو اس کی خوشبو حضرت یعقوب نے ملک شام میں محسوس فرمائی۔ کیونکہ جنتی لباس کی خوشبو مومن کو ایک ہزار سال کی مسافت سے بھی محسوس ہو سکتی ہے اور وہی قمیص تبرکات انبیاء میں حضرت پیغمبرؐ تک پہنچی اور مروی ہے کہ قائم آل محمدؐ خروج کریں گے تو وہ قمیص ان کے پاس ہو گی۔ ج ۹ صـ۷۹ اور مجھے یاد پڑتا ہے کہ کسی کتاب میں میں نے دیکھا ہے کہ جناب فاطمہ زہراؑ نے وہ قمیص جناب زینب کے حوالہ کی تھی اور یہ وصیت فرمائی تھی کہ جب تجھ سے حسین یہ قمیص طلب کرے تو سمجھ لینا کہ وہ گھڑی لحظہ کا مہمان ہے۔
- جب حضرت ابراہیم علیہ السلام تعمیر کعبہ سے فارغ ہو چکے تو دعا مانگی رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا الآیہ پ۱۳ سورہ ابراہیم۔ اے رب اس شہر کو بلد امن قرار دے اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے محفوظ رکھ
- میں نے تیرے گھر کے قریب اپنی ذریت کی رہائش رکھی ہے تو لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف جھکا دے۔ ج ۹ صـ۱۵۸
- ملت ابراہیمی پر چلنے کا حکم ج ۹ صـ۲۵۔ سفر معراج میں حضورؐ نے پہلے آسمان پر حضرت ابراہیمؑ سے ملاقات کی اور دیکھا کہ مومنین کے بچوں کی وہ تربیت کر رہے تھے۔ ج ۹ صـ۲۶
- مقام محمود پر حضورؐ کے دائیں جانب حضرت ابراہیم کا مقام ہو گا۔ ج ۹ صـ۶۱
- مروی ہے کہ حضرت ابراہیمؑ سے پہلے بال سیاہ رہتے تھے۔ پہلے پہل حضرت ابراہیمؑ نے بال سفید دیکھے تو عرض کی اے میرے پروردگار! یہ کیا ہے تو جواب ملا یہ وقار ہے پس آپ نے دعا مانگی۔ اے اللہ میرے وقار کو زیادہ کر ج ۹ صـ۱۳۷
- حضرت ابراہیمؑ کا اپنے چچے آذر کو دعوت توحید دینا۔ ج ۹ صـ۱۵۱ صـ۲۲۹۔
- آپ کی بت شکنی پ۱۷ سورہ انبیاء رکوع ۵ تفسیر ج ۹ صـ۲۳۰ و صـ۲۳۱
- آپ پر مقدمہ چلایا گیا اور سزائے موت (آگ میں ڈالنے) کا فیصلہ سنایا گیا صـ۲۳۲۔ اس وقت آپ کی عمر سولہ

برس تھی ج۹ ص۲۳۵

- ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے پوچھا کہ حضرت موسیٰ جادوگروں کے مقابلہ میں گھبرا گئے تھے لیکن حضرت ابراہیمؑ تو آگ سے بھی نہ گھبرائے۔ آپ نے جواب دیا کہ ابراہیمؑ کی صلب میں محمدؐ و آل محمدؐ کے انوار تھے ج۲ ص۲۳۶
- نمرود کی حکومت کی جانب سے حضرت ابراہیمؑ کی جلا وطنی کا حکم ج۹ ص۲۳۷
- نمرود کی لڑکی کا اسلام قبول کرنا۔ ج۹ ص۲۳۹
- تعمیر کعبہ اور تطہیر کعبہ کا حکم۔ ج۲ ص۲۱۔ صحف ابراہیمؑ یکم رمضان یا ۳ ماہ رمضان کو نازل ہوئے ج۲ ص۲۳
- کوہ ابوقبیس پر بلند ہو کر باذن پروردگار حضرت ابراہیمؑ نے لوگوں کو حج کی دعوت دی۔ پس پشتوں میں ہونے والوں نے بھی اس آواز پر لبیک کہی اور مروی ہے کہ اہل یمن نے پہل کی تھی۔ ج۱ ص۲۲
- مروی ہے جن لوگوں نے حضرت ابراہیمؑ کی آواز پر لبیک کہی تھی وہی لوگ حج سے مشرف ہوں گے ص۲۳
- حضرت ابراہیمؑ کو جس مقام پر خلیل اللہ کا لقب ملا وہ مقام طور ہے۔ ص۲۳
- حضرت ابراہیمؑ کا ذکر سورۂ شعراء آیت ۶۹ پ۱۹ ج۱ ص۲۰
- اسم اعظم کے تہتر حروف میں سے حضرت ابراہیمؑ کے پاس آٹھ حروف تھے۔ ص۲۴۸

نصیحت۔ غریب و امیر دونوں طبقوں کے لئے اللہ نے انبیاء میں مثالیں قائم کردی ہیں۔ پس غریب لوگ حضرت ابراہیمؑ و حضرت موسیٰؑ کی دردبھری زندگیوں کو مشعل راہ قرار دیں کہ انہوں نے اپنے دور کے ظالم ترین انسانوں کے مظالم کا مقابلہ کر کے پرچم توحید اور ناموس شرافت کی لاج رکھی اور ظالم حکمران ان کو جادۂ حق سے پھسلا نہ سکے پس آخرکار متکبر حکمرانوں کا تکبر خاک دپانی میں مل گیا اور حق و حقیقت کو دنیا نے پہچان لیا۔ ج۱۱ ص۵۹

- جب عزرائیل روح قبض کرنے کو آیا تو خلیل نے کہا کیا کوئی دوست دوست کی موت چاہتا ہے؟ اور عزرائیل کو حکم پروردگار ہوا جا کر خلیل سے کہو۔ کیا کوئی دوست دوست کی ملاقات سے گھبراتا ہے؟ ج۱۱ ص۶۰
- حضرت ابراہیمؑ کی دعوت توحید اور موثر انداز تبلیغ ج۱۱ ص۷۲
- حضرت ابراہیمؑ پر مقدمہ چلایا گیا اور آخرکار زندہ جلائے جانے کا فیصلہ صادر ہوا۔ آپ نے آگ میں جانا منظور کر لیا لیکن پرچم توحید کو سرنگوں نہ ہونے دیا ج۱۱ ص۷۴، ص۷۵، ج۹ ص۲۳۵۔ چھپکلی آگ کو پھونک مار کر تیز کرتی تھی اور مینڈک پانی ڈال کر بجھاتا تھا ج۹ ص۲۳۶ حضرت کوفہ کے نواح میں آباد تھے اور دشمنان اسلام کی ایذا رسانیوں سے تنگ آکر شام کی طرف ہجرت کر کے چلے گئے۔ ج۱۱ ص۷۶۔ جب آپ اپنے مویشیوں کو ساتھ لے جانے لگے تو نمرودی ایجنٹوں نے کہا کہ یہ مال ہمارے ملک کی پیداوار ہے لہٰذا اس کو ساتھ لے جانے کی اجازت نہیں ہے تو آپ نے جواب میں فرمایا پھر اس کے بدلہ میں مجھے زندگی کا وہ حصہ واپس کر دیا جائے جو میں نے اس ملک میں گزاری ہے۔ چنانچہ مقامی عدالت میں مقدمہ

پیش ہوا تو حضرت ابراہیمؑ کو اپنا مال ساتھ لے جانے کی اجازت مل گئی۔ ج ۹ ص ۲۳۷

- اِنَّ مِنْ شِیْعَتِہٖ لَاِبْرَاھِیْم۔ پارہ ۲۳۔ سورہ صافات رکوع ۳ تفسیر جلد ۱۲ ص ۴۲
- ملکوت سما کی سیر اور انوار آئمہ اور ارواح شیعہ کا دیدار پھر دعا مانگنا۔ ص ۴۳
- ایک شخص نے حضرت سجادؑ سے عرض کی کہ میں آپ کا شیعہ ہوں تو آپؑ نے فرمایا کیا تو ابراہیم کے درجہ پر فائز ہے؟ ص ۴۵
- حضرت ابراہیمؑ کا ذکر۔ آذر کا ذکر۔ نمرودیوں کے عرس و میلہ میں شرکت سے معذرت کہ میں بیمار ہوں۔
- علم نجوم کے جائز یا ناجائز ہونے کا ذکر۔ اور حضرت ابراہیمؑ کی بت شکنی اور سزائے موت۔ ج ۱۲ ص ۵۰ تا ص ۵۲
- حضرت ابراہیمؑ کی ہجرت اور قبطی حکمران کے سامنے تقیہ حضرت سارہ کی طرف بادشاہ نے دست درازی کا ارادہ کیا اور اس کا ہاتھ شل ہو گیا آخر کار بادشاہ دعائے ابراہیمؑ سے تندرست ہو گیا اور کسٹم کی معافی کے علاوہ دیگر انعامات واکرامات سے نوازا حتیٰ کہ جناب ہاجرہ بھی بطور کنیزی کے آپ کے حوالہ کی اور جناب سارہ کی خواہش کے مطابق
- آپ نے جناب ہاجرہ سے نکاح کر کے اس کو حرم سرا میں داخل فرمایا۔ ج ۱۲ ص ۵۴ ص ۵۵
- حضرت ابراہیمؑ کو فرزند کی بشارت اور پھر فرزند کے ذبح کرنے کا حکم۔ ج ۱۲ ص ۵۶ تا ص ۵۹
- ذبیح اللہ کون تھے حضرت اسحٰقؑ یا حضرت اسمٰعیل ص ۶۰ تا ص ۶۲
- حضرت پیغمبرؐ اکرم نے فرمایا میں دو ذبیحوں کا بیٹا ہوں۔ ایک اسمٰعیل دوسرے عبداللہ کیونکہ حضرت عبدالمطلب نے منت مانی تھی اگر اللہ مجھے دس فرزند عطا فرمائے تو میں ایک کو خوشنودی خدا کے لئے قربان کروں گا۔ چنانچہ قرعہ حضرت عبداللہ کے نام نکلا اور سو اونٹ بطور فدیہ نحر کئے گئے۔ ج ۱۲ ص ۶۳، ص ۶۴
- دنبہ کا فدیہ ذبح عظیم کے لئے ج ۱۲ ص ۶۴، ص ۶۵
- حضرت ابراہیم کی آذر کے معبودوں سے بیزاری اور یہ کہ خدا نے نبوت اس کی نسل میں رکھ دی۔ وَجَعَلَھَا کَلِمَۃً بَاقِیَۃً فِیْ عَقِبِہٖ۔ پارہ ۲۵ زخرف رکوع ع ۹ اور آل محمدؐ اس کے مصداق ہیں ج ۱۲ ص ۲۲۸ تا ص ۲۳۰
- حضرت ابراہیمؑ اولوالعزم پیغمبروں میں سے تھے ج ۱۳ ص ۲۶۶، ص ۲۶۷
- حضرت ابراہیمؑ کے نقش قدم پر چلنے کا حکم۔ ج ۱۳ ص ۲۶۶، ص ۲۶۷
- امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ ابراہیمؑ کے زمانہ کا فرعون اور اس کے مشیر حرامزادے تھے۔ جنہوں نے ابراہیمؑ کے لئے سزائے موت کا فیصلہ کیا اور بخلاف اس کے موسیٰ کا فرعون اور اس کے مشیر حلال زادے تھے۔ جنہوں نے حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے کے لئے میدان مقابلہ تجویز کیا۔ جسمیں جادوگروں اور موسیٰؑ کو مقابلہ کی دعوت دی گئی۔ ج ۹ ص ۲۳۳

○ حضرت ابراہیمؑ کا ایک عابد سے دعا منگوانا۔ ج۹ صـ۱۵۴

آبِ حیات :- شفاعت کے بعد جب جہنمی لوگ جہنم سے نکلیں گے تو ان کو آبِ حیات کی نہر میں داخل کیا جائے گا۔ جس سے ان کا گوشت پوست نیا اُگ آئے گا۔ ج۴ صـ۹۰

○ حضرت خضرؑ جناب ذوالقرنین کی فوج میں بھرتی ہوئے۔ رفتہ رفتہ فوجی جرنیل بن گئے اور سفر ظلمات طے کر کے آبِ حیات کے چشمہ تک جا پہنچے اور پانی پی لینے کے بعد حیاتِ جاوداں حاصل کر لی۔ ج۹ صـ۱۲۰ و صـ۱۲۲

○ بہشتی لوگ آبِ حیات کے چشمہ سے غسل کریں گے۔ ج۹ صـ۱۶۵

○ ہر چیز کی فنا کے بعد خدا آبِ حیات جاری کرے گا۔ جس سے حشر کے لئے تمام ذی روح از سر نو زندہ ہونگے ج۱۲ صـ۱۳۶ مروی ہے کہ چرخ چہارم پر ایک چشمہ ہے جسمیں آبِ حیات ہے۔ ج۱۳ صـ۱۳۵

آبائے نبیؐ :- شیعہ عقیدہ کی رُو سے آبائے نبیؐ تا آدم مسلمان تھے ج۸ صـ۱۹۵، ج۹ صـ۱۵۱، ج۲ صـ۱۸۲

○ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ۔ پ۱۹ سورہ شعراء۔ آبائے نبی کا اسلام تفصیل سے ملاحظہ ہو۔ ج۱۰ صـ۲۱۸

○ اللہ نے حضرت ابراہیمؑ کے ثبات قدم کے صلہ میں کلمہ توحید ان کی نسل میں رکھ دیا۔ ج۱۳ صـ۲۲۹

ابلیس :- مدتوں ملائکہ کے ہمراہ شریک عبادت پروردگار رہا۔ لیکن سجدہ خلیفہ کے امتحان میں پتہ چلا کہ نوریوں کی طویل صحبت کے بعد بھی ناری ناری ہوا کرتا ہے۔ ج۲ صـ۸۳

○ جن تھا یا فرشتہ؟ قوی قول یہی ہے کہ وہ جن تھا۔ ج۲ صـ۸۳

○ حق پر پردہ ڈالنے والے علماء ابلیس و فرعون کی طرح بد ہیں۔ ج۲ صـ۲۰۴

○ ابلیس نے قسم کھا کر کہا کہ جب تک بنی آدم کے جسموں میں روح رہے گی ان کو گمراہ کرتا رہوں گا تو اللہ نے فرمایا مجھے اپنی عزت کی قسم جب تک وہ استغفار کرتے رہیں گے میں معاف کرتا رہوں گا ج۴ صـ۵۱ و صـ۵۲

○ ابلیس کا قیاس۔ ج۶ صـ۹ تکبر صـ۱۲ قیاس کی مذمت صـ۱۳ جو شخص دین میں قیاس کرے گا۔ اس کا حشر ابلیس کے ساتھ ہوگا اور زمانہ قائم تک ابلیس کو مہلت دی گئی۔ ج۶ صـ۱۴

○ ابلیس ہر طور طریقہ سے اور ہر حیلہ و بہانہ سے گمراہ کرتا ہے۔ صـ۱۵

○ ابلیس کا وسوسہ ج۶ صـ۱۹ و صـ۲۰

○ حضرت پیغمبرؐ کی ولادت کے وقت شیاطین پر شہاب ثاقب ٹوٹے تو انہوں نے ابلیس کو ماجرا سنایا پس ابلیس سٹپٹایا اور زمین حرم پر ملائکہ کا ہجوم دیکھا تو وجہ پوچھی جواب ملا کہ آج سید الانبیاء کی ولادت ہوئی ہے اور مروی ہے کہ عیسیٰ کی ولادت سے پہلے ساتوں آسمانوں پر جایا کرتا تھا پس عیسیٰ کی ولادت کے بعد تین آسمانوں سے روکا گیا اور حضورؐ کی ولادت کے بعد تمام آسمانوں سے روک دیا گیا۔ ج۸ صـ۱۴۲

- انکار سجدہ آدمؑ اور حسد ج۲ صہ۱۸۰ ۔ ابلیس پر لعنت کی ابتدا جبریل نے کی ۔
- ابلیس نے چوتھے آسمان پر دو رکعت نماز پڑھی تھی جو چھ ہزار سال میں تمام ہوئی ۔ ج۲ صہ۱۸۱
- ابلیس نے پوچھا میرا ٹھکانا کہاں ہوگا ؟ (جب اس کو نکالا گیا) جواب ملا غلیظ مقامات ۔
- پوچھا میرا مؤذن کون ہوگا ؟ جواب ملا ۔ طبلہ و سارنگی ۔

میری غذا کیا ہوگی ؟ جواب ملا ۔ ہر وہ چیز جس پر اللہ کا نام نہ لیا جائے ۔

میرا مشروب کیا ہوگا ؟	"	ہر قسم کی شراب
میرا گھر کہاں ہوگا ؟	"	حمام
میری مجلس کہاں ہوگی ؟	"	بازار اور عورتوں کے اجتماعات میں
میرا لباس کیا ہوگا ؟	"	راگ و رنگ
میری شکارگاہ کیا ہوگی ؟	"	عورتیں

- حضرت آدمؑ نے عرض کی اے پروردگار ! میرے لئے کیا ہوگا ۔ جواب ملا تین چیزیں ہیں ۔ ایک مخصوص میرے لئے ۔ دوسری مخصوص تیرے لئے اور تیسری تیرے اور میرے درمیان شرک ۔
- جو میرے لئے مخصوص ہے وہ ہے عبادت اس میں کوئی میرا شریک نہیں ۔
- جو تیرے لئے مخصوص ہے وہ ہے ہر نیکی کا بدلہ دس گنا ۔
- اور جو مشترک ہے وہ یہ کہ تمہارا کام ہے دعا مانگنا اور میرا کام ہے قبول کرنا ۔
- پس ابلیس سٹپٹایا اور چلایا کہ ہائے اب میں کیا کروں گا ؟ ج۲ صہ۱۸۲
- انکار سجدہ ۔ ج۲ صہ۴۰ و صہ۱۲ اللہ نے فرمایا کہ میرے بندوں پر تیرا غلبہ نہ ہوگا ۔ صہ۱۴
- ابراہیمؑ کو منجنیق پر بٹھا کر آگ میں ڈالنے کی تجویز ابلیس نے بتائی تھی ۔ ج۲ صہ۲۳۴
- حضرت زکریاؑ کا سراغ قوم یہود کو ابلیس نے بتایا تھا ، ج۲ صہ۲۵
- وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ ظَنَّهُ پ۲۲ سبا ع۲ ۔ ابلیس نے انکارِ سجدہ کو بعد راندہ درگاہ ہوتے ہی اعلان کیا تھا کہ میں اولاد آدمؑ کو گمراہ کروں گا پس جو بھی شیطانی چالوں میں پھنس گیا ۔ اس نے ابلیس کے ظن کی تصدیق کر دی ۔ چنانچہ بروایت امام محمد باقر علیہ السلام جب حضرت پیغمبرؐ نے بروز غدیر علیؑ کو اپنا قائم مقام نامزد فرمایا تو ابلیس نے اپنی اسمبلی اور مشاورتی کیٹی میں اپنی چالوں کی ناکامی کے خطرہ کا ذکر کیا لیکن جب منافق پارٹی نے اپنی خفیہ میٹنگوں میں حضورؐ کے اعلان غدیری کی مخالفت کا اظہار کیا تو ابلیس کو تسکین ہوئی اور جب وفات پیغمبرؐ کے بعد لوگوں نے علیؑ سے منہ موڑ لیا تو ابلیس نے ایک خوشی کی تقریب منائی اور اپنے مریدوں کے اجتماع عظیم

میں اعلان کیا کہ اب ہمارا مشن کامیاب ہے۔ ج ۱۱ صـ۲۴۴

○ ابلیس نے حضرت ایوبؑ کے صبر و شکر پر حسد کیا اور عرض کی۔ اے پروردگار! اگر تو ایوبؑ سے نعمات کو سلب کرے تو میں دیکھوں وہ کیسے شکر کرتا ہے؟ چنانچہ حضرت ایوبؑ کی نعمتیں سلب ہوگئیں۔ لیکن شکر میں کمی نہ ہوئی۔ چنانچہ اولاد مرگئی باغات تباہ ہوگئے اور جسمانی تکلیف میں مبتلا ہوگئے تاہم شکر میں کمی واقع نہ ہوئی ج ۱۱ صـ۹۵

○ قوم جنات میں پہلا گمراہ کرنے والا ابلیس ہے۔ ج ۱۲ صـ۱۸۶

ابولہب :- دعوتِ عشیرہ میں ابولہب کی شرارت۔ ج ۵ صـ۲۰۱ ج ۱۰ صـ۲۱۵ ج ۱۲ صـ۱۷۰

○ ابولہب و دیگر اکابر قریش کی خواہش پر معجزہ شق القمر ج ۱۳ صـ۱۶۵

○ ابولہب اور اس کی عورت ام جمیل بنت حرب بن امیہ۔ ج ۱۴ صـ۲۸۰

ابوطالبؑ :- زمانہ جاہلیت میں آپ نے ایک عابد سے ملاقات کی جس نے دو سو ستر ۲۷۰ برس اللہ کی عبادت کی تھی اور اس نے آپ کو ولی اللہ کے باپ ہونے کی بشارت سنائی۔ ج ۴ صـ۱۶۱۔ بچے کا نام پوچھنے کے لئے اشعار اور ان کا جواب صـ۱۶۱

○ حضرت پیغمبرؐ ابوطالب کی وجہ سے کفار مکہ کی اذیتوں سے محفوظ رہے۔ ج ۵ صـ۱۴۵

○ حضرت ابوطالب کے مومن ہونے پر دلائل۔ ج ۵ صـ۲۰۰ تا صـ۲۱۰ ج ۱۰ صـ۴۴ تا صـ۴۶

○ آپ حضرت ابراہیمؑ کے آخری وصی تھے۔ ج ۵ صـ۲۱۱ ان کا اصلی نام عمران تھا۔ ج ۳ صـ۲۱۸

○ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرت اور اسلام کی سربلندی میں حضرت ابوطالب کی خدمات نمایاں ہیں۔ ج ۶ صـ۱۱۷

○ حضرت ابوطالب نے اپنے فرزند علیؑ کو تاکید کی کہ ان کا طریقہ نہ چھوڑنا۔ ج ۶ صـ۱۱۹

○ کفار مکہ نے حضرت پیغمبرؐ کو زر و دولت اور شادی وغیرہ کا بوساطت ابوطالب لالچ دیا تاکہ دین اسلام کی تبلیغ و ترویج کو روک دیں۔ لیکن آپ نے اپنے عہد کو دہرایا۔ پس ابوطالب نے اعلان کر دیا کہ تم نے میرے بیٹے کو کوئی تکلیف پہنچائی تو میں تم کو (لئے قریش مکہ) قتل کر دونگا۔ اس کے بعد چار سال شعب ابی طالب میں حضورؐ کی نگرانی کی اور نگہبانی کا فریضہ انجام دیا۔ ج ۶ صـ۱۹۴

○ آپ نے ظاہری طور پر بھی کلمہ اسلام زبان پر جاری کیا۔ ج ۶ صـ۱۹۵

○ جناب فاطمہ بنت اسد حضرت علیؑ کو کعبہ سے لا رہی تھیں کہ حضرت ابوطالب نے آگے بڑھ کر ولی اللہ کا استقبال کیا تو حضرت علیؑ نے لبہائے نازنین کو جنبش دی اور کہا السلام علیک یا ابۃ ورحمۃ اللہ ج ۷ صـ۵۳

○ دعوت عشیرہ میں حضرت ابوطالب کا کردار۔ ج۱ ص۲۱۵ و ص۲۱۶
○ قریش مکہ کے سامنے حضرت پیغمبرؐ کا اعلان حق بوساطت ابوطالب ج۱۲ ص۵۸
○ حضرت ابوطالب کی وفات کے بعد کفار مکہ کی ایذا رسانی بڑھ گئی۔ آپ طائف تشریف لے گئے اور سلسلہ تبلیغ شروع کیا۔ لیکن انہوں نے تکذیب کی۔ پس آپ نے واپس آنے کا ارادہ کیا تو راستہ کے دونوں طرف لوگ کھڑے ہوگئے اور آپ پر پتھر برسائے گئے چنانچہ آپ شدید زخمی ہوگئے۔ ج۱۳ ص۳۴

ابوذرؓ ۔ حضورؐ نبی اکرم نے فرمایا آسمان کے نیچے اور زمین کی پشت پر ابوذر جیسا سچا انسان نہیں۔ ج۲ ص۶۶
○ یہودیوں کی قرآن نے مذمت کی ہے کہ وہ ایک دوسرے کو جلا وطن کرتے ہیں۔ پ۱ بقرہ آیت ۸۵
○ تفسیر قمی سے منقول ہے کہ اس کے تاویلی مصداق حضرت ابوذر غفاری ہیں جن کو مسلمانوں کے خلیفہ نے ربذہ کی طرف جلاوطن کیا تھا۔ ج۲ ص۱۳۸
○ آپ کے ہاں ایک دفعہ ایک مہمان وارد ہوا تو آپ نے عمدہ اونٹ نحر کر دیا۔ اور فرمایا مال میں تین شریک ہیں۔ ایک تقدیر جو موت وہلاکت سے مال کو ختم کرتی ہے دوسرے وارث جو موت کے منتظر ہیں جب مالک مرے گا تو وہ لے جائیں گے تیسرے خود مالک پس اسے باقیوں سے سست نہیں ہونا چاہیئے۔ ج۲ ص۱۵۸
○ حضرت ابوذرؓ پر کمیونسٹ ہونے کا الزام بے بنیاد ہے۔ ج۳ ص۱۶۸
○ حضرت رسالتمآبؐ نے ابوذر سے فرمایا تھا کہ جس کا خاتمہ نماز شب پر ہوا اس پر جنت واجب ہے۔ ج۴ ص۴۳
○ مقداد ابوذر اور سلمان کے علاوہ لوگ وفات پیغمبر کے بعد مرتد ہوگئے تھے۔ ج۴ ص۵۹
○ ایک روایت میں آل عمران کی آیت ۱۹۵ کا مصداق ابوذر سلمان اور عمار کو کہا گیا ہے۔ ج۴ ص۱۰۰
○ چاہ زمزم کے کنارے ابن عباس حدیثیں سنا رہا تھا تو ایک شخص عمامہ پوش وارد ہوا اور ابن عباس حدیث کے مقابلہ میں اس نے بھی حدیث سنانا شروع کیا۔ ابن عباس نے پوچھا تم کون ہو؟ جواب دیا میں جندب بن جنادہ ابوذر غفاری ہوں۔ اس کے بعد حالت رکوع میں انگوٹھی دینے والی علیؑ کی چشم دید فضیلت بیان کی اور دیگر فضائل بھی سنائے۔ ج۵ ص۱۲۹
○ جب بارہ منافقوں نے بیعت غدیری کے بعد واپسی پر جحفہ اور ابواکے درمیان حضورؐ کے خلاف منصوبہ بنایا تھا تو حذیفہ نے آپ کی ناقہ کی مہار پکڑ رکھی تھی اور سلمان و ابوذر آپ کے دائیں بائیں تھے۔ ج۵ ص۱۴۵
○ جنگ تبوک میں جاتے ہوئے حضرت ابوذرؓ تاخیر سے کاروان رسالت سے جا ملے اور عذر ظاہر کیا کہ میرا اونٹ بیمار تھا اور طے مسافت سے قاصر تھا۔ لہذا پیدل چل کر آیا ہوں۔ پانی کا مشکیزہ پُر تھا لیکن لب پیاسے تھے آپ نے فرمایا اس کی کیا وجہ ہے تو عرض کی حضورؐ! میں ایک صاف وشفاف سرد وشیریں چشمہ سے گزرا اور مشکیزہ پر کر لیا

لیکن دل میں عہد کر لیا جب تک پہلے اس پانی سے حضورؐ نہ پئیں گے۔ میں خود نہ پیوں گا۔ پس یہ پانی آپ کی خدمت میں لایا ہوں۔ آپ نے ابوذر کے حق میں دعا خیر کی اور فرمایا۔ اے ابوذر تیری زندگی تنہائی کی اور موت بھی تنہائی کی ہو گی اور تو داخل بہشت ہوگا عالت غربت میں تیری موت واقع ہو گی پس عراق سے کچھ لوگ آئیں گے اور تیری تجہیز و تکفین و تدفین کا انتظام کریں گے۔ ج صہ ۱۰۹

- موسم حج میں ابو نخلہ نے ابوذر سے سوال کیا کہ اختلاف کی صورت میں ہمیں کس کی پیروی کرنی چاہیئے تو ابوذر نے جواب دیا کہ قرآن و علی کو لازم پکڑو کیونکہ میں نے نبی کریمؐ سے سُنا ہے۔ علیؑ پہلا شخص ہے جس نے میری تصدیق کی اور علیؑ بروز محشر سب سے پہلے میرا مصافحہ کرے گا۔ یہی صدیق اکبر اور فاروق اعظم ہے۔ الخ ج صہ ۱۱۹
- حدیث بساط میں ہے کہ حضورؐ نے چادر بچھائی اور ابوبکر عمر ابوذر و سلمان کو اس کے چاروں گوشوں پہ بٹھایا اور علیؑ کو درمیان بیٹھنے کا حکم دیا۔ پھر سب کو علیؑ کا بحیثیت امام سلام کرنے کا حکم دیا اور علیؑ سے فرمایا کہ سورج سے بات کرو۔ چنانچہ علیؑ نے سورج کو خطاب کر کے فرمایا۔ اے اللہ کی روشن نشانی السلام علیک۔ پس سورج میں کپکپی پیدا ہوئی اور جواب دیا وعلیک السلام یا ولی اللہ۔ اس کے بعد حضورؐ نے دعا مانگی اور بساط (چادر) نے پرواز کی اور اصحاب کہف کے دروازہ پہ جا اتری پس ہر ایک نے اصحاب کہف کو سلام کہا لیکن کسی کو جواب نہ ملا۔ آخر میں حضرت علیؑ نے ان کو سلام کہا پس سب نے جواب میں کہا وعلیک السلام یا وصی محمد۔ اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نبی یا وصی نبی کو ہی سلام کرنا جانتے ہیں واپسی پہ ایک مقام پہ اترے تو علیؑ نے پاؤں کی ٹھوکر ماری۔ پس ایک پانی کا شیریں چشمہ ظاہر ہوا۔ آپ نے وضو کیا اور ہم سب نے وضو کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اب صبح کی نماز کا کچھ حصہ با جماعت ادا کر سکو گے چنانچہ ہمیں ہوا نے اٹھایا اور مسجد نبوی میں پہنچے تو حضورؐ ایک رکعت ختم کر چکے تھے۔ ج۹ صہ ۸۳ رصہ ۸۴
- ابوذر غفاری اور سلمان فارسی زمانہ جاہلیت میں بھی لا الہ الا اللہ پڑھتے تھے۔ ج۱۲ صہ ۱۱
- وَاصْبِرْ نَفْسَكَ الآیۃ پ۱۵ کہف آیت ۲۸۔ اس کا مصداق سلمان ابوذر صہیب عمار اور خباب ہیں ج۹ صہ ۹۴

حدیث ثقلین حضرت ابوذر نے نقل کی ج۱ صہ ۸۵

ابوبکر ۔ علامہ جلال الدین سیوطی نے الاتقان میں حضرت ابوبکر کو سب سے بڑا مفسر قرآن قرار دیا لیکن عذر پیش کر دیا کہ ان کی فوری وفات کی وجہ سے ان سے آثار تفسیر منقول نہ ہو سکے حتیٰ کہ پورے قرآن مجید میں سے آپ سے صرف دس سوالات کئے گئے اور ان میں سے بعض کا جواب دے سکے۔ مقدمہ تفسیر ج۱، صہ ۱۵۲ تا صہ ۱۵۷

- حضرت علیؑ کے علم سے موازنہ۔ مقدمہ تفسیر صہ ۱۶۰۔ حضرت ابوبکر کی شجاعت پر تبصرہ ج۵ صہ ۱۲۶
- حضرت ابوبکر کی مرتے دم پشیمانی مقدمہ صہ ۱۶۲
- حضرت علیؑ نے ابوبکر کی بیعت نہیں کی مقدمہ صہ ۱۶۷

- جناب فاطمہ کی ابوبکر پر ناراضگی زندگی بھر مقدمہ صفحہ ۱۵ ۔ احراق باب فاطمہ صفحہ ۱۷۱
- حضرت ابوبکر نے فرمایا جب جنگ احد میں صحابہ فرار گئے تھے تو سب سے پہلے واپس آنے والوں میں میں تھا ج ۷ صفحہ ۸
- حضرت ابوبکر کی طرف سے امام فخر الدین کی وکالت ج ۵ صفحہ ۱۲۴ و صفحہ ۱۲۵
- بحیثیت خلیفہ رسولؐ کے ایک یہودی کے حضرت ابوبکر سے سوالات ج ۲ صفحہ ۱۹۱-۱۹۲
- سورۂ برأت کی تبلیغ سے ابوبکر کی معزولی اور علی کی تعیناتی ج ۸ صفحہ ۸ تا ۱۰
- حضرت پیغمبرؐ حضرت ابوبکر کو غار حرا میں لے گئے ۔ ج ۸ صفحہ ۵۹ تا صفحہ ۶۲
- حضرت ابوبکر کی ہجرت میں امام رازی کا وکیلانہ موقف ج ۸ صفحہ ۱۱۶ تا صفحہ ۱۱۸
- حدیث فدک اور عمر کا سند رسول کو پھاڑنا ۔ ج ۹ صفحہ ۲۳ ج ۱۴ صفحہ ۱۱۰ تا صفحہ ۱۱۱
- حدیث بساط میں حضرت ابوبکر و عمر کا علی کے ہمراہ اصحاب کہف کے پاس جانا ۔ ج ۹ صفحہ ۸۳ .
- خلافت کے بارے میں حضرت علیؑ کی ابوبکر سے مفصل گفتگو اور مدلل احتجاج ۔ زیر تفسیر آیت نجوی پ ۲۸ مجادلہ ج ۱۳ صفحہ ۲۳۸ تا صفحہ ۲۴۲
- وضعی حدیث ابوبکر و عمر کی خلافت کی دلیل نہیں ہوسکتی ۔ ج ۱۴ صفحہ ۶۰ و صفحہ ۶۱
- فَاكِهَةً وَاَبًّا پ ۳۰ حضرت ابوبکر سے اس کی تفسیر پوچھی گئی تو اس کو جواب نہ آیا ۔ ج ۱۴ صفحہ ۱۷۵

ابوجہل ۔ ایک دن حضورؐ کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ ابوجہل نے کہا کوئی ہے جو اس کی نماز کو توڑ دے ؟ چنانچہ ابن زبعری نے ایک جانور کی اوجھڑی آپ پر گرا دی جس سے حضورؐ کا چہرہ اور جسم اقدس ملوث ہو گیا پس آپ نے اپنے چچا حضرت ابوطالب سے شکایت کی تو آپ فوراً تلوار میان سے کھینچ کر آگئے اور عبداللہ زبعری پر وہی اوجھڑی ڈال دی اور کفار قریش کو سخت تنبیہہ کی ج ۵ صفحہ ۲۰۲

- ایک دفعہ ابوجہل نے حضرت پیغمبرؐ سے مصافحہ کیا اور لوگوں کے اعتراض کے جواب میں کہنے لگا ۔ بخدا مجھے یقین ہے کہ یہ سچا ہے لیکن ہم اولاد عبدمناف کے تابع نہیں بننا چاہیے اور آپ سے خطاب کرکے کہا کہ ہم تیری تکذیب نہیں کرتے بلکہ تیرے دین کی تکذیب کرتے ہیں ج ۵ صفحہ ۲۱۴
- جنگ بدر میں ابوجہل نے مسلمانوں کی قلیل فوج کو دیکھ کر کہا تھا یہ تو ہمارا ایک لقمہ ہے اگر ہم اپنے غلاموں کو حکم دیں تو وہ بھی ان کو زندہ گرفتار کرکے لائیں گے ۔ ج ۶ صفحہ ۱۸۱
- ابوجہل نے کفار سے کہا تھا کہ حوصلہ سے لڑو ۔ پس اہل یثرب کو مارو اور قریش کو زندہ گرفتار کرو ۔ ج ۶ صفحہ ۱۸۳
- عمرو بن جموح انصاری اور ابوجہل کا مقابلہ ہوا ۔ عمرو نے ابوجہل کی ران پر تلوار ماری کہ وہ کٹ گئی اور ابوجہل نے عمرو کا بازو کاٹ دیا لیکن تھوڑا چمڑا بچ گیا تھا جس سے اس کا بازو لٹک رہا تھا تو اس نے لٹکتے ہوئے ہاتھ کی انگلیوں پر

پاؤں رکھ کر اوپر کو انگڑائی لی۔ تو وہ چمڑا ٹوٹ گیا اور باز و نیچے گر گیا۔

- عبداللہ بن مسعود کا بیان ہے کہ میں ابوجہل کو قتل کرنے کے لئے بڑھا اور اس کی گردن پر پاؤں رکھا تو وہ کہنے لگا اے بکریوں کے چرواہے تو نے بلند جگہ پر قدم رکھا ہے۔ کاش اولاد عبدالمطلب میں سے میرا کوئی قاتل ہوتا پس اس کا سر کاٹ کر بارگاہِ نبوی میں پیش کیا تو حضورؐ نے سجدۂ شکر ادا کیا بعض روایات میں ہے کہ ابوجہل نے اپنے قاتل سے کہا تھا کہ میرا سر ذرا بلند کر کے کاٹنا تاکہ میرا سر دوسرے سروں سے بلند رہے کیونکہ میں قوم کا سردار ہوں ج صـ۱۸۳ و صـ۱۸۴
- ابوجہل نے دعا مانگی تھی کہ اے اللہ! ہمارا دین پرانا ہے اور محمد کا دین نیا ہے ان دونوں میں سے جو اچھا ہے۔ تو اس کو فتح عطا فرما۔ ج صـ۱۸۶
- ایک شخص نے عرض کی حضورؐ! میں نے ابوجہل کی پشت پر ایک نشان دیکھا ہے تو آپ نے فرمایا یہ فرشتے کی مار کا نشان ہے۔ ج صـ۲۴۳
- جب آپ نے معراج کی خبر سنائی تو ابوجہل کے کہنے سے قریشیوں نے پوچھا اگر آپ اس دعویٰ میں سچے ہیں تو بتائیے بیت المقدس کے محراب کتنے ہیں۔ قندیلیں کتنی ہیں، ستون کتنے ہیں؟ فوراً جبریل نے نقشہ پیش کر دیا تو آپ نے سب کچھ بتا دیا جو انہوں نے پوچھا تھا۔ ج صـ۲۵۸۔ ابوجہل کا عنادی رویہ ج صـ۶۷
- ابوجہل کی ماں کا نام اسماء بنت مخرمہ تمیمی اور باپ کا نام ہشام مخزومی تھا۔ اس کا ایک مادری بھائی عیاش بن ربیعہ مخزومی اسلام لا کر مدینہ کی طرف بھاگ گیا تھا تو ان کی ماں اسماء نے بھوک ہڑتال شروع کر دی تھی پس ابوجہل اور حارث اپنی ماں کی خوشنودی کے لئے مدینہ میں آئے اور منت سماجت کر کے عیاش کو واپس لائے اور راستہ میں اس پر تشدد کیا تاکہ وہ اسلام سے منحرف ہو جائے پس اس نے تقیہ کر لیا اور دل میں قسم کھالی کہ جب کبھی حارث اکیلا ملے گا تو اس کو قتل کروں گا کیونکہ یہ سنگدل زیادہ تشدد کرنے والا تھا پس جب حضورؐ کو یہ ہجرت کا حکم ہوا تو حارث بھی مسلمان ہو گیا اور حضورؐ کی اس نے بیعت بھی کر لی۔ لیکن عیاش کو اس کا علم نہ ہو سکا۔ پس تنہائی میں موقعہ پا کر عیاش نے حارث کو قتل کر دیا اور پھر نادم ہوا کہ ہائے میں نے ایک مسلمان کو قتل کر دیا ہے۔ ج۲ صـ۶۸ و صـ۶۹
- ابوجہل کا دستور تھا کہ قریشیوں کو جمع کر کے کہتا تھا کہ آج میں تم کو زقوم کھلاؤں گا پس خرما اور مکھن کو ملا کر اُن کی ضیافت کرتا تھا اور کہتا تھا ——— کہ یہی توزقوم ہے جس سے محمد ہمیں ڈراتا ہے ج۱۱ صـ۱۳۴ صـ۱۳۵ ج۱۲ صـ۱۴۱ ج۱۳ صـ۴
- ابوجہل نے قسم کھائی تھی کہ جب آپؐ نماز میں ہوں گے تو میں ان پر ایک پتھر گراؤں گا۔ چنانچہ جب وہ پتھر اٹھا

کر سے گیا اور مارنے کا ارادہ کیا تو وہ پتھر اس کے ہاتھ سے چمٹ گیا ۔ ج۱۲ ص۸

○ مَالَنَا لَا نَرٰی رِجَالًا الایہ ۳۳ پ۲۳ ص ابوجہل اور ولید وغیرہ کے حق میں اُتری ہے ۔ ج۱۱ ص۱۰۵

○ دعوتِ عشیرہ کے دن ابوجہل نے کہا تھا اگر ہم میں کوئی ایسا آدمی ہوتا جو فن کہانت اور جادو جانتا ہوتا تو ہمیں ان کے (محمدؐ کے) فن سے مرعوب نہ ہونا پڑتا ۔ ج۱۲ ص۱۷

○ ولید بن مغیرہ پر ابوجہل کی مکارانہ روش کا اثر ج۱۴ ص۱۳۳

ابوسفیان ۔ جنگِ احد میں ابوسفیان اپنی بیگم ہند بنت عتبہ کو بھی ساتھ لایا تھا ج۴ ص۲۷

○ ابوسفیان نے خالد بن ولید کو ایک درّہ پر دو سو فوجیوں کے ساتھ تعینات کیا تھا تاکہ جب دونو فوجیں آپس میں مصروف پیکار ہوں تو پیچھے سے مسلمانوں پر حملہ کردے تاکہ وہ گھیرے میں آجائیں ۔ ج۴ ص۲۷

○ ابوسفیان کی جنگ احد میں پوزیشن ج۴ ص۵۶ فتح مکہ کے روز ابوسفیان کی امان ج۱۴ ص۲۷۶ و ص۲۷۷

○ جنگ بدر میں شکست کھانے کے بعد ابوسفیان کا شام سے لایا ہوا مال اگلے انتقامی جنگ کیلئے ریزرو کر دیا گیا ج۶ ص۱۹۴

○ شبِ معراج حضرت پیغمبرؐ ابوسفیان کے قافلے کے پاس سے گزرے تھے ۔ ج۹ ص۲۵۵

○ حضورؐ کی بددعا سے جب مکہ میں قحط پھیلا تو ابوسفیان نے درخواست کی تھی کہ حضورؐ! آپ کیسے رحمۃ للعالمین ہیں کہ ہمارے بڑوں کو تلوار سے مار دیا ہے اور اب بچوں کو بھوک سے مارتے ہو؟ ج۱۲ ص۸۰

○ حمنہ بنت ابی سفیان سعد بن وقاص کی ماں تھی جس کا بیٹا عمر بن سعد کربلا میں یزیدی افواج کا کمانڈر تھا ج۱۱ ص۸۰

ابوہریرہ ۔ کھانا امیر شام کے دسترخوان پر اور نماز علیؑ کے پیچھے خوب ہے ۔ ج۵ ص۹

ابولہب ۔ ابولہب کانا تھا ۔ دعوتِ عشیرہ کے دن حضرت ابوطالب نے اس کو ڈانٹ کر کہا کہ او یک چشم خاموش ہو جا ۔ ج۱۲ ص۲۱۸

○ ابولہب کا نام عبدالعزیٰ تھا اور اس کی عورت ام جمیل ابوسفیان کی بہن تھی ۔ یہ دونوں دشمنی پیغمبرؐ میں پیش پیش رہتے تھے ۔ سورہ تبت کی تفسیر ج۱۴ ص۲۷۹ و ص۲۸۰

ابوحنیفہ ۔ کتاب اقامۃ الحجہ سے منقول ہے کہ ابوحنیفہ ہر رات ایکہزار نماز پڑھتے تھے اور رابعہ بصریہ کا ایک ہزار رکعت پڑھنا بھی مذکور ہے اور بعض کتابوں سے ابوحنیفہ کا چالیس برس تک صبح کی نماز عشاء کے وضو سے پڑھنا منقول ہے ۔ مقدمہ تفسیر ص۵۲ باوجود اس کے حضرت علیؑ کی ایک ہزار رکعت شبانہ روز پر اعتراض ہے ۔ مقدمہ ص۵۱

○ امام موسیٰ کاظمؑ اور ابوحنیفہ ج۲ ص۵۸

○ امام جعفر صادقؑ سے ابوحنیفہ کی ملاقات اور مسائل پر گفتگو مقدمہ تفسیر ص۴۵ تا ص۴۷ ج۱ ص۱۸۴ تا ج۱ ص۱۸۵

- مسئلہ خیر و شر پر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ابو حنیفہ سے گفتگو۔ ج۲ ص۵۷
- امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو حنیفہ سے فرمایا کہ قیاس نہ کیا کرو کیونکہ پہلا قیاس کرنے والا ابلیس ہے کیونکہ اس نے قیاس کرکے آگ کو مٹی سے افضل سمجھا اور سجدۂ آدمؑ سے انکاری ہو گیا۔ ج۱ ص۱۳
- ابو حنیفہ و دیگر فقہائے اہلسنت کے نزدیک مشرکین طاہر ہیں۔ ج۱ ص۳۷
- امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا (جبکہ ابو حنیفہ اور سفیان ثوری مسجد الحرام میں ایک جگہ موجود تھے) ان کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ لوگ اللہ کے دین سے روگردانی کرنے والے ہیں۔ ج۱ ص۱۹۴
- ابو حنیفہ سے ایک شخص نے لاشیٔ کا معنی دریافت کیا تو اس نے اس کو ایک خچر دیکر امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ ان سے اس کی قیمت لاشیٔ وصول کرنا۔ آپ نے خچر رکھ لیا اور فرمایا ابو حنیفہ سے کہنا کہ صبح اس کی قیمت وصول کرلینا۔ چنانچہ صبح جب سورج بلند ہوا تو آپ ابو حنیفہ کو صحرا کی طرف لے چلے اور چمکتے ہوئے سراب پر نظر پڑی تو آپ نے فرمایا لو اے ابو حنیفہ یہ تمہارے خچر کی قیمت ہے۔
اور آپ نے سورہ نور کی آیت ۳۹ پڑھی اور فرمایا کہ اس کو اللہ نے لاشیٔ قرار دیا ہے۔ پس ابو حنیفہ نادم واپس آیا۔ ج۱ ص۱۴۷
- ابو حنیفہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کہ حضرت سلیمان پیغمبر نے ہدہد کو کیوں طلب کیا تھا آپ نے فرمایا۔ ہدہد زمین میں پانی کو دیکھ سکتا ہے جس طرح تم شیشی میں تیل کو دیکھتے ہو۔ الخ ص۲۳۴

اجماع ۔ خداوند کریم نے عہدۂ نبوت و خلافت کے لئے اپنا انتخاب ہی نافذ العمل قرار دیا ہے۔ اس میں کسی دوسرے کی رائے کا کوئی دخل نہیں چنانچہ قرآنی تعلیمات کو اگر مشعل راہ قرار دیا جائے تو زمین کے حکمرانوں کے لئے بھی اللہ نے بنیادی اصول قرآن مجید میں ذکر فرما دیئے ہیں۔ چنانچہ حضرت آدمؑ کی زمینی خلافت کا جب اللہ نے اعلان فرمایا تھا تو فرشتوں نے خلافت ارضی کے لئے زہد و تقدس کی شرط کو ضروری قرار دیتے ہوئے اولاد آدمؑ پر خونریزی و فساد کا الزام لگاکر انہیں خلافت کے لئے ناموزوں قرار دیا تھا تو اللہ نے ان کی اس اجماعی آواز کو ٹھکراتے ہوئے انتخاب آدمؑ کی وجہ اس کی علمی برتری بیان فرمائی تھی۔ ج۱ ص۷۹ تا ص۸۴

- اسی طرح جب بنی اسرائیل نے اپنے نبی سے حکمران مانگا تھا تو بامر خداوندی طالوت کا نام نبی نے پیش کیا تھا جس کے خلاف بنی اسرائیل نے متفقہ آواز اٹھائی تھی کہ وہ تو مالدار نہیں تھے نبی اللہ نے کہا کہ اللہ نے اس کو علم و جسم میں طاقتور بنایا ہے لہذا وہی سزاوار حکومت ہے۔ ج۲ ص۱۱۲ تا ص۱۱۹ و ص۱۲۶
- فرشتوں نے زمینی حکومت کے لئے زاہد و پرہیزگار ہونا لازمی سمجھا تھا۔
- بنی اسرائیل نے حکومت کے لئے مالدار ہونا لازمی شرط قرار دیا تھا۔

○ اللہ نے قرآن مجید میں ان دونوں نظریات کو ٹھکرا دیا اور فرمایا حکومت کے لئے علم اور جرأت و طاقت ضروری ہے کیونکہ اندرونی معاملات کو سلجھانے کے لئے علم ضروری ہے اور بیرون طاقتوں کے دفاع کے لئے جسمانی طاقت ضروری ہے پس حضرت آدمؑ کی تخلیق کے وقت بیرونی دفاع کی ضرورت ہی نہ تھی پس وہاں صرف آدمؑ کی علمی برتری کو معیارِ خلافت قرار دے دیا تھا اور حضرت طالوت کے زمانہ میں دفاعی طاقت ضروری تھی اس لئے علم کے ساتھ طاقت و شجاعت کو شرطِ حکومت قرار دیا گیا۔

○ پس اگر کسی نبی کی قائمقامی بحیثیت اصلاحِ خلق اور تبلیغ دین ہو تو وہاں صرف علمی برتری کافی ہے لیکن اگر تبلیغ دین کے ساتھ حکمرانی بھی ملحوظ ہو تو وہاں نائب نبیؐ میں علم و شجاعت کی دونوں صفتوں کو بدرجہ اتم موجود ہونا چاہیئے۔ تب اس کی خلافت علیٰ منہاج النبوۃ ہوگی اور ہم دعوےٰ سے کہتے ہیں اور بلا خوف تردید کہتے ہیں کہ حضرت پیغمبرؐ کے بعد حضرت علی ان دونوں صفتوں میں اپنی مثال آپ تھے۔ لہٰذا وہ خلافت کے لئے سزاوار تھے اور ان کے خلاف اجماع کا ہونا کوئی شرعی حیثیت نہیں رکھتا۔

○ حکومت کا اہل وہی ہو سکتا ہے جو اہل ہو خواہ لوگ اس کو چنیں یا نہ چنیں۔ ج۵ ص۱۰۵ ج۷ ص۱۳۶

○ اجماع کی تردید۔ ج۶ ص۱۰۲، ص۱۰۳۔ ج۱۰ ص۱۱۳، ص۱۱۴ ج۳ ص۱۱۸ ج۵ ص۸۱ ج۷ ص۱۳۶

اجرِ رسالت ۔ لَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبٰی ۔ پ۲۵ ع۴ ج۱۲ ص۲۰۶

اجل محتوم و غیر محتوم ۔ اجل محتوم نہیں ٹل سکتی۔ ج۴ ص۶۹ ج۶ ص۳۰ و ص۲۴۵

○ اجل مبرم اور اجل موقوف ج۵ ص۱۹ و ص۲۲۶

○ اجل غیر محتوم میں کمی بیشی ہوا کرتی ہے۔ ج۱۱ ص۲۶

احرام حج و عمرہ ۔ ج۳ ص۱۳ تا ص۱۷۔ ج۵ ص۱۶ و ص۱۶۶ تا ص۱۷۰

احقاف ۔ سورہ احقاف کے فضائل ج۱۳ ص۱۸ احقاف کا معنی ج۱۳ ص۲۹

○ قوم عاد کی احقاف کی بستیاں جو گرفتار عذاب ہوئیں ان کا عجیب انکشاف ج۱۳ ص۳۳

○ سورہ احقاف کے اعداد کا مربع اپنے پاس رکھنا جن و پری کے شر سے حفاظت کے لئے اچھا ہے۔ ترتیب وضعی کے ساتھ ۱۸۴۳۶ سے شروع کر کے پُر کریں۔

احسان ۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ نے زمین کو تمہارے مزاج کے مطابق خلق فرمایا، نہ گرم نہ سرد نہ سخت نہ نرم تاکہ تم اس سے خاطر خواہ استفادہ کر سکو ج۲ ص۱۷ ص۴۳

○ مومن پر احسان کرنا اللہ کے قرب کا بہترین وسیلہ ہے ج۲ ص۴۳ و ص۱۷۲

○ احسانات پروردگار کا تذکرہ ج۲ ص۶ ج۱۲ ص۱۶۶

- بنی اسرائیل پر احسانات و نعمات پروردگار ج۱ ص۱۰۴
- حضرت پیغمبر کی بعثت اُمّت مسلمہ پر اللہ کا بہت بڑا احسان ہے ج۲ ص۱۹۶
- وہ بہادر نہیں جو دوسروں کو پچھاڑ دے بلکہ بہادر وہ ہے جو طاقت رکھنے کے باوجود کمزور کو معاف کر دے ج۲ ص۵۰
- احسان کر کے جتاتا احسان کو ضائع کرتا ہے ج۱۱ ص۴۸
- محسن کی تین نشانیاں (۱) ساتھی کی جگہ تنگ ہو تو اسے کھلا کر دے (۲) محتاج ہو تو اس کی مدد کرے (۳) بیمار ہو تو اس کی تیمارداری کرے ج۵ ص۳۵
- مومن پر مومن کا حق ہے کہ اس کا گلہ نہ سنے ورنہ اٹھ جائے حضرت مالک اشتر کا کردار ج۱ ص۱۲۵
- احسانِ مومن تفسیر ج۱۱ ص۴۸ ج۵ ص۲۳
- احسان کر کے جتلانے والے بروز محشر نظر رحمت سے محروم ہوں گے ج۳ ص۲۶۵
- فرعون نے حضرت موسیٰ پر اپنے احسانات جتلائے ج۱۱ ص۱۹۳
- گذشتہ امتوں کے مقابلہ میں امتِ اسلامیہ پر خدائی احسانات ج۳ ص۱۸۳ تا ص۱۸۵

اختلاف ۔ اختلاف و انتشار کا علاج ۔ ج۳ ص۳۶

- انسان کی تخلیق میں امزجہ کا اختلاف ج۴ ص۱۰۴
- حضرت پیغمبر نے فرمایا میرے بعد اختلافات ہوں گے اور اے عمار! تجھے باغی جماعت قتل کرے گی ۔ اے عمار! سب کو چھوڑ دینا لیکن علیؑ کا دامن نہ چھوڑنا ج۵ ص۸۱ و ص۸۲
- کفار باوجود باہمی اختلافات کے مومنوں کے مقابلہ میں سب ایک ہیں ج۱ ص۱
- فَتَقَطَّعُوٓا اَمْرَهُمْ پ۱۸ ع۴ آپس میں پھوٹ ڈالنے والوں کو تنبیہ ج۱ ص۴۵

اخلاق و آداب ۔ میت کے متعلق مروجہ آداب رسوم ۔ مقدمہ تفسیر ص۹۶

- درس اخلاق ج۲ ص۱۳۴ و ص۲۳۵ گھریلو احکام و آداب ج۱ ص۱۵۴ و ص۱۵۵ ج۲ ص۵۴ و ص۷۳ ج۵ ص۹۶ ص۲۲۲
- آداب و اطوار ج۶ ص۱۵ ج۷ ص۲۴ و ص۱۵۹ و ص۱۷۱ ، حقوق معاشرہ ج۱ ص۸۷ تبلیغ کا طریقہ ج۱۲ ص۱۸۵
- حضرت لقمان کے ارشادات ج۱۱ ص۱۳۱ تا ص۱۳۲
- عزیزوں کے لئے بزرگوں کے آداب ج۱۳ ص۲۸ ص۹۳ و ص۱۰۱ تا ص۱۰۶ و ص۲۳۷
- نیک لوگوں کے اوصاف ج۱۴ ص۱۵۰

اِخلاص ۔ نَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ۔ پ۱ آیت ۱۳۹ بقرہ ج۲ ص۱۸۴

- جس شخص کا ظرف ایمان دولتِ اخلاص سے پُر ہو وہی شاکر ہو سکتا ہے اسی لئے ابلیس نے بھی کہہ دیا تھا

کہ تیرے مخلص بندوں کو میں گمراہ نہ کر سکوں گا ج۴ ص۹۱

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْن پ۲۳ ع۶ ج۱۲ ص۱۵ پرخلوص نمازِ تہجد کا ثواب ج۴ ص۲۳۳

اخروٹ ۔ وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ پ۲۷ واقعہ اخروٹ کا درخت مقصود ہے ج۱۳ ص۱۹۸

حضرت آدم علیہ السلام ۔ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ پ۱ ع۵ ذکر خلقت آدم ج۲ ص۸۰

- سجدہ آدمؑ سے ابلیس کا انکار ج۲ ص۸۴ تا ص۸۸ ج۹ ص۲۰۵ ج۱۲ ص۱۰۷
- آدمؑ کا جنت سے خروج و شجرہ کا مطلب اور توبہ آدمؑ ج۲ ص۸۹ تا ص۹۸
- حجراسود کو آدمؑ اپنے ساتھ جنت سے لائے تھے اور آدمؑ کی توبہ مقام حطیم پر تھی ۔ ج۴ ص۱۱
- سلسلہ اولاد آدمؑ بھائی بہنوں کے باہمی نکاح سے نہیں بلکہ حضرت آدمؑ کے لڑکے شیث کے لئے حور بھیجی گئی جس سے چار لڑکے پیدا ہوئے اور یافث کے لئے جن عورت بھیجی گئی اور اس سے چار لڑکیاں پیدا ہوئیں پھر ان کے آپس میں رشتے ہوئے اور باقی اولاد پیدا ہوئی ۔ ج۴ ص۱۰۹ تا ص۱۰۷
- اور حضرت حوا جناب آدمؑ کی پسلی سے نہیں بلکہ اس کی بقیہ مٹی سے پیدا ہوئی ۔ ج۴ ص۱۰۶ ج ص۱۴۶
- حضرت آدمؑ کا ہابیل پر گریہ کرنا محبت پدری کی بنا پر نہیں تھا بلکہ اس لئے تھا کہ وہ اوصاف ولایت کا حامل تھا اور آپ اس کو اپنا وصی مقرر کرنا چاہتے تھے پس قابیل نے حسد کر کے اس کو قتل کر ڈالا ۔ ج۵ ص۹۴
- جب شیطان نے حضرت آدمؑ کی اولاد کو گمراہ کرنے کا اعلان کیا تھا تو حضرت آدمؑ نے عرض کی تھی اے پروردگار! تو نے ابلیس کو میری اولاد پر مسلط کر دیا ہے پس میری اولاد کیا کرے گی ؟ تو جواب ملا تھا کہ تیری اولاد کی برائی ایک لکھی جائے گی اور نیکی ایک کے بجائے دس لکھی جائیں گی اور سانس کے حلقوم تک پہنچنے تک میں نے ان کے لئے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے ج۵ ص۲۷ ج۱۳ ص۱۱۶
- خلقت آدمؑ حکم سجدہ اور قیاس ابلیس کی غلطی ج۶ ص۸
- وسوسہ شیطان اور آدم کے ترک اولیٰ کی حقیقت ج۶ ص۱۲ تا ص۱۸
- بنی آدم سے میثاق وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ الآیہ پ۹ سورہ اعراف ع۱۲ ج ص۱۱۳
- حضرت آدمؑ کا گھر مسجد کوفہ کے مقام پر تھا ج ص۱۲۵
- حضرت آدمؑ کی تخلیق بروز جمعہ ہوئی ج۲ ص۱۹۲
- حضرت آدمؑ فراق جنت میں بہت زیادہ روئے ج ص۴۲ اور معارج النبوۃ سے منقول ہے کہ آپ نے ہابیل کے غم میں گریہ بھی کیا اور سر میں خاک بھی ڈالی ۔ ج ص۴۲ آدمؑ نے تعمیر بیت اللہ کی اور طواف کیا ج۱ ص۳۱

حضرت آدمؑ سے پہلے سات عالم گذرے ہیں جو اولاد آدم نہ تھے ج صـ۱۶۴ ج ۱۳ صـ۱۱۴

- تخلیق آدمؑ کے لئے مشرق و مغرب اور ہر پستی و بلندی کی مٹی لائی گئی جب فرشتے مٹی لانے کے لئے جاتے تھے تو زمین فریاد کرتی تھی چنانچہ جبرئیل و میکائیل یکے بعد دیگرے زمین کی فریاد سے متاثر ہو کر ناکام واپس آئے تو خدا نے عزرائیل کو بھیجا پس اس نے زمین کی فریاد پر کان دھرے بغیر ہر جگہ سے ایک ایک مٹھی بھر مٹی اٹھائی اور واپس آیا اور اللہ نے پھر اسی کو قبض ارواح پر متعین فرمایا
- پتلائے خاکی میں روح جانب دماغ سے داخل ہوا۔ آنکھیں کھلیں کلمہ طیبہ پر نگاہ پڑی کانوں میں تسبیح ملائکہ کی آواز آئی جب روح ناک کے نتھنوں تک پہنچی تو چھینک لی اور حواس خمسہ کے بند سوراخ کھل گئے آدمؑ نے الحمدللہ کا کلمہ زبان سے جاری کیا تو جواب یرحمک اللہ ملا
- داخلہ روح کے بعد ملائکہ کو آدم کے لئے سجدہ کا حکم ہوا اور یہ جمعہ کا دن زوال کا وقت تھا۔ پس عصر تک ملائکہ سربسجود رہے اسی لئے جمعہ اولاد آدم کے لئے عید کا تہوار ہے ج صـ۱۷۸
- سفر معراج میں حضورؐ نے آسمان اولیٰ پر حضرت آدمؑ سے ملاقات کی ج صـ۲۶۰
- ذکر سجدہ آدم ج صـ۴ و صـ۱۰۲ اللہ نے فرمایا میرے بندوں پر تیرا غلبہ نہیں ہوگا پ۱۵ بنی اسرائیل ع
- محشر کی سختی سے گھبرا کر لوگ حضرت آدمؑ کا رخ کریں گے تو وہ ترک اولیٰ کا عذر پیش کریں گے۔ ج ۹ صـ۶۱
- آدمؑ کا امتحان کلمات سے ہوا پس صفوت ملی ج ۹ صـ۱۳۲
- آدم و حوا کی جدائی کے بعد آدمؑ کو بیت اللہ کی تعمیر کا حکم دیا گیا تھا ج ۱ صـ۳۱
- اسم اعظم تہتر ناموں میں سے حضرت آدمؑ کو پچیس نام صرف ملے تھے۔ ج ۱ صـ۲۴۸
- حضرت آدمؑ کے جسم کو حضرت نوحؑ نے ہندوستان کے کسی پہاڑ پر محفوظ کیا ہوا تھا اور خود نگرانی کرتے تھے تاکہ لوگ ان کی قبر کا طواف نہ کرنے لگ جائیں پس شیطان کے بہکانے سے لوگوں نے ان کی مثال کا پتھر گھڑ لیا اور اس کا طواف شروع کر دیا۔ ج ۱۴ صـ۱۱۰

ادریسؑ ۔ ادریسؑ کو جنت میں اٹھایا گیا۔ ج ۲ صـ۱۲۷

- حضرت ادریس کا گھر مسجد سہلہ میں تھا ج صـ۲۵ ج ۹ صـ۱۵۷
- شب معراج چرخ چہارم پر حضورؐ کی حضرت ادریسؑ سے ملاقات ہوئی تھی ج صـ۲۶۱
- ان کی اصلی نام اخنوع تھا حضرت نوحؑ کے دادا تھے اور درس کتب کی وجہ سے ان کا نام ادریس ہو گیا تھا اور یہ پہلا انسان ہے جس نے لکھنے اور کپڑا سینے کی ایجاد کی آپ علم حساب و ہیئت کے ماہر تھے ج ۹ صـ۱۵۷
- ایک روایت میں ہے کہ حضرت ادریسؑ کو زندہ بہشت میں اٹھا لیا گیا اور حضرت الیاس جنگلوں میں رہائش

پذیر ہیں ج ۹ صـ ۱۱۹

اور دوسری روایت میں ہے کہ ادریسؑ کی روح چوتھے اور پانچویں آسمان کے درمیان قبض کی گئی صـ ۱۵۷

اذان ۔ نماز فریضہ سے پہلے اذان مستحب ہے ۔ ج ۵ صـ ۱۳۵

- اَذَانٌ مِنَ اللہِ پ ۱۰ سورہ برات حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ آیت مجیدہ میں اذان کے مصداق علیؑ ہیں ج ۷ صـ ۱۶
- کیفیت اذان و اقامت ج ۹ صـ ۵۴

آذر ۔ جہاں جہاں آذر کو حضرت ابراہیمؑ کا باپ کہا گیا ہے سب مجاز ہے کیونکہ قرآن میں چچا اور دادا پر باپ کا اطلاق موجود ہے جو مجاز ہے مثلاً حضرت یعقوب کو اولاد نے کہا کہ ہم تیرے آباء کے خدا کی پرستش کریں گے جو ابراہیمؑ اسحٰق اور اسماعیل تھے اور واضح ہے حضرت ابراہیمؑ آپ کے دادا اور اسماعیل چچا تھے ۔ ج صـ ۱۸۲ ج ۵ صـ ۲۳۱ ۔ ج صـ ۱۳۲ ج ۹ صـ ۱۵۱ و صـ ۲۲۹ و ج ۱۲ صـ ۵۰

- حضرت ابراہیمؑ کی آذر کے لئے دعا ایک کئے ہوئے وعدہ کے ماتحت تھی ۔ ج ۱۳ صـ ۲۶۶

ارض مقدس ۔ یَا قَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَۃَ پ ۶ رکوع ۶ ج ۵ صـ ۸۵

ارتداد ۔ مقدمہ تفسیر صـ ۱۴۸ و صـ ۱۴۹ و ج ۴ صـ ۲۹ و ج صـ ۱۲۴ مرتدین کو دھمکی ج ۵ صـ ۱۲۵ ج ۶ صـ ۹۹

- جنگ احد میں جب حضرت پیغمبرؐ کی خبر موت مشہور ہوئی تو بعض صحابہ نے پہلے آبائی مذہب کی طرف پلٹ جانے کا ارادہ ظاہر کیا تھا ۔ ج ۴ صـ ۵۸ صـ ۷۱
- مرتد کون کون ہوئے ج ۵ صـ ۱۲۱ تا صـ ۱۲۴ و صـ ۱۲۶ مالک بن نویرہ پکا مومن تھا ج ۵ صـ ۱۲۶
- بتول معظمہ کی دردناک کہانی ۔ آپ نے فرمایا اپنے بال پریشان کرکے اپنے بابا کی قمیص کو سر پر رکھ کر بددعا کروں گی اور فرمایا کہ صالح پیغمبرؑ کی ناقہ کی عزت مجھ سے زیادہ نہ تھی حتّا کہ مسجد نبوی کی دیواریں بلند ہوگئیں اور حضرت علیؑ نے سلمان کو فرمایا کہ جا کر خاتون سے کہو کہ بددعا نہ کریں ۔ ج ۶ صـ ۵۳ صـ ۵۴
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے پیغمبرؐ کے باوفا صحابہ سلمان مقداد اور ابوذر کا نام لیا تو راویؑ نے عمار کے متعلق پوچھ لیا آپ نے فرمایا کہ وہ پہلے پھسل گئے تھے اور پھر سنبھلے تھے ج ۶ صـ ۱۰۱
- بعض صحابہ کا ارتداد ج ۱۳ صـ ۲۶۵ ۔ ارتداد موجب جواز قتل ہے ج ۹ صـ ۲۷
- مرتد ملی و مرتد فطری کی تعریف اور احکام ج ۳ صـ ۷۶ ج ۱۲ صـ ۲۷

حضرت ارمیاء ۔ جو حضرت شعیاؑ کے بعد قوم بخت نصر پر مبعوث ہوئے آپ حضرت ہارونؑ کی اولاد سے تھے ۔ ج ۹ صـ ۱۱

- ارمیاء کا قصہ ج ۳ صـ ۱۴۶ و صـ ۱۴۸ و ج ۹ صـ ۱۱

ازدواجی زندگی پر تبصرہ ج۳ ص۵۶ ۔ ازدواجِ پیغمبر ج۱ ص۱۸۴ و ۱۸۱ و ص۱۹۸ و ص۲۰۶ ج۲ ص۵۹ رسول اللہؐ کے کثرتِ ازواج پر اعتراض و جواب ج۶ ص۱۱۵

استخارہ ۔ حضرت امام رضا علیہ السلام نے مصر جانے والے ایک آدمی سے فرمایا کہ مصر کا پانی غیرت کو ہٹاتا اور ذلت کو لاتا ہے پس مسجد نبوی میں دو رکعت نماز پڑھو اور استخارہ کرکے سواری پر سوار ہو۔ سُبْحٰنَ الَّذِی۔ الآیہ پڑھو اور چلے جاؤ اگر یہ آیت پڑھ کر کوئی آدمی سواری سے گر بھی جائے تو نقصان نہ ہوگا۔ ج۱۲ ص۲۲۵

○ استخارہ درج کیا جاتا ہے جو حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی طرف منسوب ہے تین دفعہ درود پھر تین دفعہ آیۃ الکرسی پس نیت کرکے اپنی انگلی کسی ایک خانہ پر رکھے اور وہاں سے ۹ ، ۹ خانے آگے گن کر نویں خانہ کا حرف لکھ لے یہ ایک سطر بن جائے گی جب آخری سطر پر پہنچے تو پہلی سطروں کو نو نو کرکے گنتا جائے اور علی ہذا القیاس نواں حرف پہلی سطر بناتا جائے جہاں سے شروع ہوا تھا وہاں تک پہنچ جائے پس جو جواب لکھے اس پر عمل کرے۔

و	ی	ل	ا	ا	ل	ی	ف	ل	ف	و	ا	و	ل	ی
خ	ی	ی	ی	ص	ت	ل	ص	س	ر	ھ	ص	ھ	ل	س
ھ	د	ف	ج	ح	ف	خ	ا	ت	ذ	ق	ی	م	ص	ی
ی	ل	ع	ا	ت	ھ	ن	و	ھ	ر	ی	ج	ل	د	ذ
ظ	ل	ذ	ا	م	ل	ا	ا	ا	ل	ا	ھ	ت	ر	ف
م	ل	ل	م	ل	ا	و	ا	ی	ر	ا	ا	ا	م	ل
ب	د	ۃ	ی	ح	م	ت	ر	ن	ش	ۃ	ذ	ص	س	ر
ا	ا	ی	ا	و	ا	ی	ا	ص	ل	م	ت	ر	م	ل
ر	ن	و	ح	و	م	ت	ط	ا	و	ی	ا	ز	ا	ن
و	ل	م	ع	ح	ب	ن	ل	ف	و	و	ر	ا	ص	و
ا	ع	ع	ب	ب	ا	ق	ل	ت	ل	ز	ث	و	ھ	ل
ب	ا	ر	ی	و	و	ل	ع	ص	ت	ن	ک	ا	ا	ل
و	ن	ب	ھ	م	ھ	ل	ل	ا	س	ق	ر	ع	ر	ا
س	د	م	ر	ر	خ	س	ا	ح	ر	و	ض	و	ی	ی
ی	م	س	و	ل	ر	ر	ب	ر	ر	ک	ن	ر	ت	ت

○ استخارہ کے طریقہ عملیات کی کتابوں میں موجود ہیں۔

اسماعیلؑ ۔ حضرت اسماعیلؑ اپنے باپ کے نامزد خلیفہ تھے

یہودیوں کے انکار نبوت کی وجہ صرف یہ حسد تھا کہ آپ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے تھے۔ ج۲ ص۱۴۲

حضرت ابراہیمؑ کا اسماعیلؑ و ہاجرہ کو لے کر ہجرت کرنا ج۲ ص۱۷۵ و ص۱۷۸

ایک عابد کا حضرت اسماعیلؑ سے نسب دریافت کرنا۔ ج۹ ص۱۵۴

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ ۔ پ۱۶ مریم ع۴ ۔ حضرت اسمٰعیل بن ابراہیمؑ قوم جرہم کی طرف مبعوث برسالت تھے۔ وعدہ کے پابند تھے حتی کہ ایک شخص نے وعدہ کرنے کے بعد ایک جگہ پر اس کی انتظار میں ایک جگہ ایک سال کھڑے رہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ آیت مجیدہ میں اسمٰعیل بن ابراہیمؑ کا ذکر نہیں ہے بلکہ یہ اسمٰعیلؑ بن حزقیل ہیں جن کو ان کی قوم نے نہایت بے دردی سے شہید کیا تھا۔ ج۹ ص۱۵۶ نہایت صابر اور متحمل مزاج تھے ص۲۴۵

جب فرشتے نے پوچھا کہ تیری قوم کو کونسا عذاب دیا جائے تو جواب دیا مجھے حسین علیہ السلام کی طرح صبر و شکر پسند ہے ج۹ ص۱۵۷

حضرت اسمٰعیلؑ کی گردن پر چھری چلنے سے پہلے جبرئیل نے دنبہ پیش کر دیا۔ ج ۹ ص۲۳۷

ایک مرتبہ حضرت اسمٰعیل نے دیکھا کہ اسحٰق باپ کی گود میں بیٹھا ہے تو اس کو دھکیل کر فوراً اس کی جگہ

بیٹھ گئے اور حضرت سارہ یہ واقعہ دیکھ رہی تھیں تو انہوں نے فوراً عرض کی کہ جناب عالی میرا اور ہاجرہ کا گزر ایک جگہ نہیں ہو سکے گا۔ لہٰذا ان کو یہاں سے نکال دیجئے۔ چنانچہ حضرت ابراہیمؑ ان دونوں کو مکہ کی سرزمین میں چھوڑ آئے۔ ج۱۲ ص۵۶۔ ج۲ ص۱۷۸

- اور مروی ہے کہ اسمٰعیل حضرت اسحٰق سے ۱۳ سال بڑے تھے۔ ج۱۲ ص۵۶
- حضرت اسمٰعیلؑ نے عرض کی بابا جان جو حکم ہوا ہے اسے پورا کیجئے۔ میں ذبح ہونے کے لئے تیار ہوں۔ ج۱۲ ص۵۸
- ذبیح حضرت اسمٰعیلؑ تھے نہ کہ اسحٰق۔ ج۱۲ ص۶۲

اسحٰقؑ ۔ یہودیوں نے حضرت پیغمبرؐ کی نبوت کا انکار اس لئے کیا کہ آپ اسحٰق کی اولاد سے نہ تھے ج۲ ص۱۴۲

- والدۂ اسحٰق کے حسد کی وجہ سے ابراہیمؑ نے اسمٰعیل و ہاجرہ کو مکہ پہنچا دیا۔ ج۲ ص۱۷۸
- اسحٰق کی پیدائش کی بشارت ج۱۱ ص۴۸ ج۱۲ ص۵۶ ج۱۴ ص۱۲۹
- ذبیح اسحٰقؑ نہیں تھے ج۱۲ ص۶۱ بعض روایات میں ہے کہ اسحٰقؑ اولوالعزم انبیاء میں سے تھے۔ ج۱۲ ص۳

استاد ۔ قرآن پڑھنے والے اور پڑھانے والے یعنی استاد شاگرد ہر دو کے لئے ہر چیز حتیٰ کہ دریائی مچھلیاں استغفار کرتی ہیں۔ مقدمہ تفسیر ص۲۷۔ استاد کو شاگرد نہیں بنایا کرتے بلکہ ذمہ دار حکومت اس کو نامزد کرتی ہے اسی طرح قرآن کے استاد بھی اللہ نے ہی نامزد فرمائے۔ ج۵ ص۸۱۔ استاد کے حقوق ج۹ ص۱۱۱

اسلام : حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا۔ اَسْلِمْ یعنی جھک جا تو جواب دیا۔ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ پس حضرت ابراہیمؑ و یعقوبؑ نے اپنی اولاد کو بھی وصیت فرمائی کہ تمہاری موت بھی اسلام پر ہی ہونی چاہیئے۔ بقرہ آیت ۱۳۱

- پس حکم پروردگار کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کا نام ہے۔ **اسلام** ۔ خواہ حکم کی مصلحت واضح ہو یا پردہ اخفا میں ہو چنانچہ حضرت ابراہیمؑ نے پرچم توحید کو بلند کرتے ہوئے نار نمرود میں داخل ہونا قبول کر لیا لیکن حکم پروردگار کے سامنے سر تسلیم خم کرنے سے ذرہ بھر نہ ہچکچائے۔ اسی طرح حضرت اسمٰعیلؑ کی گردن پر چھری رکھنے میں ذرہ بھر لغزش پیدا نہ ہوئی۔ چنانچہ باپ و بیٹے دونوں نے دعا مانگی۔ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَکَ کہ ہم دونوں باپ بیٹے کو اپنے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنے والے قرار دے۔ جب اس مرحلہ سے گزر چکے۔ اور تاج امامت مل چکا۔ تو اپنی ذریت کے لئے عہدہ امامت کی خواہش کی۔ جیسا کہ آیت ۱۲۴ میں مذکور ہے اور جواب ملا کہ یہ عہدہ جلیلہ ظالموں کو نہیں مل سکتا۔ پس دونوں باپ بیٹے نے دعا مانگی۔ وَمِنْ ذُرِّیَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّکَ آیت ۱۲۸

پس اللہ نے ان کی دعا کو مستجاب فرمایا۔ چنانچہ محمد و آل محمدؐ آپ کی وہ ذریت ہیں جو مقام تسلیم میں اپنی مثال آپ ہیں۔

اسلام و ایمان ؛ اسلامی افواج کو بعض اوقات شکست سے دوچار ہونا پڑتا ہے تاکہ لوگ اسلام کی صداقت کے ماتحت اس کو قبول کریں نہ کہ فتح و غلبہ کا دین سمجھ کر اس کے سامنے جھکیں۔ ج۴ ص۵۶

- تحویل قبلہ سے لوگوں کو شک ہوا کہ شاید پہلی نمازیں ضائع ہوگئیں جو بیت المقدس کی طرف منہ کرکے پڑھی گئیں تو اللہ نے فرمایا۔ میں تمہارا ایمان ضائع نہیں کرتا یہاں ایمان سے مراد نمازیں ہیں۔ ج۲ ص۱۸۸
- مسلمان وہ ہے جو حضرت پیغمبرؐ اور اس کی آل کے اسوۂ حسنہ پر گامزن ہو۔ ج۶ ص۱۱۱ و ص۱۱۲ علامات مومن ج۶ ص۱۶۱ تا ص۱۶۲
- ایمان لانے والوں کے تین گروہ (۱) مہاجرین سابقین (۲) انصار سابقین (۳) ان کے نقش قدم پر چلنے والے۔ ج۷ ص۱۲۱
- مومن کا ایمان خوف و رجاء کے درمیان ہوتا ہے ج ۹ ص۲۴۵ و ج۴ ص۴۷۔ یعنی اتنا خوف خدا بھی نہ ہو کہ اللہ کی بخشش سے مایوس ہوجائے اور اتنا بخشش کا طمع بھی نہ ہو کہ عذاب خدا سے نڈر ہوجائے بلکہ ایک طرف اس کو جنت کا لالچ ہو اور دوسری طرف اس کو اللہ کی گرفت کا ڈر بھی ہو۔ ج۱۱ ص۶۷ و ص۱۳۲
- حدیث میں ہے مسلمان وہ ہے کہ باقی مسلمان اس کی زبان اور اس کے ہاتھ سے محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے کہ دوسرے مومن اس کے شر سے محفوظ رہیں۔ ج۱۱ ص۱۹۷۔ مقصد یہ ہے مسلمان یا مومن ہونا صرف زبانی دعوی کا نام نہیں بلکہ اگر دوسروں کو فائدہ نہیں پہنچا سکتا ہو تو کم از کم دوسرے لوگ اس کے شر سے بچے رہیں۔
- حضرت ابراہیمؑ کا مقام تسلیم اور حضرت اسمٰعیل کا جواب ج۱۲ ص۵۸ و ص۶۸
- اسلام و ایمان میں فرق ج۱۳ ص۱۰۱ اسلام و اشتراکیت ج۳ ص۱۰۲
- ملت اسلام دین خداوندی ہے ج۲ ص۱۸۱ و ص۱۸۲
- اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ پارۂ۳ آل عمران ۲/۱۶ ج۳ ص۲۰۷
- وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا الخ پ۳ آل عمران آیت ۸۵
- جب قائم آل محمدؐ کی حکومت ہوگی تو تمام دنیا میں اسلام ہوگا۔ ج۳ ص۲۷
- لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ پ۳ آیۃ الکرسی۔ دین اسلام میں کوئی جبر و اکراہ نہیں ہے۔ ج۳ ص۱۳۷ و ص۱۳۸

اسلام کے اصول ناقابلِ تردید ہیں۔ پس اسلام رعب کا مذہب نہیں بلکہ اس کے حقائق بذریعہ دلائل قابلِ قبول ہیں
ج۴ صـ۵۶ ج۵ صـ۲۱۵

○ ایک شخص حضرت پیغمبرؐ کو قتل کرنے آیا۔ آپ کے ہاتھ میں تلوار تھی اور اس نے طلب کر لی۔ آپ نے بے دریغ وہ تلوار اس کو دیدی وہ شخص حیران و ششدر ہو گیا کہ میں نے تو ان کو قتل کرنے کے لئے ان سے تلوار مانگی ہے اور انہوں نے کسی ہچکچاہٹ کے بغیر مجھے وہ دیدی ہے۔ پس اس نے پوچھا کہ اب تم کو مجھ سے کون بچا سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا اللہ۔ پس وہ شخص فوراً قدموں میں گر گیا۔ اور اسلام کے دامن سے وابستہ ہو گیا۔ ج۵ صـ۴۷ اسلامی ریاست کا سربراہ معصوم ہونا چاہیئے۔ ج۱ صـ۱۱۳ تا صـ۱۱۵۔

○ اسلام اپنے مبنی بر صداقت اصولوں کی بدولت مقبول عام ہوا ہے۔ ج۷ صـ۱۸ ج۳ صـ۱۰۵

○ دین اسلام جبری دین نہیں بلکہ اختیاری دین ہے ج۷ صـ۱۵۶۔ آئین اسلام بنانے والا اللہ ہے۔ ج۱۲ صـ۱۹۹۔

○ اسلام کا تہذیب و تمدن اقوام عالم کے لئے ایک مثالی راستہ ہے۔ ج۹ صـ۲۷ ج۵ صـ۲۱۱

اسلام اور سرمایہ دار: ج۲ صـ۱۶۵، ج۹ صـ۲۶

○ زکوٰۃ و سخاوت کی تاکید اور سود کی حرمت سرمایہ داری کو ختم کرنے کے لئے ہے۔ ج۴ صـ۴۹ و صـ۵۰ ج۷ صـ۴۷ و ۵۰۔

استغفار: نماز تہجد میں استغفار کرنا۔ ج۹ صـ۵۲ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ج۱۳ صـ۲۶۔ پ۲۶ ذاریات

○ حضرت ابراہیمؑ کی آذر کے لئے استغفار ج۹ صـ۱۵۳

○ استغفار کا طریقہ اور اس کا ثواب و فوائد۔ ج۱۳ صـ۴۸ و صـ۴۹ ج۱۲ صـ۱۰۸ ج۴ صـ۵۱

○ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جس میں چار صفتیں ہوں وہ اللہ کے نور اعظم میں ہوا کرتا ہے۔

○ (۱) توحید و رسالت سے تمسک رکھتا ہو۔ (۲) مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہ الخ پڑھتا ہو (۳) نعمت پر اللہ کی حمد کرے (۴) گناہ صادر ہو تو استغفار کرے۔ یعنی اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ کہے ج۲ صـ۱۹۹

○ سحور کے وقت استغفار کرنے والوں کی بدولت اللہ بعض اوقات زمین والوں سے عذاب ٹال دیتا ہے۔ ج۱ صـ۲۰۵

○ حضرت پیغمبرؐ کیلئے حکم استغفار امت کی تعلیم کے لئے ہے۔ ج۱۱ صـ۱۵۹ و صـ۱۶۰۔ استغفار پڑھنا

○ متقیوں کی نشانی ہے۔ ج ۱۳ صـ ۱۲۶

آسیہ زوجہ فرعون ۔ تمام عالم کی چار منتخب عورتوں میں سے ایک آسیہ زن فرعون ہے۔ ج ۳ صـ ۲۲۰ وصـ ۲۹۹ ۔ ج ۱۱ صـ ۲

○ حضرت موسیٰؑ نے فرعون کی گود میں بیٹھ کر اس کی ڈاڑھی کے بال نوچے تو فرعون کو غصہ آیا پس آسیہ نے سفارش کی کہ یہ تو بچہ ہے چنانچہ دو طشت پیش کئے ایک میں آگ کے انگارے اور دوسرے میں لعل و جواہر پس حضرت موسیٰؑ نے انگاروں کی طرف ہاتھ بڑھایا اور ایک کو اٹھا کر منہ میں رکھ لیا۔ اور پھر رونا شروع کر دیا۔ ج ۹ صـ ۱۷۹

○ موسیٰؑ کا صندوق آیا تو فرعون و آسیہ اپنی سیرگاہ میں تالاب کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے یہ تالاب ایک نہر کے کنارے پر تھا جو دریا سے نکل کر فرعون کی سیرگاہ میں داخل ہو کر تالاب سے گذر کر باغ کو سیراب کرتی تھی پس موسیٰؑ کا صندوق دریا سے نکل کر نہر میں اور پھر تالاب میں داخل ہوا۔ پس آسیہ نے بڑھ کر کنارے کے قریب کیا اور کھولا تو حسین و جمیل شہزادے پر نظر پڑی ج ۹ صـ ۱۸۱ ج ۱۱ صـ ۲

○ آسیہ بنت مزاحم چھپ کر اللہ کی عبادت کیا کرتی تھیں۔ ج ۱ صـ ۵۲ ج ۴ صـ ۱

مصریوں میں تین آدمی موسیٰؑ پر ایمان لائے تھے۔ ایک آسیہ دوسرے مومن آل فرعون اور تیسرے ایک مریم نامی عورت تھی۔ ج ۱ صـ ۱۹۹

○ آسیہ نے زندگی میں ایک پلک جھپکنے کی مدت میں بھی شرک نہ کیا تھا ج ۱۲ صـ ۱ ۔ حضرت موسیٰؑ کی پھوپھی تھیں (احباب رسولؐ) ج ۱ صـ ۱۹۹

آسمان ۔ تخلیق آسمان پہلے ہے یا تخلیق زمین؟ ج ۲ صـ ۷ ج ۱۲ صـ ۱۰۳

○ مدت خلقت آسمان و زمین ج ۷ صـ ۱۹۲ ج ۱۱ صـ ۱۰۴ ۔ آسمانوں کی تفصیلات ج ۱ صـ ۶۲ ج ۱۳ صـ ۲۱۳

○ اللہ نے بغیر ستونوں کے آسمانوں کو پیدا فرمایا۔ ج ۸ صـ ۱۰ ج ۱۱ صـ ۱۳۵

○ بروز محشر آسمان و زمین کی تبدیلی کا مطلب۔ ج ۹ صـ ۱۶۳

○ معراج کا سفر نامہ ج ۹ صـ ۲۹۰

○ حضرت یحییٰ اور حضرت امام حسینؑ کی شہادت پر آسمان رو دیا۔ ج ۹ صـ ۱۳۹ ج ۱ صـ ۲۶۳

○ ہیئت دانوں کے نزدیک افلاک (آسمانوں کی تعداد اور ان کی تردید؟ ج ۹ صـ ۲۲۳

○ سات آسمانوں اور سات زمینوں کی ترتیب۔ ج ۱۲ صـ ۱۲۴ و صـ ۱۲۵ ۔ ج ۱۴ صـ ۵۶

اسمِ اعظم ۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ مقطّعات قرآنیہ اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم

پر مشتمل ہیں جس کے ذریعے سے دعائیں مستجاب ہوتی ہیں۔ ج ۲ صہ ۴۸

- اسم اعظم - یا اللہ برائے قضائے حاجت دو رکعت نماز، ہر رکعت میں الحمد للہ کے بعد آیۃ الکرسی۔ ایک دفعہ اور سورۂ توحید ۱۲ دفعہ پھر ۸۰ دفعہ احدی صمدی پڑھے سلام کے بعد کھڑے ہو کر پکارے ۹۹ دفعہ یا اللہ انشاء اللہ مطلب پورا ہوگا۔
- **چار رکعت نماز حاجت** - پہلی رکعت حمد کے بعد ۱۱ دفعہ قل، دوسری رکعت حمد کے بعد ۱۲ دفعہ قل تیسری رکعت حمد کے بعد ۲۱ دفعہ قل چوتھی رکعت حمد کے بعد ۴۱ دفعہ قل۔

بعد از سلام ۵۱ دفعہ قل اور ۵۱ دفعہ درود شریف پھر سجدہ میں سر رکھ کر ۱۰۰ دفعہ یا اللہ کہہ کر دعا مانگے۔ حضرت پیغمبرؐ کا وعدہ ہے کہ ہر دعا مستجاب ہوگی اور ہر حاجت پوری ہوگی۔

- **چالیس روز مسلسل** - ۲۰۵۱ مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ و حٰمٓ عٓسٓقٓ برائے وسعت رزق۔ کشکول ۳۱۴۔ ہر مشکل و غم کے دور ہونے کے لئے۔ حروف مقطعات قرآنیہ کو روزانہ اس ترتیب و عدد سے پڑھے۔ المٓصٓ ۱ بار - المٓرٰ ۱ بار - الٓرٰ ۱ بار - کٓھٰیٰعٓصٓ ۲۹ بار - طٰہٰ ۱۳ بار - طٰسٓمٓ ۱۲ بار - طٰسٓ ۹ بار - یٰسٓ ۱۰ بار - صٓ ۹ بار - انشاء اللہ مشکل آسان ہوگی اور غم و پریشانی دور ہوگی۔
- اسم اعظم - یافتاح - وسعت رزق کے لئے، زیر آسمان نصف شب کے بعد آستین الٹ کر رو بقبلہ ہو کر ۱۳۰ دفعہ پڑھے۔
- سورۂ فاتحہ - دو رکعت نماز الحمد کے بعد ہر رکعت میں تین دفعہ سورہ توحید اور بعد از نماز سات دفعہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دعا مانگے جو حاجت بھی ہے پوری ہوگی اگر دن ہے تو شام سے پہلے اور رات ہے تو طلوع شمس سے پہلے حاجت پوری ہوگی۔
- اَیَّدْنَاہُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ پ۱ بقرہ آیت ۸۷ بعضوں نے روح القدس سے مراد اسم اعظم لیا ہے۔ ج ۲ صہ ۱۳۹۔
- اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یہ اسم اعظم ہے اور قرآن مجید میں پانچ مقامات پر ہے۔ ج ۳ صہ ۱۸۸
- بلعم بن باعورا کے پاس اسم اعظم ہونے کی تردید۔ ج ۶ صہ ۱۳۳
- اسم اعظم کی حقیقت ج ۶ صہ ۱۳۶۔ حضرت علی کا نام اسم اعظم ہے ج ۶ صہ ۱۳۸
- اسماء اللہ توقیفیہ ہیں۔ ج ۶ صہ ۷ و صہ ۳۹ ج ۹ صہ ۷۸
- حضرت آصف بن برخیا کے پاس اسم اعظم تھا اس نے پڑھا زمین سرک گئی تو انہوں نے تخت اٹھا لیا پھر زمین اپنی حالت پہ ہوگئی اور آل محمدؐ کے پاس تہتر میں سے بہتر اسم اعظم ہیں ج ۱۰ صہ ۲۴۷ ج ۱۳ صہ ۱۱۱

○ حضرت سلیمانؑ پیغمبرؑ کے پاس ایک اسم اعظم تھا ج ۱۲ صـ ۹۴

○ اسم اعظم اور اسم حسنیٰ ۔ ج ۱۳ صـ ۲۶۰ و صـ ۲۶۱ ۔ اسماء آدمؑ ج ۲ صـ ۸

آصف بن برخیا ۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت سلیمان کے بعد ابلیس نے جادو ایجاد کیا اور اس کو لکھ کر ایک دفتر میں سربمہر کر دیا اور اس کی نسبت آصف بن برخیا کی طرف دے دی اور اس کو تخت سلیمان کے نیچے دفن کر دیا اور لوگوں کو بتا دیا ۔ تب کافروں نے کہنا شروع کر دیا ۔ کہ ان کی حکومت جادو کے زور پر تھی پس اللہ نے جادو کی حرمت کو بیان فرمایا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی برأت کا اعلان فرمایا ۔ ج ۱ صـ ۱۴۹

○ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا آصف بن برخیا کا علم حضرت علی کے علم کے مقابلہ میں اس طرح ہے جس طرح پر مچھر پر پانی کا قطرہ موجزن سمندر کے مقابلہ میں ۔ ج ۸ صـ ۱۴۳

○ حضرت سلیمان آصف سے اعلم تھے ۔ ج ۹ صـ ۱۲۲ ۔ تخت بلقیس کا چشم زدن میں لانا ۔ ج ۱ صـ ۲۴۶

○ اصحاب الاعراف کا ذکر ۔ ج ۶ صـ ۳۴ تا صـ ۳۸

○ اصحاب الیمین پ ۲۷ واقعہ ج ۱۳ صـ ۱۹۸ صـ ۲۰۲ ۔ ہم نے شہدائے کربلا کے حالات پر ایک کتاب لکھی ہے ۔

○ جس کا نام اصحاب الیمین ہے ۔ اصحاب الیمین کے اوصاف ج ۱۳ صـ ۲۰۸ ج ۱ صـ ۲۶۶

○ اصحاب الشمال ج ۱۳ صـ ۲۰۲

○ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ۔ ہمارے شیعہ اصحاب الیمین ہیں ج ۱۴ صـ ۱۳۶

○ اصحاب کہف و الرقیم کا مفصل قصہ ج ۹ صـ ۸۴

○ اصحاب ایکہ ج ۱۳ صـ ۱۱۳ ج ۸ صـ ۱۹۱

○ اصحاب الحجر ج ۸ صـ ۱۹۱ ۔ اصحاب فیل ج ۴ صـ ۱۱ ج ۱۴ صـ ۲۶۳

○ اصحاب انطاکیہ ۔ مفصل ذکر ج ۱۲ صـ ۱۲ پر ملاحظہ ہو ۔

○ اصحاب الرس ۔ ج ۱۳ صـ ۱۱۳ اور ج ۱ صـ ۱۷۶ تا صـ ۱۷۸ ۔ اصحاب رس کے بارہ شہر تھے ج ۱ صـ ۱۷۸

○ اصحاب صفہ ۔ مدینہ میں غربا و فقرا کا ایک گروہ تھا جن کی خبر گیری اور طعام و پانی کا انتظام حضور بنفس نفیس کرتے تھے ۔ ج ۵ صـ ۱۲۲

○ اصحاب الجنۃ ۔ ج ۲ صـ ۱۳۶ ج ۴ صـ ۵۵ و صـ ۷۰ ج ۵ صـ ۱۹۶ ج ۸ صـ ۱۶۴ و صـ ۱۸۴ و صـ ۱۲۹ ج ۸ صـ ۱۳۰ ج ۸ صـ ۶۵ و صـ ۱۵۱ ج ۱ صـ ۸ ج ۱ صـ ۲۶۶ ج ۱۲ صـ ۲۶ و صـ ۴۰ و صـ ۱۱۵ و صـ ۱۵۱ و صـ ۲۱۴ و صـ ۲۵۰ ج ۱۳ صـ ۱۹۷ و صـ ۱۹۹ ج ۱۴ صـ ۹۶ و صـ ۱۵۲ و صـ ۱۷۹ ۔ جنت صابرین کے لئے ہے ج ۳ صـ ۴۲

کیا تھا اس نظریہ کی مدلل تردید - ج۶ صـ۱۱۱ ج۱۲ صـ۱۰۸

○ حضرت لوط کی بیوی قوم کو لوط کے مہمانوں کی اطلاع دینے کے لئے چھت پہ آگ روشن کر دیتی تھی ج۶ صـ۵۶ -

○ جو شخص سورۂ برأت کو لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھے اس کے مکان کو آگ نہ لگ سکے گی -ج صـ۵

○ دنیاوی آگ آخرت کی آگ کا سترواں حصہ ہے جس کو ستر دفعہ بجھایا گیا ہے -ج۹ صـ۱۳۵

○ حضرت شعیبؑ سے رخصت ہو کر حضرت موسیٰ نے مصر کی طرف جاتے ہوئے رات کو جانب طور ایک

○ آگ دیکھی اور وہاں پہنچے تو شرف کلام پایا- ج۹ صـ۱۷۳ ج۱۱ صـ۳۴

○ حضرت موسیٰؑ کا آگ کے انگاروں والے طشت میں ہاتھ ڈالنا - ج۹ صـ۱۷۹ ج۱۱ صـ۲۲ و صـ۳۶

○ **آگ میں اللہ کا خلیل** - ج۹ صـ۲۳۶ ج۱۱ صـ۷۵ ج۱۲ صـ۵۳

○ موسیٰؑ کی ماں کا موسیٰؑ کو تنور میں رکھنا اور آگ کا گلزار ہونا ج۱۱ صـ۱

○ اللہ وہ ہے جو سبز درخت سے آگ پیدا کرنے پر قادر ہے - ج۱۲ صـ۱۳۱ ج۱۳ صـ۲۰۵

○ بشیر بن ایوبؑ کو اپنے زمانہ کے بادشاہ نے آگ میں ڈالا تھا لیکن ان کو آگ نے نہیں جلایا تھا ج۱۲ صـ۱۰۳

○ دوزخ میں ایک آگ کا پہاڑ ہے جس کا نام یحموم ہے - ج۱۳ صـ۲۰۲

الیسع : حضرت الیاس کے جانشین تھے - ج۱۲ صـ۸ حضرت ایوبؑ کے بھتیجے اور ذوالکفل کے چچا زاد بھائی تھے ج۱۲ صـ۹۸

○ نیز الیسع حضرت الیاسؑ کے بھی چچا زاد بھائی تھے -

الیاس : حضرت حزقیل پیغمبرؑ کے بعد بنی اسرائیل پر مبعوث برسالت ہوئے ج۱۲ صـ۶۹

○ حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ الیاس خشکیوں میں اور خضر دریاؤں میں رہتے ہیں اور دونوں کی ملاقات

○ ہر سال مقام عرفات پر ہوتی ہے ج۱۲ صـ۷ ج۹ صـ۱۱۹

اِل یٰسین : ابن عباس سے منقول ہے کہ یٰسین حضرت پیغمبرؐ کا نام اور ال یاسین سے مراد آل محمد ہے اسی لئے

○ بعض راویوں نے اِل کے بجائے آل یٰسین بھی پڑھا ہے اور بعض لوگ اِل یٰسین سے مراد حضرت الیاس اور اس کی امت لیتے ہیں ج۱۲ صـ۷

اِلٰہ : ج۱ صـ۸۴ و صـ۱۶۴ ج۱۲ صـ۱۲۱ بعض لوگ اپنی خواہش نفس کو اِلٰہ سمجھتے ہیں -ج۱۳ صـ۱۱

○ اللہ نیند نہیں کرتا - حضرت موسیٰؑ کی قوم نے سوال کیا تھا کہ کیا اللہ نیند کرتا ہے ؟ ج۳ صـ۱۳۶

اُمت : امت واحد کی تشریح جلد ۳ صـ۳۳ فلسفۂ وحدت صـ۳۴ ج۲ صـ۱۵۶ و صـ۱۹۴

○ امّت وسط ج۲ صـ۱۸ و صـ۱۸۹ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی اولاد میں امت مسلمہ ہونے کی دعا کی اور وہ
○ امت مسلمہ محمد و آل محمد علیہم السلام کی ذوات مقدسہ ہیں۔ پ بقرہ ج۲ صـ۱۷۷ و صـ۱۹۱
○ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ پ۴ آل عمران ع۳ ج۳ صـ۳۰
○ حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا میری امت میں بھی یہودیوں کی طرح ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو میری نسل کے دشمن ہوں گے اور میری شریعت کو تبدیل کریں گے جس طرح یہودیوں نے زکریا و یحییٰ کو قتل کیا۔ پس جس طرح ان پر خدا کی لعنت ہے ان پر بھی خدا کی لعنت ہو گی۔ ج۲ صـ۱۳۸
○ امت اسلامیہ کے لئے بنی اسرائیل کے واقعات درس عبرت ہیں ج۲ صـ۱۴۴
○ امت محمدیہ کی بنی اسرائیل سے مشابہت ج۲ صـ۱۲۹ ج۱۴ صـ۱۲۸
○ جنت میں جانے والوں میں امت محمد کی تعداد سب سے زیادہ ہو گی۔ ج۱۱ صـ۲۰۲

امری مخلوق ۔ ج۱ صـ۶۹

امانت : امانت کی ادائیگی جعفری اور مومن کی نشانی ہے۔ ج۲ صـ۱۳۵ ج۵ صـ۱۳۳ ج۱۱ صـ۱۰۳
○ امانت کی ادائیگی خوبیٔ کردار کی ضمانت ہے۔
○ حضرت علیؑ نے رسول اللہ کی امانتیں ادا کیں۔ ج۳ صـ۶۳
○ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ پ۲۲ ع۶ اس جگہ امانت سے مراد ولایت امامت ہے۔ ج۱۱ صـ۲۱۹

اُمّیّون : ج۲ صـ۱۲ ج۳ صـ۲۶۳ ج۱۴ صـ۱۴

ام سلمہ ۔ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے والی عورتوں میں ام سلمہ بھی تھیں۔ ج۴ صـ۹۹
○ ام سلمہ کا بھائی عبداللہ بن ابی امیہ نے فتح مکہ کے بعد اسلام قبول کیا۔ ج۹ صـ۴۳
○ ام سلمہ اپنی کمر کو ایک سفید پارچہ سے باندھ لیا کرتی تھیں۔ ج۱۳ صـ۱۰۲

ام ایمن : جب جناب خاتون جنت نے فدک کا دعویٰ دائر کیا تو حضرت علیؑ اور ام ایمن نے بی بی کے
○ حق میں گواہی دی تھی چنانچہ ابوبکر نے بی بی کو حق دے دیا اور تحریری دستاویز بی بی کے حوالہ کی
○ واپسی پر عمر نے وہ دستاویز لے کر پھاڑ ڈالی۔ ج۹ صـ۲۳ ج۱۱ صـ۱۱۴

ام القریٰ ۔ مکہ کا نام ہے اور سب سے پہلے اسی جگہ کی زمین کو پیدا کیا گیا اور اس کے بعد باقی زمین کو پھیلایا گیا اور زمین پر پہلا گھر کعبہ ہے اسی وجہ سے اس کو امّ القریٰ کہا جاتا ہے۔ ج۵ صـ۲۳ ج۱۲ صـ۱۹۸
○ حضرت قائم آل محمدؑ جب مکہ سے کوفہ کی طرف کوچ کریں گے تو حضرت موسیٰؑ والا پتھر ان کے ہمراہ ہو گا پس ہر منزل پر اس کو رکھیں گے تو اس سے چشمہ پھوٹے گا۔ پس پیاسا سیراب ہو گا اور بھوکا سیر

ہوگا۔ ج۶ ص۱۰۱

○ ام القریٰ کے بسنے والوں کو امیّون کہا گیا ہے ج۱۴ ص۱۴

امّ الکتاب ۔ اُم موسیٰؑ ۔ حضرت موسیٰؑ کی ماں کا دل خالی ہوگیا۔ ج۱۱ ص۱۹

○ عاملین میں یہ مشہور ہے کہ حضرت موسیٰؑ کی والدہ ماجدہ کا نام ایک اسم اعظم ہے یہ اسم اعظم حضرت موسیٰؑ کے نانا کو معلوم ہوا تو انہوں نے اپنی دختر کا نام وہی رکھ دیا۔ اس نام کے بارے میں شدید اختلاف ہے چنانچہ متعدد نام منقول ہیں عملیات میں بھی الگ الگ عبارات مذکور ہیں۔ چنانچہ برخود۔ یوخود۔ نخوات حنہ۔ طیسوم۔ قیسوم۔ ہیشوم۔ یوخاند۔ یوخانذ۔ یوخابت۔ یوخالبط۔ غلبابنت رغبا وغیرہ ذکر کئے گئے ہیں

○ اس کے لئے عمل بھی مختلف طور پر عاملین نے ذکر کئے ہیں۔

(۱) چالیس دن باشرائط وحدت مکان وزمان کے ساتھ۔

۲۱ دن	۶۰۰ دفعہ پڑھے	یاضناکسًا یا بحق اوی
۹ دن	۶۰۰ دفعہ ″	یاملکیا بحق ابد
۱۰ دن	۶۰۰ دفعہ ″	یاملکیا یا یوخود

(۲) تین روزہ عمل باشرائط :

روزانہ ایک ہزار دفعہ شاکرودش

هَنیش مُهَیالِ کَشَمَالِ هشنُو مشاکروش بحق یوخابط یوخابد یوخابت

(۳) ذوالنون مصری سے نقل کیا گیا ہے۔ ۷ دن روزانہ سات مسکینوں پر صدقہ اور صبح وشام لبان ذکر کی دھونی پنجگانہ نماز کے بعد سات دفعہ پڑھے :۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم ربّ هُلبا بنتِ رغبا المومنة الصدِّیقةِ اُمِّ مُوسٰی علیه السّلام وَ بالله العزیز الحکیم الکبیر المتکبر المهیمن العظیم الرحمٰن الرّحیم الّذی یُفتَحُ بهِ الاَطْبَاقُ واستنارتْ بنُورِهِ الاٰفاقُ وَفُتِحَتْ بهِ الاَقاسی اِفْتَحْ هٰذا القُفل اوهٰذا الغِلّ۔

عمل مکمل ہونے کے بعد۔ قُفل یا غل پر پڑھنے سے وہ کھل جائے گا۔ واللہ اعلم

(۴) نوچندی بدھ کی رات سے شروع تین رات کا عمل باشرکت جلالی وجمالی دن کو روزہ پہلی رات تین ہزار دفعہ پھر دو راتیں پانچ پانچ ہزار دفعہ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ اُمِّ مُوسیٰؑ یوخابد علیا

سَہِّلْ کُلَّ صَعْبَۃٍ یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ اللّٰہُ الصَّمَدُ۔

۵۔ وہی سابق عمل۔ اس فرق کے ساتھ۔ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ اُمِّ مُوسٰی یُوخَابِدْ عُلْیَا سَہِّلْ کُلَّ صَعْبَۃٍ یَا مُسَخِّرُ سَخِّرْ اللّٰہُ الصَّمَدُ۔

جس عورت کے شکم میں بچہ مرگیا ہو تو ایک مٹی کے کورے برتن پر یہ آیت لکھی جائے۔ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوسٰی فَارِغًا تا مومنین اور بارش کے پانی سے دھو کر اس عورت کو پلائیں اللہ کے حکم سے اس کی خلاصی ہو جائے گی۔

امامت: اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا پ ج۲ ص۱۷

- بروز قیامت مقتدی اپنے جھوٹے اماموں سے بیزار ہوں گے۔ ج۲ ص۲۰
- امام کا نصب کرنا اللہ کا کام ہے نہ کہ امت کا ج۵ ص۸۱ وص۱۰۱ وص۱۰۵ وص۱۸۶ ج۱ ص۱۱۴
- امام شکم مادر میں بھی سُن سکتا ہے ج۵ ص۲۴۹
- امام کی ضرورت ج۶ ص۸۵ وص۱۳۰ مقدمہ تفسیر ص۲۳ ج۶ ص۸۵
- بارہ اماموں کی پیشین گوئی اور مفصل بیان مقدمہ تفسیر ص۱۷ وص۲۷ وص۹ ج۲ ص۱۶۹ ج۵ ص۶۷ وص۹۷
- لَا رَطْبٍ وَلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ ایک روایت میں کتاب مبین سے مراد امام مبین ہے ج۵ ص۲۲۵
- امام مبین کی تشریح ج۱ ص۱۱ مقام آئمہ ج۴ ص۲۵۳ وص۲۵۴ ج۴ ص۱۷ ج۹ ص۲۹
- غیبت کے زمانہ میں امام کی معرفت ج۲ ص۵۲ آئمہ کے علم کی وسعت ج۵ ص۲۲۵
- امام و قرآن لازم و ملزوم ہیں ج۲ ص۱۱ ج۹ ص۳۷ ج۱ ص۲۶۳ ج۱۲ ص۱۱۰
- خَیْرُ اُمَّۃٍ سے مراد خیر آئمہ ہے ج۴ ص۳ کتاب مبین سے مراد امام مبین ہے ج۵ ص۲۲۵
- قیامت کے دن آئمہ کی تشریف آوری ج۴ ص۹۳
- تعداد آئمہ ج۶ ص۱۰ ج۷ ص۴۷ ج۵ ص۱۱۱ وص۲۶۱ ج۱ ص۱۵۴ ج۱ ص۱۳ ج۱ ص۱۵۲ ج۱۱ ص۱۲۹
- حضرت خضر نے بارہ اماموں کی امامت کی گواہی دی۔ ج۹ ص۱۲۱
- آیت نور میں باطنی تفسیر کی رو سے آئمہ اثنا عشر مراد ہیں۔ ج۱ ص۱۴۳
- اَنَا وَعَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَاحِدٍ ج۱ ص۲۱۹ باقی آئمہ اثنا عشر ج۱ ص۲۲۱
- اَلْعُرْوَۃُ الْوُثْقٰی کی تاویل آئمہ ہیں ج۱۱ ص۱۳۹
- ہر شخص کو اپنے امام کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ ج۹ ص۴۳

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر: نیکی کی تبلیغ اور اس کے شرائط ج۳ ص۲۰۹

- امر بالمعروف اور نہی عن المنکر۔ ج۴ ص۲۶ ج۱۱ ص۱۲۳ و ج۵ ص۱۵۲
- حضرت جعفر طیار کا نجاشی کے سامنے پیغمبر کی صفات کا تذکرہ کہ وہ امر بالمعروف کرتے ہیں۔ ج۵ ص۱۵۰
- مومن کی علامات میں سے ہے نیکی کا حکم کرنا۔ ج۷ ص۹۵
- حجت خدا کے لئے ضروری ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے موقع محل کا خیال کریں ج۸ ص۳۵
- وہ گناہ جو کسی مصیبت کا پیش خیمہ بنتے ہیں ان میں سے ایک امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ کو ادا کر سکنے کے باوجود ترک کرنا ہے ج۱۱ ص۱۲۰

امن: کعبہ جائے امن ہے ج۴ ص۱۰۷ و ۵ ص۱۰۲

- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو حنیفہ سے جائے امن کا مصداق دریافت کیا مقدمہ تفسیر ص۴۶
- امن کے لئے عمل فوائد سورہ مریم۔ ج۱۱ ص۲۴۳
- سِیْرُوْا فِیْهَا لَیَالِیَ وَ اَیَّامًا اٰمِنِیْنَ۔ سورہ سبا پ۲۲ ج۱۱ ص۲۴۳
- سورہ جن کی تلاوت جادو جنات کے شر سے امن کی موجب ہے ج۱۴ ص۱۱۴

انسان۔ انسان کی تدریجی ارتقائی منازل اور عالمی انسانی یونیورسٹی کا تدریجی نظام تعلیم مقدمہ تفسیر ص۹۶

- انسان فاعل خود مختار ہے ج۲ ص۵۰۔ انسان کی تدریجی خلقت ج۲ ص۷۰ و ج۱۴ ص۱۹۵
- انسان کیا ہے؟ ج۳ ص۳۵ انسان کو اللہ نے نفس واحدہ سے خلق فرمایا۔ ج۴ ص۱۰۴ و ج۶ ص۱۴۹ ج۱۲ ص۱۱۲
- سلسلہ اولاد آدم۔ ج۴ ص۱۰۶ تا ص۱۰۸ انسان کو مٹی سے پیدا کیا۔ ج۵ ص۱۸۹ ج۶ ص۱۰ ج۱۱ ص۳۴
- صلصال سے انسانی پیدائش۔ ج۸ ص۱۷۷ خلقت آدم ج۸ ص۱۰۸ نطفہ و علقہ و مضغہ کی ترتیب ج۱۰ ص۱۱
- سلالہ سے پیدائش ج۱۰ ص۵۵۔
- انسان اپنی پیدائش میں فکر کرے تو دعوت توحید ملتی ہے ج۱۱ ص۱۰۲ و ج۱۲ ص۱۹۵
- اللہ وہ ہے جس نے انسان کو ایک مادہ منویہ سے پیدا کر کے اشرف المخلوقات بنا دیا ج۱۱ ص۱۲۵
- وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ کی تفسیر پ۲۳ یٰسین ج۱۲ ص۲۸
- انسان کی پیدائش زمین سے ہے ج۱۳ ص۱۶۰ خَلَقَ الْاِنْسَانَ سورۂ رحمٰن پ۲۷ ج۱۳ ص۱۰۸
- جسم انسان عالم اکبر کا خلاصہ ہے ج۲ ص۱۲۷ مقدمہ تفسیر ص۱۶۲ تا ص۱۷۵
- کَرَّمْنَا بَنِیْ اٰدَمَ: پ۱۵ ع ج۹ ص۴۲ انسانی پیدائش ج۱۴ ص۱۴۶ و ص۱۵۵ و ص۱۷۷

انتخاب خداوندی: مقدمہ تفسیر ص۹۷ و ص۱۰۹ معیار انتخاب علم ہے۔ ج۲ ص۱۸ طالوت کے انتخاب کا معیار علم و جسم

میں توانائی - ج ۱۴ ص ۱۱۱ اللہ اس کو منتخب کرتا ہے جو معیار پر پورا اتر رہا ہو - ج ۲ ص ۱۲ و ص ۲۰ و ص ۲۱

- حق انتخاب ج ۶ ص ۱۰۱ ج ۱ ص ۱۱۴ ج ۱۱ ص ۵۰ ج ۱۲ ص ۸۰ و ص ۲۰
- اللہ نے زمین پر نظر انتخاب ڈالی اور علیؑ کو چن لیا - ج ۳ ص ۱۸۵ ج ۹ ص ۱۳

انگوٹھی ؛ حضرت علی علیہ السلام نے حالتِ رکوع میں سائل کو انگوٹھی دی اور آیت ولایت اتری ج ۵ ص ۱۲۹

- دوسرے لوگوں نے بھی انگوٹھی دی لیکن آیت نہ اتری ج ۵ ص ۱۳۳ انگوٹھی کی حقیقت ج ۵ ص ۱۳۴
- دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا مومن کی علامت ہے ج ۵ ص ۲۳۳ ج ۱۲ ص ۴۳
- حضرت سلیمان کی انگوٹھی ج ۱۲ ص ۹۱

انجیل - بعض لوگوں نے روح القدس سے مراد انجیل لی ہے ج ۲ ص ۱۳۹ اور انجیل ۱۳ ماہ رمضان کو نازل ہوئی ج ۲ ص ۲۳

- بعضوں نے اس کو فارسی لفظ کہا ہے اور بعض اس کو یونانی لفظ کہتے ہیں اور اس کا معنی ہے بشارت ج ۳ ص ۱۹
- انجیل تحریف کی وجہ سے قابل اعتماد نہیں رہی - ج ۳ ص ۲۳۷ - انجیل میں صرف پند و نصائح تھے اور تورات کے بعض احکام شاقہ کی منسوخی تھی اس میں میراث و حدود و تعزیرات کے احکام نہیں تھے بلکہ تورات کے احکام نافذ العمل تھے - ج ۳ ص ۲۴۱ موجودہ انجیلیں چار ہیں (۱) انجیل متی (۲) انجیل مرقس (۳) انجیل لوقا انجیل یوحنا ج ۳ ص ۲۶۸ و ص ۲۶۹
- انجیل اپنے وقت میں نافذ العمل تھی لیکن اب منسوخ ہے ج ۵ ص ۱۱۵ یہودی انجیل کے قائل نہیں تھے ج ۶ ص ۱۴۶
- انجیل میں حضرت محمد مصطفیٰؐ کی نبوت اور حضرت علی کی ولایت کا تذکرہ ہے ج ۱۲ ص ۲۰۴

اولاد - اپنی اولاد کو قرآن کی تعلیم دینے کی فضیلت مقدمہ تفسیر ص ۲۷

- حضورؐ نے فرمایا ہر نبی کی اولاد اپنی صلب سے ہے اور میری اولاد علی کی صلب سے ہے ج ۵ ص ۳۳
- حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا اولاد میوۂ دل اور خنکیٔ چشم ہے نیز باعث بزدلی و بخل و موجب غم و حزن بھی ہے ج ۳ ص ۲۰۵
- عورت کے لئے اولاد کی تربیت کا ثواب کہ دودھ کا ایک گھونٹ پلانا اولاد اسمٰعیل میں سے ایک غلام کے آزاد کرنے کے برابر ہے - ج ۴ ص ۱۱۹
- حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا استدلال کہ حسنین شریفین رسول اللہؐ کی صلبی اولاد ہیں ج ۵ ص ۲۳۶ و ص ۲۳۷
- لَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ پ ۸ ع ۶ ج ۵ ص ۲۶۶ - طلب اولاد ج ۱۴ ص ۱۰۸
- عورت سے مجامعت کرتے وقت اگر بسم اللہ نہ پڑھی جائے تو پیدا ہونے والی اولاد میں شیطان شریک ہوگا ج ۹ ص ۴۱

○ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَۃُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا کی تفسیر پ۱۵ کہف ج۹ ص۱۰۰

○ نیک لڑکیاں باقیات و صالحات میں سے ہیں ج۹ ص۱۰۱

○ اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ پ۲۸ تغابن ج۱۴ ص۴۱ و ص۴۲

اوقات نماز ۔ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّہَارِ پ۱۲ ہود ج۶ ص۲۴۰

○ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ ۔ پ۱۵ بنی اسرائیل ج۹ ص۴۶

○ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ ۔ طٰہٰ ج۹ ص۲۱۹

○ اوقات نماز ۔ ج۱۳ ص۱۴۳ ج۱۴ ص۱۵۴

اوّل مخلوق ۔ اول مخلوق پر تفصیلی بحث مقدمہ تفسیر ص۱۷۵ ج۱ ص۹۸ ج۱ ص۱۰۲

○ تفسیر برہان میں حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ عالم ازل میں اللہ نے مخلوق کو پیدا کر کے ان کے سامنے ایک روشنی پیدا کی اور اس میں داخل ہونے کا حکم دیا پس سب سے پہلے حضرت محمد مصطفیٰ اور ان کے بعد یکے بعد دیگرے آئمہ طاہرین علیہم السلام اور پھر ان کے شیعہ داخل ہوئے پس وہی سابقین ہیں ۔ ج۱۲ ص۱۹۷

اوس خزرج ۔ یہ دونوں عرب قبائل مدینہ میں آباد تھے اور یہودیوں کا قبیلہ بنی نضیر خزرج کا حلیف تھا اور قبیلہ قریظہ اوس کا ہم قسم تھا ج۲ ص۱۳۷ و ص۱۴۱

○ اوس و خزرج کی باہمی لڑائی ج۲ ص۲ ج۵ ص۱۱۳

○ تبع بادشاہ کا اوس و خزرج کو مدینہ میں چھوڑنا ۔ ج۱۳ ص۱۱۳ و ص۱۱۴

اولوالامر ۔ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ الآیہ پ۶ مائدہ کی تفسیر ج۵ ص۱۲۹

○ اولوالامر کی بحث ۔ ج۴ ص۱۸۱ و ص۱۸۸ ج۱۲ ص۲۵۹ ج۱۴ ص۵۷

اونٹ : اونٹ کا گوشت حضرت یعقوب علیہ السلام نے منت کے طور پر ترک کر دیا تھا ۔ ج۴ ص۳

○ عربوں میں اونٹ کو خرید کر اس پر جوئے کے ذریعے جیت ہار کی بازی لگانے کا دستور تھا ۔ ج۵ ص۱۸

○ شب معراج حضرت پیغمبرؐ کی براق ابوجہل کے قافلہ کے پاس سے گزرا وہ گمشدہ اونٹ کی تلاش کر رہے تھے ۔ ج۹ ص۲۵۸

○ شب معراج پیغمبرؐ نے ایک اونٹوں کی قطار دیکھی جس پر صندوق لدے ہوئے تھے جبرئیل نے کہا یہ تیری دختر نیک اختر کا جہیز ہے جب ایک اونٹ سے ایک صندوق کو اتار کر کھولا تو اس میں کتابیں اور ہر کتاب میں حضرت علی علیہ السلام کے اظہار فضائل درج تھے ۔

اولوالعزم پیغمبرؐ - ج۳ ص۱۳۲ ج۹ ص۲۷ و ص۱۱ ج۱۱ ص۱۶۱ ج۱۲ ص۲۷

لفظ اہل کا بیان - ج۷ ص۲۱۲ پر لفظ اہل پر روشنی ڈالی گئی اور حضرت نوحؑ کے بیٹے اور بیوی کے استثناء کی وجہ بیان کی گئی ہے پس آل اور اہل کی تحقیق ہو جانے کے بعد حضرت سارہ زوجہ ابراہیمؑ پر اہلبیتؑ کے اطلاق کو انبیاء کی تمام بیویوں پر اہل بیت کے اطلاق کی دلیل نہیں قرار دیا جا سکتا - ج۷ ص۲۲۶ اور جناب رسالتمآبؐ کے اہل بیت علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ ہیں - بیویاں اور اصحاب اس میں شامل نہیں ہیں - ج۱۱ ص۱۹۲ پر عقلی و نقلی براہین سے ثابت کیا گیا ہے۔

اہل الکتاب - اہل کتاب کی عورت سے متعہ جائز ہے ج۵ ص۵۲

اہل کتاب کے احکام ج۷ ص۳۸ و ص۳۹ اہل کتاب میں سے ایمان لانے والے - ج۱۱ ص۴۳ -

ایثار کا بیان - ج۱۳ ص۲۵۳

ایمان کے ساتھ عمل ضروری ہے - مقدمہ تفسیر ص۱۲۰

ایمان والوں کا سید و سردار علیؑ ہے - ج۲ ص۱۹۷ ج۵ ص۶ و ص۱۰ ایمان والوں کے تین گروہ ج۷ ص۱۱۱

ایذاء پیغمبرؐ - حضورؐ نے فرمایا جس نے علیؑ کو ایذاء دی اس نے مجھے ایذاء پہنچائی - ج۲ ص۱۶۸

آپ نے فرمایا کسی نبی کو اتنی اذیت نہیں پہنچائی گئی جتنی مجھے پہنچائی گئی - ج۵ ص۸

آپ نے فرمایا جس نے علیؑ کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور وہ قیامت کے دن یہودی یا نصرانی ہو کر اٹھے گا - ج۵ ص۱۲۷

ایذاء رسولؐ گناہ ہے جس نے فاطمہ کو اذیت دی اس نے رسولؐ کو ایذاء پہنچائی ج۷ ص۸۸ و ص۸۹

ایذاء علی ایذاء رسول ہے - ج۱۱ ص۲۱۳

ایلاء کا بیان - ج۵ ص۵۹

ایوبؑ - حضرت ایوبؑ کا ذکر ج۹ ص۲۴۴ - حضرت لقمان حکیم، حضرت ایوبؑ کے بھانجے تھے اور بعض نے خالہ زاد کہا ہے ج۱۱ ص۱۳۱ حضرت ایوبؑ کا مفصل ذکر ج۱۲ ص۹۴ تا ص۱۰۳

حضرت ایوب کے بارہ فرزند تھے جو دوبارہ زندہ کئے گئے - ج۱۲ ص۱۰۲

حضرت ذوالکفل آپ کے شہزادے تھے جن کا نام بشیر تھا - ج۱۲ ص۱۰۳

بعض لوگوں نے حضرت ایوبؑ کو اولوالعزم پیغمبروں میں شامل کیا ہے ج۱۲ ص۳۷

آیۃ الکرسی کی فضیلت اور اس کے خواص - ج۳ ص۱۳۵

آیۃ الکرسی کا عمل

ہر مطلب کے لئے چالیس دن کرنا ہے

۱۔ آیۃ الکرسی اس طرح پڑھے کہ دونوں ہاتھ کی دس انگلیاں ترتیب وار دس مقامات پر بند کرے۔ ابتداء دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے اور آخر میں بائیں ہاتھ کا انگوٹھا۔ ۱۔ھو ۲۔ القیوم ۳۔ نوم ۴۔ فی الارض ۵۔ باذنہ ۶۔ خلفھم ۷۔ شاء ۸۔ الارض ۹۔ حفظھما ۱۰۔ العظیم یشفع عندہ پڑھتے ہوئے دو عین کے درمیان مطلب خیر طلب کرے اور یعلم ما کی دونوں میموں کے درمیان دفع شر طلب کرے پوری پڑھ لینے کے بعد ۳ بار سورہ الم نشرح ۳ بار توحید ۳ بار درود شریف پھر آسمان کی طرف دیکھ کر حاجت طلب کرے اور دس دفعہ سورہ الحمد پڑھے۔ اور ہر مرتبہ انگلیاں کھولتا جائے پہلے بائیں ہاتھ کا انگوٹھا اور آخر میں دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی اور اوپر کی طرف پھونک مارے۔

۲۔ برائے ہلاکیٔ دشمن۔ صبح سویرے طلوع فجر کے وقت قبلہ رُخ ہو کر ۲۱ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور سات دن مسلسل پڑھے (کسی سے کلام کئے بغیر شروع کرے) یعلم ما کی دونوں میموں کے درمیان ہلاکتِ دشمن کا ارادہ کرے۔

۳۔ **برائے محبت**۔ عمل سابق صرف یشفع عندہ کی دو نو عین کے درمیان محبوب کا تصور کرے۔

۴۔ نصف شب چار رکعت نماز حاجت ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد دس بار آیۃ الکرسی آخری سلام کے بعد یہ دُعا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یا اللہ ۱۰ بار کہے پھر کہے:۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مَنْ لَا تَأْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ آیۃِ الکُرْسِی عِنْدَكَ اپنی حاجت کا نام لے کر مانگے پھر کہے وَ اَنْ تَتَوَلّٰنِیْ جَمِیْعَ مَارِبِیْ وَمَقَاصِدِیْ وَمَا اَطْلُبُہٗ مِنْكَ (حاجت طلب کرے اول و آخر درود شریف ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

الباء

○ باءِ بسملہ ۔ ج ۲ ص ۱۱ و ص ۱۲

جامعہ علمیہ
باب النجف جاڑا ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی ابتدا ر تعمیر ۔ مقدمہ تفسیر ص ۶ تا ص ۹

○ ابتدائی نقشہ باب النجف ج ۲ ص ۲ ۔ مومنین سے اپیل کی گئی ہے کہ جامعہ علمیہ باب النجف کی ہر ممکن مدد کریں۔ تاکہ یہ مدرسہ دن دوگنی رات چوگنی ترقی کے منازل طے کرے ج ۲ ص ۲۱۹ و ج ۵ ص ۲۶۰ و ج ۶ ص ۱۹۵ و ج ۷ ص ۲۵۶ ۔

باپ ۔ بچہ اگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم زبان پر جاری کرے تو اس کے ماں باپ اور استاد کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اگر باپ مر چکا ہو تو اس کی قبر پر ملائکہ رحمت کا نزول ہوتا ہے ۔ ج ۲ ص ۱۵

○ بچے کو باپ کی اطاعت اور اس کی خوشنودی کا صلہ ۔ ج ۲ ص ۱۲۴

○ ماں باپ کی اطاعت و خدمت ج ۲ ص ۱۳۰ تا ص ۱۳۳ و ج ۱۱ ص ۶۸

○ باپ و بیٹے کے لئے حضرت علیؑ کی دعا ۔ ج ۲ ص ۱۴۶

○ مجازاً چچا اور دادا پر باپ کا اطلاق صحیح ہے ج ۲ ص ۱۸۲ ج ۹ ص ۱۵۲

○ بچے کے گوشت چربی اور خون پر ماں کا اثر ہوتا ہے اور ہڈیوں رگوں اور پٹھوں پہ باپ کا اثر ہوتا ہے ج ۹ ص ۱۰۹

○ مشرک و کافر ماں باپ کے لئے بخشش کی دعا نہ کرے ج ۷ ص ۱۰۰ البتہ مستضعف کے لئے دعا بخشش ہو سکتی ہے ۔ ج ۷ ص ۱۳۲ ۔ اولاد پر ماں باپ کے حقوق ۔ ج ۹ ص ۲۰ و ص ۲۱

○ باپ کو اولاد کے مال میں تصرف کرنے کا حق حاصل ہے ج ۱ ص ۱۵۸ ج ۱۲ ص ۲۱۷ و ص ۲۱۸

○ اولاد کشی حرام ہے ج ۹ ص ۲۶

○ حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا میں اور علی اس امت کے باپ ہیں ج ۱۱ ص ۱۸ ج ۱۳ ص ۱۰۰

○ ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے اور اس کے ماں باپ اس کو یہودی نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں۔

○ حضرت پیغمبرؐ نے زید بن حارثہ کلبی کو متبنّٰی بنایا تھا ج ۱۱ ص ۱۵۱

○ عبداللہ بن ابی منافق کا بیٹا عبیدؓ پکا اور سچا مومن تھا ۔ ج ۱۳ ص ۲۴۵

○ ایک شخص نے پیغمبرؐ سے اپنے باپ کے متعلق پوچھا تو پیغمبرؐ نے فرمایا تیرا باپ فلاں ہے اور جو اس کا مشہور باپ تھا اس کا نام نہ لیا تو پس حضرت عمر نے کہا ہم خدا و رسولؐ کی پناہ چاہتے ہیں گویا ہم ایسی بات نہیں پوچھتے۔ ج ۵ ص ۱۲۴

بارہ نقیب بنی اسرائیل ۔ ج ۵ ص ۴۲ ۔ بارہ امام مقدمہ تفسیر ص ۱ و ص ۲۲۴ ۔ شب معراج بارہ دیکھے ج ۳ ص ۱۸۵ ج ۵ ص ۹۶ و ص ۱۵ ج ۲ ص ۱۶۹ ج ۱ ص ۲۲۱ ۔ بارہ منافق ج ۵ ص ۱۴۵

باطل معبود اور جھوٹے امام و پیر ۔ پیروکار اپنے پیروں سے بیزار ہوں گے ۔ ج ۲ ص ۲۰ ج ۱۲ ص ۳۸

○ جھوٹے پیر اپنے مریدوں کے ہمراہ داخل جہنم ہوں گے ۔ ج ۱۱ ص ۲۹ ج ۷ ص ۱۶۰

○ باطل خداؤں سے متنفر کرنے اور حق کی طرف بلانے کے لئے حضرت ابراہیم کا استدلالی رویہ ۔ ج ۱۲ ص ۵۲

○ قیامت کے دن پیروکاروں کو کہا جائے گا کہ اب مدد کے لئے ان کو بلاؤ جن کو پوجا کرتے تھے تو وہ جواب دیں گے کہ وہ اب بات نہیں سنتے ج ۱۲ ص ۱۶۴

○ پس قیامت کے دن باطل پرست پچھتائیں گے ۔ ج ۱۲ ص ۱۸۹

بارش ۔ آسمان سے بارش برسا کر اللہ زمین کو زندہ کرتا ہے ج ۲ ص ۲۰۵ و ص ۲۰۶ ج ۱۲ ص ۱۱۸ ج ۱ ص ۱۸۱

○ بارش کا پانی شہد اور عورت کے حق مہر سے حاصل کردہ کوئی چیز ملا کر درد شکم کا علاج ج ۴ ص ۱۱۱

○ بارش کے پانی کے فقہی احکام ج ۱ ص ۱۸۰ تا ص ۱۸۲

○ بارش سے پہلے ٹھنڈی ہوا بطور خوشخبری کے ہے ۔ ج ۱۱ ص ۱۲۲

○ ایک سفر میں حضرت پیغمبرؐ کی دعا سے اللہ نے بارش نازل کی تو بعض منافقین نے کہا کہ یہ فلاں ستارے کی برکت ہے ایسے لوگوں کی اللہ سرزنش کر رہا ہے ۔ ج ۱۳ ص ۲۰ ۔ بارش کے لئے دعا ج ۶ ص ۴۶

باقیات صالحات ۔ انسان اپنی زندگی میں کوئی ایسا نیک کام کرے جس کے آثار باقی رہیں تو وہ اس کے لئے باقیات و صالحات ہوں گے اور نیک اولاد بھی باقیات و صالحات میں شمار ہوتی ہے ۔ ج ۹ ص ۱۰ ص ۱۰ و ص ۹۴ ج ۱۲ ص ۱۰

بُت ۔ واجب التعظیم چیزوں کی تعظیم کرنا بُت پرستی نہیں ہے ۔ ج ۲ ص ۳ و ص ۳۱

○ بت پرستی شرک ہے اور شرک ظلم ہے پس عہدۂ امامت ظالم کو نہیں مل سکتا ج ۲ ص ۱۷۲

○ عمرو بن لحی خزاعی پہلا شخص ہے جس نے کعبہ میں بت لا کر رکھے اور پہلا بُت جو کعبہ میں رکھا اس کا نام ہبل تھا اور یہ بت وہ شام سے منوا کر لایا تھا ۔ ج ۴ ص ۱۵ و ج ۱۲ ص ۱۱۱

○ کفار کا دستور تھا کہ بتوں کے لئے اپنی آمدنی میں سے ایک حصہ مقرر کر لیتے تھے ۔ ج ۵ ص ۲۵۵

○ قوم صالح کے پاس ستر بُت تھے جن کی وہ پوجا کرتے تھے ج۲ صد۴۸ ناقہ اس پتھر سے پیدا ہوئی جس کی وہ عزت کرتے تھے۔ ج صد۴۹

○ قوم موسیٰ کی بُت پرستی ج۲ صد۹۹ آذر کی بُت فروشی ج ۵ صد۲۳۲

○ جس نے ایک لمحہ بھر کے لئے بھی بُت پرستی نہیں کی وہ ذات علیؑ ہے ج صد۱۲

○ ایسی چیزوں کی پرستش سے ممانعت جو نہ نفع دیں اور نہ نقصان اور وہ بُت ہیں ج صد۱۵۵

○ بروزِ محشر بے جان بت بھی بول کر اپنے پرستاروں سے بیزاری کریں گے۔ ج صد۱۶۰

○ حضرت ابراہیمؑ نے دعا مانگی تھی اے اللہ مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے محفوظ رکھ ج۵ صد۱۵۸

○ کعبہ سے حضرت علیؑ کی بت شکنی۔ ج۹ صد۶۲ ج۱۴ صد۱۱۲۔ بت پرستی کی مذمت ج۱۲ صد۲۲۵

○ حضرت ابراہیمؑ نے قوم کو بُت پرستی سے منع کیا تو وہ نہ رُکے پس عید کے دن باہر گئے تو آپ نے تمام بتوں کو توڑ دیا اور تیسہ بڑے بُت کے کندھے پر رکھ دیا جب انہوں نے واپس آکر پوچھا تو آپ نے فرمایا یہ کام اس بڑے بُت کا ہے اگر وہ بول سکتا ہے تو اس سے پوچھ لو ج۹ صد۲۳ تا صد۲۴

○ عرب کعبہ میں نصب شدہ بتوں پر عنبر و کستوری مل دیا کرتے تھے پہلے یغوث کا پھر یعوق کا اور سب سے آخر میں نسر کا سجدہ کرتے تھے ج۱ صد۴۷ بت پرستوں کا انجام ج۱ صد۱۷۸

○ کفار نے کہا آپ ہمارے لات و عزیٰ کا ذکر چھوڑ دیں تو ہم آپ سے مزاحمت نہ کریں گے ج صد۱۵۵

○ بروایت ابن مسعود مکہ میں ۳۶۰ بت تھے ج۱۱ صد۲۵۴

○ کفار نے کہا تھا کہ ہم بتوں کو الٰہ سمجھ کر ان کی عبادت نہیں کرتے بلکہ یہ برگزیدگان خدا کی تصویریں اور مورتیاں ہیں پس ان کو تقرب بارگاہ خداوندی کا باعث سمجھ کر ان کی عبادت کرتے ہیں۔ ج۱۲ صد۱۲۷

بچھو۔ موت کافر کے لئے سانپ و بچھو کے ڈسنے سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے ج۱ صد۹

○ حالت احرام میں ناگ اور بچھو کو مارنا جائز ہے اور اس پر ایک نبی نے لعنت کی تھی۔ ج۵ صد۱۶۷

○ سورہ نمل لکھ کر گھر میں رکھنے سے بچھو نکل جاتے ہیں ج صد۲۲۲

○ بچھو کے کاٹنے پر سورۂ الطور دم کرنا مفید ہے ج۱۳ صد۱۳۴

بحیرہ کی تشریح۔ ج۵ صد۱۴۷ و صد۲۶۴ ج صد۲۰۵

بخشش۔ اللہ جسے چاہے بخشش دے ج۴ صد۴

○ بخشش کی طرف قدم بڑھاؤ۔ ج۴ صد۴۸۔ بہلول کی بخشش ج۴ صد۵۳

○ مقامات مغفرت ۱۔ ماں باپ کی خدمت ۲۔ مقام عرفات پر دعائے مغفرت ۳۔ لیلۃ القدر ج۱ صد۳۰ و صد۳۱

بدعادات ۔ ج۵ صہ۱۵۵ و صہ۲۶۶ ج۲ صہ۱۳۲ ۔ بدکار کو سزا اس کے گناہ کے برابر ملے گی ج صہ۱۵۹

○ ہر بدکاری و برائی کا انجام بھگتیں گے وہ جنہوں نے حضرت علیؑ کا حق غصب کیا ج۵ صہ۲۰۵ برائی صہ۲۳۹

○ گناہوں کی تفصیل ج۱۱ صہ۱۲ برائی پر ناراض ہونا مومن کی شان ہے ج۵ صہ۲۱۴

○ برائی کے ارادہ سے کچھ نہیں لکھا جاتا بلکہ جب برائی کرے تو صرف ایک لکھی جاتی ہے اور توبہ کرے تو وہ بھی ختم ہو جاتی ہے ج۱۳ صہ۱۱۶ بدگمانی گناہ کبیرہ ہے ج۱۱ صہ۱۰۳

برگزیدہ خواتین ۔ حضرت مریم کا ذکر ج۳ صہ۲۱۹ ۔ انتخاب مریم و دیگر برگزیدہ عورتیں ج۳ صہ۲۲۸

○ چار عورتیں محدثہ تھیں یعنی جن سے ملائکہ کلام کرتے تھے (۱) سارہ (۲) مادر موسیٰؑ (۳) مریم (۴) فاطمہ ج۱ صہ۴۲

بروج ۔ سورج اور چاند کا دورہ ج۵ صہ۲۴۲ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا پ۱۴ حجر ج۸ صہ۱۰۲

○ زمانہ طالب علمی میں علم ہیئت کا شوق ج۹ صہ۱۲۱ جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا پ۱۹ فرقان ج۱۰ صہ۱۸۳

○ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ پ۲۳ یٰسین ج۱۲ صہ۲۲ رَبُّ الْمَشَارِقِ پ۲۳ صفٰت مشارق کی تشریح ج۱۲ صہ۳۳

○ بروج میں اثرات ج۱۱ صہ۱۶۷ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ پ۲۷ رحمٰن ج۱۳ صہ۱۸۱

○ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ پ۳۰ بروج ج۱۴ صہ۱۹۷

سورۂ برأت کے فضائل ۔ ج صہ

برزخ ۔ عالم برزخ کا حال ۔ ج۵ صہ۱۵۵ ج۹ صہ۱۰۲ ج۱ صہ۹۱ و صہ۸۸

○ قیامت کے لئے اٹھنے کے وقت عالم برزخ ایک گھنٹہ معلوم ہوگا ج۱۱ صہ۱۲۵ ج۱۲ صہ۴۴

برابری کی نفی ۔ جب اللہ کی مخلوق ایک دوسری کی برابری نہیں کر سکتی تو اللہ کے برابر کون ہو سکتا ہے ج۵ صہ۲۹۹

○ عورت و مرد کی برابری کا دعویٰ صرف شہوانی خواہشات کی پیداوار ہے ج۹ صہ۷

○ اللہ کو چھوڑ کر اس کی مخلوق کو پکارنا درست نہیں ج۱۱ صہ۲۶۱

برہنہ ۔ جنت کے دوسرے دروازہ پر تحریر ہے جو بروز محشر برہنگی سے بچنا چاہے تو وہ دنیا میں برہنہ جسم لوگوں کو خوشنودئی خدا کے لئے لباس پہنائے ج۲ صہ۴۶ ۔ فتح مکہ کے بعد کعبہ کا برہنہ طواف ختم ہوا ورنہ اس سے پہلے لوگ برہنہ طواف کرتے تھے ۔ ج صہ۱۴ ج۲ صہ۱۵۰

○ تیئیسویں روزہ کا ثواب تمام امت محمدیہ کے برابر برہنہ لوگوں کو لباس پہنانے کے برابر ہے ج۳ صہ۲۲۴

بروز محشر لوگ قبروں سے برہنہ محشور ہوں گے ۔ ج۹ صہ۱۰۱

براق ۔ براق کا حلیہ ج۴ ص۲۵ بڑھاپا عمر کا رذیل ترین حصہ ہے ۔ ج۶ ص۱۱

بسم اللہ ۔ باء بسم اللہ کا نقطہ علی ہے ج۲ ص۹ فضائل بسم اللہ ص۱۸ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سوائے سورۂ برأت کے ہر سورہ کا جزو ہے ج۲ ص۲ بسم اللہ کو جہر سے پڑھنا مومن کی نشانی ہے ج۵ ص۲۳۳

○ بسم اللہ سورہ برأت کا جزو نہیں ہے ج۶ ص۶ حلال عورت سے مجامعت کے وقت بسم اللہ پڑھنی چاہیئے ورنہ

○ اولاد میں شیطان شریک ہوتا ہے ج۶ ص۱۸۱ ج۹ ص۴۱ جب حضورؐ نماز پڑھتے تھے تو قریشی جمع ہو جاتے تھے پس جب آپ بسم اللہ کو آواز سے پڑھتے تھے تو وہ بھاگ جاتے تھے ۔ ۹ ج۹ ص۳۵

○ شب معراج حضرت پیغمبرؐ نے جنت کی چاروں نہروں کے منبع کو دیکھا ایک ستون پر بسم اللہ الرحمن الرحیم تحریر تھا ۔ بسم اللہ کے میم کے حلقہ سے پانی کی نہر لفظ اللہ کے ھا کے حلقہ سے دودھ کی نہر رحمٰن کی میم کے حلقہ سے شہد کی نہر اور رحیم کی میم کے حلقہ سے شراب کی نہر جاری تھی اور بسم اللہ کے باء پر لکھا تھا جو دنیا میں (ہر جائز کام کے لئے) بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے گا یہ چاروں نہریں اس کو عطا ہوں گی ۔ ج۱۳ ص۴۴ ج۲ ص۱۹

بسم اللہ کا عمل ؛ فتح مندی اور کامیابی کے لئے ۔

شرف آفتاب میں بسم اللہ کا مربع پُر کر کے پاس رکھے ۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن

○ اور اس کی پشت پر اس کے ابجدی اعداد کا مربع پُر کرے جس کی ابتداء ۱۸۹ سے ہوگی ۔ اور طبعی ترتیب سے پُر کرنا ہوگا مشک و زعفران و گلاب سے پُر کرے ۔

○ ۷۸۶ دفعہ روزانہ آیت شریفہ کا ورد بھی کرے اور ۱۳۲ دفعہ درود شریف بھی روزانہ پڑھے ۔ فتح کے دروازے کھلیں گے ۔ انشاء اللہ

اور سابق مربع طبعی چال سے بھی پُر کیا جا سکتا ہے

○ **ہر مقصد کے لئے** ؛

باشرائط وحدت مکان وحدت زمان اور باطہارت جسم و روح و باطہارت لباس و مکان ۱۲ راتیں مسلسل پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶ مرتبہ ابتداء جمعہ سے کرے ۔

○ ہر روز ۷۸۶ دفعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور بعد میں ۱۱۵ دفعہ درود شریف پڑھنے سے ہر دعا مستجاب ہوگی۔

○ اگر بطور ورد کے ۱۵۰ دفعہ روزانہ بسم اللہ شریف پڑھی جائے تو خداوند کریم اس کو باطنی علوم عطا فرمائے گا اور لوگوں میں اس کا وقار زیادہ ہوگا۔ (کشکول)

بشر - وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَجَعَلْنَاهُ رَجُلًا پ ۷ ع یعنی اگر ہم کسی فرشتے کو بھی نبی بنا کر بھیجتے تو اس کو بھی بشکل انسانی بھیجتے اور یہ لوگ پھر یہی بہانا بناتے کہ ہم کسی بشر کو نبی نہیں مانتے۔ گویا کفار کے اذہان میں بشریت اور رسالت کے درمیان منافات ان کو راہِ حق اختیار کرنے سے ہمیشہ روکتی رہی ہے ج ۵ صـ ۱۹۴

○ دعوتِ نبوت کو ٹھکرانے کا بہانہ یہی تھا کہ یہ تو بشر ہیں ج ۳ صـ ۲۰۳ ج ۶ صـ ۱۴۹ و صـ ۲۱۰ ج ۷ صـ ۱ ج ۱ صـ ۱۲۶ ج ۱۲ صـ ۱۵ ج ۱۴ صـ ۳۸ ج ۱ صـ ۲۰۴

○ حضرت پیغمبرؐ کی وضاحت ج ۹ صـ ۷ بشریت و رسالت ج ۹ صـ ۳ ج ۹ صـ ۱۳۴

○ رسولؐ اور بشر ج ۱ صـ ۲۱۶ مسئلہ نور و بشر ج ۱ صـ ۱۰۲

○ هُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا الخ پ ۱۹ فرقان تفسیر صـ ۱۸۳

○ وہ بشیر جو یوسفؑ کی خبر لایا۔ بشیر کا یوسفؑ کو خریدنا۔ ج ۸ صـ ۸۱

بغضِ علی - مقدمہ تفسیر صـ ۱۴۵ ج ۲ صـ ۶۵ ۔ حضرت پیغمبرؐ کا خطبہ ختم ہوا تو ایک خوبصورت شخص نمودار ہوا اور اس نے کہا آج پیغمبرؐ نے ایک ایسی گرہ باندھی ہے جس کو سوائے کافر کے کوئی نہ کھولے گا حضرت عمر نے پیغمبرؐ سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا وہ کہنے والا جبرئیل تھا۔ ج ۵ صـ ۳۵

○ جنگ خندق میں عمرو بن عبدود نے مبارز طلبی کی تو عمر بولا ایک سفر میں ڈاکوؤں نے ہم پر حملہ کیا تو یہ شخص تلوار نکال کر اور ایک پنجسالہ شتر کو ڈھال بنا کر ان پر حملہ آور ہوگیا تھا چنانچہ وہ بھاگ گئے تھے ج ۵ صـ ۸۹

○ تاویل قرآن کے مطابق جہاد کرنے والے علیؑ تھے ج ۵ صـ ۱۲۶

○ حالت رکوع میں انگوٹھی دینے پر اعتراض اور اس کا جواب ج ۵ صـ ۱۳۲

○ علی صدیق اکبر اور فاروق اعظم ہے ج ۶ صـ ۱۱۹

○ علی سے محبت کرنا مومن کی نشانی ہے اور علی سے بغض منافق اور ولد الحرام کی نشانی ہے ج ۱۳ صـ ۵۲

○ **ملکہ بلقیس کا ذکر** - ج ۱ صـ ۲۳۷

○ **بلال مؤذن رسول** - ج ۱۲ صـ ۱۰۵

پہلے تین سو تیرہ آدمی آپ کی بیعت کریں گے جو بادل کے ٹکڑوں کی طرح فوراً اُن کے پاس جمع ہو جائیں گے۔
ج ۲ ص ۱۹۳

- بروز غدیر خطبۂ پیغمبرؐ کے بعد لوگوں نے حضرت علیؑ کی بیعت کی اور تین روز تک بیعت کا سلسلہ جاری رہا۔ ج ۵ ص ۳۴
- ظہور امام کے وقت مخلص شیعہ دوبارہ زندہ ہو کر ان کی بیعت کریں گے ج ص ۲۰۹
- حضرت علیؑ کو ابوبکر کی بیعت کے لئے کہا گیا تو آپ نے قبر رسولؐ کو مخاطب کر کے کہا۔ یَابْنَ الْعَمِّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِیْ ج ۶ ص ۹۸ و ج ۹ ص ۹۸ و ص ۱۹۹
- بیعت حدیبیہ ج ۱۳ ص ۶۸ ، بیعت رضوان ج ۱۳ ص ۲۷ فتح مکہ کے بعد طلقاء کی بیعت ج ۱۳ ص ۲۷

البیت المعمور

: بعض روایات میں ہے کہ قرآن ماہ رمضان میں بیت المعمور پر اترا اور پھر تھوڑا تھوڑا اترتا رہا۔ ج ۲ ص ۲۳ ج ۲ ص ۲۵۶

- فرشتے ہر سال البیت المعمور کا حج کرتے ہیں ج ص ۲۶۱ ۔ البیت المعمور میں ایک نور کی تختی ہے جس پر محمد علی حسن حسین اور باقی آئمہ اور قیامت تک ہونے والے تمام شیعوں کے نام درج ہیں اور فرشتے اوقاتِ نماز میں ان کے لئے دعائے خیر و برکت کرتے ہیں ج ص ۲۶۱
- مسجد اقصیٰ سے مراد بیت المعمور ہے۔ ج ۹ ص
- وَاسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا الخ پ ۲۵ زخرف بیت المعمور پر حضورؐ کا نماز پڑھانا اور پوچھنا کہ تم کس طرح مبعوث برسالت ہوئے ہو تو انہوں نے جواب دیا کہ توحید و نبوت کے بعد ولایت علی بن ابی طالب کے اقرار کے بعد ہم مبعوث بنبوت ہوئے ج ۱۱ ص ۲۳۹
- البیت المعمور جو چھٹے آسمان پر کعبہ کی سیدھ میں ہے ملائکہ کی عبادت گاہ ہے۔ ج ۱۳ ص ۱۳۵

بیر معونہ

۔ ج ۴ ص ۴۶ ۔ شہدائے بیر معونہ کا واقعہ ج ۴ ص ۸۱ و ص ۸۲

بیت المقدس

۔ بیت المقدس کی بنیاد حضرت داؤد علیہ السلام نے رکھی تھی۔ ج ۲ ص ۱۱۴

- بیت المقدس قبلہ اوّل تھا۔ ج ۲ ص ۱۸۷ و ص ۱۷۹ ج ۳ ص ۲۶۲
- ہجرت کے بعد بھی کچھ عرصہ تک مسلمانوں کا قبلہ رہا ج ۲ ص ۱۹۰
- کیا بیت المقدس زمین پر پہلی عبادت گاہ ہے ؟ ج ۴ ص ۱۳
- جس کنوئیں میں یوسفؑ کو بھائیوں نے گرایا تھا بعض کہتے ہیں وہ بیت المقدس کا کنواں تھا ج ص ۱۳
- باپ کی وصیت کے مطابق حضرت یوسفؑ نے حضرت یعقوبؑ کو بیت المقدس میں دفن کیا ج ص ۸۵

○ شب معراج حضورؐ نے بیت المقدس کی سیر کی
○ بعض مفسرین نے مسجد اقصیٰ سے مراد بیت المقدس لیا ہے
○ بیت المقدس کو خراب کیا گیا ج ۹ صہ ۱۰ و صہ ۱۱ سکندر نے بھی بیت المقدس پر حملہ کیا تھا ج ۹ صہ ۱۲۳
○ حضرت زکریا و یحییٰ کی عبادت گاہ بیت المقدس تھی ج ۹ صہ ۲۵
○ فرعون نے خواب میں دیکھا تھا کہ بیت المقدس کی جانب سے ایک آگ اٹھی جس نے مصر کا رخ کیا اور چھا گئی اور اس نے تمام قبطیوں کے گھروں کو جلا کر خاکستر کا ڈھیر کر دیا اور بنی اسرائیل کو کچھ گزند نہ پہنچا۔ اس کے درباریوں نے یہ تعبیر دی کہ اس شہر سے ایک آدمی خروج کرے گا جو اہل مصر کی ہلاکت کا موجب ہوگا ج ۱۱ صہ ۸۷
○ ایک دفعہ ایرانیوں نے رومیوں کو شکست دیکر بیت المقدس پر قبضہ کر لیا پھر آئندہ جنگ میں رومیوں نے ایرانیوں پر فتح پائی اور بیت المقدس پر قبضہ کر لیا اور یہ بعینہٖ اسی دن ہوا جب جنگ بدر میں مسلمانوں نے قریش مکہ پر فتح پائی ج ۱۱ صہ ۱۰۳
○ بیت المقدس کی تعمیر ج ۱۱ صہ ۲۲۹

پ

پچاس نمازیں ۔ گذشتہ امتوں پر پچاس نمازیں واجب تھیں ج ۳ صہ ۱۸۴

پیشین گوئی حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا تھا کہ میں بتا سکتا ہوں جو کچھ تم کھاؤ گے اور گھروں میں ذخیرہ کرو گے۔ ج ۲ صہ ۲۳۹

○ حضرت یوسفؑ کی پیشین گوئی کرنا۔ ج ۵ صہ ۱۹
○ حضرت یوسفؑ نے بوقت وفات تمام اولاد یعقوب کو وصیت کی تھی کہ قبطیوں کی طرف سے تم پر مصائب آئیں گے اور موسیٰؑ بن عمران کی بدولت ہی تم کو خلاصی نصیب ہوگی۔ اس وقت ان کی کل تعداد اسی ۸۰ تھی پس لوگوں نے اپنی اولادوں کا نام عمران اور پھر موسیٰؑ رکھنا شروع کر دیا۔ چنانچہ حضرت موسیٰؑ کی تشریف آوری سے پہلے پچاس چھوٹے موسیٰؑ بن عمران گذر چکے تھے ج ۲ صہ ۱۵۲ تا صہ ۱۵۴
○ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پیشین گوئی کی تھی کہ میرے بعد نبی آئے گا جس کا نام احمد ہوگا ج ۱۴ صہ ۸

پکارنا ۔ غیر اللہ کو پکارنا ناجائز ہے ج ۱۳ صہ ۱۹

پیٹنا ۔ جنگ احد کے بعد جب مدینہ میں نبی کریمؐ کی خبر وفات پہنچی تو جناب خاتون جنت بیٹھی ہوئی باہر آئیں چنانچہ

تمام زنانِ ہاشمیہ سیٹی اور نوحہ کرتی ہوئی باہر نکلیں ج۴ ص۶

پانی پینا ۔ بسم اللہ پڑھ کر پانی پینا چاہیئے ج۲ ص۱۹ ۔ تین سانس میں پینا چاہیئے ج۱۲ ص۲۰۳

○ جنت کے دوسرے دروازے پر لکھا ہے اگر قیامت کی پیاس سے بچنا ہے تو پیاسوں کو پانی پلاؤ ج۲ ص۲۶

پرندہ ۔ حرم کی حدود میں آئے ہوئے پرندہ کو امان ہے جب تک حرم سے نکل نہ جائے ج۱ ص۱۸

○ پرندوں میں حلال وہ ہیں جن میں چار صفات پائی جائیں (۱) درندہ نہ ہو (۲) اڑنے میں پر مار کر اڑتا ہو۔ (۳) دانہ بھرنے کی اس کے اندر تھیلی ہو (۴) اس کے حرام ہونے پر نص نہ ہو ج۵ ص۵۰

○ وہ کونسا پرندہ ہے جو صرف ایک دفعہ اڑا ہے؟ جواب ۔ کوہ طور ج۶ ص۱۱۲

○ قیدی نے حضرت یوسف سے پوچھا تھا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے میرے سر پر طبق طعام ہے۔ اور گوشت خور پرندے اس سے کھاتے ہیں ج۸ ص۲۵

○ حضرت موسیٰؑ و خضرؑ نے دریا کے کنارے ایک پرندہ دیکھا تھا خطاف یا تیتر ج۸ ص۲۳۵

○ پرندے نے چونچ میں پانی لیا مشرق کی طرف پھینکا اور پھر لیا اور مغرب کی طرف پھینکا پھر آسمان کی طرف پھینکا اور آخر میں زمین کی طرف ڈالا ۔ دونوں نبی موسیٰؑ و خضرؑ حیران تھے کہ ایک فرشتہ بشکل آدمی نمودار ہوا اور وجہ پوچھی انہوں نے بیان کی اور اس ملک نے جواب دیا اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ حلفیہ کہہ رہا ہے مجھے اس ذات کی قسم جس نے مشرق کو مشرق اور مغرب کو مغرب بنایا آسمان کا زمین شامیانہ اور زمین کا خاکی فرش بچھایا وہ آخری زمانہ میں ایک نبی بھیجے گا جس کا نام محمد ہوگا اور اس کا ایک وصی ہوگا جس کا نام علیؑ ہوگا۔ تم دونوں کا علم اس کے علم کے مقابلہ میں ایسا ہے جس طرح قطرہ آب بھرے سمندر کے مقابلہ میں ج۸ ص۲۳۶

○ کوئی پرندہ اس وقت شکار ہوتا ہے جب ذکر خدا کو بھول جائے ج۹ ص۳۴

○ حضرت داؤد کی تسبیح میں جوابی طور پر پہاڑ اور پرندے بھی تسبیح پڑھتے تھے ج۹ ص۲۴۲ ج۱۱ ص۲۷۲ ج۱۲ ص۸۳

○ حضرت داؤد و سلیمان پرندوں کی زبانیں جانتے تھے ۔ ج۱ ص۲۳

○ حضرت سلیمان کے تخت پر پرندے پر پھیلا کر سایہ کئے رہتے تھے ۔ ج۱ ص۲۳۲

○ ھدھد کی غیر حاضری اور تادیبی جھڑکی ۔ ج۱ ص۲۳۴

○ ھدھد کا واپس آکر حضرت سلیمان کو ملکہ بلقیس کی حکومت کی اطلاع دینا ج۱ ص۲۳۸

○ پرندوں کا ہوا میں پرواز کرنا صنعت پروردگار کا عظیم کرشمہ ہے ۔ ج۱۴ ص۵۷

○ حاملین عرش چار فرشتے ہیں ایک بشکل انسانی انسانوں کے لئے رزق طلب کرتا ہے اور دوسرا بشکل

مرغ پرندوں کے لئے طالب رزق ہے تیسرا الشکل شیر جو درندوں کے لئے طالب رزق ہے چوتھا الشکل

○ بیل جو عام چوپایوں کے لئے طالب رزق ہے۔ ج۴ ص۹۴

پیرومرید ۔ بروز قیامت جھوٹے پیر و مرید ایک دوسرے سے بیزار ہوں گے۔ ج۲ ص۲۰ ج۱۱ ص۵ ج۱۲ ص۱۲۴ ج۹ ص۱۲۱

○ ہر پیروکار اپنے امام و مرشد کے پیچھے جہاں وہ جائے گا یہ بھی جائے گا ج۹ ص۶۱

○ مشرکین کو اپنے خداؤں (باطل معبودوں) سمیت جہنم میں داخل کیا جائے گا ج۹ ص۲۵۳

○ پیر پرستوں کا رویہ ج۱۲ ص۱۲۸

پیشاب پاخانہ ۔ جب موسیٰؑ نے عصا پھینکا تو فرعون کا پاخانہ نکل گیا۔ ج۶ ص۶۸ ج۱ ص۱۹۷

○ حرام جانور کا پیشاب اور پاخانہ نجس ہوا کرتے ہیں۔ ج۲ ص۳۸

پوپ پادری ۔ نجاشی نے ماریہ قبطیہ کو حضورؐ کی کنیزی کے لئے بھیجا تھا اور پوپ پادری بھی بھیجے تھے تاکہ آپ کا کلام سنیں اور حقیقت اسلامیہ کا جائزہ لیں۔ ج۵ ص۱۶۰

پناہ از شیطان ۔ کام سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنا چاہیئے ج۱ ص۱

پتھر پہاڑ ۔ جو پتھر حضرت موسیٰؑ کے پاس تھا بعض کہتے ہیں کہ عام پتھر تھا اور بعض نے کہا ہے کہ خاص قسم کا پتھر تھا جو ہر وقت ان کے پاس ہوتا بوقت ضرورت اس پر عصا مارتے تھے اور اس سے پانی کے چشمے ابل پڑتے تھے اور وہی پتھر قائم آل محمد کے پاس ہوگا۔ ج۲ ص۱۱۶

○ بعض پتھروں سے پانی نکلتا ہے اور بعض سخت ہوتے ہیں۔ ج۲ ص۱۲۶

○ لوگوں نے حضرت پیغمبرؐ کی خدمت میں عرض کی اگر آپ کی گواہی پہاڑ دے دیں تو ہم مان جائیں گے پس حضورؐ بنفس نفیس پہاڑ کے دامن میں تشریف لے گئے اور کہا اے پہاڑ! بحق محمد و آلہ جن کی برکت سے حاملین عرش کا بوجھ ہلکا ہوا اور بحق محمد و آلہ جن کے ذریعہ توبہ آدمؑ قبول ہوئی اور بحق محمد و آلہ جن کی بدولت ادریس جنت میں اٹھائے گئے تو محمد کی گواہی دے پس پہاڑ کا پہاڑ اور اس سے پانی جاری ہوا اور کلمہ شہادت کی صدا گونجی۔ ج۲ ص۱۲۷

○ مقام ابراہیمؑ ایک پتھر ہے جس پر حضرت اسمٰعیلؑ کی زوجہ نے حضرت ابراہیمؑ کو نہلایا تھا اور وہی جگہ مصلائے ابراہیمی ہے۔ ج۲ ص۱۷۴ ص۱۷۵

○ حجر اسود کعبہ کے ایک گوشہ میں نصب ہے یہ پتھر آدمؑ کے ہمراہ جنت سے آیا تھا ج۳ ص۱۱

○ جنگ احد میں لشکر اسلام کے سپاہی پہاڑی بکریوں کی طرح پہاڑوں پر چڑھتے ج۳ ص۳۹

○ ھند مادر معاویہ نے حضرت حمزہ کا جگر چبانا چاہا تو اللہ نے اسے پتھر کی طرح سخت کر دیا۔ پس اس نے مُنہ سے نکال کر پھینک دیا اور ملائکہ نے دوبارہ اسے اپنے اصلی مقام پر جوڑ دیا۔ ج۴ ص۱۳
○ حضرت صالح کی قوم پہاڑوں کو کرید کر ان میں اپنے گھر بناتی تھی ج۶ ص۴۵
○ جس پتھر سے حضرت صالح کی اونٹنی پیدا ہوئی وہ اُن کے نزدیک بڑا متبرک تھا ج۶ ص۴۹
○ حضرت صالح کو قتل کرنے کے لئے قوم کے چند بدمعاش اُن کی عبادت گاہ کے قریب ایک پہاڑ کی غار میں جا چھپے تو اللہ نے ان پر پہاڑ کو گرا دیا۔ ج۶ ص۵۱
○ غزوہ تبوک کی طرف جاتے ہوئے حضرت پیغمبرؐ اسی پتھر کے پاس سے گذرے۔ ج۶ ص۵۳
○ آپ نے ناقہ کے بچے کے چڑھنے کا مقام بھی بتایا پھر آپ نے فرمایا اس امت کا شقی ترین انسان وہ تھا جس نے ناقہ کو ذبح کیا اور اس امت کا شقی ترین انسان حضرت علیؑ کو قتل کرے گا ج۶ ص۵۳
○ خاتون جنت نے ناقہ صالح کی مثال دے کر اللہ سے دعا کی تھی ج۶ ص۵۳
○ قوم لوط پر پتھروں کی بارش برسائی گئی۔ ج۶ ص۵۵
○ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام دمشق میں دربار ہشام سے واپسی پر مدین سے گذرے تو لوگوں نے دروازہ بند کر دیا پس آپ پہاڑی پر چڑھے اور بَقِيَّتُ اللهِ خَيْرٌ لَّكُمْ الخ آیت پڑھی تو لوگوں نے دروازہ کھولا ج۶ ص۵۹
○ جب موسیٰؑ کی قوم نے گوسالہ پرستی شروع کی تو ان دنوں آپ کوہ طور پر تھے۔ ج۶ ص۹۷
○ حضرت موسیٰؑ کو تورات عطا ہوئی تو قوم نے قبول کرنے سے انکار کر دیا پس اللہ نے کوہ طور کو ان پر بلند کیا تو ڈر کے مارے سجدہ میں پڑ گئے ج۶ ص۱۱۲
○ اللہ نے پہاڑوں پر وحی کی کہ میں نوحؑ کی کشتی کو کسی پہاڑ پر ٹھیراؤں گا تو ہر پہاڑ نے سر بلند کیا لیکن کوہ جودی نے تواضع اختیار کیا پس نوحؑ کی کشتی نے کوہ جودی پر قرار پکڑا ج۷ ص۱۱
○ اللہ نے زمین پر پہاڑ زمین کے اضطراب کو ختم کرنے کے لئے پیدا کئے گویا یہ زمین کی میخیں ہیں۔ ج۸ ص۱۰
○ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے ایک خطبے میں اس حقیقت پر مکمل روشنی ڈالی ہے۔
○ کفار کو تنبیہہ کی گئی کہ اگر تم پتھر یا اس سے بھی سخت تر بن جاؤ تب بھی خدا تمہیں دوبارہ زندہ کرے گا ج۹ ص۳۶
○ مومن کی تعریف ہے کہ پہاڑ کی طرح اپنے عقیدہ پر جم کر رہے ج۹ ص۴۱
○ فرعون کی طرف نو نشانیوں میں سے ایک یہ پتھر بھی ہے جو موسیٰؑ کے پاس تھا۔ ج۹ ص۴۶
○ پہاڑ کی بڑی غار کو کہف اور چھوٹی کو غار کہا جاتا ہے۔ ج۱ ص۸۱
○ ایک قول ہے کہ رقیم پتھر کی تختی کا نام ہے جس پر اصحاب کہف کا واقعہ درج ہے۔ ج۱ ص۸۱

○ حضرت موسیٰ و یوشع جب مجمع البحرین پر پہنچے تو وہاں ایک شخص سویا ہوا تھا۔ جس کا سرہانہ ایک پتھر تھا۔ حضرت یوشع نے مچھلی کباب شدہ کو پتھر پہ رکھ دیا تو آبِ حیات کے قطرے پڑنے سے زندہ ہو کر پانی میں کود گئی۔ ج ۹ صـ ۱۰۰

○ دو پہاڑیوں کے درمیان ایک درہ تھا جس سے گذر کر یاجوج و ماجوج ادھر کی آبادیوں کو نقصان پہنچاتے تھے پس ذوالقرنین نے درمیان میں ایک بند تعمیر کر کے وہ راستہ بند کر دیا۔ ج ۹ صـ ۱۲۶ و صـ ۱۲۷

○ پتھر اور پہاڑ بھی حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ مصروف تسبیح ہو جایا کرتے تھے ج ۱ صـ ۲۴۲

پاکستان ۔ پاک و بھارت جنگ نے مسلمانوں کو اسلام کے زیادہ قریب کر دیا تھا ج ۶ صـ ۵۰

○ دورانِ جنگ میں پاکستان ج ۶ صـ ۶۵ پاکستان پر دوسرا بھارت کا حملہ ۳ دسمبر ۱۹۷۱ء ج ۱۱ صـ ۱۵۴ اور ۱۷ دسمبر کو جنگ بندی ج ۱۱ صـ ۱۸۳

پنجگانہ نماز ۔ ج ۹ صـ ۵ نماز پنجگانہ بھی باقیات و صالحات میں سے ہے ج ۹ صـ ۱۰۱

○ امتِ محمدیہ میں پانچ وقت کا نمازی اور ماہ رمضان کا روزہ دار عابدین میں شمار ہوں گے ج ۹ صـ ۲۵۸

○ نمازیں پانچ ہیں لیکن اوقات تین ہیں ج ۱۴ صـ ۱۵۴ اوقات نماز کے بیان میں ملاحظہ ہو۔ صـ ۴۴ کا حوالہ۔

پردہ کا حکم ۔ ج ۱ صـ ۱۲۹ و صـ ۱۵۶ ج ۱۱ صـ ۲۱۵

پانچ ۔ حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا میری امت میرے پاس پانچ علم لے کر وارد ہو گی۔

پہلا علم ۔ میری امت کے گوسالہ کا ہو گا۔ ان سے ثقلین کے متعلق باز پرس ہو گی۔

دوسرا علم ۔ فرعون امت کا ہو گا ان سے بھی ثقلین کی بابت پوچھا جائے گا۔

تیسرا علم ۔ میری امت کے سامری کا جھنڈا ہو گا اور وہی سوال ہو گا۔

چوتھا علم ۔ خوارج کا ہو گا یہ سب جہنم بھیجے جائیں گے۔

پانچواں علم ۔ حضرت علی ابن ابیطالب کا ہو گا ان کے چہرے سفید ہونگے داخل جنت ہوں گے ج ۶ صـ ۲۹

پانچ دریا جنت کی نہریں ہیں ۔ ۱۔ سیحون دریائے سندھ اپنے معاونوں سمیت ۲۔ جیحون علاقہ بلخ میں ہے ۳۔ دجلہ ۴۔ فرات ۵۔ دریائے نیل ج ۱ صـ ۶۳

اللہ فرماتا ہے میں نے پانچ کو پانچ میں رکھا ہے

علم کو بھوک میں رکھا ہے لیکن لوگ شکم سیری میں چاہتے ہیں۔

راحت کو جنت میں رکھا ہے لیکن لوگ دنیا چاہتے ہیں۔

تونگری کو قناعت میں رکھا ہے لیکن لوگ اس کو زر و مال میں ڈھونڈتے ہیں۔

عزت کو اپنے دروازہ پر رکھا ہے لوگ بادشاہوں کے دروازوں سے ڈھونڈتے ہیں۔
اپنی رضا کو خواہش نفس کی مخالفت میں رکھا ہے لوگ خواہش کی اطاعت میں چاہتے ہیں۔
پس وہ ان چیزوں کو کیسے پا سکتے ہیں۔ ج ۱۱ صہ ۲۵۹

علامات مومن پانچ ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ذکر میں گذر چکی ہیں۔

پل صراط - نماز تہجد پڑھنے والا پل صراط سے پرامن گذرے گا۔ ج ۴ صہ ۳۳
○ مومن اپنے اپنے مراتب کے لحاظ سے گذریں گے۔ ج ۱۴ صہ ۶۷

التاء

تمام وکمال میں فرق - تمامیت اجزاء کے لحاظ سے اور کمال اثر کے لحاظ سے ہوتا ہے ج ۲ صہ ۲۳ وصہ ۲۷ ج ۶ صہ ۸۵
○ ولایت علیؑ کے پہنچانے سے پہلے اسلام تمام ہو چکا تھا اور اب اکمال کی سند دی گئی ج ۵ صہ ۱۴

تقصیر - ج ۲ صہ ۱۹ وصہ ۲۱

تابوت بنی اسرائیل - ج ۲ صہ ۱۲۰

توحید - حضرت علی علیہ السلام کا جبریل کو درس توحید دینا۔ مقدمہ تفسیر صہ ۱۰۱
○ حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام کا فرمان در بیان توحید ج ۲ صہ ۱۵
○ ادلہ توحید یعنی مقام توحید پر قرآن مجید کا بیان کردہ چھ دلیلیں۔ ج ۲ صہ ۱۷
○ حضرت ابراہیمؑ کی طرف سے نمرود کے دربار میں توحید پر پیش کی جانے والی دلیلیں ج ۲ صہ ۱۴۳
○ اہل نجران کے ساتھ مناظرہ میں مقام توحید اور نفی ولد پر پیغمبرؐ کی طرف سے پیش کردہ چار دلائل ج ۳ صہ ۱۸۹
○ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ پ ۳ آل عمران مقام توحید ج ۳ صہ ۲۰۵
○ بیان توحید ج ۴ صہ ۹۵ ج ۵ صہ ۱۹۱ ۔ دلیل بر وجود خدا از روئے سائنس ج ۴ صہ ۹۶ صنعت پروردگار ج ۶ صہ ۱۰۲
○ فَلَمَّا جَنَّ پ ۷ انعام حضرت ابراہیمؑ کا طریق استدلال بر توحید ج ۵ صہ ۲۳۳
○ غیر خدا کو پکارنے کی مذمت ج ۶ صہ ۱۴۹ بیان توحید ج ۶ صہ ۲۰۲ ثنویہ کی دعوت توحید ج ۸ صہ ۹۶ وصہ ۱۰۱ وصہ ۱۱۲
صہ ۱۱۶ وصہ ۱۹۷
○ کَاَیِّنْ مِنْ دَآبَّةٍ پ ۱۳ ع یوسف ج ۶ صہ ۹۴ موت وحیات اللہ کے قبضہ میں ہے ج ۶ صہ ۱۲۶
○ دلیل توحید ج ۹ صہ ۳۳ دعوت توحید ج ۹ صہ ۱۲ وصہ ۱۷ وصہ ۲۲ بیان توحید ج ۱ صہ ۱۶۳

- تورات عبرانی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے شریعت ۔ ج۲ ص۱۱۹
- تورات میں اللہ کے احکام موجود تھے لیکن یہودی لوگ ان سے انحراف کرکے دوسرا راستہ اختیار کر لیتے تھے ج۵ ص۱۱۱
- یہودیوں کو حکم دیا گیا ہے کہ صحیح تورات کی پیروی کرو اور وہ محمد کی نبوّت کی تصدیق کرتی ہے ج۵ ص۱۴۶ ج۱۳ ص۱۰۱

الواح موسیٰ میں تمام علوم درج تھے اور وہ زبرجد کی تختیاں تھیں جو پہاڑ کے دامن میں بحکم پروردگار دفن کردی گئی تھیں چنانچہ یمن سے ایک قافلہ وہاں سے گذرا اچانک وہ پہاڑ پھٹا اور تختیاں نمودار ہوئیں پس انہوں نے اٹھالیں جب پیغمبرؐ کی خدمت میں آئے تو آپ نے فرمایا کہاں ہے وہ چیز جو تمہیں ملی ہے؟ انہوں نے پوچھا آپ کو کس نے بتایا ہے؟ فرمایا مجھے جبریل نے خبر دی ہے وہ لوگ مسلمان ہوگئے وہ تختیاں آپ نے حضرت علیؑ کے حوالہ کیں وہ تمام علوم حضرت علیؑ نے خود لکھ لئے اور اسی کا نام جفر ہے جو آئمہ کے پاس موجود ہے ج۶ ص۱۴۹

- جب تورات کو قبول کرنے سے یہودیوں نے انکار کیا تو اُن پر پہاڑ کوہ طور بلند کیا گیا پس وہ ایمان لائے ج۶ ص۱۱۲

حضرت موسیٰؑ تورات لائے تھے تو اس کی امت نے بھی اختلاف کیا تھا ج۷ ص۲۳۸

- حضرت موسیٰؑ کو جب تورات ملی تو دل میں سوچا کہ مجھ سے بڑا عالم کوئی نہیں ہے پس حکم ہوا کہ جاکر دو دریاؤں کے درمیان میرے ایک بندے کی پیروی کرو اور اس سے کچھ سیکھو۔ ج۹ ص۱۰۶
- لوگوں نے تورات اور قرآن کو جادو کہا ۔ ج۱۱ ص۴۲

تجسّس :۔ مومنین کی خفیہ باتوں کے سراغ لگانے کی کوشش کرنا اور تجسس کرنا ممنوع ہے ج۱۳ ص۱۰۴

تفسیر بالرائے ۔ تفسیر بالرائے کرنے والے کی بازگشت جہنم ہے مقدمہ تفسیر ص۸۴

- جو لوگ قرآن مجید کا علم آل محمد سے حاصل نہیں کرتے اور اپنی رائے اس میں داخل کرتے ہیں ان کی تفسیر ناقابل اعتماد ہے کیونکہ قرآن مجید کی تفسیر بالرائے گناہ کبیرہ ہے ۔ ج۳ ص۱۹۸ مقدمہ تفسیر ص۸۴ و ۷۹

تفسیر و تاویل قرآن ۔ مقدمہ تفسیر ص۴۷ و ص۱۰۵ ص۱۰۶ ج۳ ص۲۰۱ ج۸ ص۱۱۲ ج۱ ص۱۰۱

- ایسا نہیں کہ اگر کوئی آیت کسی خاص آدمی کے حق میں اتری اور وہ مرگیا تو آیت بھی مرگئی بلکہ آیت تاقیامت زندہ ہے اور اس کی تاویل تاقیامت باقی رہے گی جس طرح شمس و قمر ۔ مقدمہ تفسیر ص۱۰۷
- تاویل قرآن اور عبادات ظاہریہ مقدمہ تفسیر ص۱۱۹ ۔ تفسیر قرآن کا علم مقدمہ ص۲۱
- تاویل کا معنی و تشریح ج۳ ص۱۹۹ ج۱۱ ص۶۶ ، تنزیل و تاویل ج۱۲ ص۱۱۰
- آیتِ نور کی کچھ تاویلیں اور بیوت کی تفسیر ج۱۰ از ص۱۴۰ تا ص۱۴۴

تقیّہ :۔ جواز تقیہ پر قرآنی فیصلہ ج۳ ص۲۱۴

- تقیہ کرنا اللہ کا دین ہے حضرت یوسف نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا۔ اے قافلہ والو تم چور ہو حالانکہ وہ چور نہ تھے اور تقیہ و توریہ دو الگ الگ لفظیں ہیں جن میں ہر ایک کا مطلب جُدا جُدا ہے ج۵ ص۶۴
- بیان تقیہ اور حضرت عمار کا واقعہ۔ عمار کے والد یاسر کو تشدد کر کے کفار نے شہید کر دیا اور عمار نے تشدد سے بچنے کے لئے زبان پر کلمات کفر از راہ تقیہ جاری کر لئے تھے حضورؐ نے جب واقعہ سنا تو رو دیئے اور فرمایا اگر پھر بھی ایسا مقام کبھی پیش آ جائے تو تقیہ کر لینا۔ ج ص۲۴۵ تا ص۲۴۷
- حضرت موسیٰؑ کی بہن کا تقیہ یَكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ پ۲۰ قصص ج۱۱ ص۲۱
- حضرت عمار کا تقیہ۔ ج۱۱ ص۹۶
- مومن بھائیوں کے حقوق کی ادائیگی اور دشمنان دین سے تقیہ دونوں فرض ہیں۔ ج۱۱ ص۵
- مومن آل فرعون کا نام حزقیل تھا جو فرعون کا چچازاد تھا پس اس نے تقیہ کر کے اپنی جان بچائی جس کا قرآن میں ذکر موجود ہے۔ ج۱۲ ص۱۵۷

تحویل قبلہ: بحث تحویل قبلہ ج۲ ص۱۸۷

- دو قبلے ہیں پہلا قبلہ بیت المقدس اور دوسرا کعبہ ج۲ ص۲۶۲

توبہ: ابلیس کی گمراہی کے مقابلہ میں اللہ نے اولاد آدم کے لئے توبہ مقرر کی ہے۔ ج۱ ص۸۸

- قبول توبہ آدم ج۱ ص۹۶ بنی اسرائیل کی گوسالہ پرستی کے بعد توبہ ج۱ ص۱۰۱
- بنی اسرائیل کو باب حطہ سے گزرنے کا حکم تھا اور شیعان آل محمدؐ کے لئے آل محمد باب حطہ ہیں ج۱ ص۱۱۵
- موت سے پہلے توبہ کرنے والا گرفتار عذاب نہ ہوگا۔ ج۳ ص۲۷۱
- مقام حطیم پر حضرت آدمؑ کی توبہ مقبول ہوئی۔ ج۴ ص۱۱
- گناہ سے توبہ کرنا۔ ج۴ ص۱۵ ـ توبہ بہلول ج۴ ص۵۲ توبہ جلد۱ ص۱۸۶ و ج ص۱۹۸ و ص۲۱۱
- جو بھی از راہ جہالت گناہ کر بیٹھے اور پھر توبہ کرے تو خدا غفور رحیم ہے۔ ج۵ ص۲۱۴
- جب انسان گناہ کرتا ہے تو دل میں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے پس اگر توبہ کر لے تو وہ دھل جاتا ہے ورنہ جوں جوں گناہ کرتا جائے گا وہ نقطہ بڑھتا چلا جائے گا حتیٰ کہ اس کا پورا دل سیاہ ہو جائے گا اور پھر ایسا انسان توبہ کی طرف مائل نہیں ہوا کرتا۔ ج ص۹۴ ج۱ ص۱۹۱
- پہلے لوگ گناہ کرتے تھے تو ان کو فوراً سزا مل جاتی تھی لیکن امت محمدؐ پر اللہ کا یہ احسان ہے ان کو گناہ کے بعد توبہ کی مہلت دی گئی ہے۔ ج۱ ص۱۰۵
- فَاَمْطِرْ عَلَیْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ۔ پ۹ سورۃ انفال۔ حضرت پیغمبرؐ نے علیؑ کے فضائل بیان کئے

تو ایک بدوی سیخ پا ہوا پس آپ نے اس کو توبہ کی فہائش کی لیکن وہ نہ مانا پس اس پر پتھر نازل ہوا اور مر گیا۔ ج۱ ص۱۹۲

- جو صحابہ غزوہ تبوک میں ساتھ نہیں گئے تھے ان کی توبہ کا ذکر ج ص۱۱۱
- ایک شخص نے گانا سننے کے لئے اپنا ٹھہرنا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا فوراً توبہ کرو۔ ج۹ ص۳۱
- جب آدم کی توبہ قبول ہوئی تو آسمان سے مینہ برسا اور زمین نے سبزی اگائی۔ ج۹ ص۲۲۳
- توبہ مذنبین کی ہوا کرتی ہے نہ کہ مجرمین کی۔ ج۱ ص۲۰۳
- جو شخص نماز پڑھتا رہے وہ ضرور ایک دن اپنی غلطیوں سے توبہ کرنے پر موفق ہو جائے گا۔ ج۱۱ ص۹
- توبہ کا وسیلہ آل محمدؐ کی ولا ہے۔ ج۱۲ ص۴
- حضرت حمزہ کے قاتل وحشی نے جب مسلمان ہونا چاہا تو اس کی توبہ کے لئے آیت اتری۔ اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا۔ پ۲۴ زمر۔ پس وہ مسلمان ہو گیا۔ ج۱۲ ص۱۳
- نیکی ایک کرے تو دس گنا اور برائی ایک کرے تو سات گھنٹہ تک نہیں لکھی جاتی پس اگر توبہ کر لے تو ٹھیک ورنہ سات گھنٹے کے بعد ایک کی ایک ہی لکھی جائے گی۔ ج۱۲ ص۱۱۵
- بغیر توبہ کے مرنے والے کو برزخ میں اس کے گناہوں کی سزا دی جائے گی اگر مومن ہے ج۱۲ ص۱۸۶
- رسول اللہؐ کی دو بیویوں کو خدا نے توبہ کی فہائش کی کہ اگر توبہ کر لو تو فبہا ورنہ تمہارے دل راہ راست سے بھٹک چکے ہیں اور ابن عباس سے عمر نے پوچھا کہ وہ دو بیویاں کون تھیں تو اس نے جواب دیا کہ وہ عائشہ اور حفصہ تھیں (تفسیر ابن کثیر میں یہ روایت درج ہے) ج۱۴ ص۶۳
- تَوْبَۃً نَّصُوْحًا پ۲۸ ج۱۴ ص۶۶

تعویذ حفاظت: سورہ الاعراف کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنا حفاظت کا باعث ہے۔ ج۶ ص۴

- آیۃ الکرسی کا صبح و شام پڑھنا چور، ڈاکو، آتش زنی بلکہ ہر قسم کے موذیوں سے حفاظت کا موجب ہے۔ ج۳ ص۱۳۶
- سورہ انفال کا لکھ کر اپنے پاس رکھنا ایک حفاظتی قلعہ ہے۔ ج۶ ص۱۴۴
- سورہ ابراہیمؑ کا لکھ کر بچے کو باندھنا حفاظت کا موجب ہے۔ ج۸ ص۱۴۴
- سورہ کہف کو لکھ کر غلہ میں رکھنا کیڑوں مکوڑوں سے حفاظت کا موجب ہے اور گھر میں رکھنا فقر و قرضہ و لوگوں کی اذیتوں سے بچنے کا تعویذ ہے۔ ج۹ ص۶۹
- حاکم جابر کے سامنے کہیعص سے دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور حمعسق سے بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے انشاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ج۹ ص۱۳۵۔ سورہ مریم کا تعویذ باعث برکت ہے ج۹ ص۱۳۵

- سورہ شعراء کی تلاوت کرے چوری سے محفوظ ہوگا۔ ج۱۱ ص۱۸۹
- سورہ نمل کو لکھ کر رکھنا موجب حفاظت ہے۔ ج۱۱ ص۲۲۲
- سورہ سبا کو لکھ کر پاس رکھنا موجب حفاظت ہے۔ ج۱۱ ص۲۲۳
- سورہ یسین ج۱۲ ص۶، سورہ صفّت ص۳۱ کو اپنے پاس رکھنا موجب حفاظت ہے۔
- جاثیہ، احقاف، محمد، فتح، حجرات، ق، نجم، رحمٰن، مجادلہ اور ممتحنہ سورتوں کو لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھنا موجب حفاظت ہے۔ تفسیر کی جلد ۱۳ میں ان کا ذکر موجود ہے اسی طرح جلد ۱۴ میں آنے والی سورتوں صف، منافقون، تغابن، حاقہ، معارج، قیامت، مرسلات، عم، مطففین، انشقاق کو بطور تعویذ پاس رکھنا باعث برکت ہے۔

تعویذ برکت: قمیص ابراہیمؑ تعویذ یوسف تھا۔ ج۸ ص۹۷۔ سورۂ مومن کا تعویذ باعث برکت ہے ج۱۲ ص۱۴۱

- سورہ قمر کا تعویذ باعث عزت ہے۔ ج۱۳ ص۱۹۴

تفکّر ترتیل قرآن: قرآن مجید کو تعلقہ لسانی کے طور پر نہیں بلکہ ایسے انداز سے پڑھے کہ اس کا دل پر اثر ہو اس لئے حکم ہے کہ جب آیات جنت سامنے آئیں تو دعا مانگے اور جب آیات جہنم سامنے آئیں تو پناہ مانگے۔ مقدمہ تفسیر ص۷۸۔ دعوت تدبر و تفکر مقدمہ ص۲۲

- حضرت امیر علیہ السلام نے فرمایا۔ دلوں کو فکر سے بیدار کرو اور معصوم نے فرمایا۔ عبادتوں میں سب سے بہتر عبادت یہ ہے کہ اللہ اور اس کی قدرت میں فکر کیا جائے۔ ج۴ ص۹۵
- تفکر کی دعوت قرآن مجید میں عام ہے۔ تَفَکُّرُ سَاعَةٍ خَیْرٌ مِّنْ قِیَامِ لَیْلَةٍ۔ ایک گھنٹہ کا تفکر رات بھر کی عبادت سے بہتر ہے کیونکہ تفکر ہی معرفت کا ذریعہ ہے۔ ج۱ ص۱۴۱ تا ص۱۴۲
- جو شخص قرآن کے معانی میں تدبر کرے وہ معرفت و ایقان کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے۔ ج۴ ص۱۳۱
- فکر کرنے والوں کے لئے درس معرفت ج۸ ص۲۰۔ دعوت فکر ج۱۳ ص۹۔
- مومنوں کی صفت ہے کہ تفکر و تدبر کر کے منازل معرفت پہ فائز المرام ہوتے ہیں۔ ج۱ ص۱۸۸

تسخیر: مقدمہ تفسیر ص۱۳

تکبّر: خود پسندی اور تکبر غضب کی فرعیں ہیں۔ ج۴ ص۴۴

- تکبر نے ابلیس کو ملعون بنا دیا۔ ج۲ ص۸۳، ج۸ ص۱۱، ج۹ ص۱۰۲
- جس میں تین عادتیں ہوں وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ تکبر، خیانت، قرضہ ج۷ ص۳۰
- مومن کا میدان جنگ میں ناز و ادا سے چلنا اللہ کو پسند ہے لیکن گلیوں اور راستوں میں ناز و ادا

سے چلنا اللہ کو پسند نہیں ہے۔ ج۹ صـ۶۵۔ تکبر کی چال ممنوع ہے۔ ج۹ صـ۳۲

- دار آخرت ان لوگوں کے لئے ہے جو تکبر نہیں کرتے۔ پ۲۰ قصص۔ معصوم نے فرمایا۔ جس شخص کو اپنے جوتے کے تسمے پر بھی ناز ہوگا وہ بھی اس آیت کے مفہوم میں آئے گا۔ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ۔ ج۱۱ صـ۶۱
- متکبرانہ انداز اختیار کرنے والوں سے خدا انتقام لیتا ہے۔ ج۱۱ صـ۱۲۰
- تکبر سے چلنا اور اکڑ کر چلنا اللہ کو ناپسند ہے۔ ج۱۱ صـ۱۳۷
- بروز خندق دشمن کو قتل کر کے علیؑ نازو ادا کی چال چل کر واپس پلٹے تو علیؑ کی فاتحانہ چال پر کسی نے اعتراض کیا۔ آپ نے فرمایا۔ دشمن دین کے مقابلہ میں مجاہد کا متکبرانہ انداز بھی اللہ کو پسند ہے۔ ج۱۱ صـ۱۷۵
- دعا نہ مانگنے والے کو متکبر کہا گیا ہے اور افضل عبادت دعا کو قرار دیا گیا ہے۔ ج۱۱ صـ۱۶۱
- حضورؐ نے فرمایا۔ قاطع الرحم بوڑھا زانی اور تکبر سے چادر گھسیٹ کر چلنے والا جنت کی خوشبو نہ سونگھیں گے ج۱۳ صـ۲۰۲
- تکبر کرنے والے روز محشر بہرے اور گونگے اٹھیں گے۔ ج۱۴ صـ۱۲۴

کلام معصومؑ کی توہین: مقدمہ تفسیر صـ۴۵۔ کسی مومن کی توہین۔ ج۱۱ صـ۱۰۲، صـ۱۱۲

تقویٰ: هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ کی تفسیر ج۱ صـ۵۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فضیل سے فرمایا کہ ہمارے موالیوں کو میرا سلام کہنا اور پیغام دینا کہ ہم اللہ کی جانب سے تمہاری کسی بات کے ضامن نہیں مگر پرہیزگاری اور تقویٰ کے ساتھ پس اپنے ہاتھوں اور زبانوں کو قابو میں رکھو۔ ج۲ صـ۱۹۱۔ ایک روایت میں ہے خیثمہ سے فرمایا کہ ان کو تقویٰ کی وصیت کرنا۔ ج۶ صـ۳۸ و صـ۱۷۱

- بیان تقویٰ ج۴ صـ۲۲۔ حقیقت میں صبر و تقویٰ لازم و ملزوم ہیں۔ ج۴ صـ۲۵۔ شیعوں کے لئے پرہیزگاری ضروری ہے۔ ج۴ صـ۱۳۵
- متقین کے اوصاف ج۱ صـ۴۷۔ حکم تقویٰ ج۴ صـ۱۰۴۔ علیؑ سے متقی لوگ محبت کریں گے۔ ج۹ صـ۳۳
- درجات ایمان و تقویٰ۔ ج۹ صـ۱۶۵ حق کا دامن تھام لینا اور باطل سے اجتناب کرنا تقویٰ ہے۔ ج۹ صـ۱۷۳
- متقی لوگ جنت میں جائیں گے۔ ج۴ صـ۸ ج۹ صـ۱۸۴۔ کہیں گے خدا نے خیر محض بھیجا تھا جس میں تہدید و خیر تھی ج۹ صـ۲۰۶
- فرشتے ان کا سلام کریں گے اور ان کو جنت کی بشارت دیں گے۔ ج۹ صـ۲۰۷
- اللہ کی منع کردہ چیزوں سے بچنے کا نام تقویٰ ہے۔ ج۹ صـ۲۳۷۔ اِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ پ۲۷ قمر ج۱۳ صـ۱۷۶
- متقی لوگ قیامت کے دن بھی ایک دوسرے کے دوست ہوں گے۔ ج۱۲ صـ۲۴۸۔ اِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلٰلٍ وَّعُيُونٍ پ۲۹ مرسلات ج۱۴ صـ۱۵۹
- تقویٰ معیار فضیلت ہے ج۱۳ صـ۱۰۶۔ متقین کی نشانیاں ج۱۳ صـ۱۲۶

○ تقویٰ مومن کی نشانی ہے۔ ج۲ صہ۱۹۶

تبع ۔ یہودیوں نے حضرت پیغمبرؐ کی آمد کی انتظار میں مدینہ بسایا تھا ۔ جب بادشاہ وقت تبع کو اطلاع ہوئی تو اس نے چڑھائی کردی۔ یہودی قلعہ بند ہوگئے ۔ تبع نے کافی دنوں تک محاصرہ رکھا لیکن تھک گیا۔ اور صلح کرلی آخر کار اوس اور خزرج کو اس نے وہاں ٹھہرایا تاکہ آنے والے نبی کی خود مدد کریں گے اور ہمیں بھی اطلاع دیں گے ۔ ج۲ صہ۱۴۱

○ کعبہ پر پہلی غلاف پہلی دفعہ تبع نے رویلی چادروں سے چڑھایا تھا۔

○ تبع کا اصل نام اسعد ابوکرب تھا اور یمن کے قبیلہ حمیر سے تھا ۔ اس نے حمیر پر فوج کشی اور نیز سمرقند کو تاراج کرکے دوبارہ آباد کیا اور کہتے ہیں یمن کے حکمرانوں کا لقب تبع ہوا کرتا تھا جس طرح ترکیوں کو خاقان اور رومیوں کو قیصر کہا جاتا ہے ۔ ج۱۲ صہ۲۶۸

○ حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ بادشاہ تبع جب عراق سے حجاز کی طرف آیا تو اس کے ہمراہ علماء اور اولاد انبیاء کی ایک جماعت تھی پھر اس نے مکہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کرلیا تو اسے آنکھوں کی تکلیف لاحق ہوئی ۔ پس علماء و اولاد انبیاء کو بلا کر اُن کے سامنے اپنی تکلیف کا ذکر کیا تو انہوں نے پوچھا کیا تُو نے کوئی نئی بات سوچی ہے ؟ تو جواب دیا کہ ہاں میں نے مکہ پر حملہ کرکے اہل مکہ کے قتل کرنے اور کعبہ مسمار کرنے کا ارادہ کیا ہے تو انہوں نے کہا کہ اس تکلیف کی موجب یہی چیز ہے کیونکہ یہ شہر حرمت والا شہر ہے اور وہ مقدس گھر بیت اللہ ہے اور وہ لوگ اولاد ابراہیم ہیں چنانچہ ان کے مشورہ سے اس نے وہ ارادہ بدل دیا اور تکلیف رفع ہوگئی اور جن لوگوں نے وہ غلط مشورہ دیا تھا ان سب کو قتل کردیا پس مکہ میں داخل ہوا اور کعبہ پر غلاف چڑھایا اور ایک مہینہ تک لنگر جاری کیا پھر مدینہ میں آیا اور قبیلہ غسّان کے یمنی نژاد لوگوں کو وہاں ٹھہرایا اور انہی کی اولاد انصار کہلاتی ہے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ تبع مسلمان بادشاہ تھا ۔ ج۱۳ صہ۱۱۳ و صہ۱۱۴

تہجد : نماز تہجد کی فضیلت ۔ ج۴ صہ۳۲ ، ج۶ صہ۵ ، ج۱۱ صہ۱۴۹ ، ج۱۲ صہ۱۰ و ج۱۳ صہ۱۵۱ ۔ باقیات وصالحات کی ایک تعبیر نماز تہجد بھی ہے ۔ ج۹ صہ۱۰۱

○ قُم اللیل پ۲۹ ۔ مزمل ج۱۴ صہ۱۲۶ و صہ۱۲۷ و صہ۱۵۴

تختِ سلیمان ۔ ج۱ صہ۲۳۱ ، صہ۲۳۳ و ج۱۱ صہ۹۳

تکلّف : تکلف کرنے والا ظاہراً ریاکار اور درحقیقت منافق ہوا کرتا ہے ۔ ج۱۲ صہ۱۰۹

تشبّہ : خدا نے چار قسم کے آدمیوں پر لعنت کی ہے جو مرد اپنے آپ کو عورتوں کے مشابہ بناتا ہے اور جو عورت اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بناتی ہے اور تیسرا وہ جو کنوارا رہنا پسند کرے اور چوتھا مسخری کرنے والا ج۱ صہ۱۲۴

تقلید ۔ تقلید ضروری ہے لیکن تقلید اعلم کا وجوب ثابت نہیں ہوتا ۔ مقدمہ تفسیر صـ۷۱ ج ۲ صـ۱۵۵ ج صـ۲۱۴

○ قرآن اور مسئلہ تقلید ۔ مقدمہ تفسیر صـ۲۰۷ ج صـ۱۲۸ ۔ مسئلہ اجتہاد و تقلید ج صـ۱۳۹

تحلیہ و تخلیہ : یعنی انسان کو انسانیت کے بلند مقام پر فائز ہونے کے لئے پہلے عادات رذیلہ سے بچنا ضروری ہے تاکہ اس کے بعد حسن کردار اس کے مقام کو نمایاں کر دے جس طرح کسی انسان کو عمدہ لباس پہننا فائدہ مند نہیں جبتک کہ جسم کو آلائشات بدنیہ سے پاک و صاف نہ کرے پس عادات خسیسہ سے بچنا مقام تخلیہ ہے اور صفات حسنہ سے آراستگی مقام تحلیہ ہے ۔

○ برائیوں کو چھوڑنا اور نیکیوں کو اپنانا ۔ ج ۲ صـ۲۱۹ و ج صـ۲۳۸

○ آل محمدؐ کے حق میں نازل ہونے والی آیت تطہیر میں پہلے اذہاب رجس یعنی تخلیہ کا ذکر ہے اور اس کے بعد تطہیر تحلیہ کی نشاندہی ہے ۔ ج ۱۱ صـ۱۹۱ ۔ اور کلمہ شہادت میں پہلے لَا اِلٰہَ تخلیہ کا مقام ہے اور پھر اِلَّا اللہ تحلیہ کی منزل ہے ۔

تبرّی و تولّیٰ ۔ یہ بھی تخلیہ اور تحلیہ کی دو تعبیریں ہیں ۔ دشمنان آل محمدؐ سے نفرت تبرّیٰ ہے اور آل محمدؐ سے محبت تولّیٰ ہے ۔ ج ۲ صـ۲۹ تبرّیٰ کی وضاحت ج صـ۶ ۔ پس مقام تخلیہ سے مقام تحلیہ اہم ہے جیسا کہ ج صـ۷ پر ایک لطیفہ اسی امر کو ظاہر کرتا ہے اور اچھی تبلیغ یہی ہے کہ پہلے برائیوں سے نفرت دلائی جائے پھر نیکیوں کا امر کیا جائے ۔ ج صـ۱۸۶

○ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی دعوت میں جہاں پہلے باطل خداؤں کے نقائص بیان کئے وہاں بعد میں اللہ کے اوصاف بیان کئے تاکہ باطل سے نفرت اور حق سے محبت پیدا ہو اور تخلیہ کے ساتھ تحلیہ کا حسن واضح ہو جائے ۔ ج ۱ صـ۲۰۱

○ بُرے قرین سے تبرا ج ۱ صـ۱۷۴

تطہیر ۔ آیت تطہیر کی تفسیر و تشریح ۔ ج ۱۱ صـ۱۸۸

الثاء

ثمود ۔ قوم ثمود کی طرف حضرت صالح مبعوث ہوئے ۔ ج ۷ صہ ۴ ج ۱۲ صہ ۱۶۲

○ قوم ثمود کا مسکن وادی قری تھا ۔ ج ۱۱ صہ ۴ ، ج صہ ۲۲۲ ، ج ۱۳ صہ ۱۷۱

حدیث ثقلین ۔ مقدمہ تفسیر صہ ۶۵ و صہ ۲۳ و صہ ۸۵ و صہ ۱۴۲ ۔ ثقلین سے امت کا سلوک صہ ۱۴۵ ۔ ج صہ ۴۱

ج ۲ صہ ۵۳ ، ج ۳ صہ ۲۷ و صہ ۱۹۷ ۔ ج ۴ صہ ۲۵ و صہ ۲۹ ۔ ج ۵ صہ ۶۵ و صہ ۷ و صہ ۱۵ و صہ ۱۲۳ و صہ ۱۴۴ ، ج صہ ۶

ج صہ ۱۱ و صہ ۱۲ و صہ ۲۱۱ ۔ ج ۱۱ صہ ۱۹۳ ، ج ۱۲ صہ ۲۳۰ ج ۱۳ صہ ۱۸۴

ثالث ثلثہ ۔ پ ۶ مائدہ ۔ عیسائی عقیدہ کی تردید جو کہتے تھے کہ خدا تین میں سے تیسرا ہے ۔ ج ۵ صہ ۱۴۸

ثنویہ فرقہ ۔ یہ لوگ نور و ظلمت کو مدبر خلق مانتے ہیں ۔ ان کے نزدیک نیکیوں کے خالق کا نام یزدان اور برائیوں کے خالق کا نام اہرمن ہے اور اس کی دوسری تعبیر نور و ظلمت ہے ۔ یعنی نور خالق خیر اور ظلمت خالق شر ہے جلد ۵ صہ ۱۸۰ و صہ ۲۴۴ اور جلد ۷ صہ ۴۲ ۔ ثنویہ فرقہ کو دعوت توحید ج صہ ۲۱۵

ثانی اثنین ۔ حضرت پیغمبرؐ اور یار غار ج صہ ۵۱

ثواب : قرأت قرآن کا ثواب ۔ مقدمہ تفسیر صہ ۴۰ و صہ ۴۱ ۔ روزوں کا ثواب جلد ۲ صہ ۲۲ تا صہ ۲۲۵

○ روزہ افطار کرنے کا ثواب ج ۲ صہ ۲۳۳ ۔ عورت کے لئے بچہ پالنے کا ثواب ج ۲ صہ ۲۳۶

○ ثواب شہدا ج ۴ صہ ۸۲ ۔ روزۂ غدیر کا ثواب ج ۵ صہ ۳۷

○ ثعلبہ نامی شخص کا واقعہ جو پیغمبرؐ کی دعا سے مالدار ہو گیا لیکن زکوٰۃ مال کا انکاری ہو کر اسلامی تعلیمات سے منحرف ہو گیا (یہ واقعہ مالدار لوگوں کے لئے باعث عبرت ہے) جلد ۷ صہ ۹۵

ثقیف قوم کے جد اعلیٰ کا نام ابورغال تھا جو حضرت صالحؑ کی قوم سے تھا اور بوقت عذاب یہ شخص حرم خدا میں تھا جب حرم سے نکلا تو گرفتار عذاب ہوا ۔ ج صہ ۵۳

اَلجِیمُ ج

جہاد ۔ (جذب و دفع) کا فلسفہ ج۳ ص۱۲۷ ۔ ماں کی خدمت جہاد ہے ج۲ ص۱۳۱ ۔ جہاد نفس افضل جہاد ہے ۔ ج۴ ص۵۰ و ص۵۷ ج۶ ص۲۷ ۔

- جہاد کی مصلحت ج۳ ص۳۹ و ص۱۳۴ ۔ جہاد واجب کفائی ہے یعنی اگر سب مسلمان ترک کر دیں تو سب گنہگار ہوں گے لیکن اگر کچھ آدمی مصروف جہاد ہو جائیں جو دشمن کے مقابلہ میں کافی ہوں تو باقیوں سے ساقط ہے ج۳ ص۳۴ و ص۴۴
- دشمنانِ خدا سے جہاد کے وجوب کی علّت ۔ ج۵ ص۲۱ ۔ حضرت علیؑ کے نزدیک جہاد سے فرار کرنا کفر ہے ۔ ج۵ ص۵۳ ج۱۳ ص۱۵۸ ۔
- جہاد کا حکم ۔ ج۶ ص۳۹ و ص۹۶ و ص۱۴۱ ج۱۳ ص۱۲۴ ۔ قوموں کی ترقی کا راز مجاہدانہ زندگی میں مضمر ہے ۔ ج۶ ص۴۹ و ص۶۴ ۔
- ثوابِ جہاد ۔ ج۴ ص۸۳
- جنگ در اشہر حرام ۔ حرمت والے مہینوں میں جنگ کرنا حرام ہے ۔ ج۲ ص۲۳۴ ۔ ج۶ ص۴۵ ۔ جنگِ پاکستان ج۱۱ ص۱۵۴

جُوا ۔ جوئے سے حاصل ہونے والا مال حرام ہے ۔ ج۲ ص۲۴ ج۳ ص۴۹ ۔ جوئے کی حرمت ۔ ج۵ ص۱۶۳

- قوم لوطؑ پر عذاب کی وجوہات میں سے ایک وجہ ان کی جُوا بازی تھی ۔ ج۱۱ ص۸۱
- وُہ گناہ جو بے عزتی و بے حرمتی کے موجب ہیں ان میں سے جُوا بازی بھی ہے ۔ ج۱۱ ص۱۲۰

جادو ۔ جادو کے دفع ہونے کا عمل ج۶ ص۱۴۰

جَفر ۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ الواح موسیٰ میں علم جفر تھا وہ ایک پہاڑ میں دفن تھیں چنانچہ زمانِ پیغمبرؐ میں ایک یمنی قافلہ ان کو نکال کر حضورؐ کے پاس لایا ۔ آپؐ نے حضرت علیؑ کو اپنی قلم سے لکھنے کا حکم دیا اور امام نے فرمایا وہ جفر اب بھی ہمارے پاس موجود ہے ۔ ج۶ ص۹۴ ۔

- علم جفر ایک وسیع علم ہے سب سے پہلے جفر کے لکھنے کا طریقہ معلوم ہونا ضروری ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں ۔ (۱) جفر جامع (۲) جفر کبیر اور دونو کا طریقہ الگ الگ ہے ۔
- **شرائط کتابت** :۔ (۱) طہارت اربعہ یعنی ظاہر و باطن دل اور زبان کو پاک رکھنا ضروری ہے ۔ (۲) جس مکان میں جفر لکھی جائے سفید پاکیزہ سرکشودہ ۔ برلب آب رواں ہو ۔

(۳) تنہائی میں لکھے کھانا کم حلال وطیب غذا ہو۔
(۴) نیند کم ذکر زیادہ لکھتے وقت متفکر نہ ہو بااطمینان ہو۔
(۵) چار حروف آپس میں متصل نہ ہوں خصوصاً پہلے دو حرف اور اضلاع سے بھی ملحق نہ ہوں۔
(۶) حروف کی آنکھیں کھلی ہوں۔
(۷) کوئی حرف گھر چا نہ جائے اصلاح و غلط نہ ہو نقطے درست ہوں۔
(۸) کاغذ بے سوراخ و بے داغ ہو۔
(۹) کتابت سعد ایام و سعد ساعات میں ہو۔
(۱۰) قمر حضیض و عقرب و نحوست میں نہ ہو۔
(۱۱) بخورات پاکیزہ ہوں۔
(۱۲) لوگوں سے میل جول کم اور دنیاوی مشاغل سے آزاد ہو لہو ولغو سے پرہیز ضروری ہے۔
(۱۳) تمام خانہ جات مربع قائم الزوایا اور متساوی الاضلاع ہوں۔
(۱۴) ایک ہزار دن میں کتابت مکمل ہوگی بروز ہفتہ اور کسوف وخسوف میں نہ لکھی جائے گی۔
(۱۵) مکان عورتوں کی گذر سے پاک ہو۔
(۱۶) مکان پاکیزہ بدن ولباس پاک بستر پاک تقویٰ وصدق لازم
(۱۷) بوقت کتابت کتے اور گدھے کی آواز کان میں نہ آئے۔
(۱۸) کاغذ روشنائی خوراک پاک اور حلال ہو۔

فوائد جفر

اگر باشرائط لکھی جائے۔

- جس گھر میں ہوگی وہ گھر آفات وبلیات سے محفوظ ہوگا۔
- لکھنے والے کو غائب چیزوں کا علم ہوگا
- مرگ مناجات سے اللہ محفوظ رکھے گا۔
- اہل خانہ کی بددعائیں اور بری خصلتیں نیکی سے بدل جائیں گی۔
- اس گھر میں چور ڈاکو نہ گھس سکیں گے۔ ورنہ ذلیل ہوں گے۔
- صاحب کتابت کی دعا مستجاب ہوگی اور لوگوں کی نظروں میں محترم ومکرم ہوگا۔

- جس گھر میں ہو وہ برکتوں کے نزول کا مرکز ہوگا۔
- سفر میں ساتھ ہو تو سفر پر امن ہوگا۔
- ترتیب ابجدی سے یا ترتیب ہجائی سے لکھی جا سکتی ہے۔
- اس کے اسماء یہ ہیں: تکسیر اعظم، اسم کبیر، جفر جامع، عقل فعال، لوح محفوظ اور مصحف قمری۔
- یہ کل اٹھائیس [۲۸] اجزاء ہوں گے جن کو اقالیم کہا جاتا ہے (اقالیم ۲۸) ہر اقلیم (ہر جزو) کے ۲۸ صفحات ہونگے جن کو شہر کہا جاتا ہے (کل صفحات ۷۸۴)۔ ہر شہر یعنی ہر صفحہ پر ۲۸ سطریں ہوں گی جن کو محلہ کہا جاتا ہے (کل سطریں (محلّے) ۲۱۹۵۲)۔ ہر محلہ یعنی ہر سطر میں ۲۸ خانہ جات ہوں گے جن کو بیت کہا جاتا ہے۔ کل خانے (۶۱۴۶۵۶) اور ہر خانہ میں چار حرف ہوں گے جنہیں ساکنین کہا جاتا ہے۔ ۲۴۵۸۶۲۴۔
- جفر جامع کی کتابت میں پہلے خانہ پھر محلہ پھر شہر اور آخر میں اقلیم درج ہوتا ہے

	خانہ ۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	
(محلہ) سطر اول	اااا	بااا	جااا	دااا	هااا	وااا	زااا	حااا	طااا	تاغین
سطر ۲	ابال	ببال	جبال	دبال	هبال	وبال	زبال	حبال	طبال	″
سطر ۳	اجال	بجال	ججال	دجال	هجال	وجال	زجال	حجال	طجال	″
سطر ۴	ادال	بدال	جوال	دوال	هدال	ودال	زدال	حدال	طدال	″
سطر ۵	اهال	بهال	جهال	دهال	ههال	وهال	زهال	حهال	طهال	″

اقلیم اوّل کا شہر دوم

- یعنی پہلا حرف خانے کا دوسرا حرف محلہ کا تیسرا حرف شہر کا اور چوتھا حرف اقلیم کا ہے

اقلیم اول ۲ صفحہ دوم											
اول سطر	ااب ا	باب ا	جاب ا	داب ا	هاب ا	واب ا	زاب ا	حاب ا	طاب ا	یاب ا	کاب ا
دوم سطر	ابب ا	ببب ا	جبب ا	دبب ا	هبب ا	وبب ا	زبب ا	حبب ا	طبب ا	یبب ا	کبب ا
سوم سطر	اجب ا	بجب ا	ججب ا	دجب ا	هجب ا	وجب ا	زجب ا	حجب ا	طجب ا	یجب ا	کجب ا

اسی طرح ۲۸ صفحات پُر ہوں گے۔

اور بعد دوسری جزو (اقلیم شروع ہوگی) تو چوتھا حرف ب ہوگا۔

جزو ۲ (یعنی اقلیم ۲)

صفحہ سطر ۱	ااب	بااب	جااب	دااب	هااب	وااب	زااب	حااب	طااب	یااب	کااب	لااب	مااب	نااب
صفحہ سطر ۲	ابب	بابب	جابب	دابب	هابب	وابب	زابب	حابب	طابب	یابب	کابب	لابب	مابب	نابب

اور جفر کبیر میں اس کے برعکس پہلے اقلیم پھر شہر پھر محلہ پھر آخر میں خانہ لکھا جاتا ہے۔

○ اگر ۲۸ حروف کا تکسیر نہ کر سکے تو حروف نورانیہ مقطعات، جو چودہ ہیں ان کی تکسیر کرے بہت فوائد اس میں موجود ہیں خصوصاً وسعتِ رزق و عزتِ نفس وہ یہ ہیں۔

جفر کبیر کے لکھنے کا طریقہ

۱۱۱۱	۱۱۱ب	۱۱۱ج	۱۱۱د	۱۱۱ھ	۱۱۱و	۱۱۱ز	۱۱۱ح	۱۱۱ط
۱۱ب۱	۱۱بب	۱۱بج	۱۱بد	۱۱بھ	۱۱بو	۱۱بز	۱۱بح	۱۱بط

ا ل م ص ر ک ھ ی ع ط س ح ق ن

۱۱۱۱	۱۱۱ل	۱۱۱م	۱۱۱ص	۱۱۱ر	۱۱۱ک	۱۱۱ھ	۱۱۱ی	۱۱۱ع	۱۱۱ط	۱۱۱س	۱۱۱ح	۱۱۱ق	۱۱۱ن
ال۱۱	لل۱۱	مل۱۱	صل۱۱	رل۱۱	کل۱۱	ھل۱۱	یل۱۱	عل۱۱	طل۱۱	سل۱۱	حل۱۱	قل۱۱	نل۱۱

○ جفر جامع کے طریق پر پُر کرے۔ ○ ہر رات چودہ صفحات پُر کرے۔

○ اور چودہ راتیں اسی طرح پُر کرے۔

○ قمر زائد النور میں پُر کرے۔

○ اور چودہ مہینے عمل کو مسلسل کرے۔ ترقیٔ درجات۔ بلندی عزت و اقبال اور وسعت رزق کے لئے۔

جنگِ بدر: جنگِ بدر کی طرف اشارہ۔ ج۳ ص۲۰۲، ج۴ ص۴۳ و ص۴۵ و ص۷۹ ج۵ ص۱۱۸ جنگ بدر کی تفصیل ج۶ ص۱۵۵ تا ص۱۸۶ جنگ بدر میں ملائکہ کی آمد۔ ج۶ ص۲۴۳۔ جنگ بدر ج۷ ص۲۵۳ ج۱۰ ص۱۰۳ و ص۱۵۱ ج۱۴ ص۶

○ حضرت پیغمبرؐ سے دشمنی کے نتیجے میں کفار مکہ جنگ بدر کے عذاب میں گرفتار ہوئے ج۹ ص۲۱ ج۱۰ ص۲۶ ج۱۲ ص۲۱ ج۱۲ ص۲۳۸

جنگِ تبوک: غزوہ تبوک کے موقعہ پر منافقین کا رویہ ج۷ ص۹۲ و ص۹۷ اور ج۱۱ ص۱۵۹۔ غزوہ تبوک سے واپسی کے موقعہ پر بعض منافقین نے حضرت پیغمبرؐ کے قتل کا ارادہ کیا تھا جبکہ حضورؐ پہاڑی راستہ عبور کر رہے تھے اور حذیفہ کے ہاتھ میں سواری کی مہار تھی ان منافقوں نے اپنے چہروں پر نقاب ڈالے ہوئے تھے جن کو پہچانا نہ جا سکا لیکن حضورؐ نے حذیفہ کو ان بارہ آدمیوں کے نام بتا دیئے تھے شاید اسی بناء پر حضرت عمر حذیفہ سے پوچھا کرتے تھے کہ کیا ان ناموں میں سے حضورؐ نے میرا نام تو نہیں لیا تھا جیسا کہ میزان الاعتدال میں علامہ ذہبی نے بھی ذکر کیا ہے۔ خدا جانے حضرت عمر کو اپنے اوپر شک کیوں تھا؟

○ غزوہ تبوک کا تفصیلی جائزہ ج۸ ص۱۰۲ تا ص۱۱۱ میں ملاحظہ فرمائیے۔ توبہ کرنے والوں کا ذکر ص۱۲۶ پر موجود ہے۔

جنگِ خندق - حی بن اخطب یہودی کی ریشہ دوانیاں ہی جنگ خندق کا موجب ہوئی۔ ج۲ ص۱۵۴ ج۵ ص۱۵۳ پر بھی موجود ہے۔ جنگ خندق سے پہلے ماہ رمضان میں رات کو سو چکنے کے بعد کھانا حرام ہو جاتا تھا چنانچہ مطعم بن جبیر دن کا تھکا ماندہ جب گھر پہنچا تو بیوی کے کھانا لے آنے سے پہلے اس کو نیند آگئی جب بیدار

ہوا تو اس نے کہا کیونکہ میں سو چکا ہوں لہٰذا اب کھانا میرے اوپر حرام ہے پس دوسرے دن پھر روزہ رکھ لیا اور خندق کی کھدائی میں شامل ہو گیا چنانچہ اسی دوران میں وہ بے ہوش ہو گیا اور بعض دیگر صحابہ بھی تکلیف زدہ ہوئے۔ تب پہلا حکم منسوخ ہوا اور رات بھر تا طلوع صبح کھانے کی اجازت ہو گئی ج۲ ص۲۳

○ جنگ خندق میں کھدائی کے حصص مقرر ہوئے تو حضرت سلمانؓ کو پیغمبرؐ نے اپنے ساتھ ملا کر فرمایا اَلسَّلْمَان مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ ج۵ ص۲۱۱

○ جب دوران جنگ میں خندق کو پار کر کے عمرو بن عبدود نے مسلمانوں کو للکارا تو کسی میں اس کے مقابلہ کرنے کی جرأت نہ تھی چنانچہ حضرت عمر نے ایک گزرا واقعہ یاد دلا کر لوگوں کے حوصلے پست کر دیئے انہوں نے بیان کیا ایک دفعہ سفر شام میں یہ شخص ہمارا رفیق سفر تھا اور ڈاکوؤں کے ایک ہزار پر مشتمل بھاری اور مسلح گروہ نے ہم پر حملہ کر دیا تو اس شخص نے ہاتھ میں تلوار لی اور ایک پنجسالہ اونٹ کو ایک ہاتھ میں بطور ڈھال اٹھا کر ڈاکوؤں کے مسلح گروہ پر حملہ کر دیا پس وہ ڈر کے مارے قافلہ والوں کا سب لوٹا ہوا مال و اسباب چھوڑ کر بھاگ گئے پس صحابہ میں بزدلی کی لہر دوڑ گئی اور حضرت علیؑ نے باذنِ پیغمبرؐ میدانِ جہاد میں قدم رکھا اور عمرو بن عبدود کو واصل جہنم کر کے ایمان کل کا خطاب پایا۔ ج۵ ص۸۹۔ نقلاً از معارج النبوۃ جنگ خندق کے موقعہ پر سورج واپس پلٹا تھا۔ ج۵ ص۸۶

○ جنگِ خندق کی طرف اشارہ۔ ج۲ ص۷۵ ج۵ ص۱۱۔ جنگ خندق کی تفصیل ج۱۱ ص۱۶۳ تا ص۱۸۰

○ جنگِ خندق میں بعض صحابہ کی پہلو تہی۔ ج۱۳ ص۱۰۸

جنگ خیبر - حضورؐ نے فرمایا آج علم اس کو دونگا جو خدا و رسول کا محبوب اور محب ہوگا اور کرار وغیر فرار ہوگا ذیل آیت يُحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗ پ۶ مائدہ ج۵ ص۱۱۲ اور ص۱۲۸ پر بھی اسی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے نیز ج۵ ص۱۱ اور ج۶ ص۴۷ پر بھی مذکور ہے۔

○ حضرت جعفر طیارؓ حبشہ کے کامیاب دورہ کے بعد خیبر میں حاضر بارگاہِ پیغمبرؐ ہوئے تو حضورؐ بہت خوش ہوئے۔ ج۵ ص۱۶۰ اور حضرت جعفر طیار کو ایک نماز تعلیم فرمائی جس کو زندگی بھر میں ایک دفعہ پڑھنے والے کے بھی تمام گناہوں کی بخشش کی ضمانت دی گئی ہے۔ نماز مذکور کا طریقہ ہم نے اپنی کتاب انوارِ شرعیہ میں ذکر کیا ہے۔ جنگِ خیبر کی تفصیل ج۱۲ ص۷۷ تا ص۸۲ ملاحظہ فرمائیں اور سورہ فتح میں مبین سے مراد جنگ خیبر کی فتح ہے جس کا سہرا حضرت علی علیہ السلام کے سر پر ہے۔ ج۱۳ ص۵

جنگِ جمل - حضرت علیؑ کی حکومت کو ناکام بنانے کے لئے جنگ جمل چھیڑ دیا گیا۔ ج۵ ص۲۷

○ حضرت علیؑ سے جنگِ جمل کرنے والوں کو ناکثین کہا جاتا ہے۔ ج۵ ص۱۲ ج۷ ص۲۰، ج۸ ص۲۴ و ج۱۴ ص۱۱۹

- جنگ جمل کی فتح کے بعد حضرت علی علیہ السلام کا رویہ۔ ج ۱۳ ص ۹۹
- حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے جنگ جمل کی فتح کے بعد اہل بصرہ کو اہل موتفکہ سے تعبیر فرمایا۔ ج ۱۳ ص ۱۶۲ و ج ۱۴ ص ۹۳

جنگ صفین۔ حضرت امیر المومنین علیہ السلام ایک باریک قمیص پہن کر مصروف جہاد تھے تو حضرت محمد حنفیہ کے سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا۔ اے فرزند! تیرے باپ کو پرواہ نہیں کہ موت پر داخل ہو یا موت اس کی طرف آجائے۔ ج ۵ ص ۱۴۴۔ حضورؐ نے عمار سے فرمایا تھا کہ تجھے باغی جماعت قتل کرے گی اور تاکید فرمائی کہ حق کا ساتھ نہ چھوڑنا۔ ج ۵ ص ۸۲۔ جنگ صفین میں حضرت علیؑ کے ساتھ لڑنے والوں کو قاسطین کہا جاتا ہے۔ ج ۵ ص ۱۲۰، ج ۱ ص ۲۱ و ص ۲۲ و ج ۱۴ ص ۱۱۹۔ فیصلہ تحکیم بعد جنگ صفین ج ۷ ص ۹۴

- جنگ صفین سے واپسی پر حضرت علیؑ کے لئے غروب کے بعد سورج واپس پلٹا آپ نے نماز ظہر و عصر پڑھی۔ ج ۵ ص ۸

جنگ نہروان۔ فیصلہ تحکیم کے بعد خوارج کے گروہ نے حضرت علیؑ سے لڑائی کی اور اسی جنگ کو جنگ نہروان کہا جاتا ہے۔ ج ۱۴ ص ۱۱۹۔

- اور اس جنگ میں حضرت علیؑ کے مخالفین کو مارقین کہتے ہیں۔ ج ۵ ص ۱۲۰ ناکثین قاسطین مارقین ج ۱ ص ۲۱

خلاصۃ القول۔ یوں تو حضرت علیؑ کی پوری زندگی مرقع جہاد ہے لیکن اگر نظر تحقیق سے جائزہ لیا جائے تو یقین ہوتا ہے کہ حضرت علیؑ نے اعلائے کلمۂ حق کے لئے تین محاذوں پر جہاد فرمایا۔ (۱) محاذ توحید چنانچہ جنگ بدر اور جنگ احد، جنگ خندق و حنین وغیرہ مشرکین کے ساتھ لڑی گئیں اور کلمہ توحید ہی بنیاد اختلاف تھا۔ پس ان جنگوں میں فاتحانہ انداز سے حضرت علیؑ نے پرچم توحید کو بلند فرمایا (۲) محاذ رسالت۔ یہ جنگ خیبر ہے جہاں مدمقابل مشرک نہیں بلکہ یہود تھے جو کلمہ توحید کا اقرار کرنے کے بعد حضرت پیغمبرؐ کی نبوت و رسالت کے منکر تھے پس حضرت علیؑ نے اس جنگ میں نمایاں فتح حاصل کر کے پرچم کفر کو سرنگوں کر کے پرچم رسالت کو بلند فرمایا۔ (۳) محاذ ولایت۔ یہ جنگ جمل جنگ صفین اور جنگ نہروان کی تین جنگیں ہیں۔ جن میں حضرت علیؑ کے مدمقابل نہ تو کلمہ توحید کے منکر تھے اور نہ کلمہ رسالت کا انکار کرتے تھے صرف مقام ولایت کے منکر اور خلافت علیؑ کے دشمن تھے پس آپ نے ان جنگوں میں فاتحانہ کردار ادا فرمایا۔ گویا حضرت علی علیہ السلام پوری زندگی میں تین محاذوں پر لڑے چنانچہ محاذ توحید پر شرک کو شکست دیکر لا الہ الا اللہ کی لاج رکھی اور محاذ رسالت پر کفر کو زیر کر کے محمد رسول اللہ کا کلمہ پڑھوایا اور محاذ ولایت پر منافقین سے نبرد آزما ہو کر کلمہ ولایت سے لوگوں کو روشناس

کرایا۔ اس طرح سے لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ مکمل ہوا۔
حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا تھا کہ جس طرح میں تنزیل قرآن کے ماتحت جنگ کرتا ہوں حضرت علیؑ تاویل قرآن کے مطابق جنگ کرے گا وہ جمل صفین اور نہروان کی تین جنگیں ہیں جو مرتد لوگوں کے ساتھ حضرت علیؑ نے لڑیں۔ ج ۵ صہ ۱۲۱ ۔ زیر آیت ع۲۶ سورۂ مائدہ ۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس آیت کا مصداق میں ہوں۔

معکوس ذہنیّت کے مصائب

- یہ دَور جو آجکل کے منچلے لوگوں کی خود ساختہ دخود پرداختہ اصطلاح کے مطابق روشنی کا دَور ہے سائنسی دَور ہے اور انسان کے لیئے ارتقائی دَور ہے کس قدر مقام تعجب ہے کہ اپنے افکار و انظار کو اغیار کی کاسہ لیسی کی بدولت ان کی چاہ کے سانچے میں ڈھالنے کی ہر ممکن کوشش کو عمل میں لانے کے باوجود روشن خیالی اور بلند دماغی کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے ان مسلمانوں کے لیئے اسے ارتقائی دَور کہنا کس طرح زیبا ہے جن کا اپنے ذہن و دماغ کا صرف دیوالیہ ہی نہیں بلکہ جنازہ نکل چکا ہے۔ اپنے سونے سے اغیار کے پیتل کو بنظر استحسان دیکھنے والے۔ اپنے حسن عمل کو دوسروں کی بداعمالیوں پر قربان کرنے والے اپنے حیا کو اغیار کی بے حیائی کی بھینٹ چڑھانے والے اپنی شرافت کو مغرب کی بے حیائی پر نچھاور کرنے والے بلکہ اپنی ہر اچھی و نیک ادا سے اغیار کے افسوسناک والمناک وخطرناک کردار کو ترجیح دینے والے مسلمانوں سے انسان کیونکر توقع رکھ سکتا ہے کہ ان کی نگاہوں میں حق و صداقت کی بھی کچھ وقعت ہے یا یہ کہ باطل وجھوٹ اور مکر و فریب بھی قابلِ اجتناب چیزیں ہیں۔ جبکہ حق و صداقت کی طرفداری ہی رجعت پسندی کے خطاب کی پیش خیمہ ہو۔
- پورا معاشرہ ذہنی انحطاط کی اس منزل پر پہنچ چکا ہے کہ حق کو حق کہنے والا جھینپتا ہے اور اگر کہہ گزرے تو اس کے بھیانک انجام سے خوفزدہ رہتا ہے اور ایسے شخص کی طرف استعجاب میں ڈوب کر عوامی نظریں اٹھتی ہیں اور کافی دیر تک اس کا تعاقب کرتی ہیں جس کے نتیجہ میں بالآخر حق کو حق کہنے اور اپنی حق گوئی کو اپنی ناقابل عفو غلطی تصور کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔
- دوسری طرف مکر و فریب اور کذب و باطل کے اوڑھنے بچھونے میں بسر کرنے والا ننگ انسانیت فرد حق و صداقت سے ٹکرانا اپنی جوانمردی اور بلند ہمتی تصور کرتا ہے اور جب ٹکرانے لگتا ہے تو پورے معاشرہ کو اپنی داد تحسین بلکہ امداد و تائید پر آمادہ کرتا ہے اور ایسے شخص کو عوامی جذبات خیر سگالی کے پیغامات

سے ہوتے ہیں ہر سو بحث کرتے ہیں۔

○ مقامِ حیرت ہے کہ ترقی پذیر اذہان اہلِ مغرب کی ٹیڑھی راہوں پر چلتے ہوئے تو ملا کی تنقید کی ذرہ بھر پرواہ نہیں کرتے لیکن جب حضرت علی علیہ السلام کے فضائل و مناقب واضح آشکار طور پر سامنے آئیں تو ملا کی باتوں پر کان دھرتے ہوئے حق و انصاف کا ساتھ دینے سے گریز کرتے ہیں اس سے بڑھ کر ذہنی انحطاط اور کیا ہو سکتا ہے۔

جنگِ احد: ج۴ صـ۳۶ پر جنگ احد کا ذکر ہے اور جنگ احد میں شہید ہونے والے مسلمانوں کی تعداد ستر تھی جن میں صرف چار مہاجر تھے باقی سب انصاری تھے ان کی مکمل فہرست ج۴ کے صـ۴۲ پر درج ہے۔

○ جنگِ احد سے واپس چلے جانے کے بعد کفار نے راستہ ہی میں ایک منصوبہ تیار کر لیا کہ واپس جا کر مدینہ میں لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم کیا جائے تاکہ آئندہ کے لئے مسلمانوں کو کفار کے خلاف جنگ لڑنے کی جرأت نہ ہو سکے ادھر مسلمانوں کو حکم ہوا کہ تم ان کا تعاقب کرو تاکہ وہ ادھر منہ کرنے کی جرأت نہ کر سکیں۔ ج۴ صـ۵۵

○ جنگِ احد کے بعد ابلیس کی پالیسی سے قتلِ پیغمبرؐ کی افواہ عام ہوئی تو بعض مسلمان ارتداد کی طرف مائل ہونے لگے پس ان کی سرزنش میں قرآن نازل ہوا۔ صـ۵۸۔ صحابہ میں جنگ کے عزائم ج۴ صـ۱

○ جناب فاطمہؑ زہرا روتی پیٹتی ہوئی میدانِ احد کی طرف روانہ ہوئیں۔ صـ۶

توحیدِ بنتِ رسولؐ ۔ اس روایت سے جہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ شہید کے غم میں رونا پیٹنا جائز ہے بلکہ اولادِ پیغمبرؐ کی سنت ہے وہاں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ حضرت پیغمبرؐ کی دختر صرف ایک ہی ورنہ اگر کوئی اور بیٹی ہوتی تو قتلِ پیغمبرؐ کی افواہ عام ہونے کے بعد وہ بھی ضرور میدان احد کی طرف نکل کھڑی ہوتی۔ اور تاریخ اس کا نام لینے سے قطعاً بخل نہ کرتی اور عقل اس بات کو تسلیم نہیں کرتی کہ سب سے کم سن بچی یعنی جناب فاطمہؑ تو تین میل کا فاصلہ طے کر کے اپنے والد کی خبر گیری کے لئے تشریف لے جائیں اور بڑی بیٹیاں باپ کے قتل ہونے کی خبر سننے کے باوجود ٹس سے مس تک نہ ہوں پس معلوم ہوتا ہے کہ آنجناب کی حقیقی لڑکی صرف ایک ہی تھی جس کا نام فاطمہؑ زہرا ہے باقی پالتو لڑکیاں تھیں کیونکہ اگر حقیقی بیٹیاں ہوتیں تو ان کے خون میں بھی کشش اور تڑپ ضرور ہوتی۔

○ جنگِ احد میں حضرت علیؑ کا کردار ج۴ صـ۶۲۔ صحابہ کا فرار صـ۶۴۔ حضرت علیؑ سے جب پیغمبرؐ نے پوچھا یا علیؑ آپ کیوں نہیں بھاگے تو علیؑ نے جواب دیا کیا یہ ہو سکتا ہے کہ ایمان کے بعد کفر کا ارتکاب کروں؟ صـ۶

○ حضرت عمر کا قول ہے کہ میں بھاگ کر پہاڑی بکرے کی طرح پہاڑ پر چڑھ گیا تھا۔ صـ۷

جنگِ حنین: ج صـ۳۲ تا صـ۳۶ ۔ ج۱۱ صـ۸۵

جنگِ ذات السلاسل ۔ ج۱ صد۱۱ پر اشارہ ہو رہا ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ وادی یابس کے کفار نے اسلام کے خلاف باہمی عہد کیا جن کے جنگی جوانوں کی تعداد بارہ ہزار تھی پس جبریلؑ نے آپ کو خبر دی تو آپ نے حضرت ابوبکر کو چار ہزار فوجی جوان دے کر ان کی سرکوبی کے لئے روانہ فرمایا۔ جب اسلامی لشکر وادی یابس کے قریب پہنچے تو وہاں کا کافر سردار اپنے دو سو فوجی آفیسران کے ہمراہ اسلامی فوج سے مذاکرات کرنے کے لئے نکلا۔ جب انہوں نے اسلام کی دعوت دی اور اسلام قبول نہ کرنے پر جنگ کی دھمکی دی تو کافر سردار نے تند و تلخ لہجے میں دعوتِ اسلام کو ٹھکراتے ہوئے قبضہ تلوار پہ ہاتھ رکھا اور اعلانِ جنگ کے ساتھ اپنی بارہ ہزار فوج کو میدان کارزار میں اترنے کا آرڈر دے دیا۔ اس کے نتیجہ میں حضرت ابوبکر نے اپنی فوج کو میدان چھوڑنے اور واپس مدینہ جانے کا حکم صادر فرمادیا اور بخیریت سے مدینہ پہنچ گئے اس کے بعد حضورؐ نے اپنی فوج حضرت عمر کو دے کر وادی مذکور کے کفار کی سرکوبی کے لئے دوبارہ بھیج دی لیکن حسب سابق ان کے بھی قدم نہ جم سکے اور ناکام واپس آئے پس تیسری مرتبہ شیر بیشہ شجاعت حضرت اسداللہ الغالب کرار غیر فرار علی علیہ السلام کو انہی سابق مجاہدین کی لڑاکا فوج کی کمان دیکر اذن جہاد عطا فرمایا جب آپ وہاں پہنچے تو کافر فوج کے کمان افسر نے حسب سابق دعوتِ اسلام کو ٹھکراتے ہوئے اپنے رعب کا سکہ بٹھانے کی کوشش کی لیکن ادھر شیر خدا نے للکار کر اس کو اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کی دھمکی دے کر اپنی فوج ظفر فوج کو میدانِ جنگ میں کود پڑنے کے لئے تیاری کا حکم دے دیا چنانچہ انہوں نے رات کی گھڑیاں گن گن کر گزاریں اور صبح سویرے نماز ادا کرنے کے بعد آمادہ جنگ ہو گئے مقابلہ ہوا فوج کفار کے سپاہی تاب نہ لا سکے پس مجاہدین اسلام نے کفار کو تہ تیغ کر کے وادی یابس میں اسلام کا جھنڈا لہرا دیا۔ جبریلؑ نے فتح کی خوشخبری حضرت پیغمبرؐ کو سنائی تو آپؐ بنفسِ نفیس مدینہ سے تین میل تک علیؑ کے استقبال کے لئے تشریف لائے تو علیؑ کو گلے لگا لیا چنانچہ سورہ والعادیات حضرت علیؑ کی فتح کی خوشخبری کے طور پر نازل ہوا۔ ج۱۴ صد۲۵۴

جبریلؑ و میکائیلؑ ۔ بعض علماء کے نزدیک روح القدس سے مراد جبریلؑ ہے۔ ج۲ صد۱۳۹

- یہودی لوگ جبریلؑ کو دشمن سمجھتے تھے اور میکائیل کو اپنا دوست سمجھتے تھے۔ ج۲ صد۱۴۷
- حضرت پیغمبرؐ نے غدیر کے دن خطبہ کے بعد حضرت علیؑ کی ولایت کا صحابہ سے عہد لیا تو حضرت جبرئیلؑ ایک خوبصورت جوان کی شکل میں ظاہر ہوئے اور کہنے لگے آج پیغمبرؐ نے ایسا عہد و پیمان لیا ہے جس کو سوائے کافر کے کوئی بھی توڑنے کی کوشش نہ کرے گا حضرت عمر نے یہ بات رسالتمآبؐ کے سامنے دہرائی تو حضورؐ نے فرمایا یہ کلمات کہنے والا جبرئیل تھا خبردار اس گرہ کو کھولنے کی کوشش نہ کرنا۔ ج۵ صد۳۵

- روایت میں ہے جب حضرت قائم آل محمدؑ کا ظہور ہوگا تو تین سو تیرہ اصحاب کے علاوہ جبرئیلؑ دائیں طرف اور میکائیلؑ بائیں جانب اور پانچ ہزار ملائکہ بھی ان کے ہمراہ ہوں گے۔ ج۶ ص۱۹۶
- حضرت موسیٰ کی قوم جب دریا میں داخل ہوئی تو پیچھے فرعون کا لشکر تعاقب میں تھا پس جبرئیل بشکل انسان ایک گھوڑی پر سوار ہو کر آگے بڑھا تب فرعون کا گھوڑا اس کے پیچھے دریا میں داخل ہوا۔ ج۶ ص۱۸۰
- نار نمرودی میں حضرت جبرئیلؑ نے جنت سے قمیص لاکر حضرت خلیل کو پہنائی تھی اور وہی قمیص حضرت یعقوب نے حضرت یوسفؑ کے گلے میں بطور تعویذ باندھی تھی۔ ج۶ ص۱۶ اور منقول ہے کہ یہی قمیص حضرت یوسفؑ نے بشیر کو دی تھی جس کی خوشبو حضرت یعقوبؑ تک پہنچی تھی اور اسی قمیص کو آنکھوں پر لگایا تو بینائی درست ہوگئی۔ جبرئیل کی تیز رفتاری۔ ج۶ ص۱۶ ج۹ ص۲۳۷
- جبرئیل کو ذی قوت کہا گیا ہے کہ اس نے ایک پر سے پوری ایک قوم کو زمین سمیت اکھیڑ کر الٹا دیا تھا ج۱۴ ص۱۸۳
- شب معراج ایک مقام جبرئیل نے کہا اگر اس سے آگے بڑھتا ہوں تو جلتا ہوں۔ ج۲ ص۲۲ ج۶ ص۲۶۶ ج۱۳ ص۱۵۳

جبر و اختیار ۔ ج۲ ص۵۴ تا ص۶۴ ان مسائل پر سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس مسئلہ کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا۔ ہر وہ فعل جس پر بندے کو ملامت اور سرزنش کی جا سکے وہ انسان کا اختیاری فعل ہے اور ہر وہ فعل جس پر بندے کو سرزنش اور ملامت نہ کی جا سکے وہ اللہ کا فعل ہے مثلاً انسان کو سرزنش کے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ تو نے زنا کیوں کیا تو نے نماز کیوں نہیں پڑھی وغیرہ یہ اس کے اختیاری فعل ہیں لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تو بیمار کیوں ہوا تو سفید یا سیاہ کیوں ہے؟ پس معلوم ہوا کہ یہ اللہ کے افعال ہیں۔ ص۵۵

- عقیدہ جبر کی تردید ج۲ ص۴۷ و ص۵۷ ج۵ ص۲۵۲ ج۵ ص۱۰۳ ج۱ ص۶۱
- جبر و تفویض پر جلد ۱۴ میں ص۴۳ تا ص۵۷ پر کافی بحث کی گئی ہے اور نتیجہ یہ ہے کہ نہ انسان اپنے افعال میں مجبور ہے اور نہ اپنی پسند و ناپسند میں مختار کل ہے کہ جو چاہے کرتا پھرے بلکہ درمیانی راستہ درست ہے اسی بناء پر معصوم نے فرمایا۔ لاجبر ولا تفویض بل امر بین الامرین۔ اللہ نے انسان کو خیر و شر کے دونوں راستے دکھا دیئے اور اپنے اختیار سے اس کو نیکی کرنے کا حکم دیا پس وہ مجبور کسی کو نہیں کرتا۔ ج۱۴ ص۱۴۶ و ص۱۵۴ و ص۱۸۴

جُرم ۔ جرم اور ذنب میں فرق یہ ہے کہ جرم وہ گناہ ہے جو قابل بخشش نہ ہو اور ذنب وہ گناہ ہے جو قابل بخشش ہو اسی لئے انبیاء و آئمہ شفیع المذنبین ہیں شفیع المجرمین نہیں ہیں۔ ج۱ ص۲۰۳

جمع قرآن مقدمہ تفسیر ص۱۳۰ و ص۱۴۱ جمع قرآن پر مفصل بحث موجود ہے۔

جمعہ ۔ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ نماز جمعہ میں حاضر ہونے والے لوگوں کی تین قسمیں ہیں ایک قسم ایسے لوگوں کی ہے جو نماز جمعہ کے لئے پیش نماز سے پہلے آتے ہیں اور سکون و اطمینان سے انتظار کرتے ہیں ایسے لوگوں کا جمعہ میں آنا اگلے جمعہ تک کے گناہوں کا کفارہ ہے اور تین دنوں کا ثواب زائد بھی ہے اور دوسری قسم ایسے لوگوں کی ہے جو پہلے آتے ہیں اور اِدھر اُدھر کی باتوں میں وقت گزارتے ہیں پس اُن کا نصیب وہی گپیں ہیں اور تیسری قسم ان لوگوں کی ہے جو عین خطبہ کے وقت پہنچے اور نماز جمعہ ادا کر کے چلے گئے ان کی دعائیں اگر خدا چاہے تو منظور کر لے ۔ ج۵ ص۲۷

- جمعہ و عیدین میں غسل کرنا اور سفید لباس پہننا مستحب ہے اور جمعہ و عید کے دن زینت کا لباس پہن کر جانا مستحب ہے ۔ ج۶ ص۲۴ ۔ بروز جمعہ خوشبو لگانا مستحب ہے ۔ ص۲۵ اور روایت میں ہے کہ زمین و آسمان کی تخلیق بروز جمعہ مکمل ہوئی ۔ ص۳۹
- حضرت یعقوب کے بیٹوں نے اپنے باپ سے دعائے مغفرت مانگی تھی تو حضرت یعقوب نے ان سے شب جمعہ کا وعدہ فرمایا تھا ۔ پس آپ نے دعا مانگی جو مقبول ہوئی اور خدا نے ان کو معاف کر دیا ج۸ ص۸۲
- حضرت موسیٰ جب اپنی بیوی صفورا بنت شعیبؑ کو اپنے ہمراہ لے کر واپس جا رہے تھے اور رات کے وقت کوہ طور کے پاس سے گزرے جہاں آگ کی روشنی دیکھی تو کرشمۂ قدرت دیکھا اور سلسلہ کلام پروردگار شروع ہوا یہ جمعہ کی رات تھی ۔ ج۹ ص۱۷۳ ۔
- ملائکہ آسمان چہارم ہر جمعہ علیؑ اور شیعیانِ علیؑ کی محبت کا عہد تازہ کرتے ہیں ۔ ج ص۲۶۱
- ایک دفعہ بروز جمعہ دحیہ کلبی شام سے سامان تجارت لایا تو اس نے شہر سے باہر دف بجانا شروع کیا پس لوگ خطبہ پیغمبرؐ چھوڑ کر بھاگ گئے اور صرف چند مخصوص بچ گئے ۔ جن کی خدا نے مدح فرمائی ۔ ج۱ ص۱۴۴ و ج۱۴ ص۲۸
- شب جمعہ اور روز جمعہ کی عبادت کا ثواب باقی ایام سے زیادہ ہوتا ہے ۔ ج۱۱ ص۱۵ ۔
- فضائل جمعہ ج۱۴ ص۲۱ تا ص۲۳
- سورہ جمعہ کے فضائل ج۱۴ ص۱۳ ۔ نماز جمعہ ص۲۳

جھوٹ ۔ جھوٹے پر خدا کی لعنت ہے ۔ ج۲ ص۴۶ ۔ خدا و رسول و آئمہ پر عمداً جھوٹ بولنا روزہ کو باطل کرتا ہے ص۲۲۶ ۔ جھوٹ منافقت کی نشانی ہے ۔ ج۳ ص۲۶۳

- آیت مباہلہ کی تفسیر اور سچوں اور جھوٹوں کے درمیان فرق ج۳ ص۲۴۸ ۔ جھوٹ کی حرمت ج۵ ص۲۶۶

- ایک شخص نے حضرت پیغمبرؐ سے اپنے گناہوں کا شکوہ کیا تو آپؐ نے فرمایا جھوٹ بولنا چھوڑ دو چنانچہ جب گھر واپس آیا تو گناہ کا ارادہ کیا۔ پھر سوچا کہ پیغمبرؐ کے پاس جاؤں گا تو کیا جواب دونگا جبکہ ترک جھوٹ کا وعدہ کر آیا ہوں پس اس گناہ کو چھوڑ دیا اور رفتہ رفتہ اس سے تمام گناہ چھوٹ گئے۔ ج۶ ص۱۳۷
- مومن کے علائم میں سے ہے کہ جھوٹ نہ بولے۔ ج۶ ص۱۶۶۔ اصلاح کی خاطر جھوٹ بولنا جائز ہے۔ ج۶ ص۶۵
- چنانچہ مثل مشہور ہے، دروغ مصلحت آمیز بہ از راستیٔ فتنہ انگیز، یعنی وہ جھوٹ جس میں مصلحت ہو اس سچائی سے بہتر ہے جو فتنہ فساد کی بنیاد ہو۔ اسی بناء پہ مذہب شیعہ میں تقیہ جائز ہے اور روایت میں ہے کہ جھوٹی قسم کھانے اور جھوٹ بولنے سے زندگی کم ہوتی ہے اور موت قریب ہوتی ہے۔ ج۱۱ ص۱۲
- خدا و رسول و آئمہ پہ جھوٹ باندھنے کی سزا ج۱۲ ص۱۳۱۔ پیغمبرؐ کی طرف جھوٹ منسوب کرنے والے منافق تھے ج۶ ص۱۰۹

جنابت ۔ جنابت اور غسل جنابت کا بیان۔ ج۵ ص۶۷ تا ص۷۰

- جنبی آدمی کے لئے قرآن مجید کی سات آیات سے زیادہ پڑھنا مکروہ ہے اور آیات سجدہ کا پڑھنا حرام ہے۔
مقدمہ تفسیر ص۴۳

جوان ۔ ہونے کے علامات ج۹ ص۲۹ ۔

جن ۔ نصیبین کے نو جن قرآن سننے آئے ج۱۳ ص۱۲۳۔ جنوں کی شرارت ج۱۲ ص۹۲

- قوم جن کی طرف بھیجا جانے والا نبی یوسف تھا۔ ج۵ ص۲۵۴۔ مشرکوں نے جنوں کو خدا کا شریک بنالیا۔ ج۵ ص۲۴۴۔ ج۵ ص۴۷
- مقام نصیبین کے نو جن آئے تھے جنہوں نے حضورؐ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی پھر اکہتر ہزار جنوں نے بیعت کی تھی ج۱۲ ص۳۹
- قوم جن کی پیدائش نار سموم سے مارج اور اس کی بیوی مارجہ پیدا ہوئے ان سے جان پیدا ہوا اور اس سے جن پیدا ہوا اور ابلیس اسی کی اولاد سے ہے اس کی بیوی لہیا بنت روحا اس میاں بیوی کا جوڑا بلیقس لڑکا اور طونہ لڑکی تھے پھر فقطس لڑکا اور فقطسہ لڑکی اور پھر اولاد بڑھ گئی اور بنی آدم کے ایک کے مقابلہ میں اس کے سات بچے پیدا ہوتے تھے۔ ج۶ ص۱۷۱ و ص۲۰۵
- قوم جن ج۱۱ ص۱۱۷۔ سورۂ جن کو پڑھنے سے جن بھاگ جاتے ہیں۔ ج۱۴ ص۱۱۴
- تسخیر جنات کے لئے سورہ جن روزانہ پڑھے یا اس کے عدد نقش مثلث طبعی پُر کرے۔ اس کے اعداد ۳۶ ۶۰۶ ہیں۔ پُر کرنے کا طریقہ سامنے درج ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

امام جعفر صادق علیہ السلام کی ابو حنیفہ سے گفتگو مقدمہ تفسیر صـ۵۷ تا صـ۶۶۔ امام صادقؑ کا سوال کہ اللہ نعل کو کیوں استعمال کیا ہے۔ ج۹ صـ۱۸۵

○ آپ کا ابوحنیفہ کو خچر کے بدلہ میں لاشی یعنی سراب پیش کرنا۔ ج۱ صـ۱۴۷

○ امام جعفر صادق علیہ السلام کے قیمتی عمدہ لباس پہ سفیان ثوری نے اعتراض کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ اُوپر کا قیمتی لباس لوگوں کے لئے بطور وضعداری کے ہے اور اندر اس کے کھردرا لباس خوشنودی خدا کے لئے ہے لیکن تو نے اپنے جسم کی آسائش کے لئے اندر قیمتی لباس پہنا ہوا ہے اور اوپر لوگوں کے دکھاوے کے لئے کھردرا لباس پہنا ہوا ہے۔ ج۶ صـ۲۷

جعفر طیارؓ۔ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۳۱ بعض مفسرین نے ذکر کیا ہے کہ یہ آیت مبارکہ حضرت جعفر طیارؓ اور ان کے چالیس ساتھیوں کے حق میں اتری ہے جو حبشہ کی طرف ہجرت کر کے گئے تھے ج۲ صـ۱۶۳

○ حضرت جعفر طیارؓ کی حبشہ کی طرف ہجرت کا مفصل قصہ۔ ج۵ صـ۱۵۵ تا صـ۱۵۸

○ حضرت عبداللہ بن جعفر طیارؓ کی ولادت اسماء بنت عمیس کے شکم سے حبشہ میں ہی ہوئی تھی صـ۱۶۰

○ حضرت ابو طالبؓ اپنے فرزند جعفر طیارؓ اور علیؑ کو حضرت پیغمبرؐ کی نصرت کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ صـ۲۰۲

○ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ بروز محشر جب حضرت نوحؑ سے تبلیغ نبوت کے گواہ مانگے جائیں گے تو حضرت جعفر طیارؓ اور حمزہؓ ان کی گواہی دیں گے راوی نے پوچھا کہ علیؑ اس وقت کہاں ہوں گے تو آپ نے فرمایا کہ علیؑ کا مرتبہ اس سے بلند تر ہے۔ ج۱۴ صـ۷

جوتا۔ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص زرد رنگ کا جوتا پہنے گا تو جب تک وہ جوتا اس کے پاؤں میں رہے گا۔ اسے خوشی نصیب ہوگی نیز مال اور علم اس کو نصیب ہوگا۔ ج۲ صـ۱۲۳

○ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وادیٔ مقدس میں جوتا اتارنے کا حکم ہوا تھا یا تو اس لئے تاکہ آپ کے پاؤں وادیٔ مقدس سے مس ہوں یا اس لئے کہ اس سے تواضع مقصود تھی اور اس کی تاویل یہ بھی کی گئی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل میں بیوی کی فکر تھی پس ارشاد ہوا کہ اس فکر کو دل سے نکال دو گویا جوتا اتارنا دل کو فکر سے آزاد کرنے کا کنایہ ہے۔ ج۹ صـ۱۷۴

جہنّم۔ جہنم کے سات طبقے ہیں۔ جحیم۔ لظی۔ سقر۔ حطمہ۔ ہاویہ۔ سعیر۔ جہنم ج صـ۱۸۲

جولاہے۔ حضرت مریمؑ کے ہاں جب حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے تو حکم ہوا کھجور کو حرکت دیجئے تاکہ وہ تازہ پھل گرائے اور منقول ہے کہ نوزائیدہ بچے کی ماں اگر تازہ کھجور کھالے تو بچہ حلیم ہوگا۔ نیز نفاس کے ایام میں کھجور تازہ کا

کھانا دُکھ و درد کا علاج ہے۔ بہرکیف اس دن ایک میلہ تھا اور حضرت مریمؑ کو میلہ پر جاتے ہوئے چند جولاہے راستہ میں ملے جو خچروں پر سوار تھے۔ آپ نے ان سے کھجور تک جانے کا راستہ پوچھا تو انہوں نے غیر مہذب انداز میں جواب دیا جس پر جناب مریمؑ کو غصہ آیا اور ان پر بد دعا کی کہ خدا تمہارے پیشہ کو ذلیل کرے اس کے بعد تاجروں کا گروہ سامنے آیا۔ جنہوں نے جناب مریم کی عزت و تکریم کی۔ پس آپ نے ان کے حق میں دعا خیر دی کہ خدا تمہارے پیشہ میں برکت دے۔ ج۶ ص۱۴۵

چ

چاند ۔ لوگوں نے حضورؐ سے چاند کی کمی یا زیادتی کے متعلق سوال کیا تو جواب ملا کہ اللہ نے اس کو تمہارے اوقات کے تعین کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ ج۳ ص۴ ۔ رات کو عبادت کرنے والے کے حق میں ہے کہ بروز محشر اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح روشن ہوگا۔ ج۴ ص۳۳

- حضرت ابراہیمؑ نے چاند پرستوں کے اعتقاد کو باطل کرنے کے لئے یہ طریقہ استعمال کیا کہ پہلے فرمایا یہ میرا رب ہے پھر جب چاند ڈوبا تو فرمایا میں ڈوبنے والوں کو خدا ہرگز تسلیم نہیں کرتا۔ لوگوں کو سمجھانے کا یہ بہت عمدہ طریقہ تھا۔ ج۵ ص۲۳۳ ۔ چاند بارہ برجوں کو ۲۸ دنوں میں طے کرتا ہے۔ ج۵ ص۲۴۲
- چاند کی گردش کے متعلق علامہ مفتی جعفر حسین صاحب قدس سرہ کا جامع بیان۔ ج۷ ص۱۴۷ تا ص۱۵۱
- چاند و سورج کی تسخیر ج۶ ص۱۰۸ ج۹ ص۲۲۳ ۔ چاند کی فتح کے خواب۔ ج۱ ص۲۳۹ و ص۲۴۹
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا چاند کی سطح پر کلمہ توحید کلمہ نبوت اور علی کا امیر المومنین ہونا تحریر ہے اور یہی وہ سیاہی ہے جو ہمیں دکھائی دیتی ہے۔ ج۹ ص۱۷ ۔ چاند گہن لگے تو نماز آیات واجب ہوتی ہے۔ ج۹ ص۴۸
- پہلی رات کا چاند ج۱۱ ص۲۲ آپؐ نے فرمایا اگر سورج میرے دائیں ہاتھ پہ اور چاند بائیں ہاتھ پر رکھ دیں تب بھی تبلیغ کو جاری رکھوں گا۔ ج۱۲ ص۷۵ ۔
- چاند کو نور اور سورج کو سراج کہا گیا۔ ج۱۴ ص۱۰۹ ۔ چاند کی قسم کھائی۔ ص۱۳۵ و ص۲۲۶
- سورج سے مراد حضرت پیغمبرؐ اور چاند سے مراد حضرت علیؑ ہیں۔ ج۱۴ ص۲۲۶
- سورہ القمر کے فضائل۔ ج۱۳ ص۱۶۴ ۔ معجزہ شق القمر یعنی چاند کا دو ٹکڑے ہونا۔ ج۱۳ ص۱۶۵

چادر ۔ چادر کو زمین پر گھسیٹ کر چلنے والا ۔ حضورؐ نے فرمایا تین قسم کے لوگ رحمت خداوندی سے محروم ہوں گے

(۱) احسان کر کے جتانے والا (۲) جھوٹی قسم کھا کر بیچنے والا (۳) چادر گھسیٹ کر چلنے والا۔

چار نہریں ۔ حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا کہ شب معراج میں ایک جنت کے گنبد نما مکان میں داخل ہوا دیکھا تو ایک ستون پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ تحریر تھا۔ ایک پانی کی نہر بسم اللہ کی میم سے دودھ کی نہر لفظ اللہ کے حلقہ ھا، سے شہد کی نہر رحمٰن کے حلقہ میم سے شراب کی نہر رحیم کے حلقہ میم سے جاری تھی اور اوپر لکھا ہوا تھا کہ جو شخص دنیا میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے گا۔ اس کو یہ چار نہریں عطا کروں گا۔ ج۱ صہ۱۹ ج۳ صہ۴۴ ۔ چار نہریں ۔ ج۱۳ صہ۱۵۲ و ج۶ صہ۲۹

چار فرشتے ۔ مروی ہے نفخ صور کے وقت انبیاء و آئمہ کے علاوہ چار فرشتوں پر بھی گھبراہٹ طاری نہ ہوگی اور وہ چار یہ ہیں۔ جبرائیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل ج۱ صہ۲۶۲ اور دوسری روایت میں ہے کہ ان چار فرشتوں پر بھی گھبراہٹ طاری ہوگی۔ ج۱۲ صہ۱۳۵ پر مفصل بیان موجود ہے۔

- جبرئیلؑ کے متعلق حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا کہ اس کے چھ سو پر ہیں اور ہر ایک سے یاقوت و موتی گرتے ہیں
- اسرافیل کی عظمت کا یہ عالم ہے کہ جبرائیل نے ایک دفعہ پرواز کی تو اسرافیل کے ناک سے ہونٹ تک کا فاصلہ اس نے تین سو برس میں طے کیا (اور جبریل کی تیز پروازی باب الجیم میں مذکور ہو چکی ہے)
- میکائیل کو اللہ نے اسرافیل کے پانچسو برس بعد پیدا فرمایا اور اس کی آنسو سے ٹپکنے والے قطرات سے جو ملائکہ پیدا ہوتے ہیں ان کو کروبیین کہا جاتا ہے۔
- جبرئیل کو اللہ نے میکائیل کے پانچسو برس بعد پیدا فرمایا اور اس کے پروں سے گرنے والے قطرات سے جو فرشتے پیدا ہوتے ہیں ان کو روحانیین کہا جاتا ہے اور ملک الموت صورت و شکل میں اسرافیل کے مشابہ ہے۔ مفصل روایت ج۱۳ صہ۱۵۵ و صہ۱۵۶ پر مذکور ہے۔
- حاملین عرش چار فرشتے ہیں۔ ایک انسانوں کی شکل کا ہے جو انسانوں کے لئے رزق طلب کرتا ہے۔ دوسرا مرغ کی شکل کا ہے جو پرندوں کے لئے طالب رزق ہے تیسرا شیر کی شکل کا ہے تو درندوں کے لئے رزق مانگتا ہے اور چوتھا بیل کی شکل کا ہے جو باقی چوپایوں کے لئے رزق طلب کرتا ہے۔ ج۱۴ صہ۹۴
- مدبرات چار فرشتے ہیں (۱) جبرائیل جو ہواؤں پر موکل ہے (۲) میکائیل سبزیوں پر موکل ہے اور بارشیں بھی برساتا ہے۔ (۳) ملک الموت عزرائیل جو قبض ارواح پر موکل ہے۔ (۴) اسرافیل جو نفخ صور کرے گا اور ایک سال سے دوسرے سال تک کے امور آسمان سے زمین پر لاتا ہے۔ ج۴ صہ۹۴
- چار نبی بادشاہ گزرے ہیں۔ (۱) ذوالقرنین (۲) داؤد (۳) سلیمانؑ (۴) حضرت یوسفؑ ج۱ صہ۱۳۰
- چار شخصوں کے لئے سورج پلٹا (۱) یوشع بن نون (۲) حضرت سلیمانؑ (۳) حضرت سیدالانبیاءؐ (۴) حضرت علیؑ۔ ج۵ صہ۸۶

چار یار : ترمذی و مشکوٰۃ سے منقول ہے کہ حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے چار افراد سے محبت کا حکم دیا اور یہ کہ وہ خود بھی ان سے محبت کرتا ہے لوگوں نے ان کے نام دریافت کیئے تو آپؐ نے فرمایا ایک ان میں سے علیؑ ہے باقی تین ابوذر، مقداد اور سلمان ہیں۔ ج۵ ص۲

چار عورتیں ۔ روایت میں ہے کہ پوری کائنات میں چار عورتیں محدثہ تھیں (۱) سارہ (۲) مادر موسیٰ (۳) حضرت مریم (۴) حضرت فاطمہؑ (یعنی ان سے ملائکہ کلام کرتے تھے۔ ج۱ ص۴۲

○ احادیث بکثرت وارد ہیں کہ خدا نے عالمین میں سے چار عورتوں کو منتخب فرمایا ۔ مریم بنت عمران ۔ خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمدؐ اور آسیہ زوجۂ فرعون ج۳ ص۲۲۹ ، ص۲۲ ج۱۴ ص۷

چوتھا خلیفہ ۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا جو شخص مجھے چوتھا خلیفہ نہ مانے اس پر اللہ کی لعنت ہے تو اس کی تشریح میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ نص قرآن کی رو سے علی چوتھا خلیفہ ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں حضرت آدم علیہ السلام کی خلافت کا اعلان ہے اور وہ پہلا خلیفہ ہے اس کے بعد قرآن میں داؤد کی خلافت کا اعلان ہے اور وہ دوسرا خلیفہ ہے پھر حضرت ہارونؑ ، حضرت موسیٰ کا خلیفہ تھا اور وہ تیسرا ہے ان کے بعد حضرت علیؑ حضرت محمدؐ کا خلیفہ ہے پس وہ چوتھا خلیفہ ہے ۔ ج۲ ص۸۴

○ چار بادشاہ جنہوں نے روئے زمین پر حکومت کی (۱) سلیمان (۲) ذوالقرنین یہ دو مسلمان تھے ۔(۳) نمرود (۴) بخت نصر یہ دونوں کافر تھے ۔ ج۳ ص۱۴۴ ج۹ ص۱۳ ۔ چار نبی جو عیسیٰؑ اور خاتم الانبیاء کے درمیان گذرے یونس یحییٰ شمعون خالد ج۵ ص۸۴

چادر والی حدیث (حدیث بساط) برہان بروایت ابن شہر آشوب ، ایک مرتبہ حضورؐ نے چادر بچھائی اور اس کے چاروں گوشوں پر ابوبکر عمر ابوذر اور سلمان کو بٹھایا اور علی کو سب کے درمیان بیٹھنے کا حکم دیا پھر سب کو علیؑ کو سلام کرنے کا حکم دیا ۔ چنانچہ سب نے تعمیل کی پھر علی سے فرمایا کہ سورج سے بات کرو پس علیؑ نے سورج کو سلام کہا تو سورج نے جواب میں کہا وعلیک السلام یا ولی اللہ پیغمبرؐ کی دُعا سے چادر نے ہوا میں پرواز کیا اور اصحاب کہف کے پاس جا کر اتار اسب نے اصحاب کہف کو یکے بعد دیگرے سلام کہا لیکن کسی کو جواب نہ ملا پس علی نے سلام دیا تو سب نے جواب دیا ۔ علیک السلام یا وصی محمدؐ اور انہوں نے سلام کے جواب میں کہا کہ ہم نبی یا وصی نبی کو ہی سلام کرنا جانتے ہیں ۔ پس پھر اسی چادر پر بیٹھے اور راستہ میں اتر کر ایک جگہ وضو کیا پھر چادر پر بیٹھے اور عین اس وقت مسجد نبوی میں جا اترے جبکہ حضورؐ صبح کی نماز کی دوسری رکعت میں تھے ۔ ج۹ ص۸۳

○ چادر تطہیر کے متعلق احادیث ۔ ج۱۱ ص۱۹۳ تا ص۱۹۶

چہاردہ معصومینؑ ۔ مروی ہے کہ ملائکہ کے سامنے چہاردہ معصومین علیہم السلام کے انوار پیش کئے گئے تھے اور حکم ہوا کہ تم ان کے نام بتاؤ تو ملائکہ تفصیل وار بتانے سے عاجز آ گئے تھے ۔ ج۲ ص۷۹

- ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ حضرت موسیٰ جادوگروں کی رسیوں کے سانپ دیکھ کر گھبرا گئے تھے لیکن حضرت ابراہیمؑ نارِ نمرودی سے نہ گھبرائے اس کی کیا وجہ ہے ؟ تو آپ نے فرمایا حضرت ابراہیمؑ کی صلب میں حضرات محمدؐ و آل محمدؐ (چہاردہ معصومین) کے انوار تھے اس لئے وہ نہ گھبرائے ج۹ ص۲۳۷ ۔
- آیت نور کی تاویل چہاردہ معصومین علیہم السلام سے کی گئی ہے ۔ ج۱ ص۱۴۳
- حضرت ابراہیمؑ نے ملکوت سما کی سیر کی اور چہاردہ معصومینؑ کے انوار دیکھے ۔ ج۵ ص۲۲۳

چور ۔ آیۃ الکرسی کو لکھ کر کھیت میں دفن کرنے سے وہ کھیت چوری سے محفوظ ہوگا ۔ اگر آیۃ الکرسی کو لکھ کر گھر میں رکھا جائے تو گھر چوری سے محفوظ رہتا ہے ۔ ج۲ ص۱۳۶

- چور کو ڈھونڈنے کا طریقہ ۔ ج۷ ص۱۴۳ ۔
- روٹی کے لقمہ پر سورہ بینہ لکھ کر کھلایا جائے تو چور کے حلق میں لقمہ اٹک جائے گا ۔ ج۱۴ ص۲۴۶ اور اگر چور کا نام لے کر یہ سورہ انگوٹھی پر پڑھا جائے انگوٹھی حرکت کرے گی ۔ ص۲۴۷
- سورہ شعراء کی تلاوت کرنے والے کے گھر چور داخل نہیں ہوگا ۔ ج۱ ص۱۸۹
- سورہ مریم کو گھر کی دیوار پر لکھے تو وہ گھر چوری سے محفوظ ہوگا ۔ ج۹ ص۱۳۵ ۔ ج۷ ص۵
- چور کی سزا پر مفصل بحث ۔ ج۵ ص۹۹ تا ص۱۰۵ ۔ سورہ فتح کو لکھ کر اپنے پاس رکھنا چوروں سے حفاظت کی ضامن ہے ۔ ج۱۳ ص۵۶
- امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا مومن ہوتے ہوئے انسان چوری نہیں کر سکتا ۔ ج۶ ص۱۶۹
- حضرت یوسفؑ کے بھائیوں کی طرف چوری کی نسبت ۔ ج۸ ص۶۴ و ص۶۶ ۔ دشمن علیؑ خطرناک چور ہیں ۔ ج۵ ص۱۲۲
- معتصم عباسی کے زمانہ ایک چور گرفتار ہوا اور اس کی سزا کے متعلق فقہائے امت میں اختلاف تھا کہ ہاتھ کہاں سے کاٹا جائے پس امام محمد تقی علیہ السلام نے دلائل سے ثابت کیا کہ ہاتھ کی چار انگلیاں کاٹ دی جائیں چنانچہ امام کے فرمان کے مطابق چور کو سزا دی گئی ۔ مقدمہ تفسیر ص۶۶ و ص۶۷ ، ج۱۴ ص۱۲۰
- سفر میں سورہ عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ کی تلاوت کرنے والا چور ڈاکو سے محفوظ رہے گا ۔ ج۱۴ ص۱۶۱ و ص۲۴۷
- سفر میں چور یا درندہ کا خطرہ ہو تو نماز خوف پڑھی جاتی ہے ۔ ج۳ ص۹۱ ۔

چور پکڑنا ۔ فعصیٰ فرعون الرّسول فاخذناہ اَخذاً وبیلاً جو کی روٹی کے چند ٹکڑوں پر لکھ کر مشکوک

آدمیوں کو کھلائے جو چور ہوگا اس کے حلق میں ٹکڑا پھنس جائے گا۔ صـ۱۴۲ کنوز

۲۔ **گمشدہ یا گریختہ کو حاصل کرنا**۔ مثلث پُر کر کے اس کی پشت پر گم شدہ یا گریختہ کا نام لکھیں اور یہ آیت لکھیں۔ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا وَ مَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ۔ پس تعویذ کو بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں گم شدہ یا گریختہ واپس آئے گا۔ (مجرب)

۳۔ نابالغ بچے کے ہاتھ پر روشنائی اور روغن لگا کر یہ عزیمت پڑھے پھر جو یا ماش کے دانے بچے کو مارے ۷ یا ۹ دانے مارنے کے بعد چور کی شکل آئے گی۔ پس اس کو پہچان لے یا نام و ولدیت و پورا پتہ اس سے پوچھ کر لکھ دے۔ عزیمت یہ ہے۔ عزمتُ علیکم فتحون فتحون فتحون جُنُتَکَ جُنُتَکَ شَفِیْعًا شَفِیْعًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا سَرُدُرًا سَرُدُرًا سَرُدُرًا قَدُدُرًا قَدُدُرًا سَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا نهلًا احضروا من جانب المشرق والمغرب بحق سلیمن ابن داود علیهما السلام

۴۔ نقش کو پتھر کے نیچے رکھیں۔ گریختہ واپس آئے گا۔

بستم راہ مغرب فلان بن فلان

د	بدوح	ب
بدوح	بدوح	بدوح
ح و	بدوح	ح و

بستم راہ جنوب فلان بن فلان — بستم راہ شمال فلان بن فلان — ۞ ۞ ۞ ۞ کہیعص ۱ لعین

چور پکڑنے کا ایک تعویذ۔ چوری کا مال یا گریختہ کو واپس بلانے کے لئے۔

چوری کا مال یا
فلاں حاضر
نام لکھے

○ یہ نقش کاغذ پہ لکھ کر درمیان میں چوری کا مال لکھے یا غائب یا گمشدہ کا نام لکھے اور درمیان میں کیل یا میخ چبھو کر زمین میں گاڑ دے انشاء اللہ مال یا غائب واپس آئے گا۔

چور پکڑنے کا عمل۔ سورہ یونس کو طشت میں لکھ کر نیچے مشکوک لوگوں کے نام لکھے پس دھو کر اسی پانی سے آٹا خمیر کر کے روٹی پکائے اور مشکوک لوگوں کو کھانے کے لئے دے تو لقمہ چور کے حلق میں پھنس جائیگا۔ ج صـ۱۴۳

○ یا مستنکیثا سرہانے کے نیچے لکھ کر رکھے اور سو جائے چوری معلوم ہو جائے گی۔

چور ڈھونڈنے کا طریقہ ۔ قرآن مجید کی سورۂ کہف آیت ۔ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ یُرَدُّ اِلٰی رَبِّهٖ فَیُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ۔ ایک سطر میں ہو ایک میخ لیں کہ اس کا پچھلا حصہ آیت پر اور نوک باہر ہو پس قرآن کو بند کر کے اوپر تاگا لپیٹ لیں کہ میخ ادھر ادھر نہ ہو۔ پس دو آدمی روبرو بیٹھیں کہ پڑھنے والے کی پشت قبلہ کی طرف ہو اور سامنے والے کا رخ ہو پس میخ کی نوک زمین پر رکھیں اور ہاتھوں سے تھامے رکھیں اور سورہ یسین کو مُتَّقِیْنَ تک تین دفعہ پڑھیں مشکوک کا نام میخ کی نوک کے نیچے رکھیں پس جس نام کے ساتھ تیسری دفعہ پھر جائے وہی چور ہوگا۔

۲ آیت ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ اور مشکوک کا نام لکھ کر آٹے میں بند کر کے گولیاں بنالیں اور پانی میں ڈالے جس گولی میں چور کا نام ہوگا وہ نہ ڈوبے گی ۔ باقی ڈوب جائیں گی۔

چشمہ ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس پتھر تھا ۔ جس پر عصا کو مارتے تھے اور اس سے پانی کے چشمے پھوٹتے تھے ۔ ج ۲ ص ۱۱۶ وہی پتھر حضرت قائم آل محمدؑ کے پاس ہوگا پس اس سے پانی کا چشمہ پھوٹے گا جس سے بھوکا شکم پر کرے گا اور پیاسے کی پیاس بجھے گی ۔ ج ۲ ص ۱۰۱ ۔ حضورؐ نے شب معراج چشمہ کوثر سے پیا اور چشمہ رحمت سے غسل کیا ۔ ج ۶ ص ۲۶۳

○ اصحاب کہف جس غار میں گئے اس کے سامنے ایک چشمہ تھا جس سے انہوں نے پہلے پانی پیا پھر داخل ہوئے ۔ ج ۹ ص ۸۷ ۔ جب تین سو نو برس کے بعد اٹھے باہر دیکھا تو نہ چشمہ تھا نہ پھلدار درخت تھے بحر حیرت میں ڈوب گئے کہ ایک رات کے اندر پانی کا چشمہ کیسے خشک ہو گیا اور درخت کہاں غائب ہو گئے ؟ ص ۹۰

○ چشمہ آب حیات کے کنارے پر حضرت موسیٰ پہنچے تو پانی پڑنے سے مچھلی زندہ ہو کر چلی گئی۔

○ حضرت ذوالقرنین کو آب حیات کا چشمہ نہ مل سکا لیکن حضرت خضرؑ نے پالیا ۔ ص ۱۲۲

○ چشمہ شراب طہور ج ۹ ص ۱۲۵ ۔ اس کے پینے سے حسد وغیرہ ختم ہوں گے ۔

○ اللہ نے طوفان کے بعد حضرت نوحؑ کے لئے ایک چشمہ پیدا فرمایا ۔ جس کا نام نوشاب تھا اور حضرت سام نے اس کے کنارہ پر درخت صنوبر لگایا تھا ۔ ج ۱ ص ۱۶۸

○ ایک روایت میں ہے کہ زمین پر پانی کا پہلا چشمہ وہ ہے جو حضرت صالحؑ کے لئے ظاہر کیا گیا تھا جس سے ایک دن ناقہ صالحؑ سیراب ہوتی تھی اور دوسرا دن قوم کے لئے تھا ج ۱ ص ۲۰۹

○ جنت میں ایک چشمہ ہے جس کا نام کافور ہے۔ ج۱ ص۱۵۱

○ ایک سلسبیل نامی چشمہ ہے جس سے زنجبیل (ادرک) نکلے گی۔ ج۶ ص۱۵۳

○ اگر کسی چشمہ سے پانی نہ نکل رہا ہو تو تین دن مسلسل اس جگہ سورہ والنازعات پڑھی جائے پس باذن خدا پانی نکل آئے گا۔ ج۱ ص۱۹

○ جنتی لوگ چشمہ آب حیات سے غسل کریں گے۔ ج۹ ص۱۶۵

○ آسمان چہارم پر ایک چشمہ ہے جسمیں آب حیات ہے۔ ج۱۲ ص۱۳۵

○ جبرئیل کی ٹھوکر سے پانی کا ایک صاف، شفاف شیریں چشمہ ظاہر ہوا جس سے حضرت ایوبؑ نے پیاس سب بیماریاں دور ہوگئیں پس اس میں غسل کیا تو جسمانی بیرونی مصائب ختم ہوگئے اور رنگ نکھر گیا۔ ج۳ ص۱۰۱

چھپٹی ۔ جس طرح مرد عورت تسکین شہوت کے لئے جمع ہوتے ہیں اگر دو عورتیں اسی طرح جمع ہوں تو ان کے اس فعل بد کو چھپٹی کہا جاتا ہے ۔ اصحاب رس پر عذاب کی وجہ یہی تھی ان کی عورتیں آپس میں یہی فعل کرتی تھیں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا چپٹی (مساحقت) کی سزا زنا کی سزا کے برابر ہے۔ آپ نے فرمایا ایسی عورتوں کو جہنم میں آگ کا لباس پہنایا جائے گا۔ راوی نے مساحقت کی حرمت پر دلیل مانگی، تو معصومؑ نے اصحاب رس کے متعلق نازل ہونے والی آیت پڑھی اور فرمایا اصحاب رس پر عذاب اسی فعل بد کی وجہ سے نازل ہوا تھا۔ ج۱ ص۱۷۰، ج۱۳ ص۱۱۳

چرخہ کاتنا ۔ رزق حلال کا پیش خیمہ ہے ۔ ج۱۲ ص۱۶۱ ۔ منقول ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کو جب سزائے موت ہوئی تو نمرود کی خوشنودی کے لئے عورتیں چرخہ کاتنے کی مزدوری بھی چخہ کے لئے بطور چندہ پیش کرتی تھیں۔ ج۱ ص۲۲۴

چخہ ۔ وہ مقام جس میں آگ جلائی گئی اور حضرت ابراہیمؑ کو اس میں ڈالا گیا ۲۰ × ۲۰ ذراع لمبا چوڑا تھا اور تیس ہاتھ اس کی بلندی تھی۔ ج۱۲ ص۵۳

چھپکلی ۔ جب ابراہیمؑ نار نمرودی میں تھے تو چھپکلی آگ کو تیز کرتی تھی ۔ ج۹ ص۲۳۶

چوہا ۔ سورہ نمل کو لکھ کر گھر میں رکھنے سے چوہا اور دیگر نقصان دینے والے حشرات نکل جاتے ہیں۔ ج۱ ص۲۲۲

○ حالت احرام میں بھی چوہے کو مارنا جرم نہیں ہے ۔ ج۵ ص۱۶۷

○ مشرکین مکہ پر ایک دفعہ خدا نے چوہوں کا عذاب نازل کیا تھا ۔ ج۶ ص۸۲

چغلی ۔ یہ سخت گناہ ہے چنانچہ بنی اسرائیل نے انبیاء کی چغلی کھا کر ان کو قتل کروا دیا تھا ۔ ج۲ ص۱۱۷

○ بروز محشر چغلخور بندروں کی شکل میں مسخ ہوں گے ۔ ج۱۴ ص۱۶۴

چیونٹی ۔ ابن عباس کہتا ہے ۔ میں علیؑ کے ہمراہ تھا ۔ وادی میں چیونٹیوں کی کثرت دیکھ کر کہا پاک ہے وہ ذات جو ان کی تعداد کو جانتی ہے ۔ علیؑ نے فرمایا کہو پاک ہے جس نے اس مخلوق کو پیدا کیا ورنہ تعداد تو بجائے خود میں ان کے نر و مادہ کو بھی جانتا ہوں ۔ ج ۱۲ ص ۱۲ ۔

حضرت سلیمان سے چیونٹی کی گفتگو ج ۱ ص ۲۲ ۔ چیونٹی کی دعا ج ۱ ص ۲۳۵

حبِّ علیؑ ۔ حب علیؑ ایمان اور بغض علیؑ نفاق ۔ مقدمہ تفسیر ص ۱۹۰

- علیؑ کے حبدار مساکین ہیں اور ان کی دستگیری کرنے والا جنت کے بلند درجات میں ہوگا ۔ ج ۲ ص ۱۳۴
- حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا محبان علیؑ کو پیغام کہ تقویٰ اختیار کرو ۔ ج ۲ ص ۱۹۷ ج ۶ ص ۳۸
- اگر لوگ علیؑ کی محبت پر اجماع کر لیتے تو خدا جہنم کو پیدا نہ کرتا ۔ ج ۳ ص ۲۰۸ ج ۶ ص ۲۶۷
- حضرت علیؑ کے محبوں کے چہرے قیامت کے دن نورانی ہونگے ۔ ج ۴ ص ۲۹
- یوم غدیر محبت علیؑ کا اعلان عام ۔ ج ۵ ص ۳۵ ۔ نبی کے چار یار ص ۷
- ولایت علیؑ ذیل آیت انما ولیکم اللہ الخ ج ۶ ص ۱۲۹
- نام علیؑ کی تاثیر ج ۶ ص ۱۳۸ ۔ ولائے علیؑ ص ۱۷۴
- حضرت علیؑ کی محبت گناہوں کو کھاتی ہے ۔ ج ۸ ص ۲۴۱ محبان علیؑ کا مقام ج ۹ ص ۱۳۴
- اہلبیت کی محبت گناہوں کا کفارہ بنتی ہے ۔ ج ۱ ص ۱۸۶ مَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ شَہِیدًا ۔ ج ۱۱ ص ۲۱ ج ۲ ص ۱۹۷ ۔
- حضرت علیؑ نے فرمایا ہماری محبت اور ہمارے دشمنوں کی محبت ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتی ۔ ج ۱۱ ص ۱۵۶
- آل محمد کی محبت کا بدلہ جنت کی نعمات ۔ ج ۱۱ ص ۲۶
- علیؑ کی محبت کے ٹکٹ کے بغیر پل صراط سے کوئی نہ گزر سکے گا ۔ ج ۱۲ ص ۳
- آل محمد کی محبت میں مرنے والا شہید ہوتا ہے ۔ ج ۱۲ ص ۳۷
- علیؑ کا محب علیؑ کے ساتھ محشور ہوگا ۔ ج ۱۳ ص ۱۶۱ ۔ بروز محشر محبت علیؑ کا سوال ہوگا ۔ ج ۱۳ ص ۱۸۲
- بروز محشر آل محمدؐ کی محبت کا سوال ہوگا ۔ ج ۱۴ ص ۱۸۲ ، ج ۱۲ ص ۳۷

برائے حب ۔ جو شخص سورۂ رمز کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس سے ہر ملنے والا محبت کرے گا۔ ج[۲] ص[۱۱]

اسی طرح جو شخص سورہ احقاف کو دھو کر پئے محبوب خلائق ہو گا۔ ج[۱۳] ص[۱۸]

سورہ تکاثر کو ہر روز اکیس مرتبہ پڑھنا محبوب خلائق بنا دیتا ہے۔ ج[۱۴] ص[۲۵۷]

طالب و مطلوب کے اعداد کے برابر پابندی زمان و مکان کے ساتھ باطہارت مقام خلوت میں عروج ماہ میں یہ آیت مجیدہ سات روز مسلسل پڑھے۔ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ بَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ يَا مُسَخِّرُ سَخِّرْلِيْ فلان بن فلان (مطلوب کا نام لے) بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ۔

۲۔ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات دفعہ آیت مذکورہ پڑھے اور سلام کے بعد کہے۔ اَللّٰهُمَّ لَيِّنْ قَلْبَ فلان بن فلان كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَام۔

۳۔ جفری عمل۔

عدد طالب + ۲۲۰ ٪ ۲ (اگر کسر نہ ہو تو) - ۴ اور اگر کسر ہو تو منفی ۳

عدد مطلوب + ۲۸۴ ٪ (اگر کسر نہ ہو تو) - ۴ ″ ″ ″ ″ ″

مثلاً طالب تقی ۵۱۰ + ۲۲۰ = ۷۳۰ ٪ ۲ = ۳۶۵ - ۴ = ۳۶۱

مطلوب نقی ۱۶۰ + ۲۸۴ = ۴۴۴ ٪ ۲ = ۲۲۲ - ۴ = ۲۱۸

ترتیب طبعی سے مربع پُر کرنا ہے اور خانہ ۵ میں ۲ کا اضافہ ہوگا۔

۷۸۶

۳۶۹	۲۲۰	۲۲۴	۳۶۱
۲۲۳	۳۶۲	۳۶۸	۲۲۱
۳۶۳	۲۲۶	۲۱۸	۳۶۷
۲۱۹	۳۶۶	۳۶۴	۲۲۵

یہ تعویذ طالب اپنے پاس رکھے یا میاں بیوی ہیں تو اپنے کمرہ میں لٹکا دیں محبت زیادہ ہوگی۔

لیکن اگر کسر ہو تو خانہ ۵ اضافہ ایک کا ہی ہوگا۔

مثلاً طالب جعفر ۳۵۳ + ۲۲۰ ٪ ۲ = ۲۸۶½ کسر ہے - ۳، ۲۸۳

مطلوب احمد ۵۳ + ۲۸۴ ÷ ۲ = ۱۶۸½ - ۳ = ۱۶۵

۷۸۶

۲۹۰	۱۶۷	۱۷۰	۲۸۳
۱۶۹	۲۸۴	۲۸۹	۱۶۸
۲۸۵	۱۷۲	۱۶۵	۲۸۸
۱۶۶	۲۸۷	۲۸۶	۱۷۱

یہاں پانچویں خانہ میں اضافہ نہیں ہے۔

- حب شیخین اگر دل میں رائی کے برابر بھی ہوئی تو بہشت میں داخل نہ ہوگا۔ فرمان صادقؑ۔ ج۳ ص۱۸۲

حبشہ کی طرف ہجرت۔ ج۵ ص۱۵۵۔ اللہ نے حبشیوں کی طرف ایک حبشی نبی بھیجا انہوں نے اس کو جھٹلایا بادشاہ وقت نے اس پر ایمان لانے والوں کو گرفتار کر کے آگ سے بھری ہوئی اخدود میں ڈالدیا ج۱۲ ص۲۰

حج۔ حج کا بیان ج۳ ص۱۲ تا ص۲۸، ج۴ ص۱۸ و ۱۹۔ حجۃ الوداع۔ ج۵ ص۱۳۹

- حج کے بعض احکام ج۵ ص۱۶۶ و ص۱۶۷ و ج۱ ص۲۶ تا ص۳۱
- حضرت ابوبکر کو حضرت پیغمبرؐ نے امیر الحج بنا کر بھیجا پس سورۂ برأت نازل ہوا اور حضرت علیؑ کو آپؐ نے اس کے پیچھے روانہ فرمایا اور ابوبکر کو واپس بلالیا۔ ج۶ ص۱۲ حج اکبر کا معنی ج۶ ص۱۷
- عرب لوگ حج کے مہینے کو ہر سال تبدیل کر دیا کرتے تھے لیکن اسلام نے اس ردّ و بدل کو روک دیا۔ ج۶ ص۴۷
- حج کے بارے میں زہری کا امام زین العابدینؑ پر اعتراض اور آپ کا جواب۔ ج۶ ص۱۳۱
- حضرت ابراہیمؑ نے کوہ ابوقبیس پر کھڑے ہو کر لوگوں کو حج بیت اللہ کی دعوت دی تھی ان کی آواز مشرق سے مغرب تک پہنچی حتاکہ قیامت تک آنے والی نسلوں نے بھی عالم ارواح میں آپ کی آواز سُنی پس جس رُوح نے لبیک کہی تھی وہی حج پر موفق ہوتا ہے۔ ج۸ ص۱۶۰۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ نے مقام ابراہیمؑ پر کھڑے ہو کر لوگوں کو دعوت دی تھی۔ ج۲ ص۱۶۷ دعوتِ ابراہیمؑ ج۱ ص۲۲ و ص۲۳
- عبدالرحمٰن بن کثیر کہتا ہے میں دورانِ حج حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ہمراہ تھا آپ نے فرمایا کہ شور و غل تو زیادہ ہے لیکن حاجی لوگ بہت کم ہیں۔ ج۸ ص۱۸۹
- روایت میں ہے جس پر حج واجب ہو اور اس کو ٹالتا رہے اور مرجائے تو بروز محشر اندھا محشور ہوگا۔ ج۹ ص۴۴ و ص۲۰۷
- حضرت خضرؑ علیہ السلام ہر سال حج پر تشریف لاجاتے ہیں۔ ج۹ ص۱۲۲
- حدود حرم میں جرم کرنے والے کو سزا بھی حدود حرم کے اندر دی جاسکتی ہے۔ ج۱۰ ص۲۰
- رسول اللہؐ کا خواب اور صلح حدیبیہ کے بعد واپسی ج۱۳ ص۸۸ تا ص۹۰
- باپ کا حج بیٹی بھی نیابت میں کرسکتی ہے۔ ج۱۳ ص۱۶۱
- جو لوگ حج کی طاقت نہیں رکھتے حضورؐ نے فرمایا نماز جمعہ مساکین کا حج ہے۔ ج۱۴ ص۲۲
- دشمن آل محمد کا حج باطل ہوا کرتا ہے۔ ج۱۴ ص۷۹۔ حجت کی دو قسمیں ہیں ایک ظاہری دوسری باطنی حجت ظاہری نبی و امام اور حجت باطنی عقل۔ ج۵ ص۲۶۵

○ کعبہ کی تعمیر نو کے وقت حجرِ اسود کو نصب حضرت پیغمبرؐ نے ہی کیا۔ ج۴ ص۹

○ حجرِ اسود کو حضرت آدمؑ اپنے ساتھ زمین پر لائے تھے اور بنی آدم کے عہد و پیمان اس کو تفویض کئے گئے ہیں پس بروز محشر اپنی زیارت کرنے والوں کے حق میں گواہی دے گا۔ ج۴ ص۱۱۔ سورہ حجرات کے فضائل اس کو دھو کر عورت پی لے تو دودھ زیادہ ہوگا۔ ج۱۱ ص۲۶۰

حبل - واعتصموا بحبل اللہ کی تفسیر ج۴ ص۱۲۷

حبل الورید۔ ج۱۳ ص۱۱۵

حبیب نجار - مومن آل یٰسین ج۵ ص۸۶۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف سے جو دو مبلغ انطاکیہ میں پہنچے تو وہ سب سے پہلے حبیب نجار کو ملے۔ ج۱۲ ص۱۲۔ حبیب نجار کا بادشاہِ انطاکیہ کو مشورہ ص۲۰۔ حبیب نجار کا اپنی قوم کو مشورہ ص۱۸۔ مومن آل یٰسین کے متعلق معصوم نے فرمایا وہ ہمارا خالص شیعہ ہے ص۲۴

○ حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا صدیقین تین ہیں (۱) مومن آل فرعون (۲) مومن آل یٰسین حبیب نجار (۳) علی ابن ابیطالب ج۱۲ ص۱۴۹ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا سابقون چار آدمی ہیں (۱) ہابیل ابن آدم (۲) مومن آل فرعون (۳) حبیب نجار مومن آل یٰسین (۴) علی بن ابیطالب ج۱۲ ص۱۹۶ و ص۱۹۷ و ص۲۰۲۔ ایک حدیث میں ہے صدیق تین حبیب نجار مومن آل یٰسین (۲) حزقیل مومن آل فرعون (۳) حضرت علی بن ابی طالب ج۱۳ ص۲۲

حاطب بن ابی بلتعہ کا افشاء راز - یہ شخص مکہ سے مسلمان ہو کر ہجرت کر کے مدینہ آیا ہوا تھا۔ پس اس نے حضرت پیغمبرؐ کا راز مکہ والوں پر فاش کر دیا۔ لیکن بعد میں حضرت پیغمبرؐ نے اس کو معافی دیدی۔ ج۱۳ ص۲۹۴

حبط عمل - مقدمہ تفسیر ص۲۳۰ و ص۲۴۴ و ص۲۴۵۔ دشمن علیؑ کے اعمال حبط و رائیگاں ہوں گے۔ ج۵ ص۳۳

○ اگر خاتمہ ایمان پر نہ ہو تو سابق اعمال حبط و ضائع ہو جاتے ہیں۔ ج۲ ص۱۲۵ اور حبط عمل کا معنی یہ ہے کہ اس شخص کا عمل قابل جزا نہیں رہتا۔ ص۱۹۷ ج۱۱ ص۱۳۳

○ سورہ الحدید کے فضائل۔ ج۱۳ ص۲۱۱۔ انزلنا الحدید کی تفسیر ص۲۲۶۔ ذوالفقار حیدری ص۲۲۷

حدیبیہ - صلح حدیبیہ کے بعد جب مسلمانوں نے فتح مکہ کر لیا تو ان کے دلوں میں حدیبیہ سے واپس جانے کے انتقام کا جذبہ تھا تو حضورؐ نے مسلمانوں کو انتقامی کارروائیوں سے روک دیا۔ ج۵ ص۱۶

○ حدیبیہ کے صلح نامہ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور محمد رسول اللہ کے الفاظ حضرت علیؑ نے لکھے تو کفار نے کٹوا دیئے۔ ج۲ ص۱۳۵۔ صلح حدیبیہ اور فتح۔ ج۱۳ ص۵۷ و ص۵۸

○ صلح حدیبیہ کے وجوہ اور مصالح۔ ج۱۳ ص۸۰ تا ص۹۱۔ حسان بن ثابت کا قصیدہ۔ ج۵ ص۳۰ حزقیل پیغمبر ج۳ ص۱۰۰ حواس خمسہ ج۲ ص۱۰ مومن آل فرعون کا نام حزقیل تھا۔ ج۱۳ ص۲۲

حُسن - مردوں کا حُسن عقل میں ہے اور عورتوں کی عقل حُسن میں ہے۔ ج۳ ص۶۲

○ امام حسن علیہ السلام نے ایک دفعہ فرمایا اگر میں دُعا کروں تو اللہ عراق کو شام اور شام کو عراق بنا دے مرد کو عورت اور عورت کو مرد کر دے ایک منافق ناصبی نے کہا اگر یہ طاقت ہوتی تو معاویہ سے صلح کیوں کرتے ؟ آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ اے عورت ! یہ مردوں کا مجمع ہے تو چلی جا اور اب تیری سابقہ عورت مر ہو چکی ہے۔ اب تیرے بطن سے ایک خنثیٰ پیدا ہوگا چنانچہ اس شخص نے اپنے آپ کو عورت پایا اور گھر پہنچا تو اس کی بیوی مرد تھی پس مجامعت کے بعد اس کے پیٹ سے خنثیٰ پیدا ہوا پھر وُہ دونو حاضر خدمت امام ہوئے اور معافی کے خواستگار ہوئے تو اللہ نے توبہ قبول کر لی اور اپنی اصلی حالت پر پلٹ گئے کیونکہ امام نے ان کو معافی دے دی۔ مقدمہ تفسیر ص۳۳ و ص۳۴

○ حضرت پیغمبرؐ نے امام حسن و امام حسین علیہما السلام کے قاتلوں کو یہودی اور لعنتی کہا۔ ج۲ ص۱۲۶

○ امام حسنؑ کا حُسن خلق۔ ج۴ ص۵۱

○ حضرت علیؑ سے کسی نے حالتِ احرام میں شُتر مُرغ کے انڈے توڑنے کا کفارہ پوچھا تو آپ نے فرمایا میرے فرزند حسن سے پوچھ لو۔ امام حسن نے سائل سے فرمایا کہ نر اونٹ کو مادہ پر بٹھاؤ (انڈوں کی مقدار کے برابر) پس جس قدر بچے پیدا ہوں ان کی قربانی دو حضرت علیؑ نے فرمایا اے فرزند بعض اوقات ناقہ حاملہ نہیں ہوتی۔ تو امام حسنؑ نے عرض۔ ابا جان ! بعض اوقات انڈے بھی تو خراب نکلتے ہیں۔ ج۵ ص۱۶۸

○ امام حسنؑ و امام حسین علیہما السلام کا صلبی اولاد رسول ہونے کا ثبوت۔ ج۵ ص۲۳۶ و ص۲۳۷۔ ج۹ ص۱۵۸

○ ایک دفعہ معاویہ نے امام حسنؑ سے سوال کیا کہ میری اور آپ کی ڈاڑھی کا ذکر قرآن میں کہاں ہے ؟ تو آپؑ نے آیت پڑھی۔ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ الخ ۔ ج ص۴۲

○ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ الخ امام حسنؑ نے یہ آیت پڑھ کر مروان سے فرمایا تو اور تیری اولاد شجرہ ملعونہ ہے۔ ج۹ ص۳۹ امام حسن و امام حسینؑ کا رسولؐ کے کندھوں پر سوار ہونا۔ ج۹ ص۶۴

○ امام حسنؑ نے حضرت خضرؑ کو مسائل سمجھائے۔ ج۹ ص۱۲۱ امام حسنؑ کی دربارِ شام میں معاویہ کے درباریوں سے گفتگو ج ص۱۵۱

○ امام حسن و امام حسینؑ بچپنے سے ہی کامل العقل تھے۔ ج۹ ص۱۴۱ دونو جوانانِ جنت کے سردار ہیں۔ ج۱ ص۲۲۱

○ حضرت پیغمبرؐ نے حسنین شریفین کو اپنی اولاد کہا۔ ج۱۱ ص۲۰۱

○ شاہ روم نے امام حسنؑ سے سوال کیا کہ وہ سات چیزیں کونسی ہیں جو ماں کے شکم سے پیدا نہیں ہوئیں آپ نے جواب میں فرمایا (۱) آدم (۲) حوا (۳) اسمٰعیل کے فدیہ والا دُنبہ (۴) سانپ جنتی (۵) کوّا (۶) ناقہ صالحؑ (۷) ابلیس (نوٹ :- سانپ سے مراد وہ ہے جو حضرت آدمؑ کے ساتھ آیا تھا اور کوّا وہ جس نے حضرت ہابیل کا دفن

کرتا قابیل کو سکھایا تھا) ج ۱۱ ص ۲۰۵۔ شاہ روم کے مفصل سوالات وجوابات اسی جلد ۱۲ کے ص ۲۰۴ و ص ۲۰۵ پر دیکھیں۔

- حضرت امیر علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام حسن کا خطبہ۔ ج ۱۲ ص ۲۵۸
- حاملین عرش کی تاویل حاملین علم لی گئی ہے چار اولین میں سے نوح ابراہیم موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام اور چار آخرین میں سے، حضرت محمد حضرت علی، حضرت حسنؑ اور حضرت حسینؑ ج ۱۴ ص ۹۵
- مختلف حاجات پیش کرنے والوں کو امام حسن علیہ السلام نے استغفار کا ورد تعلیم فرمایا۔ ج ۱۳ ص ۱۰۱
- حسنین شریفین کی بیماری اور منت اور نزول ھل اتیٰ۔ ج ۱۳ ص ۱۴۷
- حضرت امام حسین علیہ السلام نے آخری رخصت کے وقت اپنے بیمار فرزند کو سب سے پہلے نماز کی وصیت فرمائی۔ ج ۲ ص ۱۰۱
- حضرت پیغمبرؐ نے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ میری امت کے بعض لوگ میری ذریت ونسل کے پاکیزہ افراد کو قتل کریں گے۔ پس حضرت حسینؑ کی اولاد سے ایک مہدی کو خدا بھیجے گا جو اُن سے انتقام لے گا پس حسینؑ اور اس کے دوستوں کے قاتلوں پر لعنت ہے اللہ کی رحمت حسینؑ کے عزاداروں پر اور اُن پر جو ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجیں اور جو شخص حسینؑ کے قتل پر راضی ہوگا اس کا شمار بھی قاتلان حسینؑ سے ہوگا۔ ج ۲ ص ۱۳۸ و ص ۱۳۹، مصائب امام حسینؑ ج ۲ ص ۱۹۹
- قائم آل محمدؐ تشریف لائیں گے اور قاتلان امام حسینؑ کی اولاد سے قصاص لیں گے۔ راوی نے امام رضا علیہ السلام سے دریافت کیا کہ قاتل تو یہ لوگ نہ ہوں گے۔ بلکہ قتل تو کیا تھا ان لوگوں نے جو میدان کربلا میں حاضر تھے اور اللہ فرماتا ہے۔ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی یعنی کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا، آپ نے جواب دیا جو شخص کسی کے فعل پر راضی ہو وہ اسی جُرم کا مرتکب سمجھا جاتا ہے چونکہ یہ لوگ اپنے قاتلین آباد کے فعل پر راضی ہوں گے لہذا اُن سے بھی قتل کا قصاص لیا جائے گا۔ ج ۶ ص ۱۰ و ج ۴ ص ۹۱، ج ۱ ص ۳۶، ج ۱۳ ص ۱۵۹۔
- امام حسینؑ کا مدفن کربلا ہے زمین کربلا کا ذکر اور خصوصیات۔ ج ۴ ص ۱۱ تا ص ۱۴
- امام حسینؑ نے مکہ سے احرام حج کو اعمال عمرہ بجالا کر ختم کر دیا اور روانہ ہو گئے۔ ص ۱۸
- الحسن والحسین سیدا شباب اہل الجنۃ ص ۸۳ ج ۱ ص ۲۲۱
- وہ حسین ہے جس کا ایک سجدہ جو انتہائی کرب و بے چینی کے عالم میں خشوع و خضوع کا ایسا مرقع تھا کہ انبیاء و ملائکہ بھی داد دیئے بغیر نہ رہ سکے جس کی جبین نیاز نے تپتی ہوئی ریتی پر کفر و استبداد کے

ابھرتے ہوئے ناز توڑ دیئے اور پوری کائنات میں سجدہ و ساجدین اور عبادت و عابدین سے اپنا مقام منوا لیا اور قیامت تک کے لئے بقائے اسلام کی ضمانت دے دی۔ ج ۵ ص ۱۱ امام پاک جب شہید ہوئے تو ان کے جسم پر پشم کا جبہ تھا۔ ج ۷ ص ۲۵

- حضرت شہر بانو کا حضرت امام حسین علیہ السلام کے نکاح میں آنا۔ اس پر سنی مناظر کا اعتراض اور حضرت ملک العلماء ملک فیض محمد لکھیالوی مرحوم کا منہ توڑ جواب۔ ج ۵ ص ۴۷
- حضرت امام حسین علیہ السلام کے سبط رسول ہونے کی وجہ تسمیہ حسین منی وانا من الحسین۔ ج ۵ ص ۶۵
- ایک شخص نے امام حسین علیہ السلام سے رقم کا سوال کیا تو آپ نے فرمایا میں تم سے تین سوال پوچھا اگر سارے جوابات دیئے تو جو کچھ مانگا سب دوں گا ورنہ جس قدر جواب دو گے اتنا ہی دوں گا کیونکہ میرے نانا نے فرمایا ہے المعروف بقدر المعرفہ یعنی کسی کے ساتھ بھلائی اتنی کرو جتنی وہ معرفت رکھتا ہو۔
- آپ نے پوچھا تمام اعمال سے افضل کون سا عمل ہے؟ اس نے جواب دیا معرفت خدا۔
- پھر پوچھا۔ مصیبت کے وقت سہارا کیا چیز بنتی ہے؟ اس نے جواب دیا۔ توکل بر خدا۔
- پھر پوچھا۔ انسان کی زینت کیا ہے؟ اس نے جواب دیا۔ علم باعمل۔
- آپ نے پوچھا۔ اگر علم نہ ہو تو زینت کیا ہے؟ اس نے کہا مال ساتھ سخاوت کے۔
- آپ نے فرمایا۔ اگر مال نہ ہو تو زینت کیا ہے؟ اس نے جواب دیا۔ فقر صبر کے ساتھ۔
- آپ نے فرمایا۔ صبر نہ ہو تو پھر اس نے جواب دیا۔ بجلی آسمان سے گرے اور اس کو جلا دے۔
- آپ نے سوال کے بدلہ میں اس کو ایک ہزار دینار عطا فرمایا اور ایک انگوٹھی بطور انعام دی جس کا نگینہ دو سو کی قیمت کا تھا فرمایا اس کو اپنے بال بچوں کے اخراجات پر صرف کرنا۔ ج ۵ ص ۱۴۳ و ص ۱۴۴ ج ۱۱ ص ۵۵
- کیا امام حسین کے غم میں رونا بے صبری ہے؟ اس کا مدلل جواب ج ۶ ص ۱
- غم حسین میں رونے کے دلائل اور رونے کے نتائج۔ ج ۶ ص ۸۷
- امام حسین علیہ السلام کا حسن خلق۔ ایک دفعہ گروہ مساکین کے پاس سے گزرے وہ کھانا کھا رہے تھے انہوں نے آپ کو مدعو کر لیا تو آپ وہیں ان کے پاس زمین ہی پر بکھرے ہوئے روٹی کے ٹکڑے ان کے ہمراہ کھانے لگ گئے۔ ج ۶ ص ۲۰۴
- ایک دفعہ آپ کے غلام نے نجس جگہ پر پڑے ہوئے روٹی کے ٹکڑے کو اٹھا کر دھو کر کھا لیا تو آپ نے

خوش ہو کر اسے آزاد کر دیا اور فرمایا جو شخص اللہ کی نعمت کی قدر کرے وہ آتشِ جہنم سے آزاد ہو جاتا ہے تو پھر میں اس کی قدر کیوں نہ کروں۔ ج۹ ص۲۴۹۔ ج۱۱ ص۹۷ و ج۶ ص۱۴۳

- دوشِ رسولؐ پر اور حالتِ نماز میں پشت پر سوار ہونا۔ ج۹ ص۲۴
- حضرت زکریاؑ کو پنجتن پاک کے نام تعلیم کئے گئے تو عرض کی اے پروردگار! جب پانچواں نام لیتا ہوں تو میرے اوپر گریہ طاری ہو جاتا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ پس کھیٰعص کے ذریعے ان کو اطلاع دی گئی۔ کاف سے مراد کربلا ھا سے مراد ہلاکت یا سے مراد یزید عین سے مراد عطش اور صاد سے مراد صبر ہے۔
- حضرت زکریاؑ تین دن مسلسل مسجد میں صف ماتم بچھا کر روتے رہے۔ ج۹ ص۱۳۶
- امام حسین علیہ السلام اور حضرت یحییٰ میں مشابہت۔ ج۹ ص۱۳۸
- حضرت اسمٰعیلؑ نے دعا مانگی تھی کہ اے اللہ مجھے حسینؑ کی طرح صبر محبوب ہے۔ ج۹ ص۱۵۷
- انبیاء سابقین کے مجموعی مصائب سے بھی بڑھ کر مصائب و آلام میں گھر جانے کے بعد امام حسینؑ نے جو جلوۂ جمالِ پروردگار کے دیدار کا کربلا کی تپتی ہوئی ریتی پر تمازتِ آفتاب کی پوری تیزی کے دوران تیروں تلواروں پتھروں اور نیزوں کی موسلا دھار بارش میں لطف اٹھایا اس کی نظیر ناممکن ہے۔ ج۱۱ ص۸۸ و ص۸۹
- امام حسین علیہ السلام کی زیارت زیادتی رزق اور درازی عمر کی موجب ہوتی ہے۔ ج۱۱ ص۲۶
- کیا حضرت امام حسین علیہ السلام حضرت اسمٰعیل کے فدیہ تھے؟ تشریح ج۱۱ ص۶۶ و ص۶۷
- حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت ایک طرف اسلام کی بقاء کی ضمانت ہے اور ساتھ ساتھ اس کا ذکر ایک زندہ معجزہ ہے۔ ج۱۲ ص۲۱
- حضرت ابراہیمؑ کی دعا سے سلسلۂ امامت اسمٰعیلؑ کی نسل میں پھر مخصوص طور پر امام حسین علیہ السلام کی اولاد میں تا قیامت قائم رہے گا۔ ج۱۲ ص۲۲۹۔ حسینؑ کے مصائب کا سننا علمائے اسلام نے ناجائز قرار دیا تھا تاکہ صحابہ پر بدگمانی نہ ہو۔ مقدمہ تفسیر ص۱۰۳
- شبِ معراج حضرت پیغمبرؐ کو عترت پر آنے والے مصائب کی اطلاع دی گئی تھی۔ ج۱۲ ص۲۳۶
- امام حسین علیہ السلام کی زیارت بخشش گناہان کی موجب ہے۔ ج۱۲ ص۲۶
- حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت پر آسمان نے گریہ کیا چنانچہ بوقت طلوعِ آفتاب و غروبِ آفتاب سُرخی کا نمودار ہونا شہادت امام حسینؑ کے بعد سے ہے اور یہی اس کا گریہ ہے۔ ج۱۱ ص۲۶۳ ج۲ ص۲۰۳ ج۵ ص۱۳۹
- حضرت جبرئیل نے خبر دی کہ جناب فاطمہؑ کے بطن اطہر سے جو بچہ پیدا ہوگا اس کو تیری امت بے جرم و خطا

قتل کر دے گی۔ پس ایام حمل میں بھی اور بعد از پیدائش بھی خاتون جنت غمگین رہیں۔ ج۱۳ ص۲۳

- امام حسین پیغمبرؐ کی زبان چوس کر پلے۔ ج۱۳ ص۲۴ امام حسینؑ کے غم میں رونے کا ثواب۔ ج۱۲ ص۲۶۴
- امام حسین علیہ السلام کو چار انعامات مخصوصی طور پر عطا ہوئے۔ (۱) اولاد میں امامت (۲) خاک میں شفا (۳) ان کی قبر کے پاس دعا کا منظور ہونا۔ (۴) زیارت پر جانے والے کا زمانۂ زیارت اس کی زندگی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور خود رسولؐ اللہ کے درجہ میں ہوں گے۔ ج۱۲ ص۱۳۸ و ص۱۳۹۔ تارک زیارت کی عمر و رزق میں کمی ہوتی ہے ج۱۲ ص۲۶۱
- حسن و حسین علیہما السلام کے نام اللہ کے نام محسن سے مشتق ہیں۔ ج۱۲ ص۱۴۷
- حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا ہر نبی کی اولاد اپنی صلب سے ہے اور میری اولاد علی کی صلب سے ہے۔ ج۱۳ ص۲۴

حشر۔ فرعون نے موسیٰؑ سے سوال کیا تھا کہ حشر و نشر کب ہوگا؟ ج۹ ص۱۸۶

- اللہ کے لئے کسی کے مرنے کے بعد اس کا دوبارہ زندہ کرنا مشکل نہیں ہے۔ ج۱۱ ص۲۲۶ ج۱ ص۲۶
- ہر شیئ کی فنا کے بعد دوبارہ حشر نشر کی تفصیل۔ ج۱۱ ص۱۳۶ ج۱۳ ص۱۶۷۔ حضرموت کی وجہ تسمیہ ج۱ ص۳۸
- کسی مشکل کام کے پیش آنے پر چالیس روز تک سورہ حشر کی تلاوت سے مشکل حل ہو جائے گی۔ ج۱۱ ص۲۴۶

حرام زادہ علیؑ کا دشمن ہوتا ہے امام حسنؑ کی ولید بن عقبہ کو تنبیہہ ج۱۱ ص۱۵۱ حرامزادہ دشمن علی۔ ج۱۱ ص۲۱۱

- حرامزادہ اپنے عقائد و کردار کی بدولت جوابدہ ہوگا ورنہ ماں باپ کی غلطی کا یہ جوابدہ نہیں ہے۔ ج۱۱ ص۲۶۲
- منقول ہے کہ فرعون کے مشیر حلال زادے تھے انہوں نے فرعون کو موسیٰؑ کے قتل کا مشورہ نہیں دیا تھا لیکن نمرود کے مشیر حرامزادے تھے جنہوں نے حضرت ابراہیمؑ کے لئے سزائے موت تجویز کی تھی ج۱۲ ص۱۴۹
- حرام کھانے والے بروز محشر سور کی شکل میں محشور ہوں گے۔ ج۱۳ ص۱۲۴ حرامزادے پیدا کر نیوالی عورت کا عذاب ج ص۲۶۴

حٰم سجدہ کو برتن میں لکھ کر دھوکر آٹا خمیر کرے اور اس آٹے کا سفوف بنا کر رکھے ایک چٹکی درد دل کو ختم کر دیتی ہے اور اگر بارش کے پانی سے دھوکر آنکھ میں ڈالا جائے تو آشوب چشم کے لئے مفید ہے۔ ج۱۴ ص۱۲۶

(اقول) سات دفعہ حم لکھ کر سر پر باندھے تو درد سر ختم ہوگا۔ حم حم حم حم حم حم حم۔

حقوق۔ مومن وہ ہے جو مومنین کے حقوق کا خیال رکھے۔ ج۲ ص۱۳۲ تا ص۱۳۶ ج۵ ص۶۲

- عثمان بن مظعون کو حضورؐ نے حقوق کی ادائیگی کی تاکید فرمائی۔ ج۵ ص۱۲۱
- شیطان حقوق کی ادائیگی سے مومنوں کو روکتا ہے۔ ج۶ ص۱۵
- حقوق والدین کی پرواہ نہ کرنے والے کا انجام ج ص۱۶۹ اولاد پر والدین کا خرچہ واجب ہوتا ہے اگر ان کو ضرورت ہو ج۳ ص۲۴
- حقوق تین قسم کے ہیں (۱) حقوق اللہ (۲) حقوق النفس (۳) حقوق الناس۔ مومن کو چاہیئے کہ ان ہر سہ حقوق

کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرے مفصل بیان ۔ ج۶ ص۲۳۶ تا ص۲۴۰ ملاحظہ فرمائیے نیز ج۱ ص۷۵

- حقوق والدین ج۹ ص۲ و ج۲ ص۱۳۱ تا ص۱۳۳ ۔ ایک مرتبہ مہدی خلیفہ عباسی نے لوگوں کے حقوق دلوائے تو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہمیں بھی اپنے حقوق واپس ملنے چاہئیں خلیفہ نے پوچھا وہ کیا ہیں ؟ تو آپ نے فرمایا وُہ فدک اور اس کے گرد و نواح کا علاقہ ہے ۔ ج۹ ص۲۲ ۔ ابوبکر نے ایک دفعہ حق خاتون واپس کیا اور تحریر بھی کردی لیکن عمر نے وہ لے کر پھاڑ ڈالی وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حَقَّهٗ پ۱۵ آیت ۲۶ کی تفسیر میں ہے کہ اس حق سے مراد فدک اور اس کا علاقہ ہے ۔ ص۲۳ و ص۲۴
- امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا سواری کے بھی چھ حقوق ہیں (۱) اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالے (۲) اس کی پیٹھ پر بیٹھ کر اس کو روکے نہ رکھے (۳) اترتے ہی اس کو چارہ یا دانہ پیش کرے (۴) اس کے منہ پر نہ مارے (۵) اس کے منہ پر داغ نہ لگائے (۶) جب پانی کے پاس سے گزرے تو اس کو پانی پینے کی مہلت دے ۔ ج۹ ص۳۴
- حقوق کی ادائیگی کرنے والے بروز محشر گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے ج۹ ص۲۵۶
- قیامت کے روز پہلی منزل پر حقوق الناس کا سوال ہوگا اور ہر مظلوم کو حکم ہوگا کہ اپنے غاصب سے اپنے حقوق وصول کرو ج۱۲ ص۱۳۵ حقوق نہ ادا کرنے والے بدبودار محشور ہوں گے ۔ ج۱۴ ص۱۲۴
- عورت اور مرد کے حقوق ۔ ج۳ ص۶۱
- کاشتکار پر کھیتی کے حقوق ۔ ج۵ ص۲۶۲
- بڑے بیٹے پر واجب ہے کہ والدین کے واجبات ادا کرے چنانچہ ان کی قضا نمازوں کا پڑھنا اس پر واجب ہے ۔ ج۹ ص۷۹
- والدین کے ساتھ نیکی کرنے کے ساتھ ساتھ والدہ کے لئے خصوصی تاکید فرمائی ۔ ج۱۳ ص۲۵

حکمت ۔ حکمت کی تفسیر اطاعت خدا معرفت امام اور گناہوں سے اجتناب کی گئی ہے اسی طرح علم قرآن، علم دین اور معرفت و خوف خدا بھی حکمت سے مراد لئے گئے ہیں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے حکمت کا معنی معرفت اور دین میں فقہ حاصل کرنا بتایا ۔ آپ نے فرمایا حکمت معرفت کا نور تقویٰ کی میراث اور سچائی کا پھل ہے اگر میں کہوں کہ کوئی نعمت، نعمتِ حکمت سے زیادہ قیمتی و بلند تر نہیں تو بجا ہوگا ۔ ج۳ ص۱۶۱

حکومتِ جور کی طرف مقدمہ لے جانا حرام ہے ۔ ج۲ ص۱۴۰ ۔ حکومت جور سے محبت حرام ہے ۔ ج۵ ص۱۵۲

- حکومت جور کی مذمت ج۶ ص۲۳ حکومت جور کی تشریح ۔ ج۸ ص۵۵ ۔ سورہ رعد کو رات کو لکھ کر حاکم جور کے دروازہ پر لٹکایا جائے تو اس کی حکومت ختم ہو جائے گی ۔ ج۸ ص۱۰۱

حلالہ کا صحیح طریقہ جو قرآن مجید میں بیان کیا گیا ہے۔ ج۳ صہ ۲

حلال و حرام ۔ حلال جانور صہ ۱۴ حرام جانور کون سے ہیں۔ ج۵ صہ ۱۵ حلیت و حرمت کا معیار صہ ۱۹ تا صہ ۲۴ و صہ ۴۲ تا صہ ۵

- اضطراری حالت میں حرام اس قدر کھایا جا سکتا ہے کہ جان بچ جائے۔ ج۵ صہ ۲۵
- عربوں کے نزدیک حلال و حرام کا معیار اور حکم خداوندی۔ ج۵ صہ ۲۵۷ و صہ ۲۶۳ ج۶ صہ ۱۷ ج۸ صہ ۴۶

حیوانات ۔ جو شخص حیوانات کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا بروز محشر وہی حیوان اس پر مسلط ہو کر اس کو ماریں گے بعض اس کو دانتوں سے کاٹیں گے اور بعض پاؤں تلے روندیں گے۔ ج۶ صہ ۹

- اللہ نے حیوانات کی تخلیق انسانوں کی منافع کے لئے فرمائی ہے کہ سردیوں اور گرمیوں کے لباس ان کی اُون و چمڑوں سے بنائے جا سکتے ہیں۔ کھانے کے کام آتے ہیں سواری اور باربرداری کا فائدہ لیا جا سکتا ہے یہ حیوانات گھر کی زینت ہیں۔ ج۶ صہ ۱۹۸ وہ مادہ حیوانات جن سے دودھ حاصل ہوتا ہے اگر سوچا جائے تو اللہ کا کس قدر احسان ہے کہ خون اور گوبر کے درمیان سے خالص دودھ تیار کر کے انسان کو دیتا ہے۔ ج۶ صہ ۲۲۴
- حیوانوں کے چمڑوں اور اُون سے ہلکے پھلکے گھر بنائے جا سکتے ہیں۔ ج۶ صہ ۲۳۱
- حیوانات کی تفصیلات۔ ج۱ صہ ۱۴۹۔ دریائی جانوروں نے ایک دفعہ حضرت سلیمان سے ایک دن کی خوراک کا مطالبہ کیا تو آپ نے منظور فرمایا آپ نے ایک ماہ تک دریا کے کنارے غلہ جمع کرایا جو پہاڑ بن گیا پس ایک دریائی جانور (مچھلی) نے سر باہر نکالا اور سب غلہ کو ایک لقمہ میں کھا لیا اور حضرت سلیمان سے مزید خوراک کا مطالبہ کیا حضرت سلیمان نے اس سے پوچھا کہ سمندر میں تیری مثل کوئی اور جانور بھی ہے تو اس نے کہا ہزار ہا۔ ج۱ صہ ۱۴۹

حاملہ ۔ عورت کو اللہ کی راہ میں مرابطہ کا ثواب ملتا ہے۔ ج۴ صہ ۱۱۸

- ہر مؤنث کے شکم میں جو کچھ ہے اس کو صرف اللہ ہی جانتا ہے۔ ج۶ صہ ۱۱۲
- حمل کا اسقاط بھی قتل نفس شمار ہوتا ہے ج۹ صہ ۲۷ حضرت مریمؑ کا حمل ج۹ صہ ۱۴۳
- نمرود کے حکم سے بچنے کے لئے حضرت ابراہیمؑ کی والدہ کے حمل کو اللہ نے مخفی رکھا تھی کہ دایہ عورتوں کو باوجود گہری تفتیش کے بھی پتہ نہ چل سکا۔ ج۹ صہ ۱۵۳۔ حمل گرانے کا خون بہا۔ ج۱ صہ ۵۹
- حضرت موسیٰؑ کی والدہ کا حمل مخفی کر دیا گیا۔
- حضرت فاطمہؑ حضرت امام حسینؑ سے حاملہ ہوئیں تو غمگین تھیں اور جب حسینؑ پیدا ہوئے تو غمگین تھیں۔ ج۱۱ صہ ۲۳

بچے کے حمل و فصال کی کل مدت قرآن مجید نے تیس ماہ بتلائی ہے تو چونکہ دوسرے مقام پر دودھ کی مدت حولین کاملین بتائی گئی ہے لہذا ثابت ہوا مدت حمل چھ ماہ ہو سکتی ہے۔

حاملین عرش۔ ج۲ صت۱۴۳ ج۱۴ صت۹۵

- حضرت حمزہؓ کی جنگ احد میں شہادت اور لاش کا مثلہ ج۴ صت۳۹۔ حضرت حمزہ کے قاتل نے مسیلمہ کذاب کو قتل کیا تھا۔ ج۶ صت۱۲۲
- جعفر طیار اور حمزہ بروز محشر انبیاء کی گواہی دیں گے۔ ج۱۴ صت۸۰

حضرت حنظلہ (غسیل ملائکہ) جس کی اسی رات شادی ہوئی تھی اور شب عروسی کی صبح کو جنگ احد تھا پس شامل ہوا اور شہید ہو گیا حضورؐ نے فرمایا کہ اس کو ملائکہ خود غسل دے رہے ہیں اسی لئے اس کا لقب (غسیل ملائکہ) ہو گیا۔ ج۴ صت۴۰۔ حضرت عیسیٰؑ کے بعد علاقہ یمن میں نبی مبعوث ہوا جس کا نام حنظلہ تھا ج صت۲۱۸ در ج۱ صت۳۸ امت نے ان کو قتل کر دیا۔ ج۱ صت۱۷۸

حور۔ زمین پر اترنے والے فرشتے جب واپس جاتے ہیں تو حوران جنت ان سے خاک شفا بطور تبرک مانگتی ہیں۔ ج۴ صت۱۴۱

- اولاد آدم کا سلسلہ نسل چلانے کے لئے اللہ نے شیث کے لئے حور بھیجی جس کا نام نزلہ تھا اور یافث کے لئے حور بھیجی جس کا نام منزلہ تھا پس شیث کا لڑکا اور یافث کی لڑکی اور پھر ان کے باہمی نکاح سے اولاد آدم بڑھی۔ ج۴ صت۱۰۶
- جنتی لوگ ہر آلائش سے پاک و صاف ہو کر جنت میں پہنچیں گے تو حوریں ان کا استقبال کریں گی ج صت۱۴۶ جب مومن کی طرف حور دیکھے گی تو اس کے نور سے محلات جنت روشن ہو جائیں گے۔ ج۱ صت۱۵۰
- حوران جنت پیار و محبت سے پیش آئیں گی۔ ج۱۱ صت۲۶۶
- حور جمع ہے حوراء کی جس کا معنی ہے کشادہ چشم۔ ج۱۳ صت۱۳۷
- قاصرات الطرف کی تشریح صت۱۸۷ حوران جنت کی تعریف صت۱۹۰ حور عین کشادہ و سیاہ چشم صت۱۹۷
- ایک ایک جنتی کو سینکڑوں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں حوریں ملیں گی صت۲۰۱
- سورہ نوح کے فضائل میں ہے کہ اس سورہ کی تلاوت کرنے والے کو سینکڑوں حوریں ملیں گی۔ ج۱۴ صت۱۰۶

حوا۔ حضرت حوا کی پیدائش ج۴ صت۱۰۵ ج صت۱۴۶۔ ابلیس کا حوا پر وسوسہ ڈالنا۔ ج۲ صت۹۲۔ آدم و حوا کا گریہ ج۵ صت۹۵

حواریین کی تشریح ج۳ صت۲۴۲۔ حواریین نے حضرت عیسیٰؑ سے مائدہ کے اترنے کا سوال کیا تو حضرت عیسیٰؑ نے دعا مانگی پس سرخ رنگ کے رومال میں ایک مائدہ اترا۔ ج۵ صت۱۸۲

○ حیات مسیح ج۳ ص۲۴۲ تا ص۲۴۶

حیض کا بیان ۔ حیض ونفاس والی عورت پر قرآن مجید کی سور عزائم کا پڑھنا حرام ہے ۔ مقدمہ ص۴۳

○ مسائل حیض ج۳ ص۵۳ تا ص۵۵ ۔ یہودیوں کی جن بدعادتوں کی وجہ سے ان پر عذاب آئے ایک وجہ یہ بھی تھی کہ ایام حیض میں عورتوں سے ہمبستری کرتے تھے ۔ ج۵ ص۱۵۳

○ حیض کا آنا عورت کے بلوغ کی علامت ہے ۔ ج۹ ص۲۹

○ خاک شفا کے خصوصیات ج۴ ص۱۴ ۔ مٹی کا کھانا حرام ہے لیکن خاک شفا کو بطور علاج کے ایک نخود کے دانہ کے برابر تک کھایا جا سکتا ہے ۔ ج۵ ص۵ نماز میں خاک شفا پر سجدہ کرنا مقبولیت نماز باعث ہے اور اعمال کی رد کاوٹ کے حجابات خاک شفا پر سجدہ کرنے سے دور ہو جاتے ہیں ۔ ج۹ ص۶

خالد بن سنان عبسی نبی تھے ۔ مروی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ اور خاتم الانبیاءؐ کے درمیان چار نبی مبعوث ہوئے ان میں ایک کا نام خالد بن سنان تھا ۔ ج۴ ص۸۴ ۔ منقول ہے کہ حضرت پیغمبرؐ سے پہلے عربوں میں دو نبی مبعوث ہوئے ایک خالد بن سنان عبسی اور دوسرے قس بن ساعدہ ۔ ج۱۲ ص۵

خالد بن ولید ۔ جنگ احد میں خالد بن ولید کا اسلامی فوج پر حملہ ۔ ج۴ ص۵۷ و ص۵۸

○ علیؑ کے قتل کے لئے خالد بن ولید کو تیار کیا گیا ۔ ج۱۱ ص۱۱۶

اقول :۔ خالد بن ولید کو سیف اللہ کا لقب کسی نے نہیں دیا بلکہ اس نے اپنے لئے خود ہی تجویز کیا چنانچہ تفسیر ابن کثیر میں سورہ فتح کی آیت ھُوَ الَّذِیْ کَفَّ اَیْدِیَھُمْ الخ کے ذیل میں ہے کہ خالد نے خود کہا میں اللہ اور اس کے رسول کی تلوار ہوں پس اس کو سیف اللہ کہا گیا ۔ جلد ۴ ص۱۹۲

خاموشی عبادت ہے جبتک مومن خاموش رہے اس کے نامہ اعمال میں نیکیاں لکھی جاتی ہیں (فرمان صادقؑ) ج۲ ص۱۷ ابوذر کا قول ہے کہ زبان نیکی وبدی کی کنجی ہے پس سونے اور چاندی کی طرح اس پر مہر لگاؤ ص۱۷

خبر واحد کی حجیت ج۲ ص۵۸ و ج۲ ص۱۳۸ و ج۹ ص۲۹ و ج۱۳ ص۹۷

خبیث چیزوں کو اللہ نے حرام کیا اور طیبات کو حلال کیا ۔ ج۵ ص۴۹

○ بعض خبائث کا ذکر ص۲۶۴ ۔ قوم لوط کی خبیث عادتیں: ج۹ ص۲۳۸

- اَلْخَبِیثَات کی تشریح۔ ج ۱ ص ۱۲۷

ختم قرآن کی حد۔ مقدمہ تفسیر ص ۴۷ ماہ رمضان میں تیسرے دن ختم قرآن کرے تو خوب ہے۔ ج ۲ ص ۲۴۳

- حضرت علیؑ ایک رکاب میں پاؤں رکھتے تو دوسری رکاب تک قرآن ختم کر لیتے تھے۔ مقدمہ تفسیر ص ۴۹
- نماز تہجد میں ختم قرآن ص ۵۱ و ص ۵۴
- خَتَمَ اللہ کی تفسیر ج ۱ ص ۵۴۔ ختم کی وضاحت ص ۶۱ تا ص ۶۲ ج ۶ ص ۲۴ ج ۹ ص ۱۰۵
- بروز محشر زبانوں پر مہر لگ جائے گی اور باقی اعضاء اپنے اعمال کا خود اعتراف کریں گے اور اعضاء کی گواہی کا یہی مطلب ہے۔ ج ۱۲ ص ۲۷ و ۲۸۔ حضرت علی علیہ السلام کی ولایت کے منکرین کے دلوں کانوں اور زبانوں پر مہر لگی ہوئی ہے۔ ج ۱۲ ص ۱۷۱۔ منافقوں کے دلوں پر ختم یعنی مہر ہوتی ہے کہ پیغمبرؐ کی بات ایک کان سے سن کر دوسرے سے نکال دیتے تھے۔ ج ۱۳ ص ۲۵
- خاتم الانبیاء کا معجزہ قرآن تا قیامت رہے گا۔ مقدمہ تفسیر ص ۶۳
- قرآن اور ختم نبوت ص ۹۵۔ ختم نبوت کی عقلی دلیل ج ۶ ص ۸۸
- حضورؐ نے فرمایا۔ میں خاتم النبیین ہوں ج ۱ ص ۱۰۱۔ ختم نبوت ج ۱۱ ص ۲۰۱

ختنہ کرنا ملتِ ابراہیمی ہے۔ ج ۲ ص ۱۷۱ ج ۵ ص ۲۷۱

حضرت خدیجہؓ ام المومنین ان چار عورتوں میں سے ہیں۔ جن کو اللہ نے چن لیا۔ ج ۳ ص ۲۲۰ و ص ۲۲۹ ج ۴ ص ۷

- حضرت ابو طالب اور جناب خدیجہؓ اہل ایمان کے محسن ہیں ج ص ۱۱۔ سب سے پہلے حضرت پیغمبرؐ کے پیچھے حضرت علیؑ اور خدیجہؓ نے نماز پڑھی ص ۱۱۹۔ شب معراج حضورؐ نے شجرہ طوبیٰ کا پھل کھایا جو مادۂ تخلیق فاطمہؑ بنا پس زمین پر واپس آئے تو جناب خدیجہؓ کے رحم میں وہ منتقل ہوا۔ ج ۸ ص ۱۳۳
- اللہ نے فرمایا۔ زمین پر واپس پہنچ تو خدیجہؓ کو میرا سلام کہنا۔ ج ۸ ص ۲۵۹
- جناب خدیجہ چونکہ خاتونِ جنت کی ماں ہے اس لئے مسلمانوں کو اس کی فضیلت گوارا نہیں۔ ج ۱۱ ص ۲۰۷

خرچ ۔ راہِ خدا میں خرچ کرنا متقین کی نشانی ہے۔ ج ۲ ص ۵۲ و ص ۵۳ ص ۱۳۴ ص ۱۳۶ خرچ کا طریقہ ج ۳ ص ۱۱ و ص ۱۵۴

- مساکین و مستحقین کو دے کر جتلانا نہیں چاہیے ص ۱۵۸ شیطان راہ خدا میں خرچ کرنے سے روکتا ہے ص ۱۵۹
- راہِ خدا میں عمدہ چیز دینی چاہیے ص ۱۶۱ راہ خدا میں خرچ کرنے کے آداب ص ۱۹۲ راہ خدا میں خرچ نہ کرنے والے کا عذاب ج ۴ ص ۲۴۶۔ حدیث قدسی میں ہے مال میرا ہے اور فقراء میری عیال ہیں پس جو شخص میرے مال کو خرچ کرنے سے میری عیال پر بخل کرے گا اس کو جہنم میں داخل کروں گا۔ ج ۷ ص ۷۵
- جو بھی راہِ خدا میں خرچ کرے خدا اس کو بدلہ دیتا ہے۔ ج ۱۱ ص ۲۵۰۔ مومن کی علامت راہ خدا میں خرچ ج ۶ ص ۱۶۴

- قیامت کے دن سوال ہوگا کہ مال کہاں سے کمایا تھا اور کہاں خرچ کیا تھا ج۱۲ صـ۲۰
- مومن وہ ہے جو اپنے اوپر خرچ کرنے سے اچھے مومن دوستوں پر خرچ کرنے کو زیادہ پسند کرے ج۱۲ صـ۲۹
- اللہ کی راہ میں خرچ کرنا جنتی کی نشانی ہے ج۱۱ صـ۱۱۲ و ج۱۲ صـ۱۰۲

خزانہ ڈھونڈنے کا طریق۔ ج۱ صـ۱۸۹

خضاب لگانا ج۶ صـ۱۲۷

خوشبو۔ خوشبو کا استعمال کرنا مستحب ہے بالخصوص بروز جمعہ نماز جمعہ کے لئے خوشبو لگانا بہت ثواب ہے ج۲ صـ۱۲

خضرؑ۔ مسجد سہلہ میں حضرت خضرؑ کا مقام ہے ج۴ صـ۲۵ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا اگر موسیٰؑ اور خضرؑ کے درمیان میں ہوتا تو ان دونوں کو سمجھاتا اور پوچھتا۔ ج۶ صـ۲۳۵ ج۹ صـ۱۱۱۔ حضرت موسیٰؑ و خضرؑ کا قصہ ج۱ صـ۱۰۲

- حضرت خضرؑ کی طولانی زندگی۔ صـ۱۱۸ اور یہ ممکن ہے کہ حضرت خضرؑ کو بعض علوم ایسے دیئے گئے ہوں جن سے حضرت موسیٰؑ کا دامن خالی ہو حالانکہ وہ اولوالعزم پیغمبرؑ تھے ج۱ صـ۱۳۶
- حضرت خضر دریاؤں میں رہتے ہیں ج۳ صـ۶ حضرت امیرؑ کا اعجاز اور خضر پیغمبرؑ کی زیارت ج۱۱ صـ۱۱۱
- حضرت خضرؑ اور حضرت علیؑ کا مکالمہ ج۳ صـ۱۵۵

خلع۔ اور اس کے احکام ج۳ صـ۶۹ تا صـ۷۱

خلق۔ اللہ نے زمین کو مناسب طریقہ پر خلق فرمایا نہ گرم نہ سرد نہ نرم نہ سخت تاکہ انسان اس پر آسانی سے بود و باش رکھ سکیں ج۲ صـ۱۴ ج۳ صـ۱۰۲ ذکر خلقت آدمؑ ج۳ صـ۷ حوا کی پیدائش ج۶ صـ۱۰۵ آسمانوں کو بغیر ستونوں کے قائم کیا صـ۷ و صـ۱۰۵

- اس کے امر کن سے مخلوق پیدا ہو جاتی ہے صـ۱۵۹ حضرت عیسیٰؑ کا پرندہ کو پیدا کرنا ج۳ صـ۲۳۹ و ج۵ صـ۱۸۱
- مٹی سے خلق فرمایا ج۵ صـ۱۸۹ بدیع السموٰت ج۵ صـ۲۴۴ چھ دنوں میں تکمیل خلقت ج۶ صـ۳۹ ج۶ صـ۱۹۲ ج۱۳ صـ۱۲۱ مسئلہ خلق و رزق ج۶ صـ۲۵۱
- احسن الخالقین ج۶ صـ۲۰ اللہ ہر شئی کا خالق ہے ج۷ صـ۱۲۱ صـ۱۵۷ اول مخلوق ج۸ صـ۱۱ ج۱۱ صـ۲۲ ج۸ صـ۹۵ خلقت انسان و پیدائش جن۔ ج۸ صـ۱۷ ج۸ صـ۸
- خلقت آدمؑ صـ۴۸ خلقت پر قدرت ج۹ صـ۸۵ ج۱۱ صـ۳۱ موجودات عالم کا تخلیقی کارنامہ ج۱ صـ۱۷
- خلق و اختیار ج۱۱ صـ۴۹ رزق خلق کی تقسیم ج۱۱ صـ۹۷ اللہ حقیقی خالق ہے۔ ج۱۱ صـ۱۵۲
- کیا اللہ کے علاوہ کوئی اور خالق ہے؟ ج۱۱ صـ۲۵۷ موت کے بعد دوبارہ پیدا ہوں گے؟ ج۱۲ صـ۱۳۶
- اللہ کے سوا کسی کو خالق یا رازق کہنا درست نہیں ج۱۲ صـ۱۲۱ ترتیب خلقت صـ۱۶۲ و صـ۱۶۷ و ج۱۳ صـ۲۱۳ ج۱۴ صـ۱۶۲
- تخلیق الذاتی نہیں بلکہ اس نے اپنے ارادہ و اختیار سے خلق فرمایا ہے۔ ج۱۲ صـ۱۹۶۔ آسمان و زمین کی تخلیق لہو و لعب سے منزہ ہے صـ۲۶۸ خلق آسمان و زمین ج۱۳ صـ۱۹ ج۱۴ صـ۱۰۹ تخلیق انسان ج۱۴ صـ۱۸۶
- اللہ نے انسان کو بہترین شکل و صورت پر خلق فرمایا ج۱۴ صـ۳۷ نطفہ امشاج سے انسان کو پیدا کیا۔ ج۱۴ صـ۱۴۶ خلق عظیم ج۱۴ صـ۴۸

اطاعت میں طلب کرتے ہیں پس وہ کیسے پا سکتے ہیں۔ ج ۱۱ ص ۲۵۹

- ہلاک کرنے والی تین چیزیں ہیں (۱) بخل (۲) خواہش نفس کی اتباع (۳) خود پسندی۔ ج ۱۲ ص ۲۰۱
- خواہش ختم ہی نہیں ہوتی ایک کے بعد دوسری خواہش بڑھتی چلی جاتی ہے اسی لئے حدیث قدسی میں ہے انسان کو نہیں سیر کرتی مگر قبر کی مٹی ج ۱۲ ص ۲۱۲۔ بعض لوگ اپنی خواہش کو معبود سمجھتے ہیں۔ ج ۱۳ ص ۱۱

خواب میں وہی چیز نظر آ سکتی ہے جو عالم بیداری میں دیکھنے کے قابل ہو پس خدا چونکہ عالم بیداری میں نظر نہیں آ سکتا لہذا جو شخص کہے کہ میں نے خواب میں خدا کو دیکھا ہے وہ جھوٹا ہے مقدمہ تفسیر ص ۱۰۵

- عالم خواب میں روح کی کچھ آزادی ج ۲ ص ۳۷ تا ص ۳۹۔ خواب میں زندگی۔ ج ۲ ص ۱۹۸
- خواب کی چار قسمیں (۱) خواب من جانب اللہ (۲) وسوسۂ شیطانی (۳) مزاج کی خرابی کی وجہ سے (۴) افکار کی زیادتی سے پہلی قسم کا خواب الہام ہے باقی تینوں قسمیں اضغاث احلام ہیں۔ ج ۶ ص ۲۳۸
- خواب کی حقیقت ج ۹ ص ۹ تا ص ۱۱۔ حضرت یعقوب کا خواب ج ۹ ص ۱۴
- مومن کا خواب نبوت کا ایک جزو ہے۔ ج ۲ ص ۳۹
- حضرت یوسفؑ نے زندان مصر میں قیدیوں سے فرمایا کہ میں خواب کی تعبیر جانتا ہوں ج ۹ ص ۳۴ و ص ۳۵
- بادشاہ مصر کا خواب ج ۹ ص ۴۰ تا ص ۴۲ حضرت یوسفؑ کی تعبیر ص ۴۴
- حضرت یوسفؑ کی ماں مر چکی تھی لیکن تعبیر خواب کو آنکھوں سے دیکھنے کے لئے زندہ کی گئی ج ۹ ص ۸۵
- تعبیر خواب ج ۹ ص ۸۷ تا ص ۸۹ حضورؐ نے خواب میں دیکھا کہ بندر آپ کے منبر پہ ناچ رہے تھے۔ ج ۹ ص ۳۹
- جادوگروں نے خواہش کی تھی کہ ہم موسیٰ کو نیند دیکھنا چاہتے ہیں چنانچہ ان کے لئے موقع فراہم کیا گیا پس انہوں نے دیکھا کہ موسیٰ محو خواب ہیں اور عصا بصورت اژدہا پہرہ دے رہا ہے کہنے لگے یہ معجزہ ہے جادو نہیں کیونکہ جادو نیند کی حالت میں باقی نہیں رہتا۔ ج ۹ ص ۱۹۱
- جو شخص سورہ انبیاء لکھ کر اپنی کمر سے باندھے وہ خواب میں عجائبات دیکھے گا۔ ج ۹ ص ۲۱۴ (جو شخص سوتے وقت ۶۶ دفعہ آیت نور پڑھ کر سوئے تو عالم خواب میں عجائبات دیکھے گا)
- فرعون نے خواب میں دیکھا کہ بیت المقدس کی جانب سے ایک آگ اٹھی جس نے مصر کا رخ کیا اور چھا گئی اس کو تعبیر یہ بتلائی کہ بنی اسرائیل سے ایک آدمی اٹھے گا جو تیری حکومت کی تباہی کا باعث ہوگا چنانچہ اس نے بنی اسرائیل پر مظالم شروع کر دیئے ج ۱۱ ص ۸ حضرت ابراہیمؑ کو فرزند کے ذبح کرنے کا حکم خواب میں ملا۔ ج ۱۲ ص ۵
- خواب میں قبض نفس ہوتا ہے اور موت میں قبض روح ہوتا ہے۔ ج ۱۲ ص ۱۲۵
- حضرت پیغمبرؐ نے خواب میں مسجد الحرام کا داخلہ دیکھا تھا۔ ج ۱۳ ص ۸۸
- عاتکہ بنت عبد المطلب کا جنگ بدر سے پہلے خواب کہ ایک شتر سوار کہتا ہے موت کی تیاری کرلو ج ۶ ص ۱۰۵ و ص ۱۰۶ بخت نصر نے خواب دیکھا اور مقامی نجومی اس کی تعبیر نہ بتا سکے تو سب کو قتل کر دیا دانیال نے تعبیر بتائی کہ تو تین تک قتل ہو جائیگا چنانچہ وہ تعبیر حرف بحرف صحیح نکلی۔ ج ۳ ص ۱۴۸

- سورہ دخان کو لکھ کر سرہانے رکھ کر سوئے تو خواب میں اچھائی دیکھے گا۔ ج۱۲ ص۲۵۵
- انبیاء کے خواب دو طرح کے ہوتے ہیں ایک یہ کہ آنے والے واقعہ کو بعینہٖ دیکھیں جس طرح حضورؐ نے فتح مکہ خواب میں دیکھی دوسرے یہ کہ ایسی چیز جس کی تاویل آنے والا واقعہ ہو جس طرح حضرت یوسفؑ کا خواب گیارہ ستاروں اور چاند و سورج کا سجدہ ج۱۲ ص۵۵

خونریزی ۔ بنی آدم کی خونریزی کا فرشتوں کو پہلے سے خطرہ تھا ج۱ ص۶۰۔ یہودی قبائل کو اوس خزرج کے ساتھ مل کر خونریزی ج۱ ص۱۳۷

- اللہ کی راہ میں قتل ہونے والے زندہ ہوتے ہیں۔ ج۱ ص۱۹۶
- ایسا فعل جس سے منہ میں خون آجائے روزدار کے لئے مکروہ ہے۔ ج۲ ص۲۲۸
- حضرت علیؑ کو جنگ احد میں صرف سامنے کی طرف سے ستر زخم لگے تھے۔ ج۴ ص۴۰
- امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو لوگ ہمارے قاتلوں کو مومن سمجھتے ہیں اُن کے لباس قیامت تک ہمارے خون سے آلودہ رہیں گے۔ ج۴ ص۹۲
- ہر جانور کا خون حرام ہوتا ہے۔ ج۵ ص۱۰ و ص۱۹ و ص۲۶۴۔ حلال جانور کی ذبح کے وقت چار رگیں کاٹی جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ خون نکل جائے۔ ج۵ ص۲۲۔ خون کی قیمت سحت میں شمار ہے۔ ص۱۱۱
- فرعونیوں پر آنیوالے عذابوں میں سے ایک عذاب خون تھا کہ اُن کیلئے پانی خون بن جاتا تھا۔ ج۶ ص۸، ج۶ ص۵، ج۱۲ ص۱۴۸
- حضرت پیغمبرؐ کی بد دعا سے چالیس منافقین پر خون کا عذاب آیا۔ جن کے ناک اور منہ سے خون جاری رہتا تھا اور آخرکار وہ واصل جہنم ہو گئے۔ ج۶ ص۸۳۔ خون جہندہ رکھنے والے جانوروں کا خون نجس ہوتا ہے البتہ حلال ذبح شدہ جانور کا خون جو اندر رہ جاتا ہے وہ نجس نہیں ہوتا لیکن حرام ہوتا ہے۔ ج۶ ص۳۸
- حضرت یوسفؑ کے بھائی یوسفؑ کی قمیص پر جھوٹا خون لگا کر واپس آئے اور کہا کہ یوسفؑ کو بھیڑیے نے کھایا ہے۔ ج۸ ص۱۹
- غصہ کے وقت اولاد یعقوب کے جسم سے زرد رنگ کا خون ٹپکتا تھا۔ ج۸ ص۶۹
- حضرت یحییٰؑ اور حضرت حسینؑ دونوں کی شہادت پر آسمان خون رویا۔ ج۹ ص۱۲۹
- سورہ لقمان کو لکھ کر زخم پر لٹکانے سے خون بند ہو جائے گا۔ ج۱۱ ص۱۲۸
- قتل خطا کا بدلہ قتل نہیں بلکہ خون بہا ہوتا ہے۔ اگر آزاد غلام کو قتل کرے تو قصاص نہیں بلکہ خون بہا لیا جائیگا اور اگر مرد عورت کو قتل کرے تو دو صورتیں ہیں یا تو مرد سے خون بہا لیا جائے گا یا قصاص کی صورت میں نصف دیت عورت کے ولی کو ادا کرنی پڑے گی۔ ج۲ ص۲۱۳۔ اگر عمدی قتل میں وارث مقتول قصاص معاف کر کے خون بہا پر راضی ہو جائے تو قاتل سے قصاص معاف ہو جائے گا۔ ج۲ ص۲۱۲
- حمل کے خون بہا کی تفصیل ج۱ ص۵۹

خوف ۔ مومن کا ایمان خوف و رجا کے درمیان ہوتا ہے۔ ج۴ ص۴۸ ج۶ ص۱۶۱ ج۸ ص۶۲ ج۹ ص۲۴۸ ج۱۱ ص۱۳۲

- خوف و حزن میں فرق ج۲ ص۵۱ بچہ خوفزدہ ہو یعنی ڈرتا ہو تو سورہ غاشیہ اس پر پڑھی جائے اس کو سکون ہوگا۔ ج۱۴ ص۲۱۱

- جہنم کے پہلے دروازہ پر مرقوم ہے (۱) اللہ سے امید وابستہ کرنے والا نیک بخت ہے (۲) اللہ کا خوف رکھنے والا بے خوف ہے (۳) اللہ کے غیر سے امید وابستہ کرنے والا اللہ کے غیر سے خوفزدہ رہے گا۔ ج۶ صـ۲۶
- وہ لوگ بدبخت ہیں جو اللہ کی نافرمانی کرتے ہوئے اس سے ڈرتے نہیں۔ ج۶ صـ۱۲۳
- خوفِ خدا میں رونا شیعہ کی علامت ہے۔ ج۶ صـ۱۶۳
- خوفِ خدا میں آنسو کا ایک قطرہ محشر کی ذلت سے بچاتا ہے ج۶ صـ۱۵۹
- منتبین کی چار علامتیں (۱) اللہ کے ذکر سے ان کے دل خوفزدہ ہوں (۲) مصیبت پر صبر کریں (۳) نماز ادا کریں (۴) خداداد رزق سے حقوق ادا کریں۔ ج۱۱ صـ۳۳
- جس کے دل میں اللہ کا ڈر ہے اُسے اعمال حسنہ کی بجا آوری میں سستی نہ کرنی چاہیئے ج۱۱ صـ۲۶
- تین چیزیں نجات دینے والی ہیں (۱) رضا و غضب کی دونوں حالتوں میں عدل کو قائم رکھنا (۲) فنا و فقر کی دونوں حالتوں میں میانہ روی کو قائم رکھنا (۳) پوشیدہ و ظاہر دونوں حالتوں میں خوفِ خدا رکھنا ج۱۲ صـ۲۰۱
- اللہ کی گرفت سے نڈر رہنا مومن کی شان نہیں ہے۔ ج۱۴ صـ۱۰۳
- ایک عورت کی کہانی جس کے دل میں خوفِ خدا تھا پس اس کی وجہ سے اس مرد کے دل میں بھی خوفِ خدا پیدا ہوگیا جو اس سے زنا کا ارادہ رکھتا تھا پس تائب ہوگیا ج۱۴ صـ۲۰۱ ج۶ صـ۱۶۰
- خوفِ خدا کی ایک آنسو جہنم کے سمندروں کو خشک کرنے کے لئے کافی ہے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ بروز محشر ہر آنکھ روئے گی مگر تین آنکھیں نہ روئیں گی (۱) جو دنیا میں حرام سے بچی رہی ہوں (۲) جو رات کو اطاعتِ خدا میں بیدار رہی ہوں (۳) جو اثنائے شب میں خوفِ خدا سے روئی ہوں ج۶ صـ۱۶۱ جس شخص کے دل میں اللہ کا خوف ہو خدا ہر شئی کے دل میں اس کا خوف پیدا کر دیتا ہے اور جو اللہ سے نہیں ڈرتا وہ ہر شئی سے ڈرتا ہے۔ ج۶ صـ۱۶۰

خیرات - خیرات کرنے کے آداب میں سے ہے کہ جتلائے نہیں اگر کوئی شخص سائل سے ترشروئی کرے یا پہلے اسے جھڑکے پھر کچھ دے یا کچھ دینے کے بعد اس سے کوئی کام کروائے ان صورتوں میں احسان کی جزا باطل ہو جاتی ہے اور اگر سائل خود ترش کلامی یا ترشروئی کرے یا بے جا سوال کرے تو درگذر کرنا بہتر ہے۔ حضرت علیؑ نے خضرؑ سے پوچھا کہ کوئی اچھی بات سناؤ۔ تو خضرؑ نے کہا کہ مالدار لوگوں کی فقراء پر شفقت اگر ثواب کے لئے ہو تو خوب ہے آپ نے فرمایا اس سے بہتر سناؤ تو خضرؑ خاموش ہوگئے آپ نے فرمایا اس سے بہتر یہ ہے کہ فقراء لوگ ازراہ خودداری اللہ پر توکل کرکے مالدار لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانا چھوڑ دیں۔ ج۳ صـ۱۵۵

○ بیدِکَ الخیر میں خیر کی شرح اور یہ کہ اللہ فاعلِ خیر ہے ج۳ ص۲۱۱

خیانت ۔ خیانت سے حاصل کردہ مال حرام ہے ج۱ ص۲۴۷ ۔ خیانت کرنا گناہ کبیرہ ہے ۔ ج۴ ص۲۹۲

○ جس شخص میں تین عادتیں پائی جاتی ہیں وہ منافق ہے خواہ اپنے آپ کو مومن کہلانے والا نمازی اور روزہ دار ہی ہو (۱) جھوٹا (۲) وعدہ شکنی کرنے والا (۳) خیانت کرنے والا ج۳ ص۲۹۳

○ جو شخص جس چیز کی خیانت کرے گا بروز محشر اسے گردن پر اٹھا کر محشور ہوگا ج۲ ص۹۷

○ آلِ محمدؐ کے حقوق پر پردہ ڈالنا امتِ اسلامیہ کی خیانت ہے ۔ ج۵ ص۷۹

○ امانت میں خیانت کرنا مومن کی شان نہیں ہے ۔ ج۱ ص۱۶۲ ج۵ ص۵ کفر و شرک بھی خیانت ہے ج۲ ص۲۵۴

○ حضرت نوحؑ کی بیوی کی خیانت یہ تھی کہ اپنے شوہر کو دیوانہ اور پاگل کہتی تھی ۔ اور حضرت لوطؑ کی بیوی کی خیانت یہ تھی کہ اپنے شوہر نبی کی رازداری میں خیانت کرتی تھیں ۔ ازواج نبی کی پاکدامنی میں شک کرنا گناہ ہے ۔ ج۲ ص۲۱۳ ج۱ ص۸۲ ج۱۲ ص۹۸ خیانت کرنے والے پر خدا کی لعنت ج۵ ص۶۲

الدّال

دانیال ۔ دانیال پیغمبرؑ کو بخت نصر نے کنوئیں میں ڈال دیا یہ کنواں بابل کے قریب تھا بیت المقدس کے نبی کو وحی ہوئی کہ بابل کے کنوئیں میں دانیال کو غذا پہنچاؤ چنانچہ وہ نبی ان کو غذا پہنچاتا رہا آخر بخت نصر نے خواب میں دیکھا کہ اس کا سر لوہے کا پاؤں پیتل کے اور سینہ سونے کا ہے تعبیر دریافت کی لیکن نجومی نہ بتا سکے تو سب کو قتل کر دیا حضرت دانیال نے خواب اور تعبیر دونوں بتا دیئے اور فرمایا تو تین دن تک قتل ہو جائے گا پس حضرت دانیال کو اس نے کنوئیں سے باہر نکالا اور کہا کہ اگر تیسرے دن میں قتل نہ ہوا تو تجھے قتل کر دونگا چنانچہ تیسرے دن عالم پریشانی میں گھر سے باہر نکلا اور غلام کو حکم دیا کہ تلوار لے لو اور جو بھی تیرے سامنے آئے اسے قتل کر دو خواہ میں خود ہی کیوں نہ ہوں پس غلام نے اس کو قتل کر دیا اور یہ غلام ایرانی نسل کا تھا جس کا بخت نصر کو پتہ نہ تھا اور حضرت دانیال نے کہا تھا کہ تجھے ایرانی نسل کا غلام قتل کرے گا ۔ ج۲ ص۱۴۱

○ بخت نصر کے بعد خدا نے بہمن بن اسفندیار کو بھیجا اس نے بنی اسرائیل کے قیدیوں کو آزاد کیا اور حکومت دانیال کے حوالہ کر دی ۔ ج۱ ص۱

داؤدؑ ۔ داؤد کے متعلق وارد ہے کہ گھوڑے پر زین رکھی جاتی تھی تو زین رکھنے کی مدت میں وہ زبور ختم کر لیا کرتے تھے ۔ مقدمہ تفسیر صفحہ ۵۰

- طالوت وجالوت کی لڑائی میں حضرت داؤد نے جالوت کو قتل کیا پس طالوت نے حسب وعدہ اپنی لڑکی داؤد سے بیاہ دی اور بعد میں طالوت کے بعد تخت حکومت پر فائز ہوئے ۔ ج ۱۳ صفحہ ۱۲۳ ۔ حضرت داؤد کی شجاعت صفحہ ۱۲۴، ۱۲۵ ۔ کفر کرنے والے بنی اسرائیل پر داؤدؑ و عیسیٰؑ کی لعنت ہے ج ۶ صفحہ ۱۵۲
- حضرت داؤدؑ پر وحی ہوئی کہ جو شخص میرے اوپر اعتماد کرے تو میں اس کی حفاظت کے اسباب خود پیدا کرتا ہوں اور جو مجھے چھوڑ کر غیر پر بھروسہ کرے تو میں زمین و آسمان کے اندر اس کی کامیابی کے وسائل قطع کر دیتا ہوں ۔ ج ۷ صفحہ ۱۶۲
- حضرت داؤد کے گھر میں ایک سو بیویاں تھیں ۔ ج ۹ صفحہ ۲۴ ۔ حضرت داؤد کو دی گئی کتاب کا نام زبور ہے ج ۹ صفحہ ۳۷ حضرت داؤد کا فیصلہ ج ۹ صفحہ ۲۴۱ ۔ داؤد کے وصی کا تعین صفحہ ۲۴۱ داؤد زرہ کا موجد ہے صفحہ ۲۴۲
- حضرت داؤد کو وحی ہوئی اگر تمام اہل سما وارض مجھ سے مانگیں اور ہر مانگنے والے کو پوری دنیا کا ستر گنا دیا جاؤں تب بھی میرے خزانہ میں کمی واقع نہ ہوگی ۔ جس طرح نوک سوزن کو سمندر میں ڈبو کر نکالنے سے سمندر کے پانی میں کمی نہیں آتی ۔ ج ۹ صفحہ ۱۴۹ ۔ وراثت انبیاء حضرت سلیمانؑ داؤد کے وارث تھے صفحہ ۲۲۸ تا صفحہ ۲۳۰
- حضرت داؤد کے زمانہ میں اللہ نے سلیمانؑ کو فیصلہ کی فہم عطا کی تاکہ داؤد کے بعد ان کی جانشینی میں شک نہ ہو ۔ ج ۱۰ صفحہ ۲۴۷
- حضرت داؤد و لقمان کا زمانہ ایک تھا لیکن لقمان اُن سے بڑے تھے جس دن داؤد نے جالوت کو قتل کیا تھا اس دن لقمان بھی ساتھ تھے ۔ ایک دن حضرت لقمانؑ ملنے آئے تو داؤد زرہ بنا رہے تھے پوچھنا چاہا کہ کیا کر رہے ہو لیکن خاموش رہے جب زرہ تیار ہو گئی اور حضرت داؤد نے اپنے جسم پر پہن لی اور فرمایا کہ یہ لڑائی کا بہترین لباس ہے حضرت لقمان نے کہا خاموشی بہت بڑی دانشمندی ہے لیکن اپنانے والے کم ہیں ۔ ج ۱۱ صفحہ ۱۳۱
- حضرت داؤد کا ذکر ان کی حکومت کا لحن اور ان کی کاریگری ۔ ج ۱۱ صفحہ ۲۲۶ تا صفحہ ۲۲۸
- حضرت داؤد کا واقعہ ان کی قوت و طاقت اور حشمت و جاہ و جلال و عصمت داؤدؑ ۔ ج ۱۲ صفحہ ۸۲ تا صفحہ ۸۵
- حضرت داؤد پر غلط الزام ج ۱۲ صفحہ ۹۰ حضرت داؤد و سلیمان حکمران نبی تھے ۔ ج ۱۲ صفحہ ۲۲۳ لیکن حضرت داؤد نے زندگی بھر کما کر روٹی کھائی اور شاہی خزانہ رفاہ عامہ کے لئے وقف رہا اسی طرح حضرت سلیمانؑ شہنشاہ ہونے کے باوجود محنت مزدوری کر کے گذارا کرتے تھے اور بیت المال کو مستحقین پر تقسیم فرماتے تھے ۔ ج ۱۲ صفحہ ۲۲۵

داڑھی ۔ اللہ کے نزدیک تین آدمی مکرم ہیں (۱) مسلم سفید ریش (جس کے داڑھی کے بال سفید ہوں (۲) امام عادل (۳) حامل قرآن مقدمہ تفسیر صـ۲۹ داڑھی رکھنا ملت ابراہیمی ہے ج۲ صـ۱۵۱ ۔ داڑھی منڈوانا حرام ہے ج۶ صـ۱۶
- داڑھی میں کنگھی کرنا مستحب ہے ۔ ج۱ صـ۲۴ ۔ حضرت پیغمبرؐ داڑھی پر اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر کی طرف چالیس دفعہ کنگھی پھیرتے تھے حضرت صادق علیہ السلام ہر نماز کے بعد کنگھی کیا کرتے تھے صـ۲۵ رسولؐ اللہ کی داڑھی گھنی تھی ج۱۲ صـ۲۰۵ حضر موسیٰؑ کا حضرت ہارون کی داڑھی پکڑنے کا مطلب ۔ ج۹ صـ۹۹ فرعون کی داڑھی میں موسیٰ علیہ السلام کا ہاتھ ج۹ صـ۱۰۱ و ج۱ صـ۲۲ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی داڑھی میں سفید بال دیکھا پس حمد پروردگار بجالائے صـ۲۳۹ ۔ نماز کی حالت میں داڑھی کھجلانا منافی خشوع ہے ج۱ صـ۵۷ اس امت کا بدبخت وہ ہے جو یا علیؑ تیری داڑھی کو رنگین کرے گا ۔ ج۴ صـ۵۳ معاویہ کی داڑھی خبیث زمین کی پیداوار کی طرح ۔ ج۸ صـ۴۲

دخان ۔ سورہ دخان کے فضائل و خواص ۔ ج۱۲ صـ۲۵۵ ۔ دخان کی تفسیر صـ۲۶۱

درود شریف ۔ حضرت موسیٰؑ نے بحکم پروردگار اپنی قوم کو محمد و آل محمدؐ پر درود پڑھنا تعلیم فرمایا تو اس کی برکت سے ان کے مصائب دور ہو گئے اور عورتوں نے درود کو ورد زبان بنایا تو فرعونیوں کو ان کی آبرو ریزی پہ قدرت نہ ہو سکی اور فرعون کے تشدد کے باوجود بنی اسرائیل کی تعداد میں کمی نہ ہوئی ۔ ج۲ صـ۱۰۵ و صـ۱۰۶
- بنی اسرائیل کو جب گائے کے ذبح کا حکم ہوا وہ ایسے نوجوان کی تھی جو محمد و آل محمدؐ پر درود پڑھتا تھا ج۲ صـ۱۲۴
- محمد و آل محمدؐ پر درود کا ثبوت ج۲ صـ۲۰۲ ۔ دعا سے قبل و بعد درود پڑھنے سے دعا مقبول ہوتی ہے ج۶ صـ۱۳۸
- درود پڑھنا آل محمدؐ کی تعظیم ہے ج صـ۱۲ ۔ منقول ہے کہ نماز جماعت کی پہلی صف پر فرشتے درود بھیجتے ہیں ج۶ صـ۱۷۶ ۔
- ہر روز درود شریف ایک سو دفعہ اور بروز جمعہ ایک ہزار دفعہ پڑھنا وسعتِ رزق کا موجب ہے ۔
- حدیث میں ہے جمعہ کے شب و روز میں درود و سلام زیادہ پڑھا کرو ۔ ج۱۴ صـ۱۲ ۔ درود کی برکت سے زندگی میں اضافہ ۔ ج۲ صـ۱۲۵ ۔
- ایک حدیث میں ہے کہ جمعہ کے دن یا رات میں ایک دفعہ درود پڑھنا ایک ہزار نیکی کے برابر ہے ج۱۴ صـ۲۲

درس معرفت ۔ سورہ فاتحہ کی آیات میں غور و فکر معرفت توحید کا درس ہے ۔ ج۱ صـ۱۴

عبادت کے تین مرتبے ہیں ۔ عبادت عرفان ، عبادت خوف اور عبادتِ طمع اور سب سے بلند درجہ عبادت عرفان کا ہے اس لئے دعوتِ عبادت سے دعوتِ معرفت کا مقام مقدم ہے ۔ ج۱ صـ۷ و صـ۱۴۳ ۔
- مراتب معرفت ج۱ صـ۲۲ معرفت کے موضوع پر نتیجہ خیز عقلی بحث ج۵ صـ۱ درس معرفت ج۶ صـ۱۲۴ ج۶ صـ۲۰ و صـ۲۳۰

تفکر برائے معرفت۔ ج۶ ص۱۴۱۔ درس آموز مثال ج۱ ص۹۷ عبادت معرفت ج۹ ص۲۵۱ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا بیان حق ترجمان اگر ہو سکے تو ایسی زندگی گزارو جس میں تمہیں کوئی نہ پہچانے اور اسی موضوع پر حضرت علی علیہ السلام کی تقریر جس میں آپ نے فرمایا ہماری معرفت رکھنے والوں کے لئے نجات کی امید ہے سوائے تین قسم کے لوگوں کے (۱) ظالم حکمران کا دوست (۲) ناجائز خواہش رکھنے والا (۳) اعلانیہ فاسق ج۱ ص۷۷۔ حضرت سلیمانؑ کے سامنے ہدہد کے بیان پر علامہ طبرسی کا تبصرہ ج۱ ص۲۳۸ و ص۲۳۹۔

- امام حسین علیہ السلام نے سائل کو فرمایا المعروف بقدر المعرفہ یعنی کسی پر احسان اتنا کرنا چاہیے جس قدر اس کی معرفت ہو۔ ج۱۱ ص۹۷ و ج۶ ص۱۴۳

دربار شام میں سجادؑ ج۱۳ ص۲۲۴۔ دربار شام میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا داخلہ ج۶ ص۵۸

درجات۔ درجات یقین و معرفت و تقویٰ ج۲ ص۲۲ تا ص۲۴ و ص۷۷ و ص۸۷ ج۵ ص۱۶۵ ج۱۳ ص۲۲۴

درخت۔ شجرہ کی تحقیق جس سے حضرت آدمؑ کو روکا گیا تھا ج۲ ص۹۵

- مروی ہے سخاوت جنت کا درخت ہے جس کی شاخیں دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں پس جو شخص اس کی کسی شاخ سے وابستہ ہوا وہ اس کو جنت میں لے جائیگی اسی راہ بخل بھی جہنم کا ایک درخت ہے جس کی شاخیں دنیا میں پھیلی ہوئیں ہیں۔ پس جس نے اس کی کسی شاخ سے تمسک کیا وہ اس کو جہنم میں لے جائے گی۔ ج۳ ص۴۹
- وہ درخت کھجور کے تھے جن پر جادوگروں کو پھانسی دی گئی جو موسیٰؑ پر ایمان لائے تھے۔ ج۶ ص۷۲
  شجرہ طیبہ اور شجرہ خبیثہ۔ ج۸ ص۱۵۳
- جس غار میں اصحابِ کہف داخل ہوئے اس کے دروازہ پر پھلدار درخت تھے انہوں نے پہلے پھل کھائے اور پھر اندر داخل ہو کر سو رہے۔ ج۹ ص۸۷ شجرہ ملعونہ سے بنی امیہ مراد ہیں۔ ج۸ ص۱۲۲ و ج۱ ص۳۸ و ص۳۹
  حضرت موسیٰؑ نے جس درخت سے آگ کے شعلے دیکھے اور پھر آگ لینے کے لئے وہاں پہنچے وہ عناب کا درخت تھا جس سے اللہ نے کلام کیا۔ ج۹ ص۱۶۳، ج۱۱ ص۳۴
- حضرت زکریاؑ ایک درخت کے خول میں چھپے ہوئے تھے کہ یہودیوں نے اس کو آرہ سے کاٹ دیا پس حضرت زکریاؑ شہید ہو گئے اور یہ مشورہ ان کو شیطان نے دیا تھا۔ ج۹ ص۲۵
- بادشاہ عادل ہو تو درختوں کے پھلوں میں برکت ہوتی ہے اور ظلم سے برکت چلی جاتی ہے ج۸ ص۵۲
- بعضوں نے کہا ہے کہ ایکہ کا معنیٰ درختوں کا جھنڈ ہے اور وہ حضرت شعیب کی قوم کا مسکن تھا۔ ج۸ ص۱۸۹، ج۱ ص۲۱۰

درختوں سے سرسبز مقام کو سیناء کہتے ہیں اور طُورِ سینا اسی سے ہے۔ ج۱ ص۶۳

○ مروی ہے کہ عرش کے نیچے ایک درخت ہے جس کے ہر مرتبہ پر ایک ذی روح کا نام درج ہے پس جس کی موت آتی ہے اس کے نام کا پتہ درخت سے ٹوٹ کر ملک الموت کے سامنے آگرتا ہے پس وہ اس کی روح قبض کر لیتا ہے۔ ج۱۱ ص۱۴۶ و ص۱۴۷

○ سرسبز درخت سے آگ پیدا کرنے پر اللہ قادر ہے۔ ج۱۱ ص۳۱

○ جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام طوبیٰ ہے اس کی شاخ ہر مومن گھر میں ہوگی۔ ج۶ ص۱۶۷ ج۸ ص۱۳۳

○ ایک روایت میں ہے کہ طوبیٰ کا درخت حضرت علی علیہ السلام کے گھر میں ہوگا۔ ج۸ ص۲۷

○ جنت میں ایک درخت ہے جس کا ایک پتہ ایک لاکھ آدمی پر سایہ فگن ہوگا اس کے دائیں طرف شراب طہور کا چشمہ ہے اور بائیں طرف آبِ حیات کا چشمہ ہے۔ ج۹ ص۱۲۵

○ جنت میں ایک درخت ہے جو تسبیح پروردگار کرتے ہوئے جھومتا ہے۔ ج۱۱ ص۱۴۹

○ پیغمبرؐ کے حکم سے درخت کا چل کر آنا۔ ج۱ ص۸۱۔ ج۱۳ ص۱۴

○ جس درخت کے نیچے بیعت رضوان واقع ہوئی وہ کیکر کا درخت تھا۔ ج۱۳ ص۴۲

○ جنگِ احد میں حضرت علیؑ کی تلوار ٹوٹ گئی تو پیغمبرؐ نے درخت خرما کی شاخ توڑ کر دی جو تلوار بن گئی ج۴ ص۴۰

درد ۔ سورہ یونس کی آیت ۵۷ قَدْ جَآءَتْكُمْ الخ پڑھ کر دم کی جائے تو درد سینہ ختم ہو جائے گا۔ باذن اللہ۔ ج۷ ص۱۶۹، سورہ والذاریات کو دھو کر پینے سے درد شکم ختم ہوگا۔ انشاء اللہ اور اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے وضع حمل میں آسانی ہوگی ج۱۳ ص۱۲۳۔ سورہ المرسلات کو لکھ کر پیاز کے پانی سے دھو کر پینے سے درد شکم دور ہوگا۔ ج۱۴ ص۱۵۵۔ سورہ عم کو دھو کر پینا درد شکم کے لئے مفید ہے ص۱۶۱

○ سورہ حم سجدہ کو لکھ کر دھوئے اور اسی پانی سے آٹا خمیر کر کے خشک کرے اور اس کا سفوف بنا کر اپنے پاس رکھے اس کی ایک چٹکی لینے سے درد دل ختم ہوگا۔ ج۱۲ ص۱۶۸ سورہ دھر کو دھو کر پینے سے درد دل ختم ہوگا ج۱۴ ص۱۴۵

○ برتن پر سورہ حم سجدہ کو لکھے اور آبِ باران سے دھوئے پھر اس پانی میں سُرمہ کو کھرل کر کے خشک کرے۔ وہ درد چشم بلکہ آنکھ کی ہر بیماری کے لئے فائدہ مند ہے ص۱۲ ص۱۶۸ نیز سورہ حٰمٓعٓسٓقٓ کی بھی یہی خاصیت منقول ہے ص۱۲ ص۱۹۷۔ سورہ دخان کو دھو کر پینے سے درد شقیقہ اور درد شکم کی تکالیف سے نجات ہوگی ج۱۲ ص۲۵۵

○ سورہ والعادیات لکھ کر آبِ باراں سے دھو کر پئے تو دردوں سے نجات ملے گی انشاء اللہ ج۱۴ ص۲۵۳۔

○ سورہ ملک کی آیت ۲۴ کو سات دفعہ پڑھ کر دم کرنے سے ڈاڑھ کا درد ختم ہوگا۔ ج۱۴ ص۷۹

درگذر کرنا ۔ غصہ کو ضبط کرنا اور احسان کرنا متقین کا شیوہ ہے۔ ج۴ ص۵۔ امام زین العابدین علیہ السلام اور

- امام حسن علیہ السلام کے واقعات صد۵ صد۵ درگذر کرنا اخلاق پیغمبرؐ میں سے ہے۔ ج۴ صد۳ تا صد۵
- درگذر کرنا اہل جنت کی نشانیوں میں سے ہے۔ ج۱۲ صد۲۱۴

دسترخوان ۔ جو حضرت عیسیٰؑ کی دعا سے نازل ہوا۔ ج۵ صد۱۸۲ صد۱۸۳

دشمنِ علیؑ ۔ منافق ہوتا ہے۔ مقدمہ تفسیر صد۱۲۶ و صد۱۲۷ ج۱۴ صد۳۴۔ دشمنِ علیؑ رسوا ہوتے رہے صد۸۴

- جھوٹے پیر و مرید بروز قیامت ایک دوسرے سے بیزار ہوں گے۔ ج۲ صد۲۰۷
- حضرت علیؑ کی ولایت سے برگشتہ کرنا بھی قتل کے برابر گناہ ہے۔ ج۲ صد۲۱۲ و صد۲۱۳
- بہترین عمل اللہ کے دوستوں سے تولا کرنا اور دشمنوں سے تبرا کرنا ہے۔ ج۵ صد۱۱۹
- دشمنانِ علیؑ کی نشاندہی از کتاب بخاری۔ ج۵ صد۱۲۳ مفصل بیان تا صد۱۲۹
- دشمنانِ علیؑ ج۵ صد۲۴۸ و ج۱۲ صد۱۸۷۔ آل کا دشمن نبی کا دشمن ہے۔ ج۷ صد۱۲۵
- علیؑ کے فضائل سن کر دشمن علیؑ کا جلنا اور عذابِ خدا میں گرفتار ہونا۔ ج۷ صد۱۹۲
- دشمنانِ آلِ محمدؐ کا طریقۂ دشمنی۔ ج۶ صد۱۵ و ج۸ صد۱۴۶

دشمن سے نجات پانا اور دشمن کو مغلوب کرنا۔

(۱) دس دن کا عمل سنیچر سے شروع کرے ہر روز ۱۲۰۰ دفعہ پڑھے۔ یَا مَنْ یَکْفِیْ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ وَلَا یَکْفِیْ مِنْہُ شَیْئٌ فَاکْفِنِیْ شَرَّ اَعْدَائِیْ کَیْفَ شِئْتَ یا قوی یا غنی یا ملی یا دفی

(۲) دس دفعہ پڑھے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کٓھٰیٰعٓصٓ وَحٰمٓعٓسٓقٓ دشمن سے محفوظ رہے گا۔

(۳) اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ کو ایک جگہ ایک ہزار ایک دفعہ پڑھے ۔ ۱۰۰۱

(۴) پورا اِلٰی خاک پر اَوَمَنْ کَانَ مَیْتًا تا لَا یَمْکُرُوْنَ سات دفعہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکے تو دشمن مغلوب ہوگا۔

(۵) قُلْ جَآءَ الْحَقُّ تا قریب لکھ کر ویران کنوئیں کے پانی سے دھو کر دشمن کے گھر چھڑکنے سے دشمن ظلم پر قادر نہ ہو سکے گا (واللہ اعلم)

(۶) دس دن کا عمل ۔ پابندیٔ وقت وحدت زبان و مکان طہارت۔

روزانہ ایک ہزار دفعہ سورۃ الفیل پڑھے اور دسویں دن جاری پانی میں بیٹھ کر یہ دعا پڑھے:۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَاضِرُ الْمُحِیْطُ بِمَکْنُوْنَاتِ السَّرَائِرِ وَالضَّمَائِرِ اَللّٰھُمَّ عَزَّ الظَّالِمُ وَقَلَّ النَّاصِرُ وَاَنْتَ الْمُطَّلِعُ الْعَالِمُ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ مَالِکُہٗ فَاَھْلِکْہُ اَللّٰھُمَّ سَرْبِلْہُ سِرْبَالَ

الْهَوَانَ وَقَيْمَضَهُ الرَّدٰى ۔ اس کے بعد دس دفعہ کہے اَللّٰهُمَّ اَقْصِفْهُ پھر کہے۔ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۔ دشمن ہلاک ہوگا (لیکن مومن کے لئے یہ کام نہ کرے)

(۷) دشمن کے شر سے بچنے کے لئے آیاتِ کفایت کی روزانہ تلاوت کرے ۲۳۲۸ بار وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۔

(۸) مجلس واحد میں ۱۲ ہزار دفعہ پڑھے۔ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

(۹) لا الٰہ الا انت انی کنت من الظّٰلِمِیْنَ ستر ہزار دفعہ پڑھے۔ پہلے پانچ دن پانچ ہزار سے کم نہ پڑھے

(۱۰) روزانہ ستر دفعہ پڑھے۔ یا اللہ یا محمد یا علی یا فاطمہ یا صاحب الزمان ادرکنی ولا تُہلکنی

(۱۱) دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے سورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ کو ۱۱ دن ہر روز گیارہ مرتبہ وحدت مکان وحدت زمان و طہارت کے ساتھ با شرائط پڑھے اور نقش مذکور کو زرد رنگ کے کپڑے پر بروز ہفتہ ساعت عطارد میں لکھ کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے۔ انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔ نقش کو مشک و گلاب و زعفران سے لکھے۔ وہ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶

اذا جاء	نصر اللہ	والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
نصر اللہ	والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا
والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح
ورأیت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان
اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا

(۱۲) دشمن کا نام دو سین کے درمیان امتزاج کر کے لکھ کر اپنے ہاتھ میں رکھے پس دشمن مغلوب ہوگا مثلاً دشمن کا نام ہے۔ زید۔ زی د کو سین کے درمیان اس طرح لکھے۔ س زس ی س د س۔ سزسیسدس۔

(۱۳) سورہ تبّت کے اعداد ۵۸۲۶ کی مثلث پُر کر کے پاس رکھیں۔

(۱۴) دشمن کے نام کے عدد سورۃ تبت کے اعداد میں جمع کرکے ۲۶۰ منفی کریں اور ۹ پر تقسیم کرکے حاصل قسمت کا مربع پُر کرکے پاس رکھیں۔

۷۸۶

فسیکفیکھم	انّہ ھو	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	انّہ ھو	فسیکفیکھم
انّہ ھو	فسیکفیکھم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسیکفیکھم	انّہ ھو

(۱۵) دشمن کو مطیع کرنے کے لئے مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

دُعا برائے ظہورِ حجّت:۔ اَللّٰھُمَّ کُنْ لِوَلِیِّکَ الْحُجَّۃِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰبَآئِہٖ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَۃِ وَلِیًّا وَّحَافِظًا وَّقَائِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِیْلًا وَّعَیْنًا حَتّٰی تُسْکِنَہٗ اَرْضَکَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَہٗ فِیْھَا طَوِیْلًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ محمد وَعَجِّلْ فَرَجَھُمْ وَسَھِّلْ مَخْرَجَھُمْ وَاَھْلِکْ اَعْدَآئَھُمْ اَجْمَعِیْنَ۔

مقدمہ تفسیر ص۱۰۴ ج۲ ص۱۹۴

- حضرت علیؑ کی دعا اور بد دعا ج۲ ص۱۴۶۔ حضرت ابراہیمؑ کی دعا اور حضرت پیغمبرؐ کا فرمان کہ میں اپنے باپ ابراہیمؑ کی دعا کا نتیجہ ہوں۔ ج۲ ص۱۷۲ حضرت ابراہیمؑ کی رزق اولاد کے لئے دُعا ج۲ ص۱۷۷
- ماہ رمضان میں دعا ج۲ ص۲۲۱۔ قبولیتِ دعا میں تاخیر ج۲ ص۲۳۲
- فاسق کو اپنے مال کا امین نہیں بنانا چاہیئے ورنہ بصورت دیگر اگر نقصان ہو جائے تو ایسے شخص پر بد دعا کرنا بے سود ہے۔ ج۴ ص۱۱۹ و ص۱۲۰۔ افعال وضو کی دعائیں۔ ج۵ ص۶۶
- محمد و آل محمدؐ کے وسیلہ سے دعا مانگی جائے تو مقبول ہوتی ہے۔ ج۵ ص۲۱۷
- بہترین دعا وہ ہے جو یکسوئی اور چپکے سے مانگی جائے۔ ج۵ ص۲۲۷
- بلعم بن باعور کی بد دعا ج۶ ص۱۳۱۔ خدا کسی کی دعا یا بد دعا کے قبول کرنے کا پابند نہیں ہے ج۶ ص۱۳۳ و ص۱۳۴
- تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ کی تفسیر ج۶ ص۱۳۶۔ دعا کی تاکید و طریقہ ج۶ ص۱۳۹
- دل میں خوفِ خدا رکھنے والے کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔ ج۶ ص۱۶۰
- منافق کے لئے دعا کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ج۷ ص۱۰۰ مشرک کے لئے دُعا کرنا بے سود ہے ص۱۳۲
- حضرت موسیٰؑ کی فرعون کے لئے بد دعا۔ ج۷ ص۱۷۰
- حضرت یوسفؑ کی کنوئیں میں دُعا ج۸ ص۱۷ قید میں دعا ص۳۸ و ص۴۴ قیدیوں کے لئے دُعا ص۴۶

- حضرت یعقوبؑ کی دعا صـ۸ ۔ دعائے فرج صـ۹۴ ۔ رسالتمآبؐ کی دعا صـ۱۱۷ ۔ دعا کرنا پکارنا صـ۱۱۸
- حضرت ابراہیمؑ کی دعا و دعوت ج صـ۱۶۰ انسان کا دعا مانگنا ج۱ صـ۱۶ نماز وتر میں دعائے قنوت ج۱ صـ۵۲
- اصحاب کہف کی دعا ج۱ صـ۹۳ اصحاب رقیم کی دعا صـ۸۲ حضرت زکریاؑ کی دعا صـ۱۲۷ و صـ۱۳۹
- حضرت ابراہیمؑ کی آزر کے لئے دعا صـ۱۵۳ و صـ۱۵۴ ۔ حضرت ابراہیمؑ نے سفید بال دیکھا تو پوچھا پروردگار! یہ کیا ہے ؟ تو جواب ملا یہ وقار ہے پس آپ نے دعا کی کہ اے اللہ میرے وقار کو زیادہ کر۔ ج۹ صـ۱۳۷
- دعا کے وقت ہاتھوں کو بلند کرنے کا مقصد ج۹ صـ۱۷۲ ج۱۱ صـ۸
- حضرت موسیٰؑ کی دعا ج۹ صـ۱۷۷ و صـ۱۷۹ ۔ آیات قرآنیہ علیؑ کی وزارت کے لئے حضرت پیغمبرؐ کی دعا ج۹ صـ۱۷۸
- آتش نمرودی میں جانے سے پہلے حضرت ابراہیمؑ کی دعا ۔ ج۹ صـ۲۳۵ ۔ مقام عرفات میں دعا قبول ہے ج۱۰ صـ۲۵
- لوگ غیر اللہ سے مانگتے ہیں لیکن اللہ ان کو دے دیتا ہے پس وہ سمجھتے ہیں کہ غیر اللہ نے ہماری دعاؤں کو منظور کیا ہے پس وہ زیادہ گمراہ ہوتے ہیں ج۱۰ صـ۱۷۰ مومن کی شان ہے کہ جس قدر عبادت میں اضافہ ہوتا ہے اتنا ہی عظمت و جلال پروردگار ان کے دلوں میں زیادہ ہوتی ہے اور مومن کا ایمان خوف و رجا کے درمیان ہوتا ہے ج۱۰ صـ۱۸۵ ۔ دعا بہت بڑی عبادت ہے ۔ صـ۱۸۹ ج۱۲ صـ۱۶۱
- دعا اللہ کی ذات سے ہی مخصوص ہونی چاہیئے ج۱۱ صـ۸۴ ۔ والدین کی نافرمانی ایسا گناہ ہے جو دعا کو نامقبول بناتا ہے اور عذاب کو قریب لاتا ہے صـ۱۲۱ مومن پر اللہ کا احسان ہے کہ اس کے مرنے کے بعد بھی لوگوں کی دعاؤں کا دروازہ اس کے لئے کھلا رہتا ہے ۔ صـ۱۳۸
- حضرت یونسؑ کو قوم پر بد دعا کرنے پر تنبیہہ ج۱۲ صـ۴۳
- انسان دعا سے نہیں تھکتا ۔ ج۱۲ صـ۱۹۳ زراعت کے وقت دعا ۔ ج۱۳ صـ۲۰۵
- آل محمدؐ کے شیعو! دعا سے پہلے تمہاری حاجات کو پورا کروں گا ج۱۳ صـ۱۲۵ زنا سے تائب کی دعا ۔ ج۱۴ صـ۱۷۴ ج۶ صـ۱۶۰
- امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا تین آدمیوں کی دعا قبول نہیں ہوتی (۱) نافرمان عورت پر شوہر کی بد دعا کا کوئی اثر نہیں ہوتا اس لئے کہ مرد چاہے تو اسے طلاق دے سکتا ہے (۲) جس نے کسی کو قرضہ دیا اور لکھوایا نہیں اگر وہ انکار کر دے تو قرض خواہ پر اس کی بد دعا مقبول نہیں ہوتی (۳) کسی کے پاس کھانے کو کچھ نہ ہو اور گھر کی چار دیواری میں بند ہو کر اللہ سے دعا مانگے اور کمائے نہیں اس کی دعا مقبول نہ ہو گی ۔ ج۱۴ صـ۲۶
- دعائے قنوت شیعوں کی علامت ہے ج۵ صـ۲۳۳ و ج۱۲ صـ۴۳ ۔ دعائے قنوت کا بیان ج۳ صـ۹

○ وتر کے قنوت میں ستر دفعہ استغفار متقین کی نشانی ہے۔ ج۱۳ ص۱۲۶

دعوتِ عشیرہ کے دن جب ابولہب نے مجمع کو منتشر کر دیا تو حضرت ابوطالب نے عرض کی کہ میں آپ کے حکم کو قبول کرنے والا ہوں۔ بے شک آپ خدا کے احکام پورے کریں میں تابعدار رہوں گا ج۵ ص۲۰۱

○ دعوتِ عشیرہ کے موقعہ پر حضرت علیؑ نے لبیک کہی آپ نے وعدہ فرمایا کہ جو میرا ساتھ دے گا وہ میرے بعد میرا خلیفہ ہوگا ایک روایت میں ہے کہ شعب میں اس دعوت کا انتظام تھا۔ چالیس اکابر قریش شریک دعوت تھے تمام کتب سیر میں واقعہ موجود ہے حضرت ابوطالب اور حضرت علیؑ یعنی ان دو باپ بیٹوں کے علاوہ کسی نے بھی حضورؐ کی دعوت پر لبیک کہنے کی جرأت نہ کی۔ ج۱ ص۲۱۵ تا ص۲۱۸

○ دعوتِ عشیرہ کے موقعہ پر عتبہ بن ربیعہ کا ردعمل ج۱۱ ص۱۷۰ و ص۱۷۱ دعوتِ عمل ج۲ ص۲۱۶

○ دعوتِ حق کا بیان ج۲ ص۔ ص۱۷۳ دعوتِ غور و فکر ج۵ ص۲۰۳ دعوت برائے معرفت توحید ج۵ ص۲۲۴ ج۱ ص۸۳

○ دعوتِ فکر برائے دلائے علیؑ ج۱ ص۱۳ دعوتِ انصاف برائے اربابِ فکر ج۱۱ ص۱۰۶ و ص۲۶۴ ج۱۱ ص۱۷۰ ج۱۲ ص۱۹۴ ج۱۲ ص۱۲۳

○ اگر کوئی شخص نیکی کی دعوت دے تو اس کے نامۂ اعمال میں ان لوگوں کی نیکیاں بھی درج ہونگی جنہوں نے اس کی دعوت کو قبول کر کے نیکیاں کی تھیں اور اگر کوئی شخص برائی کی دعوت دے تو اس کے نامۂ اعمال میں ان تمام لوگوں کی برائیاں بھی درج ہونگی جنہوں نے اس کی دعوت کو قبول کر کے وہ برائیاں کی تھیں ج۵ ص۲۰۴

دقیانوس ۔ ملک روم کا بادشاہ تھا۔ افسوس نامی شہر اس کا پایۂ تخت تھا اس کا زمانہ ۲۵۰ء کے قریب ہے ج۱ ص۸۳ یہ دراصل ایران کا بادشاہ تھا اور سلمان بادشاہ کے مرنے کے بعد حکومت روم پر بھی اس نے قبضہ کر لیا تھا ص۸۴

دُنبہ ۔ فدیہ اسمٰعیلؑ کو شبیر کی چوٹی سے جبرئیلؑ نے پکڑ کر چھری کے نیچے لٹا دیا۔ ج۱۲ ص۶۱

○ مروی ہے کہ یہ دُنبہ بہشت سے آیا اور آسمان سے اترا یہ کسی ماں کے شکم سے نہیں۔ ج۱۱ ص۶۴

دنیا ۔ دنیا کی قیمت اگر پر مچھر کے برابر بھی اللہ کے نزدیک ہوتی تو کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نصیب نہ ہوتا ج۱ ص۲۱

○ دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے ج۱۱ ص۸۴۔ دنیا دارامتحان ہے۔ ج۱۱ ص۵۹

دیدارِ خُدا ناممکن ہے دنیا و آخرت میں ج۶ ص۹۱ ان سات میں سے ایک دنبہ ہے جو ماں کے شکم سے نہیں ج۱۱ ص۲۰۵

دھریہ عقیدہ کی تردید اللہ نے اپنے اختیار سے تمام عالم کو خلق فرمایا ہے نہ کہ مادہ و طبیعت سے اور نہ خود بخود بغیر مادہ کے چیزیں بن گئیں ج۵ ص۱۹۰ ج۵ ص۱۴۱ و ۲۴۴۔ تدبیر الامور دھریت کو باطل کرتا ہے ج۶ ص۱۲۲ کفر کی پانچ قسمیں اور ان کی تردید پہلی دھریوں کا کفر اور اس کا بطلان ج۱۱ ص۱۱۱ مادہ و طبیعت کے پرستاروں کی تردید ج۱۲ ص۲۸

○ خیر و شر کے الگ الگ خالق کہنے والوں کی تردید ج۲ ص۴۰، ج۵ ص۲۴۴۔ دھریوں کی تردید ج۱۳ ص۱۳

دودھ ۔ جس عورت کا دودھ کم ہو سورہ حجر زعفران سے لکھ کر دھو کر پئے تو دودھ زیادہ ہوگا۔ ج۵ ص۱۶۴

- سورہ یٰسین کو دھو کر پینے سے بھی دودھ زیادہ ہوتا ہے۔ ج۴ ص۸ سورہ ق کا پینا بھی دودھ بڑھاتا ہے ج۱ ص۱۱
- موسیٰ کو دودھ پلانے کیلئے مرضعہ کی تلاش ج۱ ص۱۸ بچے کو دودھ پلانے والی اگر روزہ نقصان دے تو افطار کرے اور پھر قضا رکھے۔ ج۱ ص۲۳۲
- عورت کا بچے کو ایک دفعہ دودھ پلانا راہِ خدا میں غلام آزاد کرنے کے برابر ہے ج۲ ص۱۳۶ و ج۴ ص۱۱۹
- اللہ کی نشانیوں میں سے ہے کہ گوبر اور خون کے درمیان سے وہ خالص دودھ تیار کر کے انسانوں تک پہنچاتا ہے۔ ج۳ ص۱۲۴ و ص۲۲۵

دینِ خدا سے انحراف کی بازپرس سورۂ آلِ عمران آیت ۸۳ ج۱ ص۱۰۷ ضرورتِ دین ج۳ ص۳۸

- دین میں اختلاف ج۱ ص۱۰ ج۲ ص۱۵۶ و ص۱۴۶ دینِ اسلام ج۳ ص۱۰۷ دینِ اسلام دینِ فطرت ہے اور حضرت ابراہیمؑ اسی دینِ فطرت یعنی اسلام پر تھے ج۲ ص۲۶ ابراہیمؑ حنیف تھے یعنی تمام ادیان باطلہ سے کنارہ کش تھے ص۲۶۱
- اسلام کے علاوہ کوئی دوسرا دین اللہ کے نزدیک قابلِ قبول نہیں ہے ج۱ ص۲۷
- آیتِ اکمالِ دین ج۲ ص۲۵ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ الخ بروزِ غدیر اتری ص۲۹
- بادشاہ حبشہ نجاشی کے سامنے حضرت جعفر طیار نے دینِ اسلام کی وضاحت کی ج۲ ص۱۵۷
- کفار حضرت شعیب سے کہتے تھے کہ تم ہمارے دین پر پلٹ آؤ ج۲ ص۶۱
- اگر خدا جبر و اکراہ سے چاہتا تو سب لوگوں کا دین ایک ہوتا۔ ج۲ ص۲۴۳ ج۵ ص۲۴۲ ج۲ ص۲۷ ج۳ ص۱۳
- دینِ فطرت ہے لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ علی امیرالمومنین ولی اللّٰہ ج۱ ص۱۱ و ص۱۲۲
- یہ دین نیا نہیں بلکہ وہی ہے جس کی تمام انبیا تبلیغ کرتے رہے۔ ج۱ ص۲۰ دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں ہے۔ ج۱ ص۲۰ و ص۴۵، ج۲ ص۱۲۷
- دین میں فساد اور اختلاف و انتشار کا بیج انہوں نے بویا جنہوں نے اقتدار کی خاطر بیعتِ غدیر کو توڑا۔ ج۲ ص۱۳

ڈ

ڈاکو کی سزا۔ ج۵ ص۹۵

- سورہ عَمَّ یَتَسَاءَلُوْنَ کی تلاوت کرنے والا چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رہے گا۔ ج۱۴ ص۱۲۱

ذال

ذبح مقتول کو زندہ کرنے کے لئے بنی اسرائیل کو گائے کے ذبح کرنے کا حکم ج۱ ص۱۲۴ تا ص۱۲۶

- حلال جانور ذبح کے بغیر مر جائے تو حرام ہوتا ہے لیکن مرنے والے جانور کو اگر مرنے سے پہلے ذبح کر لیا جائے تو حلال ہے۔ ج۵ ص۱۸
- نصب شدہ پتھروں (بتوں) پر ذبح ہونے والا حرام ہے ج۵ ص۱۸ و ص۱۹ ج۵ ص۲۹۴۔ ذبح کے شرائط ص۲۰ تا ص۲۲
- غیر مذبح جانور کا کھانا حرام ہے البتہ اضطراری حالت میں کھانا معاف ہے۔ ص۲۵
- ذبح کے احکام ج۵ ص۷۶ تا ۷۸۔ احرام عمرہ میں شکار کے کفارہ کا جانور کعبہ کے سامنے اور احرام حج میں شکار کے کفارہ کا جانور منیٰ میں ذبح کرے۔ ج۵ ص۱۲۸

- فرعون بنی اسرائیل کے لڑکوں کو ذبح کرتا تھا اور لڑکیوں کو زندہ رکھتا تھا ۔ ج۱ ص۱۰۵
- حضرت ابراہیمؑ کو فرزند کے ذبح کرنے کا حکم ۔ ج۱۲ ص۵۹ ذبیح اللہ کون ہے ؟ ص۶۰
- حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبیح اللہ ہونے کے دلائل ص۶۳ ۔ ذبح عظیم ص۶۴ و ص۶۵
- امام زین العابدینؑ اپنے غلاموں کو طلوعِ فجر سے پہلے ذبح کرنے سے منع کرتے تھے ۔ ج۵ ص۲۴۲

ذخیرہ اندوزی "اسلام اور سرمایہ داروں" کے عنوان کے تحت مفصل بحث ۔ ج۳ ص۱۶۵ تا ص۱۶۸

- نیز "نقدی کے وجود" کے عنوان کے تحت بھی اس مسئلہ کو بیان کیا گیا ہے ۔ ج۳ ص۱۷۶
- ذخیرہ شدہ رقم کے ساتھ بروزِ محشر آتشِ جہنم سے گرم کر کے ذخیرہ اندوزوں کو داغا جائے گا ۔ ج۳ ص۱۶۵
- ذخیرہ اندوزی کرنے والے کے لئے عذاب جہنم کی پیش کش ۔ ج۴ ص۴۴ و ص۴۵
- ذخیرہ اندوزی کو روکنا ہی غربت زدہ لوگوں کی غربت کا علاج ہے نہ کہ ضبط تولید ج۱ ص۲۶
- اللہ کی تمام مخلوق میں ذخیرہ اندوزی کی عادت تین قوموں میں ہے (۱) انسان (۲) چوہا (۳) چیونٹی ج۱۱ ص۹۸

اور ان تینوں میں سے انسان بدترین ذخیرہ اندوز ہے ۔

ذکرِ خدا ۔ تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا ۔ تسبیح فاطمہ اللہ کا ذکر کثیر ہے ۔ ج۲ ص۱۹۶ و ج۱۱ ص۲۰۲

- بہترین انسان وہ ہے جس کا بولنا ذکر ہو ۔ ج۴ ص۹۵ ۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا جو شخص چالیس دن تک
- اللہ کے ذکر کی مدت مقرر کرے خدا اس کو دنیا سے بے نیاز کر دے گا اور اس پر اس کے نفس کی بیماری کا علاج

واضح فرما دے گا اور اس کے دل میں حکمت کو جگہ دے گا اور اس کی زبان پر حکمت کو جاری کرے گا ج۸ ص۱۰۱

- اللہ کے ذکر سے اطمینانِ قلب حاصل ہوتا ہے ج۸ ص۱۳۲ ۔ اہل ذکر کون ہیں ؟ ج۸ ص۱۱۱
- وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ج۱۱ ص۹۰ اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ج۱۱ ص۲۰۲ ۔ ذکر کثیر تسبیحات اربعہ ہیں
- لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ الخ ذنب کی توجیہہ ج۱۳ ص۵۸ تا ص۶۱

ذوالفقار ۔ جنگ احد میں حضرت علیؑ کی تلوار ٹوٹ گئی تو پیغمبرؐ نے شاخ خرما توڑ کر دی جو تلوار آبدار بن گئی ۔ آخر وہ بھی ٹوٹ

گئی آخر آپ نے ذوالفقار دے دی اور حضرت جبرائیلؑ نے آسمان و زمین کے درمیان سنہری کرسی پر بیٹھ کر یہ شعر

پڑھا ۔ لا فتٰی الا علی لا سیف الا ذوالفقار ج۴ ص۵۹ و ص۶۰

- کانت ضربات علی بن ابی طالب ابکارا کان اذا اعتلی قدّ و اذا اعترض قطّ یعنی حضرت علیؑ کی ضربیں نئی نرالی ہوتی

تھیں اوپر سے وار کرتے تو چیر ڈالتے اور ایک جانب سے وار کرتے تو کاٹ ڈالتے تھے ۔ ج۸ ص۴۹

- ذوالفقار عطیہ پروردگار ج۱۳ ص۲۲۶ و ص۲۲۷

ذوالکفل نبی ۔ ج۹ ص۲۴۵ ۔ بعض کہتے ہیں کہ ذوالکفل حضرت الیاسؑ کا دوسرا نام ہے ۔ ج۱۲ ص۷۰

○ یہ حضرت ایوبؑ کے فرزند تھے ان کا نام بشیر تھا اور لقب ذوالکفل تھا۔ ج۱۲ ص۱۰۳ اور ملک شام کے بادشاہ تھے

ذوالحمار عنسی اس نے پیغمبر اسلام کے بعد نبوت کا دعویٰ کیا اور آخرکار فیروز دیلمی کے ہاتھوں مارا گیا۔ ج۵ ص۱۲۱

ذوالقربیٰ ۔ سے مراد رسول اللہؐ کے قرابت دار ج ص۲۳۸

○ وات ذاالقربیٰ حقہ سے مراد فدک ہے ۔ ج۹ ص۲۲ و ص۲۳

ذوالقرنین ۔ حضرت خضرؑ ذوالقرنین کی فوج میں بھرتی ہوئے اور افسر اعلیٰ بن گئے ۔ ج۹ ص۱۲۰

○ ذوالقرنین کا ذکر ج۹ ص۱۲۳ تا ص۱۲۸ ۔ یورپی اقوام سکندر کے زمانہ میں غیر مہذب قومیں تھیں اور درندہ صفت انسان تھے ۔ پس سکندر ذوالقرنین نے سد سکندری کے ذریعے ان کا راستہ بند کر کے امن قائم کیا ۔ ج ص۱۲۹

الراء

○ رَاعِنَا کہنے سے مسلمانوں کو روک دیا گیا کیونکہ یہودی اس کا معنی توہین رسولؐ لیتے تھے ۔ ج۲ ص۱۵۳

رؤیت خدا ۔ بنی اسرائیل نے رؤیت خدا کا سوال کیا ۔ ج۲ ص۱۱۱

○ موسیٰؑ نے کہا رَبِّ اَرِنِیْ (اے اللہ مجھے دیدار کرا) جواب ملا لَنْ تَرَانِیْ یعنی تو ہرگز نہ دیکھ سکے گا ۔ پس تجلی ہوئی موسیٰؑ بے ہوش ہوئے پہاڑ ریزہ ریزہ ہوا ۔ ج ص۹۱ ص۹۲

○ رؤیت خدا کا قول باطل ہے ۔ ج۴ ص۱۴۱ تا ص۱۴۳

راسخون ۔ سورۂ فاتحہ کے راز و رموز راسخون فی العلم ہی جان سکتے ہیں ۔ ج۱ ص۱۱

○ مقطعات قرآنیہ کو بھی راسخون فی العلم ہی جان سکتے ہیں ۔ ج۲ ص۴۹ ج۱۲ ص۱۹۷

○ راسخون فی العلم کی وضاحت ج۳ ص۱۹۵ تا ص۲۰۰ ج۱۲ ص۲۵۷

راز ۔ انبیاء و آئمہ کا راز افشاء کرنے والے ج۴ ص۳۱ ۔ موسیٰؑ کی دایہ نے راز فاش نہ کیا ۔ ج۱۱ ص۹ و ۱۸

○ منافق مسلمانوں کا راز فاش کرتے تھے ۔ ج۱۳ ص۲۵۵ و ص۲۶۴

رافضی ۔ شیعوں سے نفرت دلانے کے لئے ملاؤں نے ان کو رافضی کہنا شروع کر دیا پس جو بھی ایک دفعہ رافضی کا نام سنتا ہے اس کے جسم پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ۔ پس شیعہ کا نام بھی سننا پسند نہیں کرتا چنانچہ امیر طرمطار بادشاہ نے شیعہ کا نام سنا تو گھبرا گیا اور کہا تم مجھے رافضی بنانا چاہتے ہو؟ ج ص۲۰۲

○ امام جعفر صادق علیہ السلام نے لفظ رافضی کی تشریح فرمائی ۔ ج۱ ص۷۶ و ص۸۹ و ص۱۰۵

رات دن میں کمی و بیشی اور موسموں کا تبادلہ یہ سب وجود خالق مدبر کے وجود پہ دلائل ہیں ج ص۲۰۵ ج۱۴ ص۱۹۷ د

کھل گئے یوسفؑ نے دیکھا کہ ایک چھوٹا سا پتھر تھا پس جبرئیلؑ نے اس کو دو ٹکڑے کیا یوسفؑ نے دیکھا تو اس میں ایک کیڑا تھا جبرئیلؑ نے پوچھا بتاؤ اس کیڑے کا رازق کون ہے؟ جواب دیا کہ اللہ ہے جبرئیلؑ نے کہا اللہ فرماتا ہے کہ میں ساتوں زمینوں کی گہرائی میں پتھر کے اندر چھوٹے سے کیڑے کو فراموش نہیں کرتا تو تجھے کیسے بھول سکتا ہوں کہ تو نے رہائی کی درخواست ایک بندے سے کی ہے لہٰذا ابھی چند برس اور بھی گذار ۔ ج۸ ص۴۹

- رزق کی بے قدری سلب رزق کی باعث بنتی ہے قرآن مجید میں ایک بستی کا ذکر ہے جس کے باشندوں کو اللہ نے وسیع رزق دیا تو انہوں نے روٹی کے ٹکڑوں سے استنجا کرنا شروع کر دیا پس اللہ نے باران رحمت روک لی اور قحط ڈال دیا پس نتیجہ یہ ہوا کہ وہ نجس آلودہ روٹی کے ٹکڑے ان کو کھانے پڑے۔
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ میرے والد اس رومال سے ہاتھ صاف نہ کرتے تھے جس میں کوئی کھانا لگا ہوا ہو جب تک کہ پہلے چوس نہ لیں اور میں بھی دستر خوان پر گرے ہوئے چھوٹے چھوٹے روٹی کے ٹکڑوں کو تلاش کرتا ہوں تو میرے غلام ہنستے ہیں پھر آپ نے بستی والوں کی مثال دی اور فرمایا کھانے کے بعد میں انگلیوں کو چاٹ بھی لیتا ہوں الخ ج۸ ص۲۴۵۔ رزق خلق اور تقسیم ج۱ ص۹ تقسیم رزق ج۱۱ ص۱۱۳ و ص۲۴۵ و ج۲ ص۱۳ و ص۲۳۲۔ اللہ کے سوا کسی کو رازق نہیں کہا جا سکتا ج۱۲ ص۱۲۱ و ص۱۲۴ و ص۲۰۰ و ص۲۱۲۔ شب قدر میں سال بھر کے رزق کا فیصلہ ہوتا ہے۔ ج۱۲ ص۲۶۰
- زیارت امام حسینؑ رزق و عمر میں زیادتی کا موجب ہے۔ ج۱۱ ص۲۶۰

اصحاب رس کا بیان ج۱ ص۱۷۶ تا ص۱۸۰ و ج۱۳ ص۱۱۳

رسم قل خوانی مقدمہ تفسیر ص۱۴۴ تا ص۱۴۷۔ عربوں کی بد عادات و رسوم ج۵ ص۲۵۵ و ص۲۶۱ ج۶ ص۲۱۷

- غلط رسوم ج۶ ص۱۶ مشرکین مکہ میں رسم تھی کہ عورتیں مرد بیت اللہ کا طواف ننگے ہو کر کرتے تھے۔ ج۶ ص۲۳
- جاہلی رسوم مدارس دینیہ کی کثرت سے ہی ختم ہو سکتی ہیں۔ ج۶ ص۱۹۴۔ لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے کی رسم۔ ج۱۴ ص۱۸۰ تا ص۱۸۲
- اچھی رسم قائم کرنے والے کو ثواب پہنچتا رہے گا جب تک اس پر عمل ہوتا رہے گا اسی طرح بری رسم ایجاد کرنے والے پر عتاب کا وزن بڑھتا رہے گا جب تک اس پر عمل ہوتا رہے گا۔ ج۶ ص۱۱۳ ج۱۲ ص۱۰
- رسم پردہ اور حقیقت پردہ ج۱ ص۱۳۲
- حضرت لوطؑ کی قوم بری رسوم میں مبتلا تھی پس ان پر عذاب آیا۔ ج۱۱ ص۷۵

رشوت ۔ یہودی عوام کو اپنے علماء کا رشوت خور ہونا معلوم تھا پھر بھی ان کی تقلید کرتے تھے ج۲ ص۱۲۸ ج۴ ص۹۴

- رشوت حرام ہے۔ ج۲ ص۲۴ رشوت سحت ہے (حرام ہے) ج۵ ص۱۰ و ص۱۱۱ و ص۱۵۳
- کفار مکہ کے وفد نے شاہ حبشہ نجاشی کو جو رشوت دی وہ اس نے واپس کر دی۔ ج۵ ص۱۵۸
- رشوت خور پر اللہ کا غضب ہوتا ہے۔ ج۵ ص۲۳۸

رضا ۔ علیؑ نے بستر پیغمبرؐ پر سو کر شب ہجرت رضائے پروردگار لے لی ج۳ ص۱۰

- رَاضِيَةً مَرْضِيَةً کا مصداق ذات حسینؑ ہے ج۱۴ ص۲۲۰

- سورہ بیّنہ کے آخر میں جن لوگوں کو رضا پروردگار کی سند دی گئی ہے وہ شیعان علیؑ ہیں۔ ج ۱۴ ص ۲۴۷
- بیعت رضوان میں جو صحابہ شریک تھے ان سے خدا راضی ہے بشرطیکہ خاتمہ ایمان پر ہوا ہو۔ ج ۱۳ ص ۲۷
- کسی کے فعل پر راضی ہونے والا اسی فعل کا فاعل سمجھا جائے گا پس جو لوگ امام حسینؑ کے قاتلوں پر راضی ہیں وہ بھی قاتلانِ حسینؑ میں شامل ہیں جن سے حضرت مہدیؑ انتقام لیں گے۔ ج ۲ ص ۱۳۸ و ص ۱۳۹ و ج ۳ ص ۱۰ و ص ۲۰۸ و ج ۴ ص ۹۱ و ص ۹۲ ج ۵ ص ۲۷۲ آیت رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ کی تشریح ج ص ۱۱۳ و ص ۱۲۱ تا ص ۱۲۳

رضاع کے احکام ج ۳ ص ۷۶ تا ص ۸۱ حضرت یوسفؑ کی دودھ پلانے والی کے بچے کا نام بشیر تھا جو حضرت یعقوبؑ کی طرف حضرت یوسفؑ کی قمیص اور خبر لایا بقول مشہور۔ ج ص ۸۱ و ۸۲ رضاعی محرمات یعنی رضاع کی وجہ سے حرام ہونے والی عورتیں ج ۴ ص ۱۵۵۔ رضاع کے شرائط ص ۱۵۶

- موسیٰؑ پر ہر مرضعہ کا دودھ حرام کر دیا گیا آخرکار ماں نے ہی دودھ پلایا۔ ج ۹ ص ۱۸۲ و ج ۱۱ ص ۲۱
- حمل و رضاع کی کل مدّت دو سال ہیں۔ ج ۱۳ ص ۲۳
- دوسری دودھ پلانے والی عورت کے مقابلہ میں ماں کی رضاعت کا حق مقدم ہے ج ۱۴ ص ۵۳ و ص ۵۴
- حضرت مریمؑ کی رضاعی ماں حضرت زکریاؑ کی بیوی تھیں۔ ج ۳ ص ۲۲۱

روزہ۔ ماہ رمضان کے فضائل ج ۲ ص ۲۱۹ روزہ کے احکام ج ۲ ص ۲۱۹ تا ص ۲۳۸ روزہ و اعتکاف ص ۲۳۹

- روزہ عید غدیر تمام زندگی کے روزوں سے افضل ہے ج ۵ ص ۳۶۔ اسی دن حضرت ابراہیمؑ نے نار نمرود سے نجات کی خوشی میں روزہ رکھا اور موسیٰؑ نے ہارونؑ کے وصی مقرر کرنے کی خوشی میں روزہ رکھا ج ۵ ص ۳۷
- اگر ایک شخص نے عید غدیر کا مستحب روزہ رکھا ہوا ہو اور دوسرا کوئی مومن عید غدیر کی خوشی میں اس کو کھانے پر مدعو کرلے تو اس کو روزہ جتلائے بغیر دعوت قبول کرلے اور کھانا کھالے پس دوہرا ثواب مل جائیگا ج ۵ ص ۳۸ و ص ۳۷
- کفارہ کے روزے پے درپے رکھے جاتے ہیں۔ ج ۵ ص ۱۲۹
- مومن کے علامات میں سے دن کو روزہ رکھنا ج ۶ ص ۱۹۶۔ ایک حدیث میں ہے جس نے ماہ رمضان کا ایک روزہ قضا کیا وہ ایمان سے خارج ہوا۔ ج ۶ ص ۱۶۸

رہبانیت۔ صحابیٔ رسولؐ عثمان بن مظعون نے ترک دنیا پر عہد کرلیا۔ دن کو روزہ رات کو عبادت اور تمام لذات کا ترک شیوہ بنالیا حضرت پیغمبرؐ نے اس کے گھر پہنچ کر تنبیہہ فرمائی کہ میرے دین میں رہبانیت نہیں ہے بے شک روزہ بھی رکھو اور بے روزہ بھی رہو بالکل تارک دنیا نہ بنو بلکہ شریعت کی حدود کے اندر ہر جائز کام کرو میری امت کی سیاحت روزہ ہے اور رہبانیت جہاد ہے۔ ج ۵ ص ۱۶۱ و ص ۱۶۲ و ج ۶ ص ۲۸

- ایک راہب اور دوسرا تائب ان کی عبرت آمیز اور نصیحت آموز کہانی۔ ج ۶ ص ۱۶۰

○ رہبانیّت کی تفسیر ج ۱۳ ص ۲۲۸

رُوح ۔ انسان کے تمام اعضا میں موجود ہے اگر چلی جائے تو سب بے کار ہے لیکن تمام اعضا میں ہوتے ہوئے تمام اعضاء کے ادراک سے باہر ہے اسی طرح اللہ پوری کائنات میں موجود ہے لیکن سب کے ادراک سے باہر ہے جس طرح عالم اصغر یعنی جسم انسانی کا مدبر روح ہے اسی طرح عالم اکبر کا مدبر اللہ ہے ۔

○ رُوح ہر حصہ میں ہے لیکن کسی کو نظر نہیں آتا اسی طرح اللہ ہر جگہ ہے لیکن نظر نہیں آتا ۔

○ جس طرح انسانی عقل تمام اعضاء سے رُوح کا وجود منواتی ہے کہ اگر رُوح نہ ہوتی تو اعضاء بے کار ہوتے اسی طرح عقل کل رسولؐ اللہ تمام عالم سے وجود باری منوانے کے لئے ہیں ۔ پُوری تفصیل مقدمہ تفسیر ص ۱۶۳ تا ص ۱۶۸

○ انسان دو اہم جزوں سے مرکب ہے ایک جسم دوسرے رُوح پس روح محل معرفت ہے اور جسم محل عمل ج ۲ ص ۱۶

○ روح جسم عنصری سے آزاد ہو کر متعدد مقامات پر چشم زدن میں پہنچتا ہے ۔ بحث لطیف ج ۲ ص ۳۷ تا ص ۴۰

○ روح القدس کی تشریح ج ۲ ص ۱۳۹ ۔ مریمؑ کو عیسیٰؑ کی بشارت اسی نے دی تھی ۔ ج ۳ ص ۲۳۴

○ ولایت علیؑ اسلام کے ڈھانچے میں رُوح کی حیثیت رکھتی ہے ج ۵ ص ۴۱

○ ملک الموت رُوحیں قبض کرتا ہے ج ۵ ص ۲۲۶ ۔ کافروں کی رُوح سختی سے قبض کرتے ہیں ۔ ج ۵ ص ۲۴۰

○ عالم ذر میں تمام ارواح کو توحید و نبوت و امامت کی دعوت دی گئی تھی جنہوں نے وہاں قبول کی تھی وہ یہاں بھی قبول کرتے ہیں اور جنہوں نے وہاں انکار کیا تھا وہ یہاں بھی انکار کرتے ہیں ۔ ج ۶ ص ۶۴ و ۶۵

○ ارواح سے اقرار اطاعت ج ۶ ص ۱۲۵ ۔ رُوح آدمؑ کے پتلائے خاکی میں داخل ہوئی ۔ چھینک لی مسام کھل گئے الحمد للہ کہا اور یہ جمعہ کا دن تھا ۔ پس فرشتوں کو سجدہ کا حکم ہُوا چونکہ اسی دن فرشتے آدمؑ کے سامنے جھکے تھے ۔ پس یہ دن اولاد آدمؑ کے لئے عید کا دن قرار دیا گیا ۔ ج ۸ ص ۱۶۹

○ اسرار روحانیہ ج ۸ ص ۱۸۳ ۔ انبیاء میں پانچ روحیں موجود ہوتی ہیں (۱) روح القدس (۲) روح ایمان (۳) رُوح القوۃ (۴) رُوح شہوت (۵) رُوح بدن ۔ ج ۸ ص ۱۸۳ و ج ۳ ص ۱۳۳ و ج ۹ ص ۶۸ ج ۱۳ ص ۱۹۵

○ رُوح کی تفسیر ج ۸ ص ۱۹۷ ج ۱۴ ص ۱۶۲ ۔ رُوح کے متعلق سوال ج ۱ ص ۶۶ رُوح کی حقیقت ج ۹ ص ۶۷

○ حضرت ادریسؑ کی قبض روح کی کیفیت ج ۹ ص ۱۵۷ ۔ ایک روایت میں ہے کہ رُوح کو سب سے پہلے حضرت آدمؑ کے قدموں میں جاری کیا گیا ج ۹ ص ۲۲۵ ۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو ہمارے حق میں ایک شعر کہے اس کی رُوح القدس سے تائید ہوتی ہے ج ۱ ص ۲۲۱ روح اور نفس کی تفسیر ج ۱۲ ص ۱۲۵

○ نفخ صور کے بعد تمام ارواح کی حالت یہ ہوگی کہ مومنوں کے ارواح نورانی اور کافروں کے ارواح سیاہ ہوں گے

اور اپنے اجسام میں داخل ہوں گے جس طرح دنیا میں تھے۔ ج۱۲ ص۱۳۷

- ارواح کفار وادیٔ برہوت میں اور ارواح مومنین وادی سلام میں رہتے ہیں۔ ج۱۲ ص۲۰۵
- رُوحًا مِنْ اَمْرِنَا ج۱۲ ص۲۲۰۔ ج۱۱ ص۲۴۵۔ ملائکہ اور روح اولوالامر کے پاس اترتے ہیں۔ ج۱۲ ص۲۵۸

رہن ۔ قرضہ کی ضمانت کے طور رکھا جاتا ہے۔ ج۳ ص۱۸۱

ریاکاری ۔ کے اعمال سب باطل قاری قرآن مالدار اور مجاہد جنہوں نے ریا کی خاطر عمل کیا تھا۔ دربار توحید میں پیش ہوں گے توان کے اعمال ٹھکرا دیئے جائیں گے (کیونکہ ریا کے لئے تھے) ج۳ ص۱۵۶

- ایک آدمی باآواز بلند تہلیل وتکبیر پڑھ رہا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا کیا تم کسی بہرے کو بلا رہے ہو ج۶ ص۱۰۴
- ریا سے کیا ہوا عمل خبط (ضائع) ہوگا ج ص۱۹۷۔ ریا کو شرک سے تعبیر کیا گیا ہے ج۹ ص۱۳۳
- حدیث میں ہے کہ ریاکاری تنگی رزق کا موجب بنتی ہے ج۱۱ ص۱۲۱ تکلف کرنے والے کا ظاہر ریا اور باطن منافقت ہوتی ہے ج۱۲ ص۱۰۹ جو کام اللہ کے لئے کیا جائے اس کو ریا سے پاک ہونا چاہیئے

زاء

زبور ۔ حضرت داؤد سواری پر زین رکھنے کا حکم دیتے تھے اور زین رکھنے سے پہلے زبور کو ختم کر لیتے تھے مقدمہ تفسیر ص۵

- حضرت داؤد پر نازل ہونے والی کتاب کا نام زبور ہے ویسے ہر کتاب کو زبور کہتے ہیں، ج۹ ص۳۷ و ص۲۵۷
- زبور اور کتاب کے معنی میں فرق یہ ہے کہ لکھی ہوئی کو کتاب کہتے ہیں اور پتھر یا دیوار پر کندہ شدہ کو زبور کہا جاتا ہے۔ ج۱۱ ص۲۶۳

زرہ ۔ حضرت داؤد نے زرہ بنانے کی ایجاد کی اللہ فرماتا ہے ہم نے داؤد کو صنعت لبوس تعلیم دی اور لبوس ہر جنگی ہتھیار کو کہتے ہیں اور مروی ہے کہ آپ ہر روز ایک زرہ تیار کر لیتے تھے کیونکہ ان کے ہاتھ میں لوہا گندھے ہوئے آٹے کی طرح نرم ہو جاتا تھا۔ ج۹ ص۲۴۲ و ج۱۱ ص۲۲۷ و ص۲۲۸

- ایک دن زرہ بنا رہے تھے تو حضرت لقمان آکر بیٹھ گئے خیال آیا پوچھ لوں کیا بنا رہے ہو؟ پس چپ رہے جب زرہ تیار ہوئی تو داؤد نے خود پہن کر کہا کیا اچھا جنگی لباس ہے تو حضرت لقمان نے کہا خاموشی بہت بڑی حکمت ہے حضرت داؤد نے کہا بے شک آپ کا لقب حکیم بجا ہے ج۱۱ ص۱۳۰

زرد رنگ کی گائے ذبح کرنے کا نبی اسرائیل کو حکم ہوا تھا حدیث میں ہے کہ جو شخص زرد رنگ کا جوتا پہنے جبتک جوتا

اس کے پاؤں میں رہے گا اس کو خوشی نصیب ہوگی اور مال و علم نصیب ہوگا ۔ ج۲ ص۱۲۳

زقوم ۔ جب حضورؐ نے آیت پڑھی جس میں زقوم کو دوزخیوں کی غذا کہا گیا ہے تو ابن زبعری نے فوراً کہہ دیا کہ بربر کی زبان میں مکھن اور کھجور کو زقوم کہتے ہیں عوام چونکہ زقوم سے آشنا نہ تھے پس ابوجہل نے اپنی کنیز سے کہا کہ جاؤ زقوم لے آؤ پس وہ کھجوروں پر مکھن ڈال کر لے آئی ابوجہل نے حاضرین کو اس کے کھانے کی دعوت دی اور کہا یہی وہ زقوم ہے جس سے محمد ہمیں ڈراتا ہے ۔ ج۱۲ ص۷۰ و ص۷۱ و ص۲۷ ج۱۳ ص۷

زکوٰۃ ۔ زکوٰۃ کا حکم ج۶ ص۱۰۱ و ص۱۳۶ ۔ زکوٰۃ نہ ادا کرنے والے کا عذاب ۔ ج۴ ص۹ ج۱۴ ص۹۹ و ص۱۳۶

- زکوٰۃ نہ ادا کرنے کے بہانہ سے ابوبکر کے حکم سے جن لوگوں کو قتل کیا گیا وہ مرتد نہیں بلکہ سچے مسلمان تھے ۔ (مالک بن نویرہ اور اس کا خاندان بنی یربوع اور بنو حنیفہ) ہاں ان کا قصور یہ تھا کہ علیؑ کو چھوڑ کر کسی دوسرے کو خلیفہ رسولؐ نہیں مانتے تھے ج۵ ص۱۲۶ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کی مذمت ج۲ ص۱۰۲
- وہ حق جس کی ادائیگی نہ کرنے پر گرفت ہوگی وہ زکوٰۃ ہے اور جس کی عدم ادائیگی پر مواخذہ نہیں ہوگا وہ فصل کی کٹائی کے موقعہ پر سائلین کو مٹھی بھر دینا ہے ج۵ ص۲۹۲ انگوٹھی کی زکوٰۃ علیؑ نے دی ج۵ ص۱۲۹
- مومن کی نشانیوں میں سے ہے زکوٰۃ ادا کرنا ج۱ ص۱۹۷ و ص۱۹۹ و ج۸ ص۹۵ زکوٰۃ نہ ادا کرنا فقر کو لاتا ہے ج۱ ص۱۲۱
- زکوٰۃ کا بیان اور مفصل احکام ج۷ ص۳ تا ص۸ ۔ ثعلبہ کا واقعہ جو غریب تھا پھر حضورؐ کی دعا سے مالدار ہوا اور زکوٰۃ کے حکم سے انکاری ہو کر زمرہ منافقین میں شامل ہو گیا ۔ ج۷ ص۹۸ و ص۹۹
- وجوب زکوٰۃ کا حکم ج۵ ص۱۲۵ ۔ بحار الانوار کی ایک روایت میں ہے کہ موسیٰؑ نے اپنی قوم کو زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا جو ایک ہزار میں سے ایک تھا پس قارون نے ایک عورت کو دو ہزار رشوت دے کر موسیٰؑ پر زنا کی تہمت لگانے کا منصوبہ بنایا اور آخر حضرت موسیٰؑ کی بددعا سے خزانہ سمیت زمین میں دھنس گیا ج۱ ص۵ حضرت علیؑ کی زکوٰۃ انگوٹھی پر رازی کا اعتراض اور اس کا جواب ج۵ ص۱۳۲

زکریاؑ کا حضرت مریمؑ کی کفالت کا ذکر ج۳ ص۲۲ ۔ زکریاؑ کو یحییٰؑ کی بشارت ج۳ ص۲۲۴

- حضرت زکریاؑ کی دعا برائے طلب اولاد ج۹ ص۱۳۷ ۔ حضرت زکریاؑ کے وعظ سے حضرت یحییٰؑ کا گریہ ج۹ ص۲۴۹

زلزلہ قیامت سے زمین کربلا محفوظ ہوگی ۔ ج۶ ص۱۴

- قوم صالحؑ زلزلہ اور دھاکہ سے غرق ہوئی ۔ ج۶ ص۵۳ ج۱ ص۸۳
- حضرت شعیبؑ کی قوم بھی زلزلہ سے ہلاک ہوئی ۔ ج۷ ص۹۲
- مروی ہے جب زنا عام ہو تو زلزلے زیادہ آتے ہیں ۔ ج۹ ص۲۷ ۔ زناکاری زلزلوں کو لاتی ہے ج۱ ص۱۲۱
- زلزلہ قیامت ج۱ ص۷ و ص۱۰

زلیخا ۔ زلیخا سے حضرت یوسفؑ کی شادی ج ۶ صہ ۹۱

زمزم ۔ حضرت اسمٰعیلؑ کے پاؤں رگڑنے کی جگہ سے جاری ہوا ۔ ج ۲ صہ ۱۰

- زمزم آیات بینات میں سے ہے ج ۲ صہ ۱۱ حضرت عباس بن عبدالمطلب کے پاس زمزم سے حاجیوں کو پانی پلانے کی ڈیوٹی تھی اور عثمان بن شیبہ کعبہ کا کلیدار تھا ۔ ان دونو نے حضرت علیؑ پر اپنے اپنے عہدے کا فخر کیا تو آیت اتری اَجَعَلْتُمْ سِقَایَۃَ الْحَاجِّ الخ آیت ۱۹ سورہ برأت ج ۶ صہ ۳
- زمزم کے کنارے ایک دن حضرت عباسؓ بیٹھے تھے کہ ایک شامی نے اعتراض کیا کہ علی کے ہاتھوں کئی مومن قتل ہوئے ہیں تو ابن عباسؓ نے جواب دیا کہ حضرت موسیٰؑ خضرؑ کے قتل کی حقیقت کو نہ سمجھ سکے اور اس کو بے گناہ سمجھ کر حضرت خضرؑ پر معترض ہوئے حالانکہ خضر کے فعل میں اللہ کی رضا تھی اسی طرح ان کے قتل میں بھی اللہ کی رضا تھی لیکن جاہل اس کی حقیقت کو کیسے سمجھ سکتے ہیں ۔ ج ۹ صہ ۱۲۲ و صہ ۱۲۳
- ایک مرتبہ زمزم کے کنارہ پر ابن عباسؓ اور ابوذر غفاری آکر بیٹھے اور انہوں نے حضرت علیؑ کو حالت رکوع میں انگوٹھی دینے کی اور آیت ولایت اترنے کی چشم دید حکایت بیان کی ج ۵ صہ ۱۲۹

زندگی ۔ جو شخص حج سے فارغ ہو کر اگلے سال کی حج کی نیت کرے اس کی زندگی بڑھ جاتی ہے ج ۲ صہ ۱۴۴ زنا کرنے سے زندگی گھٹ جاتی ہے ج ۱ صہ ۲۷ مروی ہے کہ زیارت حسینؑ کرنے والے کی زندگی میں اضافہ ہوتا ہے ج ۱۳ صہ ۱۳۸ اور تارک زیارت کی عمر ورزق میں کمی ہوتی ہے ج ۱۱ صہ ۲۲

- زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالنے کا مطلب ج ۳ صہ ۲۱۳
- لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے کی مذمت ج ۵ صہ ۲۵۶ و صہ ۲۶۱ و ج صہ ۲۱۸ ج ۹ صہ ۲۵ ج ۱۴ صہ ۱۸۱

زنا کی سزا توریت میں بھی رجم تھی لیکن یہودی علماء امراء طبقہ سے رشوت لے کر توریت میں تحریف کر دیتے تھے ایک دفعہ یہودیوں کے امراء طبقہ میں سے کسی نے زنا کیا تو اس کو رجم سے بچانے کے لئے حضرت پیغمبرؐ سے دریافت کیا گیا تو آپ نے بھی سزائے رجم بیان فرمائی ج ۴ صہ ۲۰۹ و صہ ۲۱۰ ج ۵ صہ ۱۰۸

- زنا سے توبہ کرنے والے کا واقعہ ج ۴ صہ ۵۲
- زنا ظاہر ہو یا پوشیدہ سب حرام ہے ج ۵ صہ ۲۵ ج ۶ صہ ۲۹
- امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ایمان کے ہوتے ہوئے انسان زنا نہیں کر سکتا ج ۶ صہ ۱۶۹
- حضورؐ نے فرمایا بروز محشر سات شخص اللہ کی رحمت کے سایہ میں ہوں گے (۱) امام عادل (۲) جوان عابد (۳) محب مسجد (۴) وہ دو شخص جو اللہ کی اطاعت میں اکٹھے ہوں (۵) وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کی عظمت کو یاد کر کے روئے (۶) وہ شخص جس کو تنہائی میں کوئی عورت زنا کی دعوت دے اور وہ کہے کہ میں اللہ سے

ڈرتا ہوں (۷) وہ شخص جو خفیہ صدقہ کرے ج صـ۲۷ زناکاری زلزلوں کو لاتی ہے۔ ج۱۱ ص۱۲۱

- شب معراج حضورؐ نے زانی مردوں اور زانیہ عورتوں کو عذاب شدید میں گرفتار دیکھا۔ ج ص۲۶۳ و ص۲۶۴
- وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَا ج۱ ص۲۷ اگر کوئی شخص کسی کو اپنی عورت سے زنا کرتا ہوا دیکھے تو اس کے لئے اس کا قتل جائز ہے۔ ج۹ ص۲۸
- زنا کی شرعی سزا ج۱ ص۱۱۱۔ قذف یعنی زنا کی تہمت لگانے کی سزا ج۱ ص۱۱۲ و ص۱۱۴
- عباد الرحمٰن یعنی اللہ کے خاص بندے ان کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ زنا نہیں کرتے۔ ج۱ ص۱۸۶
- زنا گناہانِ کبیرہ میں سے ہے۔ ج۱۳ ص۱۵۱ بوڑھا زانی جنت کی بو نہ سونگھے گا۔ ج۱۳ ص۲۰۲
- ایک بادشاہ نے اپنی بیٹی یا بہن سے زنا کیا اور پھر اپنے گناہ پر پردہ ڈالنے کے لئے بہن بیٹی کے نکاح کو قانونی شکل دے دی پس جن لوگوں نے یہ قانون تسلیم کر لیا ان کو انعامات دیئے گئے اور جنہوں نے انکار کیا، انہیں آگ کی بھری ہوئی خندقوں میں جھونک دیا گیا اور وہی لوگ اصحاب الاخدود ہیں۔ ج۱۲ ص۲۱۰
- زنا سے توبہ کرنے والا ج ص۱۶۰ و ج۱۲ ص۱۷۴

زمین کی تخلیق مقدم ہے یا آسمان کی؟ سوال و جواب ج۲ ص۳۱ ج۱۲ ص۱۷۲

- زمین و آسمان کا مالک اللہ ہے ج۳ ص۹ ج۱۲ ص۱۲۷ و ص۱۲۵
- زمین کی صفات حسنہ اور آگ سے افضلیت ج ص۱۰
- زمین و آسمان کی پیدائش چھ دنوں میں ج۶ ص۳۹ ج۱۱ ص۱۴۴ ج۱۲ ص۱۷۲
- زمین کے صفات وخصوصیات ج ص۱۰۷ و ص۱۰۵
- زمین و آسمان کا تکوینی و قہری سجدہ صرف اللہ کے لئے ہے۔ ج ص۱۱۹
- بروز محشر زمین تبدیل کی جائے گی۔ ج ص۱۶۲
- زمین پر اللہ نے دریا و نہریں انسانی ضرورت کے لئے پیدا کیں۔ ج۱ ص۶۲
- موسیٰؑ کی بددعا سے قارون کو زمین نے نگل لیا۔ ج۱۱ ص۵۸
- سات زمینیں ج۱۲ ص۵۶۔ زمین کی تخلیق میں انسانی منافع ج۱۱ ص۷۶ و ص۱۰۹
- زمین زندہ انسانوں کا مسکن اور مردہ انسانوں کا مدفن ہے ج۱۴ ص۱۵۱

زہد و تقویٰ۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا میرے شیعوں کو کہہ دینا کہ میں تمہارا ضامن نہیں ہوں مگر پرہیزگاری اور تقویٰ کے ساتھ ج۱ ص۱۹۱ تقویٰ کے مراتب ج ص۱۹۵

- پرہیزگاری کا معنی ہے اللہ کی حرام کردہ چیزوں سے بچنا۔ ج۵ ص۲۱۹ آئمہ کا ترک لذات ج۶ ص۲۶ تا ص۲۸

- حضرت یحییٰ کا زہد و تقویٰ ج۹ صہ ۲۴۹ ۔ عثمان بن مظعون کا زہد ۔ ج۵ صہ ۱۶۱
- حضرت پیغمبرؐ نے فرمایا مجھے پسند ہے کہ اللہ کا عبد و نبی بن کر ایک دن شکم سیر اور دو دن فاقے سے رہوں ج۱۲ صہ ۹۴
- امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا زہد کا آخری درجہ ورع کا پہلا زینہ ہے اور ورع کا آخری درجہ یقین کی پہلی منزل ہے اور یقین کا آخری درجہ رضوان پروردگار کی پہلی منزل ہے فوت ہونے والی چیز کا ارمان نہ کرو اور مل جانے والی چیز پر خوشی کا اظہار نہ کرو ۔ ج۱۳ صہ ۲۲۴
- زید بن حارثہ جو حضورؐ کا متبنیٰ تھا اس کا زینب سے نکاح ہوا پھر اس نے اس کو اپنی مرضی سے طلاق دے دی تو حضرت پیغمبرؐ نے بحکم پروردگار اس سے شادی کر لی ۔ ج۴ صہ ۱۱۲
- امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا جنہوں نے مچھلی کا شکار کیا وہ مسخ ہو گئے تو کیا ہوگا ان لوگوں کا جنہوں نے اولادِ پیغمبرؐ کو ناحق قتل کیا اور ان کی حرمت کی ہتک کی ؟ ج۲ صہ ۱۲۰
- آپ نے فرمایا ہمارے نانا ہمارے حق میں احسان کرنے کی امت کو فرمائش کر گئے تھے لیکن مسلمانوں نے ہمیں اتنے دکھ پہنچائے کہ اگر وہ ستانے کی وصیت کر جاتے تو مسلمان ہمیں اس سے زیادہ دکھ نہ پہنچا سکتے ۔ ج۲ صہ ۱۳۳
- ایک شخص نے امام زین العابدینؑ سے گستاخانہ کلام کیا تو آپ اس کے گھر چلے گئے اس کو خیال آیا کہ شاید بدلہ دینے آئے ہیں لیکن آپ نے فرمایا بھائی جو کچھ تو نے مجھے کہا ہے اگر حق تھا تو میں اس کی اللہ سے معافی مانگتا ہوں اور اگر غلط تھا تو میں آپ کو معاف کرتا ہوں ۔ پس فوراً اس نے معافی مانگ لی ۔ ج۴ صہ ۵ ج صہ ۵
- آپ واقعہ کربلا کے بعد ۳۵ برس متواتر روئے ج۵ صہ ۴
- آپ سے احوال پرسی کی گئی تو آپ نے فرمایا ہماری حالت ایسی ہے جس طرح فرعونی دور میں بنی اسرائیل کی تھی ۔ ج۹ صہ ۳۹ ، صہ ۴
- امام زین العابدین علیہ السلام دربار شام میں پہنچے تو لوہے کا گراں طوق ان کی گردن میں تھا ۔ ج۱۳ صہ ۲۲۴

سات چیزیں جو ماں کے شکم سے نہیں ہیں (امام حسنؑ سے شاہ روم کا سوال) ج۱۲ صہ ۲۰۵ سات آدمیوں پر رحمت ج۲ صہ ۱۹۳

سام بن نوحؑ کو حضرت علیؑ کا ٹھوکر مار کر زندہ کرنا ۔ ج۱۲ ص۲۰۳

سانپ بروز محشر زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے پر مسلط ہوگا بصورت اژدہا ۔ ج۴ ص۹

○ سانپ بچھو چوہے کا حالت احرام میں مارنا بھی جائز ہے ۔ ج۵ ص۱۶۷

○ عصائے موسیٰؑ کا سانپ بننا ج۶ ص۵۰ و ج۶ ص۱۶۷ ج۹ ص۱۷۶ ج۱ ص۱۹۰ و ص۲۲۵ ج۱۱ ص۳۵

○ حضرت پیغمبرؐ نے موسیٰؑ والا معجزہ دکھایا ۔ ج۶ ص۵۸ ۔ یہ سانپ ان سات میں سے ہے جو ماں کے شکم سے نہیں ج۱۲ ص۲۰۵

○ غار میں سانپ نے حضرت ابوبکر کو کاٹا ۔ ج۷ ص۵۳

○ حضرت یوسفؑ کو جس کنوئیں میں گرایا گیا اس میں سانپ تھے لیکن حضرت یوسفؑ کو نہ کاٹا ۔ ج۸ ص۱۰

○ جہنم کے زہریلے سانپ جو کافر پر قبر میں مسلط ہوں گے ۔ ج۹ ص۲۰۸

○ سوال کیا گیا کہ جادوگروں کے سانپ دیکھ کر حضرت موسیٰؑ گھبرا گئے تھے لیکن آگ سے حضرت ابراہیمؑ نہ گھبرائے تو حضرت جعفر صادقؑ نے جواب دیا کہ حضرت ابراہیمؑ کی صلب میں محمدؐ و آل محمدؐ کے انوار تھے ۔ ج۹ ص۲۳۶ و ص۲۳۷

○ جو شخص ہرن کی جھلی پر سورہ نمل لکھ کر گھر میں رکھے تو سانپ بچھو بھیڑیا باولا کتا وغیرہ موذی جانور داخل نہ ہوں گے ۔ ج۱۰ ص۲۲۲ ۔ ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی کا پڑھنا سانپ بچھو کا تعویذ ہے ۔ ج۳ ص۱۳۶

سائبہ ۔ بحیرہ وصیلہ اور حامی کی تشریح ج۵ ص۱۷۴ و ص۱۷۵ ۔ سائبہ وغیرہ کے متعلق مشرکین کا احتجاج ج۵ ص۲۰۷

ملک **سبا** اور ملکہ سبا بلقیس کا ذکر ج۱۰ ص۲۳۷ قوم سبا کا واقعہ ج۱۱ ص۲۳۹

سارہ ۔ ایک قول ہے کہ حضرت لوط کی بہن تھی ۔ ج۶ ص۵۵

○ حضرت سارہ کو بچے کی خوشخبری اور لفظ اہل بیت سے خطاب ج۷ ص۲۲۶ ج۸ ص۱۸۵ ج۱۱ ص۳۰ ج۱۲ ص۵۲

○ ابراہیمؑ نے عراق سے ہجرت کی تو سارہ ہمراہ تھی ملک شام کی سرحد پر کسٹم آفیسر سے بات چیت ج۱۲ ص۵۴

○ بادشاہ نے مسلمان ہو کر حضرت ہاجرہ کو سارہ کی خدمت کے لئے دیدیا ج۱۲ ص۵۵

سابقون اولون کی تشریح ج۷ ص۱۱۳ ۔ سابق الایمان علیؑ ہے ج۷ ص۱۱۸

